انتخاب ولی

www.urduchannel.in

انتخاب دواوین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان
ولی دکنی

لیتا ہوں ترے نام کو میں ورد زباں کا
کہتا ہوں تری شکر کو ورد دہاں کا

جس گرد کو میرا ہوں رکھیں تیرے رسولاں
اس گرد کو میں کحل کروں چشم جہاں کا

مجھ صدق طرف عدل ہی ادبل عیاں دیکھ
تجھ علم کے پھیریہ نہیں رنگ لباس کا

عاری ہوں آلسو مری یوں سبزۂ خط دیکھ
اے خضر قدم سیر کر اس آب رواں کا

تعریف وں دل سنتی یہ مصرع رنگین
ہی یاد تری حکم سب عالت جاں کا

تری رحمان کا ہر تار سیہ ہے کال عاشق کا
ہوا ہی جسکے جلوے سوں پریشاں حال عاشق کا

نہیں درکار تا بولے بیاں اپنی زبان سیتی
عیاں ہی اشک سے کیو ہال عاشق کا

جو جیو عشق میں جوش و خروش دلکی ہیت
برنگ آب پیدا ہار ہیرو ہے

جہاں جاتا ہوں واں آتا ہی تک کے پیچھے
تیرے بیدی سے تیرا ہی ہے تریا و بال عاشق کا

اگر میں دام محبت سوں خلاصی اسکو نہیں
تری اکھیاں کے دورے ہیں یا جال عاشق کا

دل یوں مصرع رنگین ہوا ہی درد جان دار
قد بوعشق ہیا دلبر کیا ہے حال عاشق کا

دلربا آیا نظر میں آج مجھ ہی خوش ادا
خوش ادا ایسا نہیں دیکھا ہوں دو عالم دیکھا

ہیو اگر تجھکو بولوں ہوں بجا ہے غائبانہ
نازنیں عالم میں ہوتے ہیں اکثر ہیو تم

کہ نہ ہے نوجواں میرا برنگ ماہ نو
ماہ نو ہوتا ہے اکثر اے عزیزاں کم ز کم

مدعای عاشقاں ہر آں ہے دیدار یار
یار کے دیدار بن دوجا نہیں ہے مدعا

کیا عاشق کے تئیں ہے نگاہ گلرخاں
گلرخاں سوں لگ کے پایا ہیں نی کیا

شغل بہتر ہے عشقبازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا

www.urduchannel.in

آج تیری بھواں نے مسجد میں ہوش کھویا ہی ہر نمازی کا
ہر زباں پر ہے مثل شانہ مدام ذکر تجھ زلف کی درازی کا
کر نہیں راز عشق سوں آگاہ فخر بیجا ہے فخر رازی کا
اے ولی سرو قد کون دیکھوں گا وقت آیا ہی سرفرازی کا

ٹک مہر کے پانی سوں یہ آگ بجھاتی جا
ای مان بھری بیچل ٹک بھاؤ بتاتی جا
ای محبت کی پوجن ہاری ٹک آس پوجاتی جا
یہ روشنی افزا ہی انکھیاں کو لگاتی جا
یہ کام دھرم کا ہی ٹک اسکو چھڑاتی جا
مشتاق درس کا ہی ٹک درس دکھاتی جا

آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ
ای چمن زار حیا دل کے گلستان میں آ
اشک کرتے ہیں مکاں گوشۂ دامان میں آ
دفتر درد و بلا عشق کے دیوان میں آ
چاک دل تب سوں بسا چاک گریبان میں آ
طالب عشق ہوا صورت انسان میں آ
عقل کون چھوڑ کے مت مجلس رندان میں آ
بے شۂ ملک جنون غم کے بیابان میں آ
طلم کون چھوڑ سجن شیوۂ احسان میں آ

پوشیدہ دلمیں میرے آتا ہے راز گویا
سورت ستی چلا ہے کیسے جہاز گویا
ہر تار تجھ نگہ کا ہے تار ساز گویا

تجھ زلف کو جو بولا ہمدوش مصرع قد
وہ قاتل ستمگر آیا ہے یوں ولی پر

رکھتا ہے مجھ برابر فکر دراز گویا
جلدی سوں صید اوپر آتا ہے باز گویا

ملا وہ گل بدن جسکوں اسی گلشن سوں کیا مطلب
عزیزاں باغ میں جانا پیٹ دشوار ہے مجکوں
ولی جنت منے رہنا نہیں در کار عاشق کو

چو یا یا وصل یوسف اسکو پیراہن سوں کیا مطلب
گلی گلرو کی پایا ہوں مجھے گلشن سوں کیا مطلب
جو طالب لامکاں کا ہے اسی سکن سوں کیا مطلب

سینے میں ہی تجھ ابروی پیوست کی نشست
تیرے دو نین دلیں مری فتنہ خیز ہیں
تا رخ رنگ کون زرد کری اس سبب یہ غم

جوں تیرے دلیں ہے نگہ مست کی نشست
شکل ہے ایک ٹھاوں دو بدست کی نشست
دلیں ولی کی کس میں ہے جوں جست کی نشست

جولانگری میں گرم ہی وہ شہسوار آج
بیشک کریگا خاطر عشاق باغ باغ
ہے بیشمار دلیں مرے خار خار شوق
اطراف آسماں کے ہجوم شفق نہیں
برجا ہے آسماں سوں تواضع کری طلب

سینے سے عاشقاں کے اٹھا ہے غبار آج
آیا ہے التفات پہ وہ نوبہار آج
چیرے کون دیکھہ سر پہ ترے نوکدار آج
تجھ رنگ منے ہوا کو کون کیا لالہ زار آج
پایا ہی تجھ کرم سوں ولی اعتبار آج

دستا ہی تجھ جبین میں سر اسر ظہور صبح
بیتاب آفتاب ہے تب سوں جہاں میں
تجھ مکھ کی آرسی میں ہے نور خدا عیاں
ظاہر ہیں تجھ بہار میں اسباب عیش کے
تجھ مکھ کا نور جب سوں تماشا کیا ولی

تجھ دیکھنے کوں جگ میں ہوا ہے عبور صبح
دیکھا ہی تجکوں جب سوں اے رشک نور صبح
روشن ہی تجھ جمال سوں کوہ طور صبح
ہے جلوہ گر تجی سوں دارالسرور صبح
کڑوا لگا ہی تب سوں جگت میں مرور صبح

جب سوں ہوا ترا یہ قد دلربا بلند
مت پست فطرتاں سوں مل اے سرو نازنین
تجھ ابرواں کون دیکھکے کینا ہی اے صنم
تیری ہواں میں نازکوں رتبا ہے اسقدر
میں عاشقاں کی فوج کا سردار ہوں ولی

سنتا ہوں ہر طرف سوں صدای بلا بلند
تجھ قد کا نو جگ میں ہی نام خدا بلند
تجھ حق منین ہلال نے دست دعا بلند
کشتی میں جوں ہے مرتبہ ناخدا بلند
مجھ آہ کا ہوا ہی علم تا سما بلند

www.urduchannel.in

ہوا ہی گرم توں جب آفتاب کے مانند
کیا ہے ہوش نے پرواز آب کے مانند

نکر سوال مرے درد کی حکایت کا
کہ مجھ زباں پہ ہے حاضر جواب کے مانند

نگاہ گرم سیں اُس شعلہ قد نے مجلس میں
کیا برشتہ ولی کون کباب کے مانند

اب جدائی نکر خدا سوں ڈر
بیوفائی نکر خدا سوں ڈر

راست کیشوں سوں ای کماں ابرو
کج ادائی نہ کر خدا سوں ڈر

مت تغافل کو راہ دے ای شوخ
جگ ہنسائی نکر خدا سوں ڈر

خون عاشق سوں بے اجازت ناز
کف حنائی نکر خدا سوں ڈر

اے ستمگر غضب سوں رنگ ولی
کہربائی نکر خدا سوں ڈر

بیوفائی نکر خدا سوں ڈر
جگ ہنسائی نکر خدا سوں ڈر

ہے جدائی میں زندگی مشکل
آ جدائی نکر خدا سوں ڈر

آرسی دیکھکر نہ ہو مغرور
خودنمائی نکر خدا سوں ڈر

اُس سوں جو آشنای درد نہیں
آشنائی نکر خدا سوں ڈر

اے ولی غیر آستانۂ یار
جبہہ سائی نکر خدا سوں ڈر

چمن میں جب چلے اس حسن عالمتاب سوں اٹھکر
کرے تعظیم خوشبو ہر گل سیراب سوں اٹھکر

تری باتوں کی نرمی کی اگر شہرت ہوا عالم میں
وہیں آوے قد مبوسی کو مخمل خواب سوں اٹھکر

تری ابرو کی پہونچے گر خبر مسجد میں اے مہ کو ن
نماشا دیکھنے آوے ترا محراب سوں اٹھکر

جو آیا مست ساقی جام لیکر
کیا یکبار گی آرام لیکر

لکھا نوں خط ترا کس بیخطا پر
چلا ہے آج فوج شام لیکر

تری ساقی گری کون لالۂ باغ
کھڑا ہے منتظر ہو جام لیکر

یہاں سکوں لوٹنگیں کرتا ہوں سجدہ
جو کوئی آتا ہے تیرا نام لیکر

ولی تیری لباں سوں اے نمک طبع
چلا ہے لذت دشنام لیکر

گر چمن میں چلے وہ رشک بہار
گل کریں نقد آب و رنگ نثار

بلبلاں ہر طرف سوں اُٹھ دوڑیں
دیکھنے کوں اُسے ہزار ہزار

www.urduchannel.in

جن نے دیکھا ہے اُس پریرو کوں — صورت ہوش سوں ہوا بیزار
تجہ درس کے خیال میں دائم — مثل نیساں ہے چشم گوہربار
یاد تجھہ خط سبز کی اے شوخ — زخم دل پر ہے مرہم زنگار
بسکہ پایا ہے تجہ جفا سوں شکست — خانۂ دل ہوا ہے آئینہ زار
اے ولی اُس سے حرف ہوش نہ پوچھہ — جو ہوا مست جلوۂ دیدار

عشق کے ہاتھہ سوں ہوے دلریش — جگ میں کیا بادشاہ کیا درویش
جیو مرا ہو رہا ہے زیر و زبر — جب سوں تیرا فراق آیا پیش
جسکوں قربت ہے عشق سوں تیرے — اُسکے نزدیک کب عزیز ہوں خویش
اے ولی اُسکا زہر کیوں اُترے — جن نے کھایا ہے عاشقی کا نیش

کہوں کس سیں عزیزاں جا کہ دردِ دلنشاں دل — نہیں اک گوش محرم تا سُنے آہ و فغاں دل
غبار خاطر غمناک سوں مجھہ پر ہوا ظاہر — کہ غیر از درد و جا نہیں ہے یار کاروان دل
بیان سینہ چاکان اے ولی کیوں سن سکے ہر اک — کہ بوے گل سوں نازک تر ہے آہنگ زبان دل

آتا ہے جب چمن میں تو زرین کلاہ سوں — اُٹھتی ہے فوج حُسن تیری جلوہ گاہ سوں
بزم ادا و ناز کوں وہ شوخ نازنین — خوشبو کیا ہے عنبر موج نگاہ سوں
بیجا نہیں ہے رخ پہ مرے رنگ اضطراب — باندھا ہوں دل کو آہوے وحشت پناہ سوں
پروانہ وار عشق میں تیرے جو مر دیا — اُسکا کفن ہے رشتۂ شمع نگاہ سوں
حاجت نہیں چراغ کی مجھہ گھر میں اے ولی — روشن ہے بزم عیش مری شمع آہ سوں

تجھہ مکھہ کی جھلک دیکھہ گئی جوت چند رسوں — تجھہ مکھہ پہ عرق دیکھہ گئی آب گہر سوں
ہر چند کہ وحشت ہے تجھہ انکھیاں سیتی ظاہر — صد شکر کہ تجھہ داغ کوں الفت ہے جگر سوں
اشرف کا یہ مصراع ولی اپنے ہے دلچسپ — الفت ہے دل و جاں کو ہمیشہ مگر سوں

باطن کی گر مدد ہو اُسے یار کر رکھوں — اپنے سخن کا اسکوں خریدار کر رکھوں
اُسکی ادا و ناز کی خوبی کا کر بیان — ہر خوبرو کوں صورت دیوار کر رکھوں
لائق ہے گر وہ شوخ کہے اپنے فخر میں — آوے اگر پری تو پرستار کر رکھوں

www.urduchannel.in

برجا ہے گر کہے کہ چمن میں نگاہ کر
نرگس کوں اپنی چشم کا بیمار کر رکھوں

تسبیح تیری زلف کوں کہتی ہے اے صنم
یک تار دے کہ رشتۂ زنار کر رکھوں

تیرے خیال آنے کی پاؤں اگر خبر
سینے کوں داغ عشق سوں گلزار کر رکھوں

ایسے نصیب میرے کہاں ہیں ولی کہ آج
اُس گلبدن کو اپنے گلے ہار کر رکھوں

تصویر تری جانِ مصفا پہ لکھا ہوں
یہ نقش پری پردۂ مینا پہ لکھا ہوں

فرہاد لکھا صورت معشوق حجر پر
میں صورت دلبر دلِ شیدا پہ لکھا ہوں

اے مردمکِ چشم تجھ انکھیاں کی یہ لالی
نرگس کے قلم سوں گل لالا پہ لکھا ہوں

تجھ نرگس مخمور کی کیفیت مستی
اکثر خط ساغر مستی صہبا پہ لکھا ہوں

اُسکے دہن تنگ کی تعریف کا نکتہ
صنعت سوں ولی دیدۂ عنقا پہ لکھا ہوں

خوبی اعجازِ حسنِ یار اگر انشا کروں
بی تکلف صفحۂ کاغذ بیاض کروں

جون نسیم اب لگ سبکروحی مجھے حاصل نہیں
کس طرح اس غنچۂ ہندوستاں کو وا کروں

کیا کہوں تجھ قد کی خوبی سرو عریاں کے حضور
خود بخود رسوا ہی اسکو پھر کے کیا رسوا کروں

سر کروں جب وصف تیری جامۂ گلرنگ کے
جامہ زیبان کو برنگِ صورت دیبا کروں

رات کوں آؤں اگر تیری گلی کوں اے حبیب
زیور لب ذکر سبحان الذی اسرا کروں

آرزو دل میں یہی ہے وقت مرنے کے ولی
سرو قد کوں دیکھ سیر عالم بالا کروں

دل ہوا ہے میرا خراب سخن
دیکھکر حسن بیحجاب سخن

راہِ مضمونِ تازہ بند نہیں
تا قیامت کھلا ہے باب سخن

جلوہ پیرا ہوا ہر معنی
جب زباں سوں اُٹھے نقاب سخن

ہے تری بات اے نزاکت فہم
لوح دیباچۂ کتاب سخن

لفظ رنگین ہے مطلع رنگیں
نورِ معنے ہے آفتاب سخن

شعر فہموں کی دیکھکر گرمی
دل ہوا ہے میرا کباب سخن

عرفی و انوری و خاقانی
مجکوں دیتے ہیں سب حساب سخن

اے ولی در دسر کبھو نہ ہے
جب ملے صندل و گلاب سخن

www.urduchannel.in

سحر پر واز ہیں پیا کے نین
ہوش دشمن ہیں خوش ادا کے نین

اے دل اُسکے اگے مسہل کر جا
تیغ بر کف ہیں میر زا کے نین

دل ہوا محبوں آج بیگانہ
دیکھیہ اُس رمز آشنا کے نین

نرگستان کوں دیکھنے مت جا
دیکھیہ اُس نرگسیں قبا کے نین

وہ ہے گلزار آبرو کا گل
حق نے حبکوں دئے حیا کے نین

اے ولی کس آگے کروں فریاد
ظلم کرتے ہیں بیوفا کے نین

سیہ روئی نہ لیجا حشر میں دنیائے فانی سوں
سیہ نامی کون دھوا ہی بنجر انجھواں کے پانی سوں

شب غم روز عشرت سوں بدل ہووے اگر دیکھے
میری جانب وہ مہر زرہ پرور مہربانی سوں

اپس کے سر پہ مارا کوہکن نے تیشۂ غیرت
ہوا جب خسرو عالم ولی شیریں زبانی سوں

صدق ہی آپ رنگ گلشن دین
پاکبازی ہی شمع راہ یقین

قدسوں تیری عیاں ہی ایجاناں
صورت ناز و معنی تمکین

بسکہ رویا ہوں یاد کر کے تجھے
چشم میری ہے دامن گلچین

زلف تیری ہی اے وفا دشمن
دشمن دین و دشمن آئین

اے ولی تب نہاں ہو لیل فراق
جب عیاں ہو وہ آفتاب جبیں

گریۂ عشاق سوں خنداں ہی باغ بزم حسن
مغز پروانہ سوں روشن ہی چراغ بزم حسن

عاشقاں اس آتشیں رخسار کے چہرے اوپر
پیچ و تاب زلف ہے دور چراغ بزم حسن

حسن کی مجلس کوں جب روشن کیا وہ شمع رو
خوبرویاں سب ہوئی جوں لالہ داغ بزم حسن

آتش غیرت سوں گل پانی ہوا ہی مغز شمع
وہ صنم جب سوں ہوا عالی دماغ بزم حسن

صرف کرتا ہی ولی عالم منیں نقاش صنع
عیش کی تصویر میں رنگ فراغ بزم حسن

ہوا ہی جب سوں ترا تل سوار آتش حسن
سپند وار ہے دل بیقرار آتش حسن

ہنوز حسن کی گرمی بجا ہے اے گلرو
خط سیاہ ہی تیرا حصار آتش حسن

یہ خط کو دود نمط دیکھکر ہوا معلوم
کہ گرم پھرکے ہوا روزگار آتش حسن

وہ شمع بزم ادا بر میں کر لباس زری
ہی آفتاب من شعلہ زار آتش حسن

www.urduchannel.in

ہے لیک آب و رنگ حیا کہیم واس میں
آتا نہیں کسی کے خیال و قیاس میں

ہیراگیوں کے پنتھ میں اگر وہ مہ جبیں
ہیراگ کون اٹھا کے چڑھایا اکاس میں

ہے اسکے مکھ سوں جلوہ نما موج آب و تاب
موتی کے مثل گرچہ ہی سادے لباس میں

لگتا ہے اُس گروہ میں وہ سرو نازنین
گویا گل گلاب کا جلوہ ہے گھاس میں

اُسکی بھنواں کو بوجھ کے شمشیر آبدار
اہل ہوس کی عقل ہی دائم ہراس میں

آوی فلک سوں زہرہ اُتر گروہ مہ جبیں
یک تان گاوے رامکلی یا بھباس میں

جاتا ہوں باغ یاد میں اُس چشم کے ولی
شاید کہ بوی اُسکی ہو نرگس کی گھاس میں

یکبار میری بات اگر گوش کرے تو
ملنے کوں رقیباں کی فراموش کری تو

ہے لیکہ ترے نین میں کیفیت مستی
یک دید میں کو نین کو بیہوش کری تو

ای سرو گل اندام آپس نقش قدم سوں
بر جا ہے اگر صحن کو گلپوش کری تو

غیرت سوں کری چاک گریبان دل پرخون
گر گل کی حمائل کوں ہم آغوش کری تو

ای جان ولی وعدۂ دیدار سوں اپنے
ڈرتا ہوں مبادا کہ فراموش کری تو

ای دل ہمدا اُس شمع پر پروانہ ہو پروانہ ہو
اُس نو بہار حسن پر دیوانہ ہو دیوانہ ہو

اے یار تجھ منظور ہی گر آشنائی عشق کی
ہر آشنائے عقل سوں بیگانہ ہو بیگانہ ہو

میری طرف ساغر بکف آیا ہی وہ مست حیا
ایدل تکلف برطرف مستانہ ہو مستانہ ہو

جاری رکھیگا کب تلک رسم جفا و جور کوں
ای جانمن ہر دل منے جانانہ ہو جانانہ ہو

مجکوں خمار درد سوں پیدا ہوا ہی درد سر
ای گردش چشم تری پیمانہ ہو پیمانہ ہو

اسوقت یتیم کی نگہ کرتی ہی مشق دلبری
یہ آں غفلت کی نہیں فرزانہ ہو فرزانہ ہو

میرے سخن کوں مہر سوں سنتا ہی وہ رنگین ادا
اے سرگذشت حال دل افسانہ ہو افسانہ ہو

عالم میں تجکوں ای ولی ہی فکر جمعیت اگر
ہر دم خیال یار سوں ہمخانہ ہو ہمخانہ ہو

صحبت غیر میں جایا نہ کرو
اپنے عاشق کو رُلایا نہ کرو

حق پرستی کا اگر دعوا ہے
بے گناہوں کو ستایا نہ کرو

دلکو ہوتی ہے بہت بیتابی
زلف کوں ہاتھ لگایا نہ کرو

www.urduchannel.in

نگہ تلخ سوں اپنے ظالم — زہر کا جام پلایا نہ کرو
ہمکو برداشت نہیں غصے کی — غیر کو ان درس دکھایا نہ کرو
پاکبازاں میں ہے مشہور ولی — اس سوں چہرے کوں چھپایا نہ کرو

دیکھہ دستارِ بسنتی ساقیٔ سرشار کی — کھل گئی ہیں آج انکھیاں نرگس بیمار کی
بات کہنے کا کبھی جو وقت پاتا ہی غریب — بھول جاتا ہی وہ سب کچھہ دیکھہ صورت یار کی
اے ولی اس بیوفا کی مہربانی پر نہ بھول — دلکا دشمن ہی مگر کرتا ہی باتیں پیار کی

اس سرخوش ادا کوں ہمارا سلام ہے — اس یارِ بیوفا کوں ہمارا سلام ہے
لیتا نہیں سلام ہمارا حجاب سوں — اس صاحبِ حیا کوں ہمارا سلام ہے
اس باج دل میں میرے نہیں اور مدعا — اس مدعا کوں ہمارا سلام ہے
ناز و ادا سوں دلکوں مرے مبتلا کیا — اس نازنیں پیا کوں ہمارا سلام ہے
آرام جان و دل ہی ولی جسکا دیکھنا — اس جان و دلربا کوں ہمارا سلام ہے

اگر گلشن طرف وہ نوخطِ رنگین ادا نکلے — گل ریحان سوں رنگ و بو شتابی پیشوا نکلے
کہلے ہر غنچۂ دل جوں گل شادابی سوں — اگر تک گھر سوں باہر وہ بہارِ دلکشا نکلے
نثار اسکے قدم اوپر کروں انجو انکے گوہر سب — اگر کہنے کو دلجوئی وہ سروِ خوش ادا نکلے
بخیلی درس کی ہرگز نہ کیجو اے پری پیکر — ولی تیری گلی میں جیکہ مانند گدا نکلے

پڑا حیرت میں دل اس حسن عالمگیر کے دیکھے — مصور دنگ ہی جس جلوۂ تصویر کے دیکھے
ہوا ہوں محو یوں اس زلف خم در خم کے دیکھے سوں — کہ جوں ہوتی ہی طالب کی حقیقت پیر کے دیکھے
کھلا یوں دل مرا تیری نگاہِ تیز کی خاطر — کمان آغوش جوں کر کھولتی ہی تیر کے دیکھے
ترے مکھہ کے صفحے پر خط لکھا قدرت کی کاتب نے — تعجب میں ہیں سب خطاط اس تحریر کے دیکھے
ولی کے دیکھوں ہوتی ہی خاطر انجہ گلی بہتیر — کہ جوں ہوتی ہی خاطر مفترح کشمیر کے دیکھے

جسوقت تبسم میں وہ رنگین دہن آوے — گلزار میں غنچے کے دہن پر سخن آوے
تا حشر اٹھے بوئے گلاب اسکے عرق سوں — جس برمنیں یکبار وہ گل پیرہن آوے
ہرگز سخن سخت کون لاوے نہ زبان پر — جس ذہن میں یکبار وہ نازک بدن آوے

www.urduchannel.in

برجا ہی اگر جگ میں ولی پھر کے دوجی بار	رکھ شوق مرے شعر کا شوق سخن آوے
سرود عیش گاویں ہم اگر وہ عشوہ ساز آوے	بجاویں طبل شادی کا اگر وہ دلنواز آوے
خمار ہجر نے جسکے دیا ہے دردِ سر مجھکو	رکھوں نشہ منن انکھیاں اگر وہ مست ناز آوے
جنون عشق میں مجھکوں نہیں زنجیر کی حاجت	اگر میری خبر لینے کو وہ زلف دراز آوے
ولی اُس گوہر کان حیا کی کیا کہوں خوبی	مرے گھر اسطرح آتا ہی جوں سینے میں راز آوے
کیوں نہ آوے نشۂ غم سوں دماغ عاشقی	بادۂ حیرت سوں ہی لبریز ایاغ عاشقی
اشک خون آلود ہے سامان طغرای نیاز	مہر فرمانِ وفاداری ہے داغ عاشقی
آب سوں دریا کے ہرگز کام نہیں عشاق کو	گریۂ حیرت سوں ہی سرسبز باغ عاشقی
گر طلب ہے تجکوں راز خانۂ دل ہو عیاں	آہ کی آتش سوں روشن کر چراغ عاشقی
دردمنداں باغ میں ہرگز بجاویں اے ولی	گر نہ دیوے نالۂ بلبل سراغ عاشقی
مکتب میں جسکے ہاتھ ادا کی کتاب ہے	خوبی میں آج ہم سبق آفتاب ہے
ظاہر ہوا ہے مجھپہ ترے ناز سوں صنم	رنگیں بہار حسن بہار عتاب ہے
تیرے نین کے عصر میں بے وقر ہی شراب	میخانہ تجہ نگاہ سوں دائم خراب ہے
دیوان میں ازل کی ملاجب سوں عشق و حسن	تب سوں نیاز و ناز میں باہم حساب ہے
پوشیدہ حال عشق رہی کیونکر ای ولی	غماز تار زلف خم پیچ و تاب ہے
مفلسی سب بہار کہوتی ہی	مرد کا اعتبار کہوتی ہے
کیونکہ حاصل ہو مجکو جمعیت	زلف تیری قرار کہوتی ہے
اے ولی آب اُسکی چہرے کی	میرے دل کا غبار کہوتی ہے
ہمکو شفیع بخشروہ دیں پناہ بس ہے	شرمندگی ہمارے عذر گناہ بس ہے
اسباب جنگ رکھنا درکار نہیں ہمن کو	دشمن کے مارنیکوں اک تیر آہ بس ہے
تجہ عشق کے جلے کو کیا کام چاندنی سوں	تجہ حسن کا تماشا اے رشک ماہ بس ہے
بیجا ہے بادشاہی ہر خوبرو کون دینا	خوبی کے تخت اوپر اک بادشاہ بس ہے
غم نئیں اگر رقیباں آئے ہیں چل ولی پر	ابد دست تجہ کرم کی مجکوں پناہ بس ہے

www.urduchannel.in

منتخب دیوان
فراسو

پہتا ہی کیا ہی تجھکو اے یار مسکرانا
ٹک واسطے خدا کے یکبار مسکرانا

گر جائے گی سبھوں کی نظروں سے اسکے آگے
اے برق دیکھیو مت زنہار مسکرانا

غنچوں کو اے ستمگر تیری دہن کے آگے
ہنسنا تو یکطرف ہے دشوار مسکرانا

شاعر ہے پوچ گوئے اپنی پہ آپ قائل
یارو نہ اسکی سنکر اشعار مسکرانا

ہمارا یار ہمسے جب تلک باہم نہوئے گا
جو دل میں درد ہی ہرگز دوا اسکی نہوئیگا

ہاتھوں سے نہ اک تار گریباں میں چھوڑا
پاؤں نے نہ اک خار بیاباں میں چھوڑا

کبھی رہتا نہیں بن چاک ہمارا سینا
ناصحا زخم کو سینے کے دوبارا سینا

دم خطاب مجھسے ہوا اور میں خفا دم سے ہوا
رفتہ رفتہ یہ مرا حال تری غم سے ہوا

سر بدن ہی ہو جدا اور نہ تیرے شانے سے جدا
پر نہ سر آمیزا ہو تیرے آستانے سے جدا

کیا بہانے تھی تجھے اے چشم آنسو بزم میں
ہو گیا وہ یار تجھسے اس بہانے سے جدا

یوں دل آوارہ اپنا اے فراسو گم ہوا
مرغ وحشی جیسے ہووے آشیانے سے جدا

مجھکو کہتے ہیں بڑا ڈھب ہے تجھے یاری کا
سوچنا طور ذرا آپ کی عیاری کا

ہیں داغ و آبلے سے یوں دلمیں جام و مینا
جیسے دہرے ہوں ساقی محفل میں جام و مینا

گلشن میں دیکھہ بلبل کیا عکس سرو و گل سے
ہی نہر کے کنارے ساحل میں جام و مینا

بیعت کروں نہ کیونکر پیر مغاں کی زاہد
ہی دستگیر مستاں مشکل میں جام و مینا

پُر خون یہ چشم و دل ہیں اپنے ہمیں غنیمت
گو اب نہو ہماری محفل میں جام و مینا

گردوں کے اب فراسو سنگ ستم سے لاکھوں
ٹکڑے ہو مٹگئے ہیں یاں گل میں جام و مینا

دیکھا ہی جب سے پیرہن اس گل عذار کا
دامن نہیں ہی ہات میں صبر و قرار کا

www.urduchannel.in

عشق مجھکو اب تو اسحالت پہ پہونچانے لگا
دیکھکر ہر کوئی اشک آنکھوں میں بھر لانے لگا

آئے ہو دامن کشاں شاید چمن میں میرے بہار
ہاتھ پھولونکا بھی کچھ اب جیب تک جانے لگا

حال اس نوبت کو پہونچایا مرا اس عشق نے
دیکھکر ہر کوئی اشک آنکھوں میں بھر لانے لگا

پھر گئی شاید فراسو کچھ زمانے کی ہوا
یاں سے خط جانے لگا اور وہاں سے پھر آنے لگا

جو آپ کی دوری میں دلپر مرے غم گذرا
فرہاد پہ کم گذرا مجنوں پہ بھی کم گذرا

تنہا رات فراسو کا مہماں وہ شیریں لب
کیا کہیئے مزا اُس سے جو کچھ کہ کم گذرا

ردیف "ب"

مت میری لاش کو چمن یاسمیں میں داب
اے رشک گل تو اپنی گلی کی زمیں میں داب

ابرو کماں کے تیر ستم میں نے سیکڑوں
رکھے ہیں تو وہ دل اندوہگیں میں داب

رہ لو فراسو کھول کے دل بزم یار میں
تا چند غمکو رکھو گے جان حزیں میں داب

ردیف "ت"

دھن ہے اسکی دوا ئی سو دوا ئی ہے سخت
جی بچھوڑیگا مرا درد جدا ئی ہے سخت

ردیف ث

اے دست جنون تیرا گریباں ہی میراث
اے خار بیابان ترا دامان ہے میراث

جو درد و الم کی جگر چاک ہے جاگیر
تو سوزش غم کی دل بریان ہے میراث

دیکھا نہ کبھو لکو فراسو ترے خنداں
اسکی مگر اب زلف پریشان ہی میراث

ردیف ج

بھیجو کبھو تو بھلا نامہ و پیغام بہیج
دن کو ہی یا رات کو صبح کو یا شام بہیج

نہ بخت روم کی خواہش نہ ملک شام لیتے ہیں
تمہارے نام کو ہم صبح سے تا شام لیتے ہیں

ردیف ح

گاتے ہیں قول معرفت مرغ چمن علی الصباح
ہلتے ہیں آکے وجد میں سرو سمن علی الصباح

بند قبا نہ پھول کے شرم سے کھولیا غمیں
دیکھے صبا کھلا اگر ترا بدن علی الصباح

بھولے فراسو عقل و ہوش محو ہوئی یک نگاہ
آج سُنے جو رشک مہ تیرا سخن علی الصباح

www.urduchannel.in

ردیف خ

واں ہے تمہاری بزم میں مے سُرخ جام سُرخ | یاں ہیں سرشک خون سے آنکھیں مدام سُرخ

ردیف "د"

رکھیو اسکے تصور میں سدا دیدۂ تر بند | لازم ہے کہ کاشانہ خلوت کا ہو در بند

ردیف "ر"

میں تو بیٹھا تھا غرض اُس سے کنارا کھینچکر | لوگ آخر لے گئے مجھکو دوبارا کھینچکر
روٹھ کر بیٹھا وگر بیان تم ہمارا کھینچکر | ہم منا لینگے نہیں دامن تمہارا کھینچکر
اپنی تو بخت سکندر پر فراسومت اکڑ | دیکھیہ ذلت مرگیا آخر کو دارا کھینچکر
بلبلیں بولیں ہیں ہر دم نالہ جانکاہ کر | گوش گل کیوں کر دیا تو نے مرے اللہ کر
ہو گیوں نہ مہر و مہ کا دماغ آسمان پر | دنرات جبہا ہی تری آستان پر
قامت ہی مثل سرو دہن غنچہ برخ چمن | کیا ہی بہار حسن ہی اس نوجوان پر

قدرت نہیں جو آؤں تمہارے پلنگ پر | جب تک نہ تم بلاؤ کہ آرے پلنگ پر
جسکے لیئے بچھائے ہیں پھولونکی سیج روز | وہ گل کبھی نہ آیا ہمارے پلنگ پر
مہتابی پر محل کے شب ماہتاب میں (ق) | تم میرے ساتھ سوئے جو پیارے پلنگ پر
حیرت رہی نہ دیدۂ مہتاب کو فقط | ٹکٹکی رہے تمام ستارے پلنگ پر
پڑتی نہیں ہی کل کسی کروٹ ذرا مجھے | پھرتا ہوں لوٹتا ہوا سارے پلنگ پر
منصف ہو تم ہی جس سے جدا تسا ماہ ہو | وہ کالی رات کیونکہ گذارے پلنگ پر
فرقت میں شب فراسو صنم گلعذار کے | لگتے ہیں ہمکو پھول شرارے پلنگ پر

اے دل مضطر تو زیر خاک کالونگا نہ چھیڑ | چین لے ابتو عدم کے سونیوالوں کو نہ چھیڑ
کیوں وبال جان کیا چاہی ہے ناصح زندگی | تیرہ بخت اس لف کے شفتہ حالوں کو نہ چھیڑ
ای فراسو سُن بقول شخص کیا ہی فائدہ | دم میں خوش دم ہیں خفا ہو جانیوالونکو نہ چھیڑ

ردیف س

بیٹھے ہیں غیر یوں مرے دلبر کے آس پاس | ہو خار جس روش سے گل تر کے آس پاس

www.urduchannel.in

اے مردمان یہ دیکھو کہ پھولونکے بیچ ہے — لختِ جگر نہیں مرے لعلِ بدخشاں کے آس پاس
کہنا اچھا یہ کبھو سینۂ افگار قفس — پرِ طوطی سنو گر مرہم زنگار قفس

ردیف ش

مرا ہے سوز و گداز سے دل کبھو آب کبھو آتش — کہ جیسے رہتی ہے شمعِ محفل کبھو آب کبھو آتش
لب پہ تمہارے صبح سے نامِ سلام ہے چہ خوش — سمجھے یہ ہم کہ آپکا تکیہ کلام ہے چہ خوش
لیتے سلام بھی نہیں میرا کبھی غرور سے — آپکے اس غرور کو میرا سلام ہے چہ خوش
خوب غزل ہے گرم سی شعر ہیں پرشرر سبھی — بارے فراسو تیرا بھی کیا ہی کلام ہے چہ خوش

ردیف ض

کیسے مکھڑے پہ ترے مہر کا قربان عارض — کہ یہ مہتاب سے چمکے ہے دوچندان عارض

ردیف غین

در پہ بیٹھا ہوں نہیں ہے آہ و زاری کے فراغ — مُنہ دکھا جا کر لے ایکدم شرمساری سے فراغ
دل فراسو جب سے اسکی چشمِ میگوں پر ہے غش — مست رہتا ہوں میں کر کے ہوشیاری سے فراغ

ردیف ف

میرے تربت پر بشر جلیکہ ہوں شنجرف کے حروف — قتل کہ ماجرے کے دیکھو لکھہ حرف کے حروف
حرفِ تسکین بھی کہیں اسمیں لکھا ہوویگا — پڑھو اس خط کو فراسو تو ہر اک طرف کے حرف

ردیف ق

گئی نہ دل سے تہ خاکِ الفتِ معشوق — بزنگ خار ہوں پیچاں بدولتِ معشوق

ردیف ک

یوں ہے عشقِ لالہ رو سے میری پیرہن بھی آگ — موسمِ گل جسر و شش بہڑکا ہے گلشن میں آگ
آہ سوزاں کا میرے ہرگز اثر ہوتا نہیں — گیہوا ای بیدرد اس ترے دل پر فن میں آگ
طاس کا سنجاف ہے یا آہ سوزاں سے مری — ای فراسو ہے لگی دلدار کی دامن میں آگ
قاصدیہ کیہو اس بت سے ذرا سا الگ — کب تک رہوگے عاشقِ رنجور سے الگ

ردیف ل

آج کسنے ہے پیالا غزل ہر سر گل
کہ پڑے جھومنے ہیں مستی سے گل بر سر گل

کب تری مانگ میں موتی کی لڑی ہے ظالم
بوندیں شبنم کی مگر آئیں ہیں ڈھل بر سر گل

گوش نازک ہے نہایت ہی نہال گل کا
دیکھیہ بلبل نکر اس رنگ تو غل بر سر گل

شعاع حور سے اگر ہو لالہ کا داغ روشن مراد حاصل
تو کیوں نہ خوش ہو کی بلبل چراغ روشن مزار ہے

ردیف م

آیڑا جب سے ہمیں شوخ دلارام سے کام
صبر سے کام نہ کچھ ہمکو نہ آرام سے کام

یار سے دور ہو گئے ہیں ہم
سخت رنجور ہو گئے ہیں ہم

رات کو جسمیں یار کے سو بار
تا بمقدور ہو گئے ہیں ہم

جلتے دل کی فراسو کر کے سیر
موسیٰ طور ہو گئے ہیں ہم

ردیف ن

اب کی جو ملے مجھسے تو یار ہی اور میں ہوں
اس وعدہ خلافی کی تکرار ہی اور میں ہوں

وہ دل مرا مانگے ہیں وصل کا طالب ہوں
انکار ہی اور وہ ہی اقرار ہے اور میں ہوں

وہ دن گئے جب تیرا دیدار تھا اور میں تھا
اب روبرو آنکھوں کے دیوار ہی اور میں ہوں

وہ یوسف گداؤں پر اشفاق نہیں کرتا
ایکدن شہ خوباں کا دربار ہی اور میں ہوں

دل غارت ایمان کو دی بیٹھا فراسو میں
بت خانہ کی اب دیر زنار ہی اور میں ہوں

جنکے لئے میں سہیں سیکڑوں سوائیاں
ہائے وہ پریاں ہیں اب سخت ہی ترائیاں

آپکا شکوہ نہیں اسمیں ذرا مہربان
اپنی کہ کی یہ سب ہمنے سزا پائیاں

خوب نہیں اسقدر حسن پہ کرنا غرور
لے لیکے انگڑائیاں دیکھو ہو پرچھائیاں

تم جو فراسو سے یوں رہتی ہو ناخوش سدا
کہنے یہ باتیں تمہیں سچ کہو سکھلائیاں

تمہارے وصل میں بھاتی ہیں یہ عتاب کے دن
دکھائے حق نہ کسی ہجر میں عذاب کے دن

پھرے ہی دشت میں جوں گرد باد تم بن
گذرتے یوں ہیں دل خانماں خراب کے دن

کہوں میں کیا تڑپنے کی کیا حقیقت آہ
خدا کسیکو دکھائے نہ اضطراب کے دن

پڑے ہیں کاٹنے پیری میں اب عذاب کے دن
وہ نوجوانی کہاں اور کہاں شباب کے دن

www.urduchannel.in

فراسو آئی دو بالا نظر ہیں عہد کا	وہ ماہنابی یہ بیٹھے جو ماہتاب کے دن

مرتے ہیں ہوس میں ہم الفت کے یہ معنی ہیں — غم تمکو نہیں کچھ بھی غفلت کے یہ معنی ہیں
جب سے تمہیں دیکھا ہی - آئینہ نما ہمنے — جھپکیں نہ کبھی پلکیں حیرت کے یہ معنی ہیں
دل چیز ہے کیا پیارے واللہ جو تم مانگو — ہم جی بھی تمہیں دیویں ہمت کے یہ معنی ہیں
کل پڑتی نہیں دلکو بن دیکھے تری صورت — اس عالم صورت میں صورت کے یہ معنی ہیں
ساتھ اپنے سدا لشکر ہی گریہ و نالے کا — شوکت اسے کہتے ہیں حشمت کے یہ معنی ہیں
ہم خاک ہوئے تو بھی در سے نہ ٹلے تیرے — الفت اسے کہتے ہیں چاہت کے یہ معنی ہیں
دل بند فراسو ہی اس شوخ کی کاکل میں — جی چاہ ذقن میں ہی چاہت کے یہ معنی ہیں
حال سے میرے کوئی مجھکو خبر کرتا نہیں — یاں فقط بالا ہے سو وہ بھی اثر کرتا نہیں
کیوں نہ دل میرا کرے اب اضطراب آغوش میں — ایک شب بیٹھا نہ وہ خانہ خراب آغوش میں

ردیف "و"

میں تو پڑا ہوں در پر اُنکے انکو کچھ زیادو	بھوکا تنہا اس ناز کا نہیں بھی گالیاں مجھکو کھادو
مکھڑا کہیں دکھا تو اُلٹ کر نقاب کو	تا بھول جاؤں دلسے میں رنج و عذاب کو
آباد ایک روز نہ دیکھا کبھو اُسے	کیا لیکے میں کروں دل خانہ خراب کو
سچ کہئے معلوم ظالم اسکی ہی چاہت ہمارے ہو	لگے تیرا کہیں دل اور تجھکو بیقراری ہو

ردیف "ہ"

یوں ہم آغوش ہوں پری کے ساتھ	جسطرح جسم ہووے جی کیساتھ

ردیف "ی"

آے ہوس میں وصل کی دشنام لیجیے	کیا یاد ہم کرینگے کہ انعام لیجیے
آہ و فغاں و گریہ و سوز و تپاک و درد	کیا ہم بھی ساتھ اپنے سرانجام لیجیے

تمام شد دیوان فراسو صاحب فرنگی

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب دیوان شاہ مبارک آبرو

آیا ہی صبح یار کے آنکھ رس سا ہوا
جاما کلے میں رات کا پھولوں بسا ہوا

کم مت گنو یہ بخت سیا ہو نکا رنگ زرد
سونا وہی کہ ہووے کسوٹی کسا ہوا

انداز سے زیادہ پٹ ناز خوش نہیں
جو خال اپنی حد سے بڑھا سو مسا ہوا

قامت کا سب جگت میں دوبالا ہوا نیم
قد اسقدر بلند تمہارا رسا ہوا

اول آبرو تو سمجھ پیچ عشق کا
پھر زلف سے نکل نسکیگا پھنسا ہوا

جدائی کے زمانے کی جن کیا زیادتی کہیے
کہ اس ظالم کی ہمپر جو گھڑی بیتی سو جگ بیتا

چمرے نے سرخ تیرے سارے جگت کو ہوا
اے لعل تیرے سر پہ یہ آج خوب سوہا

رخسار کے گل اوپر شبنم ہے یہ پسینا
کیا سرخ ڈانک پر ہے الماس کا نگینا

تجلت سے تجھ نگہ کی مے ہو گئی ہی پانی
کہنا بجا ہوا ہے شیشے کو آبگینا

مشتاق عذر خواہی نہیں آبرو تو کیا ہی
یوں روٹھ روٹھ چلنا چل چل کے پھر منانا

یہ سبزا اور یہ آب رواں اور ابر یہ گہرا
دوانا میں نہیں گھر میں ہوں کیوں چھوڑ گھر

گیا تہا رات جھڑ بدلی میں ظالم کستان کو تو
تڑپھ سے دل مرا بجلی کی جوں اب لگ نہیں ٹہرا

بوسہ لباں سے دینے کہا کہہ کے پھر گیا
پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

نین سے نین جب ملائے گیا
دل کے اندر مرے سمائے گیا

نگہ گرم سے مرے دل میں
خوش نین آگ سی لگائے گیا

تیرے جانے کی سن خبر عاشق
یہی کہتا ہوا کہ ہائے گیا

سہو کر بولتا تھا مجھ سیتی
بوجھ کر بات کو چھپائے گیا

آبرو جب بیچ مرتا تھا
کہہ دکھا کر اسے جلائے گیا

www.urduchannel.in

ملیں گئیں آپس میں نظریں ایک عالم ہوگیا
جو کہ ہونا تھا سو کچھ آنکھوں میں باہم ہوگیا

ساتھ میں تیرے جو کچھ تھا سو پیارے جی نقد تھا
جب سے تو بچھڑا ہے تب سے عیش سب غم ہوگیا

نہ چھوڑے آج پیارے جی کسیکا
تمہارا ہنسکے یوں کہنا اجی کا

تری صورت کا جب سوں نقش دیکھا
گیا رتبہ نظر سے گر پری کا

سخن سنجاں میں ہیگا آبرو آج
نہیں شیریں زباں شاکر سری کا

کمان ہوا ہے قد ابرو کے گوشہ گیرو کا
لٹا ہے حال تیرے زلف کے اسیروں کا

برہ کی راہ میں جو کوئی گرسو پھر نہ اٹھا
قدم پھرا نہیں یاں آکے دستگیرو کا

وہ اور شکل ہے کرتی ہے دلکو جو تسخیر
عجب ہے شیخ ترا نقش یہ لکیرو کا

سبلے میں جون کہ منکا ہوا آبرو کا دل
سجن کی زلف نے لٹکا لیا فقیروں کا

مست دل ہے مدام تجھ لب کا
جام صہبا ہے نام تجھ لب کا

دل کے غنچوں کو کھول جب دیکھا
شوق پایا تمام تجھ لب کا

مہر لہا ہوا حلاوت سے
حرف گویاں کو نام تجھ لب کا

آبرو آب زندگی سے لذیذ
جان لیتا ہے جام تجھ لب کا

یہ رسم ظالمی کی دستور ہے کہاں کا
دل چھین کر ہمارا دشمن ہوا ہے جاں کا

بیتابی دل آج میں دلبر کہوں گا
ذرے کی تپش مہر منور سے کہوں گا

جو کہ محرم ہے عشق بازی کا
دل سے عاشق ہے جانگدازی کا

ہر گدا گوشۂ قناعت میں
شاہ ہے ملک بے نیازی کا

کیونکر نہ گرم ہووے فغاں عندلیب کا
جلتا ہے گل کی آگ میں جان عندلیب کا

جب سے غرور گل کا ہوا اسکے تئیں یقین
جاتا رہا ہے تب سے گماں عندلیب کا

اسکا کنار گل ہی میں عالم ہے یک جدا
پہچانتا ہے کون مکان عندلیب کا

لائی ہے جب سے بات چمن کی زباں اوپر
رنگین ہوا ہے تب سے بیان عندلیب کا

www.urduchannel.in

تو کب ملا تھا پیارے ہمسے جو آج روٹھا
دیکھا پہ اٹھنے کا یہ روٹھنا انوٹھا

ملنے پہ غیر کے اب کیوں پوچھتا ہے پیارا
ازمادیکو شاید لیتا ہے دل ہمارا

ملنے کے شوق میں ہم گھر بار سب گنوایا
مدت میں گھر ہمارے آیا تو گھر نیا یا

مرے پیارے سے قاصد اتنی دلکی بات کہنا
کہ جانے سے تمہارے جان کا مشکل ہی اب بچنا

جسے ہو زیب ذاتی اسکے ہیں سب سے عیب آرایش
کرے ہی بد نما البتہ حسن ماہ کو گہنا

ثامہ برکا رنگ ہوئے ڈر سے تیرے باختہ
تجھکو دیکھے اے سرو ہو جائے کبوتر فاختہ

ہمسے چراکے اور سے آنکھیں ملا گیا
ظالم کسیکو مار کسیکو جلا گیا

شرم سے آنکھوں کی تیرے آب ہوتی ہے شراب
آگ میں جلتا ہی میرا رشک سے دلکا کباب

شرم نے تجھ زلف و رخ کے باغکو دریا کیا
گل ہوا ہی آب اور سنبل ہوا ہی موج آب

❊ کوئل نے کوک آکے سنائی بسنت رت
بور ائے عام و خاص کہ آئی بسنت رت

بلبل ہوا ہے دیکھ سدا رنگ کی بہار
اس سال آبرو کو بن آئی بسنت رت

بیٹھے وہ زرد پوش جھلک سے بنا بسنت
چاروں طرف سے آج اٹھی جگمگا بسنت

لایا ہے جوش رنگ خزاں نے بہار کا
لائی ہی حسن و عشق کو باہم ملا بسنت

کیوں ہو رہی ہی عشق کے مارے تمام زرد
رکھتی ہی کسکے حسن کی دل میں ہوا بسنت

جانا لباس زرد سے تیرے و گرنہ ہم
واقف نہ تھے کہ ہوتے ہے ایسی خوشنما بسنت

دل نے پکڑی ہے یار کی صورت
گل ہوا ہے بہار کی صورت

کوئی گل رو نہیں تمہاری شکل
ہمنے دیکھی ہزار کی صورت

تجھ گلی بیچ ہو گیا ہے دل
دیدۂ انتظار کی صورت

وصل کے بیچ ہجر جائے بھول
جوں نشے میں خمار کی صورت

کچھ سہرتی نہیں کہ کیا ہو گی
اس دل بے قرار کی صورت

وہ زرد پوش جبکہ میں آغوش میں لیا
گویا کہ تب گلے سے لگا ذی بسنت رت

www.urduchannel.in

جوں سپاہی مورچے کی اوٹ میں کرتا ہے چوٹ
یوں تمہارے وار کرتے ہیں نین مت گا کی اوٹ

اسطرح مت دیکھ اے خونین نین فریاد سن
دل نگہ تیری سے ہو جاتا ہے ظالم لوٹ پوٹ

شوق بڑھتا ہے مرے جی کا دل افگاروں کے بیچ
جوش کرتا ہے جنوں مجنوں کا گلزاروں کے بیچ

عاشقوں کے بیچ مت لیجا دل بے شوق کو
شیشۂ خالی کو کیا عزت ہے میخواروں کے بیچ

رو بہ رو اور آنکھ اوجھل ایک سا ہو جا پیارے
اسطرح کا کوئی نظر آتا نہیں یاروں کے بیچ

رو دینے سے عاشقوں کا شوق ہوتا ہے دوبالا
عیش دونا ہو ہے میخواروں کے تئیں تاروں کے بیچ

آبرو غم کے بھنور میں دل خدا سیتی لگا
نا خدا کچھ کام نہیں آتا ہے منجدھاروں کے بیچ

کیا کہوں اپنی دستاں کی طرح
بہر آیا گیا جو جاں کی طرح

ہوا تجھ حسن اور خوبی کے لکھنے میں صفا کاغذ
رقم ہوتے ہی رخسارا مخطط ہو گیا کاغذ

جان اگر دشمن ہوئے ہو تم ہمارے اسقدر
تو ہمارے دل کو کوں لگتے ہو پیارے اسقدر

غم سے بچا ہوئی ہیں مری چشم دو بار
مجھ سے ہوا کبھی نہ مرا یار ہمکنار

سب سے ملے پر ایک سے ہم امیدوار
جاوے گا حسن کہو کہ مرتب کروگے یار

بلبل سے دل کو کہوں کہو کل سے ٹک سنبھلے
پھر آبرو کا وقت کہاں جب گئی بہار

بلبلیں روتی ہیں میرے غمسے اور گلزار زار
حیف کیوں ہوتا نہیں تو ہمسے اے عیار یار

اُن لباں کو یقین مصری جان
راست کہتا ہوں اسمیں مت شک کر

آج پھر ہمسے کر دیا ہے اُداس
ان رقیباں کا جائے ستیاناس

سیج تیری کے شوق میں چھوڑا
رات کو پھول نے چمن کا پاس

سر چڑھا ہے تمن کا منہ پا کر
عاشقی بوالہوس کو آئی راس

غیر صحبت میں اب لگے جانے
چھوڑ کر اپنی آبرو کا پاس

تیرے رو کی بڑھی کا کل کے حلقے ستیں دیا ہیں
عدد جوں ایک کا صفروں ستی پاتا ہے افزایش

www.urduchannel.in

جلایا جب سے غم نے تب سے گلزار گ عاشق کا
ہوئی زور آگ کے جلنے سے سینی سوئے کی آرائش

سیہ انکھیاں سیتی اپنی بہادوں دو دھکی اندھی
اگر شیریں ادا میری کرے اک مجھپہ فرمائش

نہیں ہے اسمیں کہیں جائے خال کی خالی
ہمارے یار کا ہی اسقدر بہبہ اعارض

نہیں تلمیے بھرے ہیں شک کے نقط
اسقدر نسخۂ فلک سے غلط

خال سے دیکھتا ہوں خطکی نشان
کہ اول خط کی اصل ہوئے نقط

کیا عجب ان کو اگر خورشید کہے ہو دلمیں داغ
رشک سے مجھ داغ کے راتو نکو جلتے ہیں چراغ

سانو یکے رو برو ہے دل ہمارا داغ داغ
دیکھ لو کالے کے آگے آج جلتا ہی چراغ

ہی مرے دل کی تمنا دشمن آرام عشق
مہر و مہ کو چرخ میں رکھتا ہے صبح و شام عشق

کب زلیخا شہر میں رسوا ہوئی مجنوں سے کم
مرد ہو یا زن کری ہے سب کے تئیں نام عشق

صید کے جو تڑپھرانے میں نہیں ہوتی خلاص
سخت تر زنجیر سے رکھتا ہی کافر دام عشق

میں قرار اپنے پہ قایم ہوں پہ تم رہتے نہیں
حسن کے تئیں ہر گھڑی دیتا ہی یہ پیغام عشق

دل بڑا ہی مہر کا لیکن تڑپھ ذرہ نہیں
حسن سے کب ہو سکے کرتا ہی جو جو کام عشق

ہات آیا ہے یہ دن کر کے دعا راتو نکو جاگ
عید ہے پیارے گلے سے آج تو عاشق کی لاگ

افسردگی یاس سے ہمکو ہوا وصال
پکڑا ہے آہسرد کے کانٹے سے ہمنے لال

تری آنکھوں نے دل کی شوخ چپل
کیا بیطاقت و بیتاب و بیکل

سیاہی کا ہوا ہے روشنی نام
لگایا جب سے تین آنکھوں نے کاجل

نکلے تم اب صبا کی طرح جب چمن میں بھول
گلبن کی دیکھ تمکو گئے ہاتھ پانوں پھول

کیا ڈھونڈھتا ہے زلف کی بو کا سراغ گل
سنبل کی طرح کیوں ہے پریشان دماغ گل

جلتا ہے اب تلک تری زلفونکی رشک سے
ہر چند ہو گیا ہے چمن کا چراغ گل

تجھ شعر کی شگفتہ زمین دیکھہ آبرو
لالے کی طرح جل کے ہوا داغ داغ گل

بہار آئی کلی کیطرح دل کھول
گلوں کی بہانت ہنس بابل کی جو بول

کرتا ہوں اسکی عقل پہ افسوس دن بدن
جو برگ گل کہنے آنکھونکو فی المثل

www.urduchannel.in

جلتے تھے تجھکو دیکھ کے غیر انجمن میں ہم
پہونچے تھے رات شمع کے ہو کر برنیں ہم

آتی ہی اسکی بو سی جبھے یاسمن میں آج
دیکھی تھی جو اداسی سجن کے بدن میں ہم

کیونکر نہ ہوئے کلک ہمارا گہر فشان
کرتے ہیں آبرو جو تخلص سخن میں ہم

دلدار کی گلی میں مکر رہ گئے ہیں ہم
ہو آئے ہیں ابھی تو پھر آ کر گئے ہیں ہم

بیرحم و بیوفا و تنک رنج و تند خوئے
تجھکو ہزار نام سجن دھر گئے ہیں ہم

اے دل کی دیں کی خون کی پیاسی سیاہ چشم
سیکھے ہو کس فرنگی سے تیری سیاہ چشم

سارے عالم کو مار کر برہم
آ کھڑے ہیں سجن ترے در ہم

جبکہ ایسا ہو گندمی معشوق
تب گنہگار کیوں نہو آدم

شب سیاہ ہو اور وے سجن تم بن
مثال شمع جلے اہل انجمن تم بن

غم کیا اگر شراب کی مجلس میں ہم نہیں
ہمکو تمہارے عشق کا یہ کیف کم نہیں

عشق ہی اختیار کا دشمن
ہوش صبر و قرار کا دشمن

لٹایا چاہتے ہیں خاک و خوں میں مجھ بیکار کو
سمجھتا ہوں تری شمشیر ابرو کے اشارے کو

سر رکھ کے پاؤں تلک دل ہو نہیں
یاں لگ ہنر میں عشق کے کامل ہوا ہو نہیں

زلف مطول و دہن مختصر کو دیکھ
تیرے درس کے علم میں فاضل ہوا ہو نہیں

مت مہر سیتی ہاتھ میں لے دل ہمارے کوں
جلتا ہی کیوں پکڑتا ہے ظالم انگارے کوں

تک باغ میں شتاب چلو اے بہار حسن
گل چشم ہو رہا ہے تمہارے نظارے کوں

اپنا جمال ابرو کو تک دکھاؤ آج
مدت سے آرزو ہے درس کی بجارے کوں

دیکھہ رخسار یار کے یارو
جھڑ پڑے گل بہار کے یارو

آج اس ماہرو کی ہی شب وصل
دن گئے انتظار کے یارو

اشک نے آبرو کے غرق کئے
لوگ سب دار پار کے یارو

www.urduchannel.in

جی نکلتا ہے مرے دل کا بتا اسکوں
نزع کا وقت ہے ٹک لا کے ملا اسکوں

کیوں تیر مارتے ہو تم غیر کے جگر میں
پی پی کے خون اپنا کرتا ہوں درگذریں

جب ہر جاتا ہے تو اے سرو دلجو
رواں ہو چشم سے دریائے آنسو

یار غافل ہے مرے درد سے ہشیار کرو
بیخبر جان نہ جا جا کے خبردار کرو

دردمندی سے اگر دل کے ہوے ہو محروم
رحم فرما کے مرے حال کو اظہار کرو

جسنے آدست سے امید کے دامن پکڑا
یہ نہیں شرط مروت کہ اُسے خوار کرو

قدر بوجھو دل خونخوارۂ عاشق کی اگر
سر چڑھا گل کی طرح زینت دستار کرو

آبرو غم کی بھنور بیچ پڑا ہے آکر
اک نظر لطف کی کافی ہے اُسے پار کرو

جلوۂ حسن کو دلدار کے گلزار کہو
شوق کو دل کے مرے مستی سرشار کہو

یار سے جا کے مرے درد کا بیتار کہو
غم کہو رنج کہو حسرت دیدار کہو

آبرو غیر کی باتوں سے نہیں خوش ہوتا
اُس سے جب بات کہو تب سخن یار کہو

کریگی شہر میں فتنہ سجن خواہی یہ
تری آخر کو سر کھینچنگی ظالم کجکلاہی یہ

مکھ نے ترے کیا گل سیراب آئینہ
خط نے بہار سبزۂ شاداب آئینہ

بڑھے ہی دن بدن تجھ مکھ کی تاب آہستہ آہستہ
کہ جونکر گرم ہووے آفتاب آہستہ آہستہ

کیوں ملامت اسقدر کرتے ہو بیحاصل ہے
لگ چکا اب چھوٹنا مشکل ہے اسکا دل ہے

دیکھو نہ دختر رز کیسی ہے شوخ دیدہ
دونی چڑھے ہے سر پر جوں جوں ہوئی رسیدہ

اب تو سجا ہے جامہ اُس شوخ چنچل کا
کیونکر رہے نہ ہمسے وہ یار سرکشیدہ

رستم اس مرد کی کھاتے ہیں قسم دردو کی
تاب لاوے جو کوئی عشق کے جھکجھولونکی

قدردان حسن کے کہتے ہیں اُسے دل مردہ
سانورے چھوڑ کے جو چاہ کرے گوروں کی

آبرو کو نہیں کم ظرف کی صحبت کا دماغ
کس کو برداشت ہے ہر وقت کے نکتورنکی

www.urduchannel.in

آوے کی خبر قیامت ہے
آوتا ہی اگر قیامت ہے

عالم دل ہوا ہے زیر و زبر
خوش بنی کی نظر قیامت ہے

شور برپا ہوا ہے آمد سوں
خوش قد اکا گذر قیامت ہے

ہجر کے غم میں بسکہ مرتا ہوں
وصل کا اسکے ڈر قیامت ہے

شوق ہے اسکی اشکباری کا
آبرو چشم تر قیامت ہے

تمنے بجاوے کو جب ہاتھ بیچ نے لی
مجنون ہو گئے سب یہ کسطرح کی لے لی

چبائے پان کہوں اوسی کسو کے
مگر پیا سے تھے تم میرے لہو کے

شاخ گل قد کو ترے دیکھ کے مرہا تی
سرو کو چال تری باعث رسوائی ہے

افسوس ہے کہ مجھکو وہ یار بھول جائے
وہ شوق وہ محبت وہ پیار بھول جائے

کیا شیخ کیا برہمن جب عاشقی میں آویں
تسبی کرے فراموش زنار بھول جائے

یوں آبرو بنائے دل میں ہزار ہا تاں
جب تیرے آگے آوے گفتار بھول جائے

سپارش سے مرا سرکش نپٹ بیزار ہوتا ہے
زیادہ ضد پکڑا باعث آزار ہوتا ہے

کرم فرما کہ تیرا نقش پا ہم خاکسار و نکو
چمن میں سربلندی کی گل دستار ہوتا ہے

کیوں چھپا ظلمت میں گرانس سے شرمندہ نہ تا
جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیوان کے بیچ

آبرو کے قتل کو حاضر ہوئے لشکر کر
خون کرنے کو چلے عاشق پہ تہمت باندھکر

دور خاموش بیٹھ رہتا ہوں
اسطرح حال دل کا کہتا ہوں

مجھ اٹھ خواب سے گلشن میں جب تمنے لی انگیا
گئیں مند شرم سے نرگس کی پیارے جوں کالیاں

نہ دیوے لیکے دل وہ جعد شکین
اگر با ور نہو تو مانگ دیکھو

پھرتے تھے دشت دشت دیوانے کدھر گئے
وے عاشقی کے ہائے زمانے کدھر گئے

تمہارا دل اگر مجھسے پھرا ہے
تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے

تم اپنی بات کے راجا ہو پیارے
کہے خدا سے تمہیں ہووے سو ائے

تمت

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان ملک الشعرا ماضی

محمد صادق خاں اختر

سوز دل دیوان کا پی باعث تنظیم تھا — صفحۂ رنگیں خیالی بدع ابہیم تھا
ایتحاں گاہ وفا میں ٹل گئے سب کے پلوں — جبہ فرسا زیر تیغ اپنا سر تسلیم تھا
تھی کرم سے چشم بخشش قہر سے خوف عقاب — دل میں اپنے عمر بھر حشر امید و بیم تھا
شعلۂ داغ جنوں سے شمع کے مانند آہ — عشق کے مکتب میں گو میں بھی صاحب تعلیم تھا
کل چمن میں کسکے آنیکی خبر تھی اے صبا — رنگ جو برجستہ تعظیم تھا
عشق کے مکتب میں اختر تھا جو صفحۂ آئینہ تعلیم تھا

نظر میں جلوہ گر عارض ہی کس خورشید تاباں کا — کہ ہیچ استعاع مہر ہر موپنے مژگاں کا
زیارت کعبۂ مقصود کی حاصل ہے غیروں کو — ہمارا سجدہ ہی طائف حرم کاحاص طرّاں کا
ہوئے ممنون اس مژگاں کی ہم خنجر گذاری کے — دل صد چاک شانہ بن گیا زلف پریشاں کا
پڑھا یا اس قدر القاب اسکا نامے میں — کہ خامہ عمر بھر عاشق ہا تحریر عنواں کا
اگرچہ روز جانکاہ اجل ہی تیرہ ہے لیکن — ترقی پر ہے کچھ بخت سیہ شبہائے ہجراں کا
برنگ گل مے ترکیوں نہ دامن اشک خوں سے — کہ دست خار و خس ہی آشنا اسکے گریباں کا
عبث ہے پیچ و تاب اختر تجھے اس زلف سے اختر — پریشانی سے کبھی دیکھا بھلا ہوتے پریشاں کا

شب جو اپنا نالۂ دل بسکہ سیر آہنگ تھا — زندگی کا عرصہ یاروں پر نہایت تنگ تھا
بزم عشرت کا کہوں کیا حال اے عہد خلاف — چشم پر خوں جام لبریز مے گلرنگ تھا
دیکھ لی یہاں ہمنے دو نو فصل گل فصل خزاں — یہ بھی اک رنگ جمال جلوہ نیرنگ تھا
ہی صدا لبند کی اس عالم میں بیکی اور بدی — بد اسی نے یہاں سنا ہوگا جو بد آہنگ تھا
زندگی میں لیکھتے کیا خاک ہم اسکو یہاں — مر گیا اختر جو اچھا ہو تم خوش رہو
بزم میں ہم تیرے دل پر ہوس کا رنگ تھا — بزم میں ہم تیرے سنو کا تمہاری ننگ تھا

www.urduchannel.in

خمیازہ کش نہ لب جاناں شراب کا
محتاج کب ہے آب بقا آفتاب کا

کوثر سے بھی نہ اسکے بجھی سوز العطش
مشتاق ہے لگو تیرے خنجر کی آب کا

کس طرح سے ہو نالہ دل آشنائے گوش
قانون خامشی سے ہے ساز اس رباب کا

ان نو خطوں کے حسن سے ہے خارخار عشق
مرہم ہے زخم دل پہ میرے مشکناب کا

روئیداد درمیان ہے کروں کیا خموش ہوں
ورنہ میں ایک ہند نہ رکھتا نقاب کا

پھکا زمیں پہ رشک سے سر آفتاب نے
ساغر لیا جو ہاتھ میں اسنے شراب کا

اختر وہ خال کاتب صنعت کے ہاتھ سے
نقطہ کتاب حسن پہ ہے انتخاب کا

کل جس میں یار جوا کر خراماں ہو گیا
پرتو مہ سایۂ سرو گلستاں ہو گیا

وقت گل گشت چمن نور جمال یار سے
جوہر آئینہ موج چین داماں ہو گیا

کیا کہوں پھرتی میں اس سفاک کی ہنگام قتل
مقتل عشاق دم بھر میں گلستاں ہو گیا

نخت دل پیہم جو آتے ہیں چلے اشکو نکے ساتھ
اشک کا ہر تار اک تسبیح مرجاں ہو گیا

لطف بیحد سے ترے سب دشمن جاں ہو گئے
برحمت ہائے میرے حق میں طوفاں ہو گیا

تم رہے وہاں بزم میں غیروں سے گرم گفتگو
شربت جام اجل یہاں آب حیواں ہو گیا

ننگ مردی تھا ہمیں اختر پناہ مشت خاک
خاک ماں کو میٹ کر میں مرد میداں ہو گیا

دل مجھکو ہائے بیکس و بیچارہ کر گیا
اپنی تلاش میں مجھے آوارہ کر گیا

جھلکی سی کچھ دکھا کے وہ خورشید رو میرا
پلکوں کو میری نور کا فوارہ کر گیا

شمت تو دیکھیو کہ دم قتل عاشقاں
مجھکو شہید حسرت خونخوارہ کر گیا

برسوں میں آیا تھا جو وہ دم بھر کیواسطے
آنکھوں کو وقف حیرت نظارہ کر گیا

دل چاک چاک مثل گریباں ہو گیا میرا
آکر عجب سلوک وہ مہ پارہ کر گیا

بیچارہ مجھکو دیکھکے اختر وہ بیوفا
ارشاد صبر کر کے مرا چارہ کر گیا

دہیاں ہے دلکی طرف اسکی نگاہ ناز کا
تیر ہے صید حرم تک جس شکار انداز کا

پائے بند زینت دنیا دل روشن نہیں
رنگ گل مانع ہوا شبنم کی کب پرواز کا

نالۂ لب گر گئی دل مجھسے چھوٹیں کسطرح
ساتھ ہے روز ازل سے سوز کا اور ساز کا

www.urduchannel.in

محو گلبازی اے صحن چمن میں دیکھکر
طائر تصویر کو بھی ذوق ہی پرواز کا

کیا ہی مرد بے زباں ہر اختر عالی بیاں
میں تو جو ایسا ہو عاشق اسکی ہوں آواز کا

ہائے عاقل نہ کبھی لاف خبرداری خواب
کہ ہم ضد ہیں میر بجاں یہ بیداری و خواب

اک قدم کوچے سے اسکے نہیں چل سکتا میں
خضر رہ ہیں یہ مرے پائے طلبگاری خواب

مستی ہوش کسی نے کہیں یکجا دیکھا
ہاں تیری آنکھوں میں ہم پاتے ہیں بیہشیاری و خواب

تو نہ باور اسے کیجو کہ محالات سے ہے
چشم عاشق سے رہی خون جگر جاری و خواب

نیند بیمار کو ہرگز نہیں آتی ہے مگر
مردم چشم تیرے رکھتے ہیں بیماری خواب

جائے غفلت نہیں عارف کے دل روشن میں
چشم آئینہ سدا وا ہے بہ بیداری و خواب

کہدے اختر کوئی اب شاہ زمن سے اتنا
نہیں لایق ہی تمہیں دعوی سرداری و خواب

یار ہے جام بکف گل بکنار آج کی رات
روز نوروز ہی یا صبح بہار آج کی رات

اے سحر اپنے گریباں میں تو گردن کو چھپا
دست مشتاق ہی اور گردن یار آج کی رات

شمع اٹھ جا تو کہ روشن ہی رخ یار سے گھر
شیشہ تو بیٹھ کہ تجھسے سروکار آجکی رات

بادہ و جام ہی اور موسم باران شباب
حیف کوکب[1] نہیں سنتے جو ملا رآجکی رات

تجھکو یہ عیش مبارک ہو کہ اختر یہاں تو
ہم ہیں اور یہ دل بیصبر و قرار آج کی رات

ہو جو منظور میری راحت جاں میرے بعد
آئیو قبر پر اے سرو رواں میرے بعد

زندگی تک ہی فارغ ہی اگر مجھسے تو خیر
پر مجھے بھولیو مت اے میر بجاں میرے بعد

ہی وصیت تجھے اختر کی میرے نور نظر
رکھیو ملحوظ میرا نام و نشاں میرے بعد

فریاد سے ہی یوں دل نالاں متلذذ
جوں نغمہ سے ہو بلبل خوشخواں متلذذ

دل ہی ترے آب دم شمشیر سے سیراب
ہی تیر کے پیکاں سے مری جاں متلذذ

لذت جو ملی چاشنی عشق و جنوں کی
آپس میں ہیں کیا دست و گریباں متلذذ

مانند نے اس کوچہ میں شب تا بسحر گاہ
لب ہیں مرے بانالہ و افغاں متلذذ

ہی نظم سخن میں تیری اختر یہ حلاوت
سنکر جسے ہوتے ہیں سخندان متلذذ

جگر آتش دل آتش دیدہ تر شعلہ آتش
ہوا ہوں سوز الفت سے سراسر شعلہ آتش

[1] مراد کوکب شاکر مصنف

لگا دیتی ہے دامان فلک کو آگ دم بھر میں
ہماری آہ کے کب ہیں برابر شعلۂ آتش

ہوئے ہیں جمع سو طوفان نوح آنکھوں میں میری
وہی ہیں داغ دل پر اور جگر پر شعلۂ آتش

طریق عشق میں ہر بلہوس کا کب قدم ٹھہرے
کہ ہے وادی جانکاہ یکسر شعلۂ آتش

بھرا ہے سوز دل مکتوب میں مجکو ہی ڈر ہے
نہ ہو جائے کہیں بال کبوتر شعلۂ آتش

طمع سے آبرو یوں ہوتی ہے دنیا میں
جلا دیتا ہے جیسے آب کو ہر شعلۂ آتش

لڑائی ہے ہمیں کس تند خو کے ساتھ اختر
کہ ہر دم کھینچتا خنجر ہے دل پر شعلۂ آتش

ہوا ہے دیکھ کے اس کی بہار سبزہ خط
حصار کوہ زمرد نگار سبزہ خط

پھنگا اب کوئی کس طرح ان کمندوں سے
کہ دام جعد مسلسل ہے یار سبزہ خط

فقط نہ سبزۂ طرف چمن کا جی ہی لوٹ
گلوں کے دل میں بھی ہے خار خار سبزہ خط

غبار مجھ سے ترے دل میں تھا صفائی میں
سبب صفائی کا اب ہے غبار سبزہ خط

دو چند خوبی رخسار ہو گئی اختر
جمال یار ہوا جب سوار سبزہ خط

آتش افشاں ہے جو آہ ناتواں مانند شمع
پر ہے شعلوں سے میرا ہر استخواں مانند شمع

کچھ لکھا تھا ہم نے وصف اس لب شیریں شمائل کا
جل رہی ہیں خامہ و دست و بناں مانند شمع

گرم رو ہیں ہم ہمیں کیا ہر منزل ہے کام
شب سے پہنچے ہے اپنا کارواں مانند شمع

بزم ارباب فنا میں ہو ہری نام آوری
سوز دل سے گر مٹے تیرا نشاں مانند شمع

گرچہ اختر چپ ہے اور طاقت نہیں فریاد کی
ہے ولے اس کی زباں آتش فشاں مانند شمع

ہے مشک ختن نکہت گیسوئے ترے داغ
عنبر ہے تمیم خط جادو سے ترے داغ

دو رخ و کاکل میں ترے اے مہ نابال
طاؤس چمن ہے گل خودرو سے ترے داغ

بکھرے ترے رخسار پہ ہاں کاکل مشکیں
یہاں زخم دل زار ہوا بو سے ترے داغ

جس سینہ خورشید سے آئینہ مکدر
ہو سامنے خورشید سوا رو سے ترے داغ

بنتا ہے جو گھٹ کر مہ نو بدر ہمیشہ
دل اٹھتا ہے شاید خم ابرو سے ترے داغ

آئینہ اندیشہ نما ہے دل اختر
ہیں جامہ عصمت سے عیاں یوسف

www.urduchannel.in

پھر کس کو عزیزوں سے ہو امید محبت
اخوان و اقارب ہوئے جب دشمن یوسف

ہم پوچھتے ہیں تجھسے زلیخا کہ بھلا خیر
گو چاک کیا تونے نہ پیراہن یوسف

ق

پر عشق یہ کیا ہے کہ ہو قصر تیری جا
اور خانۂ زنداں ہو بھلا مسکن یوسف

ہر دم جو نئی شان سے ہے جلوہ ہے تیرا
سینہ نہیں اختر کا یہ ہے معدن یوسف

تن غم سے ہوا خشک پر آنکھیں ہیں تر اب تک
اس نخل سے ہی مجھکو امید ثمر اب تک

ہم منتظر وعدہ ہیں اس راحت جاں کے
صد حیف کہ آیا نہ وہ نور نظر اب تک

باقی نہ رہا پھول کہیں باد خزاں سے
دامن میں ہے اپنے گل خوں جگر اب تک

مدت ہوئی دیکھا تھا تیرا عارض تاباں
ہر قطرۂ اشک اپنا ہے آئینہ گر اب تک

رفتار تیری دیکھی تھی مستانہ کل اسنے
بیتاب ہے گلشن میں نسیم سحر اب تک

وہاں مائل آئینہ ہے تو وعدہ فراموش
یہاں نرگس رہ جلوہ میں چشماں تر اب تک

تار نظر رشتۂ جاں تک تو ہوئے صرف
ہرگز نہ کھلا عقدۂ موئے کمر اب تک

کس چشم کی گردش کا ستایا ہوا اختر
خاکا سکل بگولے سے جو ہے بیسر و اب تک

نہ فقط دیدۂ پر نم ہے میرا محشر اشک
جوش سے اسکے زمیں ہے صدف گوہر اشک

زہرہ سنگ ہوا آب میرے رونے سے
رحم تجکو نہیں اس پر بھی چشم تر اشک

جوش خوں آنکھوں سے دم بھر بھی نہیں تھمتا ہے
تیز تر نشتر قضا سے ہے نشتر اشک

ڈر ہے آنکھیں نہ ڈبا دیویں کہیں رونے میں
بھر طرح اشک چلے آتے ہیں اب تر اشک

اس کا ہر قطرہ ہے گویا تیری تصویر کا رشک
رشک مانی و بہزاد کا صورتگر اشک

ہر سر مو میرا فوارہ خوں ہے اختر
نہ فقط دیدہ پر نم ہے میرا محشر اشک

سے پینے سے لے شوخ نگاہ شفق رنگ
رخ پر ترے ہے لالہ بہار خوش رنگ

نرگس نہ کہیں مل سے رشک گل رعنا
آنکھوں کی تری دیکھ خمار شفق رنگ

سرخی رخ آئینہ کی جو جو نہیں سے
دیکھا کو فی الخ اسنے مدام شفق رنگ

ہے سکہ دل کوہ میں بھی لب سے جو تری
ہر سنگ سے نکلے ہے شرار شفق رنگ

خط سے ترا حسن بجز دوبالا
ہاتی ہے ہوا گرد عذار شفق رنگ

www.urduchannel.in

ہے آج لباس شفقی زیب قبا یار ۔۔۔ کیجے دل پرخوں کو نثار شفقی رنگ
خاک شہدا کی تو جلد خبر لے اختر ۔۔۔ اس کوچے سے اٹھا ہی غبار شفقی رنگ

جس دن سے ہوا یار کے جانب سفر دل ۔۔۔ پائی نہ کہیں ہمنے کسی سے خبر دل
عیش و طرب و ناز ہوئے ہم سفر دل ۔۔۔ اک جان حزیں تن میں رہی نوحہ گر دل
کھینچے لئے جاتا ہی مجھے ساتھ چلنے ۔۔۔ شاید کشش یار ہے اب راہبر دل
اے دیدۂ تر پالیو دامن میں اسے تو ۔۔۔ ہر قطرہ ان اشکو کا ہے لخت جگر دل
دشوار ہی وہاں پیک صبا کی بھی رسائی ۔۔۔ پرواز تمنا ہو مگر نامہ بر دل ۶
آنکھوں کو ملی مفت میں وہاں لذت دیدار ۔۔۔ نازل ہوئی کیا کیا نہ بلا یہاں بسر دل
ہے تجھسے یہ وابستۂ الفت کہ تحقیق ۔۔۔ جان و جگر دل ہے تو اور من دگر دل
پروانے کو کیوں دیکھ کے یہ شک سے جلتا ۔۔۔ اللہ نے پیدا نکئے بال و پر دل
ہے یہ جو گذرگاہ خیال رخ جاناں ۶ ۔۔۔ وا اللہ پھر اس لیے رہتا ہے در دل
مژگاں ہیں ادہر معرکہ گیری میں صف آرا ۔۔۔ تنہا بہ مقابل میں ہے بیکس جگر دل
ناصح میں اسے منع کروں عشق سے کیونکر ۔۔۔ ہی عشق سوا اور بھلا کیا ہنر دل
کوچے میں پریزادونکے جاتا تو ہی اختر ۔۔۔ اس راہ میں ہم سنتے ہیں اکثر خطر دل

شوق نگہش تجھسے عاشق جو ملا کہتے ہیں ۔۔۔ سینہ داغوں سے ہیں زار بنا رکھتے ہیں
کشور عشق میں ہر کار ہی اعجاز مسیح ۔۔۔ لوگ یہاں مرگ سے امید شفا رکھتے ہیں
تو نے کیا کہئے تیری تیر نگہ کا ظالم ۔۔۔ دیکھ لے سینۂ غربال نما کہتے ہیں
جان دی ہمنے ہوئی تب غم ہجراں سے نجات ۔۔۔ عقلا اسلئے کچھ چیز لگا رکھتے ہیں ۲
جان دی بیٹھیں تو دیکھے نہ کبھی آنکھ اٹھا ۔۔۔ ایسے بیدست ہم چشم وفا رکھتے ہیں
کوہ پتھر جو گئی کاتیری بات آتا ہے ۔۔۔ کل کی عورت اسے ہم سر پہ اٹھا رکھتے ہیں
ہمنشیں کیا کہوں کہتے یہ بیان مبہوش ۔۔۔ ستم جور کا انداز نبا رکھتے ہیں ۶
کرکے نا دیدہ غم ہجر سے مانند ہلال ۔۔۔ اپنے عاشق کو یہ انگشت نما رکھتے ہیں
عزم جانباز ہے خضر رہ مقصد اختر ۔۔۔ بیخبر ہے ہم طلب آبلہ پا رکھتے ہیں

www.urduchannel.in

دیا بوسہ دہن کا اسنے ہمت اسکو کہتے ہیں
یہ تنگی اور بخشش سخاوت اسکو کہتے ہیں

جلا آہوں سے باغ دل ہوا سرسبز اشکوں سے
وہ تھی گریہ برق خاطف ابر رحمت اسکو کہتے ہیں

حرام یا سے آسودگاں خاک اللہ بیٹھے
یہ چلنا کیا کی آشوب قیامت اسکو کہتے ہیں

در جاناں پہ بیٹھے چھوڑ کر شیخ و برہمن کو
بکیش عشقبازی ترک ملت اسکو کہتے ہیں

وطن سے مثل گوہر کہو لیں ہمنے آنکھیں بند
گنوانی عمر یوں ہی سیر غربت اسکو کہتے ہیں

تہاے خوب سے باندہا ہے پاے پر دل کو اختر
دم شمشیر پر جانا بسرعت اسکو کہتے ہیں

دل کہاں پہلو میں تہا جو نگار عاشقاں
اب غم بے موسی ہے ہمکنار عاشقاں

نقد دل دیکر متاع درد و غم لیتے ہیں مول
کشور خوباں میں ہی یہ کاروبار عاشقاں

گور پر انکے کوئی کرتا ہے کب روشن چراغ
ہے دل ہوزاں فقط شمع مزار عاشقاں

بحر کو نسبت نہیں کچھ دیدہ عشاق سے
وہ کشش نیساں ہی چشم اشکبار عاشقاں

شمع ساں کٹوائے سر تب اسکو جانیں سرفراز
دیکھی ہمنے طرفہ یہ رسم دیار عاشقاں

داغ کی کثرت سے تل دہر نیکی جا مطلق نہیں
ہے سراپاے بدن کیا لالہ زار عاشقاں

قتل عاشق سے ہی تیغ یار منہ موڑے ہوے
کون گردن سے اتارے آہ بار عاشقاں

بعد مردن بہی رہی چتون بھری اس شوخ کی
کیا کہوں میں گردش لیل و نہار عاشقاں

خاک ہوکر بہی در جاناں نہ اختر چہوڑیو
ہمکو ایسیں عزوشاں واعتبار عاشقاں

تشنہ لب ہے قدرداں آب کچھ ساطر نہیں
جوہری شمشیر کا مجروح ہی قاتل نہیں

خون ناحق کا دکہا دیتے تجہے محشر میں رنگ
پر کریں کیا تیرا فریادی کوئی بسمل نہیں

ڈر ہے بیگانے نہ میرے بعد اسکی بار ہوں
ورنہ جی دے بیٹھنا کچھ عشق میں مشکل نہیں

تاب کیا فریاد کی اس کو جفاے یار سے
اسقدر ہی مضمحل سینے میں گویا دل نہیں

سیر گل اختر کو کب بہایا تنہا مرجاں
بن تیرے جنت ہی اسکے دیدگاں نہیں

آہ آتشدم جو شمع خانہ زنجیر ہو
اشک کا ہر قطرہ وہاں پروانہ زنجیر ہو

قصے دیوانوں کے تیرے جو سنے اسلیے
خواب عدم افسانہ زنجیر ہو

آہ جب میں دل سے کینچوں بید مجنوں کیطرح
راضی لیلے کیوں نہ پھر دیوانہ زنجیر ہو

www.urduchannel.in

آدمی کا ذکر کیا ہو شیر کا زہرہ بھی آب
گوش زد جب نعرۂ مردانہ زنجیر ہو

کھینچ سکتا ہے اسے پھر کون مجنوں کے سوا
جب لے وحشت سے پر پیمانہ زنجیر ہو

نالہ پر درد دل جب تک نہ ہو اسکا شریک
شور سے معمور کب کاشانہ زنجیر ہو

قطرہ افشاں رہیو اختر ابر مژگاں سے مدام
بہتر تا کشت جنوں میں دانہ زنجیر ہو

سوختہ ہو جو سنے مجھ سے بیاں سوختہ
شمع ساں ٹپکے دہن میں ہے زبان سوختہ

آتش گل سے تو بلبل جل گئی گلشن میں آہ
رہ گیا اس سے نشان آشیان سوختہ

چشم مست یار گر تجکو گنگ منظور ہو
ہے دل بریاں لباط نم جان سوختہ

فرق دنیا دار سے کیا اور کرتا ہے سلوک
خاکپائی کے سوا یہ آسمان سوختہ

عمر جو گذری سو گذری فکر باقی کیجئے
ہے یہ آتش یادگار کاروان سوختہ

سات لیتا ہے عدم سے اختر اپنی زاد راہ
ہے لعل میں اسکے مثل لالہ نان سوختہ

نامۂ شوق اشک خونیں سے خانی کیجئے
اس طرح سے دلکو صرف آشنائی کیجئے

یہاں دل عشاق یکسر فرش پا انداز ہیں
جلوہ فرما ہو کے جاناں دلربائی کیجئے

تا سر پر آرائے اقلیم جنوں ہو جاؤں میں
میرے سر پر ظل کاکل سے ہمائی کیجئے

بیخودی سے ہی میرے سر میں لباس عاریت
ایسی مستی پیاں تی سے تہ و تانی کیجئے

آستان حق جانے والے موجودے
کیوں دو نواب خاں پر جبہہ سائی کیجئے

کیوں نہ ہو ہیبا خوف یہ نمرود و فرعون کو
اسکے بندے ہو کے عالم میں خدائی کیجئے

خاک کسیر محبت کیوں نہ اختر ہاتھ آئے
اشک میں جب اپنے چہرے کو طلائی کیجئے

دور ہے جو بہار و گل و رسیکے خزاں سے
حسرت ناکی کیا آنکھوں سے نرگس نگراں ہے

آمد شد عالم کو جو کہا تیسا ملک
اک جنبش ساعت ہے کہ رگ سیمین واں ہے

ادھر جاتے نرے ہر سحر لے رشک گلستاں
آنکھوں میں میرے باد صبا شعلہ فشاں ہے

ہے بزم میں کس کے رخ پر نور کا جلوہ
جو شمع کا انگشت بدنداں ہے

شام و سحر عیش کہاں بن ترے جاناں
یہاں تو شب آدینہ و روز رمضاں ہے

سرمایہ ہے معشوق کو نیں میض کہ زنبو
جو شہید کرے جمع نصیب دگراں ہے

www.urduchannel.in

ہوں نالہ کش ان سرمئی آنکھوں کا جو اختر
دو فتنے سوختہ سینے میں نہاں ہیں

دل تنگ میں ہیں جو دو رنگی کی بری ہے
یہہ کسی عارض گلرنگ کا شیدائی ہے

طعنہ زن ہیں جو دو رنگی کی بری پر ہم پر
اپنی نزدیک تو یہہ جلوۂ رعنائی ہے

صحبت ساغر و مینا ہی غنیمت کہ مدام
در پے تفرقہ یہہ گنبد مینائی ہے

تر دماغی سے جو سرشار ہیں گلہائے چمن
مہک ان زلفوں کی شاید کہ مہکائی ہے

کیا تاسف سے تڑپتے ہیں اسیران قفس
کچھ جو اوڑلی سی سنی ہے کہ بہار آئی ہے

جسطرح قطرۂ اشک آن کے مژگاں سے ملے
آبلے پاؤں کے یوں خار مغیلاں سے ملے

بر سوں آوارہ پھرے نکہت عنبر کی طرح
دل عشاق ترا زلف پریشاں سے ملے

مل سکے اوس سے نہ جب تک ہی ہستی کی نمود
نہ سمائے نظر خلق میں تب جان سے ملے

خون دل جب نہ بہا بھنے کو سارے اشکوں کے
پارہائے جگر اب ان کی مژگاں سے ملے

یوں ملا تیر کے پیکاں سے تیرے دل اپنا
میہمان دوڑ کے جسطرح سی مہمان سے ملے

زندگی میں نہ کبھی دامن یار آیا ہاتھ
ہو گئی خاک تب اوس گوشۂ داماں سے ملے

تہی عزیزان سفر کردہ کی اختر جو تلاش
انکے ہم نقش قدم ریگ بیاباں سے ملے

زبس کی چشم نم نے خوں فشانی
ہوئی مژگاں ہماری ارغوانی

کی جب سے تیری غنچہ دہانی
گریباں چاک ہے ہر غنچۂ گل

لبوں تک آہ کا آنا ہے دشوار
یہہ زوروں پر ہے اپنی ناتوانی

کہ نالے میرا عرش آشیانی
کواکب پنبۂ گوش ملک ہیں

شکست رنگ سے ہوں غافلانی
لکھوں حال دل شیدا تو مکتوب

نہیں ہرگز ہمیں مطلوب اے خضر
مبارک تجھکو ہو یہہ زندگانی

کہ آب خضر تا تل سے ہر دم
ہمیں حاصل ہے عمر جاودانی

دہ میسر نو بہار دل ستانی
بجھلا ہے آج گلگشت چمن کو

(قرا)
مبارک اے نسیم بوستانی
تجھے بو گل کو رنگ اوس کے قدم سے

کہ ہے بے قدر عہد زندگانی
کیا ہے امتحاں ہم نے جہاں میں

www.urduchannel.in

سوئے جسم تو پھر کہتے ہیں سب لوگ ندا لستیم ما قید رنسلانی ؛
چبھی رگ رگ میں ہیں جو نوک مژگان سراپا ہوں میں نخل ارغوانی ؛
کھلیں آنکھیں بوقت صبح پیری تو دیکھا خواب غفلت تھی جوانی
میرا ہے حشر نا دہ شعر سجا ہے گر مجھے کہیے نعمانی

مسخر کیجیے عالم کو اختر بنا بسم اعظم شیریں بیانی

الفت اوسکی ہر جگہ پیری پئے تعمیر ہے جاؤں صحرا کو تو وہاں بھی خانۂ زنجیر ہے
ایک صورت کی ہیں سب جلوہ ہائے مختلف رنگ بیرنگی سے دنیا خانۂ تصویر ہے
جو مقدر ہے وہی ہوتا ہے ظاہر سعی سے صورت تدبیر یہاں در پردہ تقدیر ہے
ہے دل مجنوں بقیس وابستہ پائے ناقہ سے ورنہ کب بانگ جرس میں استقلال تاثیر ہے
چشم تر دامن سے جس پاک رہتا ہے بری صحبت شبنم کا کب ماں گل نصیب پیر ہے
ماتہہ سے دل لے گئی جبھی سے قرار اکشوکے خوار چشم پیادہ وہی ترکی کب صاحب تقدیر ہے
زلف لیلی کے جو گذرا دھیان میں مجنوں کی دور صبح طرف صحرا میں سینکڑوں شب زنجیر ہے
پھول جھڑتے ہیں تری ہر بات میں اے گلعذار کیا دہن ہے کیا زباں ہے اور کیا تقریر ہے
اچپلاہٹ سی ورق پر ہے جو صورت بیقرار صبح ہنگامہ میں یہ کس شوخ کی تصویر ہے
چاہتے ہیں جائیں ہنگامے کو ہم دامن فشاں پر کریں کیا لکھنؤ کے خاک دامنگیر ہے
جیوں طلا ہر شب جبین روشن اس سے کرئے دوچاں دوڑا دل ترا اختر مگر اکسیر ہے

رہیان عارض کا تری آئینہ وار ہوش ہے آرزوئے وصل میں ہر چاک دل آغوش ہے
فصل گل آئی ہے ساقی بانگ نوشانوش ہے مثل مینا حرف مے بر ہر لب خاموش ہے
خط خوباں غیرت فصل بہاری کیوں نہ ہو اس چمن کا سبزہ جوں طاؤس گل بر دوش ہے
زخم مژگاں سے تری ہر دل جو شاں انگبیں نیشش کو وقع ہے کچھ صرف تو وہ نوش ہے
ہے رگ جاں تک جو اپنی موج زن خون جنوں یہ بار نشتر مژگان کا کس کے جوش ہے
دیکھ کر یہ اجنبی بے نظیر اے رشک مہر ماہ نو بھی شوق میں کہوئے ہوئے آغوش ہے
بادہ میں اوس لعل لب کے جو کیا ہیں لے کلام نشۂ اہل سخن کو وہ مے سربوش ہے

www.urduchannel.in

گرچہ اختر اپنی سب شاگرد ہیں صاحب سخن
پر جسے تم ناز کہیے سب میں وہ مدہوش ہے

عجب شہر کی یہ تعمیر خراب آباد ہستی ہے
کہ پستی یہاں بلندی کی بلندی یہاں کی پستی ہے

تردد کیوں نہیں اے ساکنان ملک ہستی ہے
عدم کی راہ سیدھی ہے بلندی کی نہ پستی ہے

وصال اوسکا عوض مرنے کے گر ٹھہرے غنیمت ہے
متاع وصل جاناں کس دینے پہ سستی ہے

یقیں ہے حشر کے دن خواب غفلت کر دہ چیتیں گے
کہ مرواگلی نخوت کی یہاں جن جن کی مستی ہے

حصول جاہ کی تدبیر جو ہم لوگ کرتے ہیں
ہماری سعی باطل دیکھ کر تقدیر ہنستی ہے

جہاں کے باغ میں ہوگی بہار اگلے زمانے میں
ہمارے عہد میں اس پر تو ویرانی برستی ہے

سمجھ ہر ایک کو ہشیار جم آئی تھی یہاں اختر
بچشم خود جو دیکھا تو متوالوں کی بستی ہے

بہار آئی ہے سنتے ہیں چمن میں یار آئیگا
بچشم تر پھر کہتا ہوں کہ یار کی گردن سے ڈوروں سے

شب تاریک ہے یارب بچانا اسکو چوروں سے
چھڑا کر دل اڑا لیجا ہے اوس کاکل کے کوچے میں

یہاں تک روئیں آنکھیں دل کہ ہم اشک آ ڈالیں
اڑا لیجائے کیونکر پھر یہ پایاں سکوروں سے

ہوا کے رخ پر اڑتی پھرے بالوں کا یہ عالم ہے
جنیں کی فوج گویا معرکہ آرا ہے گوروں سے

نہیں ممکن کہ چھوٹے چاند کو لفت چکوروں سے
تمنا دل اوس مہ لقا کی دور کر اختر

لیچلی دل پر رنگ لالہ داغ دوستی
خوب کھیلا باغباں گل سے ہمارے باغ دوستی

دوستوں کو خاک سمجھے اس جہاں میں شکل دوست
صرصر کلفت سے یہاں گل ہے چراغ دوستی

کاروان مہر الفت جا بسا ملک عدم
لیچلے دنیا میں اب کس سے سراغ دوستی

دوستی کا حال کیا پوچھے ہے اے ناکردہ کار
دیکھ میرا سینہ مالا مال داغ دوستی

بسکہ ہے جو داغدار جو یاران زماں
دل نہیں اپنا یہ ہے طاؤس باغ دوستی

دور اب وہ ہے کہ اختر چاہیے جس بزم میں
ہے شراب دشمنی سے ہرا یا غ دوستی

جگر ہے داغ سوزاں آنکھ بھی رو رو کے پر غش ہے
الٰہی کیا کروں یہ سخت کار آب و آتش ہے

خط رخ ہوا اسپر بھی اوسکی وضع دلکش ہے
سراپا ہے وہ آتش اور خط اوسکا دود آتش ہے

خبر کرتا ہے لازم ساکنان عرش اعظم کو
دل بیتاب کے سوز دروں کا شعلہ سرکش ہے

وہ آب رنگ ہے تیرے لب لعل نگاریں کا
کہ جسکے رشک سے آتش بجاں ضہبا و آتش ہے

www.urduchannel.in

ہم آغوشی میسر کسکو ہو اے سیمبر تیری
ولے اس فیض پر نازاں ترا بوس و کنار اکثر

چمن میں سانہ تیروں کے وہ ہی مضروب گلبازی
کراہی تو نہ بل کہا جائے دل اوس پر مشوش ہی

مقابل حسن کے ہو اوسکے زہرہ ول کیا اختر
لڑی ہی چاند سے ہر شب لیڈسکی جو ہی کشتی کی

چمن گلگوں ہی کیسر دشت و صحرا ارغوانی ہے
یہ میری چشم پرنم کی بہار خوں فشانی ہے

نہیں شکوہ مجھے گر اوسکو مجھسے سرگرانی ہی
غرور حسن ہی جوش بہار نوجوانی ہے

رخ اوسکا ہی چمن خط نو بہار زندگانی ہے
دہن سرچشمۂ آبحیات جاودانی ہے

نہ یہاں آنا دوبارا ہے نہ پھر یہہ زندگانی ہی
جو کرنا ہو تو کرلے مغتنم عہد جوانی ہے

قریب مرگ ہوں میں حسرت دیدار میں اوسکی
پر اوس بے رحم کے اب تک زبان میں لن ترانی ہے

دل مرحوم کب کا چل بسا فرقت میں اب اوسکی
غم و درد و الم اوس مرنے والے کی نشانی ہے

ادھر قاصد گیا ہے اور ادھر جاتا ہی جی اپنا
جواب نامہ تک کسکو امید زندگانی ہے

لبوں پر دم ہی پر آنکھیں لگی ہیں در کی جانب کو
دلا کسکے قدم پر آرزوئے جانفشانی ہے

نہ پوچھو بیقراری کا میری راتوں کے اب عالم
دل مضطر ہی میں ہوں اوس گلی کی پاسبانی ہے

زبس آہ و فغاں سے ہر گھڑی کے تنگ ہے میری
میں وہ بیمار ہوں جس کی اجل کو سرگرانی ہے

کہا جو درد دل میں نے تو جھنجلا کر لگے کہنے
کہاں کی سامنے لایا ہے تو یہ قصہ خوانی ہے

تصور بندہ گیا ہی کسکا نظروں میں تیری اختر
جو جائے اشک اب آنکھوں سے ہر دم خونفشانی ہے

یا دا وس بت کا فر کی جو بتخانۂ دل ہے
بیت الشرف کعبہ صنم خانۂ دل ہے

گوزر نہ ہو پر مایۂ ہمت کی بدولت
گنجینۂ ارباب کرم خانۂ دل ہے

ہے دل کا تلاشی تو اگر اے غم ہجراں
نزدیک بصحرائے عدم خانۂ دل ہے

اے داغ جگر دیکھیو دل کو ہی کہ دنیا سے
برفاصلہ چند قدم خانۂ دل ہے

رہتا ہے تصور تیری عارض کا جو اسمیں
محسود گلستان ارم خانۂ دل ہے

ہیں زائر دل کیسے کوئیوں جائیں ہم اختر
بیشک بصفا رشک حرم خانۂ دل ہے

کہ وصید دل میں بانگ درا گرہی - ترک ناقہ کنکرے
بسر کوئے نازنیں شی زخدا بخیرے - ہا مسلمان بسیرت
سر و گل پیرہن خوشبو قبا نسرین شی - شب قصر میں ہے
صبح روئے مہ خوشتر آئینہ گرہی - ہر زمن گہرے

بیدہ جان فراق تو غربیب نوازے - ورنہ غرض تو حلقہ صفت دہ بدرے اختر بے ہنرے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان انشا

اے عشق مجھے شاہدِ اصلی کو دکھا لا | قم خندہ بیدی و فقک اللہ تعالی
ہر چند کہ عاصی ہوں پہ امت میں ہوں اسکی | جسکا ہی قدم عرش معلے سے بھی بالا
مولائے جہاں رہبر عشاق محمد | سب عقدۂ مشکل کا مرے کھولنے والا
امید مجھے ساقی کوثر سے ہے جسکے | ہی جام تولا سے مرا نشہ دوبالا
قنبر کو کرے حکم کہ جلدی سے خبر لے | انشا ہی غلاموں میں مرے اسکو چھڑالا

رہا ہی ہوش کچھ باقی اسے بھی اب نپٹ جا | یہی آہنگ اے مطرب پسر کر اور چھیڑے جا
سوال بوسہ سن لینے لگا وہ شوخ غصہ ہو | بہت اچھا سمجھ لونگا بھلا تو مجھکو چھیڑے جا
وفور مے سے حالت غش کی ہی انشا کو اے ساقی | شراب پر تگالی کے دے منہ پر تڑپے جا

دیکھنا جب مجھے کر شان یہ گالی دینا | کس سے تم سیکھے ہو ہر آن یہ گالی دینا
اختلاط آپ سے اور مجھ سے کہاں کا ایسا | واہ جی جان نہ پہچان یہ گالی دینا
ابتو نادان ہو سنا چاہو سو پیارے کہہ لو | پر تمہیں دیونگا نقصان یہ گالی دینا
آخرش ہوگے جواں پھر تو کسے بھاویگا | چند روز اور ہے مہمان یہ گالی دینا
تہمت بوسہ عبث دیتے ہو منظور جو ہو | کر کے بیفائدہ بہتان یہ گالی دینا
دیکھئے دیکھئے ہے عین سعادت اپنی | عاشقوں پر تو ہے احسان یہ گالی دینا
تیرے غصے سے جو انشا ہو خفا ناحق ہی | ہاں بکے چاہیے نادان یہ گالی دینا

خیال کیجیگا آج کام میں نے کیا | جب اُن نے دی مجھے گالی سلام میں نے کیا
جنون یہ آپ کی دولت ہوا حصول تجھی | کہ ننگ و نام کو چھوڑا یہ نام میں نے کیا
کہا یہ صبر نے دل سے کہ لو خدا حافظ | حقوق بندگی اپنا تمام میں نے کیا
لگا یہ کہنے کہ خیر اب تو ہوا سو ہوا | حوالے بادہ کے خالی جو جام میں نے کیا
ہوس یہ رہ گئی صاحب سے پر کبھی نہ کہا | کہ آن سے تجھے آنش غلام میں نے کیا

www.urduchannel.in

مجھے کیوں نہ آئے ساقی نظر آفتاب اُلٹا
کہ پڑا ہی آج خم میں قدح شراب اُلٹا

عجب اُلٹے ملک کے ہیں اجی آپ بھی کہ تم سے
کبھی بات کی جو سیدھی ہی تو ملا جواب اُلٹا

ابھی جھڑ لگائے بادش کوئی مست بہر کے نعرہ
جو نہیں پہ پھینک مارے قدح شراب اُلٹا

یہ عجیب ماجرا ہی کہ ہر روز عید قربان
وہی ذبح بھی کرے ہی وہی لے ثواب اُلٹا

غزل اور قافیوں میں نہ کہی سو کیونکہ آتشا
کہ ہوا لئے خود بخود اَورق کتاب اُلٹا

مجھے چھیڑنے کو ساقی نے دیا جو جام اُلٹا
تو لیا بہک کے میں نے اسے اک سلام اُلٹا

سحر ایک ماش پینکا مجھے جو دکھا کے اُن نے
تو اشارا میں نے تاڑا کہ ہی لفظ شام اُلٹا

در میکدہ سے آئی مہک ایسے ہی مزے کی
کہ پچھاڑ کھا گرا واں دل تشنہ کام اُلٹا

نہیں دیتے اب جو بوسہ تو سلام کیوں لیا تھا
مجھے آپ پھیر دیجئے وہ مرا سلام اُلٹا

فقط اس لفافے پر ہے کہ خط آتشا کو پہونچے
تو لکھا ہی اُسنے آتشا یہ ترا ہی نام اُلٹا

دیوار پھاندنے میں دیکھو گے کا میرا
جب دھم سے آکہونگا صاحب سلام میرا

جو ہاتھ لے اپنے مسہری کا گھوڑا لگا
تو سلنے کا اور اُسکو کوڑا لگا

یہ دیکھتی نگاہوں سے دیکھا مجھے
کہ دُکھنے مرے دل کا پھوڑا لگا

لگی کہنے آتش کو شب وہ پری
مجھے بھوت ہو یہ نگوڑا لگا

دل ستم زدہ بیتابیوں نے لوٹ لیا
ہمارے قافلہ کو وادیوں نے لوٹ لیا

کہانی ایک سُنائی جو ہیر رانجھا کی
تو اہل درد کو پنجابیوں نے لوٹ لیا

یہ موج لالہ خودرو نسیم سے بولی
کہ کوہ و دشت کو سیرابیوں نے لوٹ لیا

صبا قبیلہ لیلےٰ میں آ کہی یہ خبر
کہ ناقہ نجد کے اعرابیوں نے لوٹ لیا

کسی طرح سے نہیں نیند آتی آتشا کو
اُسے خیال میں بیخوابیوں نے لوٹ لیا

ابتو اگلی سی طرح کا نہیں گہرا پردا
رہ گیا آپ میں اور ہم میں کہرا پردا

ہی یہ دالان پری حکم جو ہو تو ہم بھی
ایک روپہرا لگے اور ایک سنہرا پردا

اُس پریزاد کے جی صدقے گیا یوں جیسے
میری ڈولی میں لگا دیکھو سہرا پردا

ہی زمانہ بُرا اپنے غلامانِ آتشا کا
آپ رکھ لیجئے یا حضرتِ زہرا پردا

www.urduchannel.in

تڑاتے کا یہ پہنا اُس پری نے تاش کا جوڑا
کہ اُڑ لاگا فلک پر طائر شاباش کا جوڑا

ملائی آپ نے چتون تو ہم بھی کی کہہ بیٹھے
یہی تھا پاس اپنے اس نگاہِ فاش کا جوڑا

کسی جوگی نے چھو منتر سکھایا ہے مجھے انشا
لیے پھرتا ہوں میں چلکی میں اپنی ماش کا جوڑا

جگر کی آگ بجھے جس سے جلاوہ شے لایا
لگا کے برف میں ساقی صراحی مے کی

بگل کے وادیٔ وحشت سے دیکھ لے مجنوں
کہ زور دھوم سے آتا ہے ناقہ لیلا

گرا جو ہاتھ سے فرہاد کے کہیں تیشہ
درونِ کوہ سے نکلی صدا وا ویلا

قدم کو ہاتھ لگاتا ہوں اُٹھ کہیں گھر چل
خدا کے واسطے اتنے تو یا نوں مت پھیلا

نزاکت اس گلِ رعنا کی دیکھیو انشا
نسیم صبح جو چھو جائے رنگ ہو میلا

ملے سینے سے سینہ پھر یہ کیا اضطراب
مرے پر ہی کیا اپنے دل کا اضطراب

اسکی چاہت میں جوانی اپنی جو تھی چل بسی
ہے پیرانہ جیکو اب جیسے کا تیسا اضطراب

کرے کچھ تقصیر اُن کی بڑھ چلا جو میں تو وہ
بولے تک دیکھو تو اس نامنفعل کا اضطراب

نکہت گل سی پری کو کونے کونے لے پھری
تنہا انوکھا یہ ہوائے معتدل کا اضطراب

یاد میں انشا وہ شرمائی ہوئی آنکھیں تجھی
اور تنہائی میں اس پیمانِ گسل کا اضطراب

کہتے کیا ہمنے جو آہنگ خرابات
کیا جانے خوش آیا نہیں کیا رنگ خرابات

آشفتہ ہے ہر شہر رسنگ خرابات
چلکے ہے غرض اور ہی کچھ رنگ خرابات

سب ٹوٹ گئے جام و سبو ساغر و مینا
تنہا گرم یہ شب معرکۂ جنگ خرابات

اے پیر مغاں اینکے لڑکا شوق سے دنرات
مستانہ چڑھا کر قدح بنگ خرابات

گر راہ حرم میں نہ ملے آہ کروں کیا
مطرد دِ صنم خانہ ہوں میں ننگ خرابات

لے سلطنت عشق مبارک تجھے انشا
ہو زیب دہ شاہی اور نگ خرابات

کچھ اشارا جو کیا ہمنے ملاقات کے وقت
ٹال کر کہنے لگے دن ہی ابھی رات کے وقت

کیسے کرتے تھے آنکھوں میں ابھی باتیں تم
ہم بھی آپہونچے ہیں کیا عین اشارات کے وقت

موسم عیش ہی یہ عہد جوانی انشا
دور ہیں تیرے ابھی زہد و عبادات کے وقت

کو صولت اسکندر و کو حشمت دارا
پڑھ فاعتبروا یا اولی الابصار کا آیا

www.urduchannel.in

مستانہ جو میں نے قدح بنگ چڑھایا ۔ در عالم وحشت
تب خضر پکارا کہ ہنیا و مریا ۔ اب دیکھہ حلاوت

میں، خاک نشیں ہونگا گر وہ فقر سے آیا سمجھے ہے ہمکو
رومال چھڑی لیکے جو ٹک کھینچوں ادھر اسا دکھلاوے کرامت

خوش بیٹھے ہیں چار ابرو کی نبلا کی صفائی مانند قلندر
لے ہمکو غم و زون نہ اندیشہ کا لا ہے خوب فراغت

آزادوں کے لہجے میں غزل تو نے سُنائی از بہر تفنن
اب اپنی تو بولی کے کچھہ اشعار کہا انشا جو ہیں ظرافت

ہی نام خدا واہ چھڑی کچھہ زور تماشا ۔ یہ آپکی رنگت
گات ایسی غضب قہر پہن اور جھکڑا ۔ اللہ کی قدرت

میں نے جو کہا ہونہیں تزاعاشق شیدا ۔ اے کان تلک
فرمانے لگے ہنسکے سنو اور تماشا ۔ یہ شکل یہ صورت

آئے جو مرے گھر میں وہ شب راہ کرم سے میں بندھی کڑی
مُنہ پھیر لگے کہنے تعجب سے کہ یہ کیا ۔ ایں تیری یہ طاقت

دیوار چمن پھاند کے پہونچے جو ہم اُن تک کی اُنہوں نے اوجھل
تڑسان ہو یہ فرمانے لگے کوٹ کے مانگا ۔ اے وائے فضیحت

اب اور ردیف اور قوافی میں غزل پڑھہ لیکن اسی ڈھب سے
تا شاعروں کے آگے ہو اس بزم میں انشا ظاہر ترا علم و کمت

لیجے جو بلائیں لگے ہم آپکی چٹ چٹ تو بول اٹھے جھٹ
چل جا بڑے واہ رے بڑے ہو میرے ہٹ ہے سب یہ بناوٹ

سعدن انوار الہی دل عاشق سوچو تو عزیزو
اس چھوٹی سی جاگہ میں یہ وسعت یہ سماوٹ اللہ رے جھجھک

میں وپ بدل اور ہی چپکے سے جو پہنچا بیٹھے تھے جہاں وہ
سُن کہنے لگے میرے ریاؤنکی آہٹ ہی ایک تو ہٹ کہت

ہی نور بصر مردمک دیدہ میں پنہاں ۔ یوں جیسے کنیا
سو اشک کے قطروں پڑ اکیلے ہی جھرمٹ اور آنکھیں ہیں منگھٹ

پڑتا ہی سماں آنکھوں میں تک ہی انشا ظالم ارے کیونکر
باہم وہ لپٹ سونے میں آجانی رکاوٹ وہ پیار کی کروٹ

وہ سیج پڑی پھولونکی محل کے وہ تکیے ۔ کخواب کی پوشش
پردے وہ تمامی کے وہ سونیکا چھپر کھٹ اور اسکی سجاوٹ

امرد ہوئے ہیں تیرے خریدار ہا پانچ
دے ایسے اور حق مجھے اغیار چار پانچ

او جانے والے شخص ٹک اک مڑکے دیکھ لے
یاں سب تڑپھ رہے ہیں گنہگار چار پانچ

صیاد سے خبر کہ دیا چاہتے ہیں جان
کنج قفس میں تازہ گرفتار چار پانچ

میرو قتیل و مصحفی و جرات و مکیں
ہیں شاعروں میں یہ جو نمودار چار پانچ

سو خوب جانتے ہیں کہ ہر ایک رنگ میں
انشا کی ہر غزل میں ہیں اشعار چار پانچ

ہی شب وصل کھلے کاش نہ دروازہ صبح
کم نہیں شور قیامت سے کچھہ آوازہ صبح

جام عشرت کن خورشید ہیں دے ساقی
دیکھہ برہم زن مستی ہی یہ خمیازہ صبح

آہ انشا کیں اس رنگ میں تو ہی ملیا
جیب گل چاک ہو گلشن میں باندازہ صبح

www.urduchannel.in

نہ لگی مجھکو جب اُس شوخ طرحدار کی گیند
اُسنے محرم کو سنبھالا اور ہی تیار کی گیند

لیجئے اُسکے بدل آپ جریمانے میں
گم ہوئی مجھسے جو کل رات کو سرکار کی گیند

گرد مقیش طلائی کی کرن ٹکوا کر
میں یہ لایا ہوں بنا اطلس گلدار کی گیند

گو کھرو لہر بٹ ڈانک ستارونکے سمیت
اور اک پہونچگی زر لفت نمودار کی گیند

شال رومال کی تو چوٹ مجھی کچھ نہ لگی
اب بنا پینگئے کمخواب کی شلوار کی گیند

لگے فرمانے وہ مل دل غزل انشا کو
واہ کیا خوب بنی کاغذ اشعار کی گیند

لکھدو اخونجی صاحب کوئی ایسا تعویذ
کہ مرے مُنہ سے لگے اسکے گلے کا تعویذ

غش ہوئے ہمتو اجی قہر تنا اسکا فرکا
لال ناڑے ہیں بندھا ہا وہ نیلا تعویذ

سکے بالوں سے لٹک جھمکے سے اُلجھا تو کہا
اب لگا مجھکو ستانے یہ نگوڑا تعویذ

کچھ تو دے اپنی نشانی مجھے بندابالا
توڑا۔ زنجیر۔ کڑا۔ قول کا چھلا تعویذ

خیر انشا کی جو چاہو تو پلا دو دہوکر
اسکے بازو کا وہ ننھا سا روپہلا تعویذ

ہیں زور حسن سے وہ نہایت گھمنڈ پر
نام خدا نگاہ پڑے کیوں نہ ڈنڈ پر

گلبرگ تر سجکے لگا بیٹھی ایک چونچ
بلبل ہمارے زخم جگر کے کھرنڈ پر

انشا بدل کے قافیہ رکھ چھیڑ چھاڑ کی
چڑھ بیٹھ ایک اور بچھیڑے اکنڈ پر

یہ جو مہنت بیٹھے ہیں رادھا کے کنڈ پر
اوتار بن کے گرتے ہیں پریوں کے جھنڈ پر

راتوں کو نہ نکلا کرو دروازہ سے باہر
شوخی میں دہر و پانوں نہ انداز ہ باہر

لے قیس مبارک ہو کہ لیلی نکل آئی
پردے کو اُٹھا محمل جمازہ سے باہر

لیتے وہ جماہی ہیں تو گویا کہ نزاکت
پٹکی پڑے ہے شوخی خمیازہ سے باہر

گو غیر نے آوازہ کسا اُسکی گلی میں
پر میں کوئی نکلوں ہوں اس آوازہ سے باہر

رہتے ہیں سدا خواہش اجابت سے انشا
اجزا مرے دیوان کے شیرازہ سے باہر

مانگا جو میں نے بوسا اُسنے چمن کے اندر
بولے کہ یاں نہیں چل مجھی ہوں کلمدر

جو چاہے تو مجھسے ہنسوڑے کی خیر
تو یوں دیکھ اس گھوڑ مہی چوڑ ہی کی خیر

گدا دے نشے کے مرے رخش کو
میاں ساقی اس سلفے کوڑے کی خیر

www.urduchannel.in

دکھائی مجھے سیر باغ ارم
الٰہی ہو اس سبز گھوڑی کی خیر

ہنسا یا جو میں نے تو بولے نہیں
نظر آتی کچھ اس نگوڑے کی خیر

لگا بیٹھ انشا کو ٹھوکر تو ایک
ارے اپنے سونے کے توڑیلی خیر

لے انہوں نے جو یہ پھولوں کی چھڑی ڈالی توڑ
میں نے بھی آپکی دو لڑکی لڑی ڈالی توڑ

کہکر آئے تھے کہ ہم پانچ گھڑی بیٹھینگے
میں نے اس ٹھہرکے سے کل انکی گھڑی ڈالی توڑ

ساتھ پھولوں کے یہ ہم جھولے کہ انشا ہمنے
ڈالی جو آب کی تھی سب سے بڑی ڈالی توڑ

پھر تو کہہ بیٹھے دم سرد مری ہونٹ نہ چوس
ہاں وہ کسمسا کے کہ بیدرد مرے ہونٹ نہ چوس

مجھکو جاں انکی چھوڑا تری دہشت سے ہے
دیکھ رخسار ہوے زرد مرے ہونٹ نہ چوس

صدقے اس نا کے انشا سے کہا چاہتے
جھوٹ لگتی ہی ہوا درد مرے ہونٹ نہ چوس

ہنسا یہ [illegible] اس [illegible]
[illegible] کے ہی جام کو فروغ

ذرا ایک [illegible]
انشا نرا ہو داغ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]

وہ دیکھا خواب قاصر جس سے ہی اپنی زبان اور ہم
کہ گویا ایک جا ہی اُسمیں ہی وہ نوجوان اور ہم

وہ رہ رہ مجھسے کہنا ہی خدا کی باتیں ہیں ورنہ
بھلا ٹک دلمیں اپنے غور کر تو یہ مکاں اور ہم

عجب رنگینیاں باتونمیں کچھ ہوتی ہیں اے انشا
بہم ہم بیٹھتے ہیں جب سعادت یار خاں اور ہم

کھینچ لے کاش وہ پری اپنے مجھے لحاف میں
یا کہ بلا سے پھینکدے دامنِ کوہ قاف میں

کیسی ہی کیوں نہ ہم میں تم میں لڑائیاں ہوں
جب کھلکھلا کے ہنس دو باہم صفائیاں ہوں

کیونکر نہ گدگداہٹ ہاتھونمیں اسکی اُٹھے
وہ گوری گوری رانیں جسے دبائیاں ہوں

ممکن ہی کوئی ہمسے افشائے راز ہووے
سو بار ٹہنڈی سانسیں گولب تک آئیاں ہوں

کیونکر جنوں مجسم ہو کر نہ دے دکھائی
جب شورشوں نے دل کی دھومیں مچائیاں ہوں

پڑھ اور بھی غزل ایک انشا اسیطرح میں
ناشاعرونکے آگے تیری بڑائیاں ہوں

جس سے کہ چپکے چپکے لاگیں لگائیاں ہوں
لازم ہی یہ کہ مُنہ پر اُسکے رکھائیاں ہوں

کیا سیر اُس گھڑی ہو پھرتا ہو وہ مشوش
اور سمنے اسکی چیزیں کچھ کچھ چرائیاں ہوں

مٹی کے عطر کی بو کیونکر نہ اُن سے آئے
جن اُنگلیوں نے بغلیں وہ گدگدائیاں ہوں

کیا قہر ہے یہ دیکھو برسوں جنہوں کی خاطر
درگاہوں بیچ جا جا راتیں جگائیاں ہوں

مانی ہوں منتیں بھی سو سو کروڑ ڈھب کی
وہ دھوم دھوئے اشرفی مذریں اُٹھائیاں ہوں

ہووے ملاپ گا ہے انسے تو شام ہی سے
آنکھونمیں اُنکی جھک جھک نیند یاں آئیاں ہوں

تبدیل قافیہ سے لکھ وہ غزل اب انشا
جسمیں کہ اپنے ڈھب کی بتیں بنائیاں ہوں

گر آپ روپ ہمسے باتونمیں ٹک کرتی ہوں
سو کڑے جھگڑے قضیے قصے جھٹ اُٹھ کھڑے ہوں

مُنہ بھر کے نام کیا لیں ساقی وہ میکشی کا
دو ہی پیالیوں میں جو لوگ غش پڑے ہوں

کیونکر نہ چونکے فتنہ پاؤں میں جب تمہارے
یہ قہر جھنجھناتے سونے کے دو کڑے ہوں

ٹپکا پڑے ہے جوبن اُس روے آتشیں پر
قطرے عرق کے یوں ہیں جسطرح نگ جڑے ہوں

اک اور ڈھب کی انشا اس بحر میں غزل کہہ
الفاظ جسکے باہم موقع سے آپڑے ہوں

جائے ہیں کیا مزا ہو وہ تو سمٹ رہے ہوں
اور کھول کر رضائی ہم بھی لپٹ رہے ہوں

آتے ہے ساتھ میرے دیکھو تو کیا ہووے وہ
ایسا نہو کہ پیچھے رستے میں کھٹ رہے ہوں

www.urduchannel.in

جی چاہتا ہے اے دل اک بات ایسی آوے
مطلع ہو صاف ستھرا بادل بھی ہٹ گیا ہے

سوتے ہوں چاندنی میں وہ منہ لپیٹے اور ہم
شبنم کا وہ دوپٹہ بیٹھے اوڑھے ہوں

پنجم غزل اب انشا اس طرز کی سنا دے
آغوش میں معانی جسکے لپٹ رہے ہوں

خلوت میں فائدہ کیا اغیار سب ہم ہوں
سب کو ہوا بتا دو بس تم ہو اور ہم ہوں

آیا جو ذکر میرا بولے کہ پوچھنا کیا
ایسے بھی لوگ شاید دنیا کے بیچ کم ہوں

ٹک اس طرف تو دیکھو آنکھیں ملا کے صاحب
ہمسے قدیمی بھی شائستہ ستم ہوں

ایتر کے گھر میں تیتر سبحان تیری قدرت
جو بیچ و پوچ ہو وہیں سو ایسے محترم ہوں

کیا دخل لکھ کے بھیجوں شعر اپنے اسکو انشا
مصرع رقم کروں تو چٹا انگلیاں قلم ہوں

کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی
بجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

خیال انکا پرے ہی عرش اعظم سے کہیں ہے تی
غرض کچھ زور دھن میں اسکی ہی منوار بیٹھے ہیں

بساط نقش پائے رہروان کوئے تمنا میں
نہیں اٹھنے کی طاقت کیا کریں لاچار بیٹھے ہیں

یہ اپنی چال ہے افتادگی سے اندنوں پہروں
نظر آیا جہاں پر سایہ دیوار بیٹھے ہیں

کہیں ہیں صبر کو آہ و نالہ نام کیا شے ہے
غرض رو پیٹ کر ان سب کو ہم یکسار بیٹھے ہیں

کہیں بوسے کی جرات مت دلا کر بیٹھیو انسے
ابھی اس حد کو وہ کیفی نہیں پہنچا بیٹھے ہیں

نئی یہ وضع نکالنے کی سیکھی آج ہی تم نے
ہمارے پاس جھجھکتے رہو یوں سو جا بیٹھے ہیں

کہاں گردش فلک کی چین دیتی ہے سنا انشا
غنیمت ہے کہ ہم صحبت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

کہتے ہو تم تو دم لے پر ہے ہٹ ابھی نہیں
اور آ نہ جائے کوئی مری جی میں جی نہیں

گر یار مے پلائے تو پھر کیوں نہ پیجئے
زاہد نہیں میں شیخ نہیں کچھ ولی نہیں

خلوت میں یوں جو چاہیئے کہہ لیجئے مجھے
لوگو نہیں ہے آپ کی میری بنسی نہیں

کچھ دخل ہے کہ رات کو تم آؤ میرے پاس
اسمیں تو کا شعور مرا مقتضی نہیں

ذرہ کہتا ہے پرستار ہے انشا سے ہم جنس
کیا جانے کیا بلا ہے تو کچھ آدمی نہیں

www.urduchannel.in

چمک ہی یہ کچھ اس دوپٹے کی کنار میں
نظر جوں برق آوے دامن ابر بہار میں

بہت سے عاجز آئے ہیں بھلا صبا ہیں کتنک
مزاج عالی سرکار کی ہم پاسداری میں

مجھے کہنے لگے وہ پیار میں آکر اگر بس ہو
تو تجھکو موندر رکھوں ایک ننھی سی پٹاری میں

جو کہتا ہوں بھلا جاگا کروں راتونکو میں کتنک
تو کہتا ہی رہا کر اور ابھی امیدواری میں

کفالت رزق کی کس سے کسیکی ہو کہ انشا
صفت مخصوص ہی یہ تو فقط اس ذات باری میں

ستم اور ناز خوش ہی ضما و لے نہ چنداں
کہ پرے فلک سے گذری یہ صدائے دردمنداں

فلک البروج پر سے کہیں سب ملائک آمین
نہ اثر ہو کسطرح سے بدعائے مستمنداں

بکمال فضل و دانش یہ لعب ہے کہ انشا
غلطی پہ تو مصر ہو بمثال خود پسنداں

توڑونگا خم بادۂ انگور کی گردن
رکھدونگا وہاں کاٹکے اک حور کی گردن

خود دار کی بن شکل الف ہائے انا الحق
نت چاہتے ہیں اک نئی منصور کی گردن

اچھلی ہوئی ورزش سے ترے ڈنڈ پہ مچھلی
ہی نام خدا جیسے سقنقور کی گردن

تب عالم مستی کا مزا ہے کہ پڑی ہو
گردن پہ مرے اس بت مخمور کی گردن

بیٹھا ہو جہاں اس سلیمان کے آصف
واں کیوں نہ جھکے قیصر و فغفور کی گردن

اے مست یہ کیا قہر ہے خشت سر خم سے
کیوں توڑی صراحی کی بھلا چور کی گردن

حاسد تو ہی کیا چیز کرے قصد جو انشا
تو توڑ دے جھٹ بلعم باعور کی گردن

نرگس نے پھر نہ دیکھا جو آنکھ اٹھا چمن میں
کیا جانے کس نے کس سے کیا کر لیا چمن میں

ہی ہی پھریری لے لے تیرا یہ کہتے جانا
چلتی ہی ٹھنڈی ٹھنڈی ہی کیا ہوا چمن میں

میں صدقے اسکے انشا مجھکو جو کر اشارا
مہدی کی ٹیٹونکی اوجھل چھپا چمن میں

ہی ناں لطف و کرم چیں جبیں کی تہ میں
ہاں ڈپہی صاف ہی اک اتنی نہیں کی تہ میں

قافلہ نجد سے گذرا تو لگا اٹھنے وہیں
درد سا ایک دل ناقہ نشیں کی تہ میں

آج عاشق کو ترے قبر میں رکھتے ہیں لوگ
دفن اک زلزلہ ہوتا ہے زمیں کی تہ میں

اسکے کوچے سے صبا آئی تو یاں اٹھنے لگی
اک پھریری سی رگ جان حزیں کی تہ میں

جب ہوئیں پریاں ہوا کھانیکو گھڑیاں باغ میں
خود بخود بخیے لگیں غنچوں کی گھڑیاں باغ میں

www.urduchannel.in

نوعروسانِ چمن کا دیکھیے گا اختلاط
چل رہی ہیں خوب سی پھولوں کی چھڑیاں باغمیں

خوب سے ہم تم گلے مل مل کے باہم روبجب
تو عجائب لگ گئیں کچھ سنہ کی جھڑیاں باغمیں

دیکھکر سوسن کی رنگت دھیان اپنی چڑھ گئیں
ان پریزادوں کی وہ مستی کی دھڑیاں باغمیں

ابتو انشا اس غزل کا قافیہ تنگ آگیا
تو لٹا دے اور ہی موتی کی لڑیاں باغمیں

بس ہو چکے آغشتہ بخون دست و گریباں
ہو تجھسے نہ اے دیوجنوں دست و گریباں

لاکھوں کے ہیں اُس بادۂ گلگوں کی بدولت
تر دامن و آغشتہ بخون دست و گریباں

یوں چاہیے آپسمیں نہ اک آن جدا ہوں
اے ولولۂ شورِ جنوں دست و گریباں

بے شغل رہیں دست و گریباں تو دلا میں
حاشا کہ پھر آنکو نکہوں دست و گریباں

ہی قوتِ ایجاد ترے اذہاں یہ انشا
یا معرکۂ کن فیکوں دست و گریباں

کہہ بیٹھئے صاف اُس سے یہ دل جس سے نہ دھو ہو
رے واؤ نہ برر و ہو اڑ نچھو ہو ہوا ہو

حاضر یہ کتابیں ہیں انہیں دیکھئے ہرگز
دلکا جو ستانا کسی ملت میں روا ہو

انشا کو بھی دے ڈال نہ اے عیسیٔ مریم
گر کچھ مرضِ عشق کی تجھپاس دوا ہو

لہرا دیا صبا نے جو کل سبزہ زار کو
دو ہیں گھٹا نے گھیر لیا چشمہ سار کو

کچھ لکھ ہائے ابر سفید و سیاہ و سُرخ
مستانہ جھوم جھوم چلے کوہسار کو

شادابیٔ ہوا نے یہ چاہا کہ دیجئے
محبوس کو چمن رگِ گل میں بہار کو

ہم مشرب اپنے چند جواں تھے سو نہر پر
تشریف لے گئے بطرب کے شکار کو

القصہ پھر تو بیچ میں لاکر ملا دیا
زور آور بہار نے انشا سے یار کو

بولی یہ عندلیب کہ باقی نچھوڑ یو
ایسے سمیں میں خواہشِ بوس و کنار کو

چھیڑنے کا تو مزہ تب ہے کہو اور سنو
بات میں تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو

یہ بھی انصاف ہے کچھ سوچو تو اپنے دلمیں
تم تو سو کہہ لو مری کچھ نہ سنو اور سنو

ابتو کچھ اتنے خفا ہو کہ کہو ہو تجھسے
ہی قسم تمکو مرا نام نہ لو اور سنو

بات میری جو نہیں سنتے اکیلے مل کے
ایسے ہی ڈھب سے سناؤں کہ سنو اور سنو

شکوہ مند آپ سے انشا ہو سو اُسکا کیا دخل
تم نما لو تو کہیں چپکے چپیو اور سنو

www.urduchannel.in

اپنی پھر کہیو ہماری پہلے تک سن تو رہو
کر رکھو اپنا کسیکو یا کسیکے ہو رہو

صاحبو میری سفارش کوئی سنئے مت کرو
دیکھو تو ہوتا ہے کیا آخر کو چپکے تو رہو

میرے ہی سر کی قسم ہے نام جانیکا نہ لو
مجھکو پیٹو آج اگر تم اپنے گھر جاؤ رہو

اب جواں فضل الٰہی ہو چکے کیا ڈر تمہیں
آؤ بیٹھو کھیلو کودو لوٹو پوٹو سو رہو

دوستو انشا کو رونیکو نہ دیکھو آنکھ کھول
پھوٹ بہنے دو کہیں دل کے پھپھولے کو رہو

دے ایک شب کو اپنی مجھے زردشال تو
ہے مجھکو سو نگھنے کی ہوس سو نکال تو

صدقے میں اُس گھڑی کے نشے میں وہ جب چلے
چلتا ہوں پاؤں پر مرے بازو سنبھال تو

اتنا ہی تو گلے نہ پڑ انشا اب اسکے بس
کہتا ہوں سیج کیل ذرا دیکھ بھال تو

اس شعلہ رو کو ہووے جب آہنگ آئینہ
سیماب وار اڑنے لگے رنگ آئینہ

مجرم ہوں اسقدر کہ کہے ہے مری مثال
کیا دیکھتا ہے آئینہ اے ننگ آئینہ

انشا پھر آج طوطی خوش نغمہ کے مثال
درپیش اُن لبوں سے ہوئی جنگ آئینہ

پرچھائیں اپنی چال کی تک مُنہ کو موڑ دیکھ
گردن کی یہ لچک یہ کمر کی مروڑ دیکھ

میں نے کہا کہ عشق کو اب چھوڑتا ہوں خیر
بولا کسے سناوے ہے اچھا نہ چھوڑ دیکھ

جوڑی جو اُن نے تجھسے تو توڑی رقیب سے
انشا تو اپنے یار کے یہ توڑ جوڑ دیکھ

تو مجھسے لگا کہنے کہ چل ہٹ پرے بیٹھ
یوں مجھسے لگا شان جتانے نہ ارے بیٹھ

کیسا ہی ملا کیوں نہ وہ بیٹھا ہو مرے پاس
کہتا ہوں یہی اُس سے کہ ٹک اور پرے بیٹھ

انشا کہیں ہنس بول مرا جی تو کڑھا مت
مت ہاتھ کو اسطرح سے تو سر پہ دھرے بیٹھ

کل بادِ بہاری نے سو ٹک دے گلابی کی
اس پردے میں آ بھبکی روح ایک شرابی کی

جوں موج ہوا اپنا تھا ہوش بھی اُڑنے پر
اے نکہت گل تو نے کیوں اتنی شتابی کی

تقصیر نہ اس دل کی نے جسم محبت کچھ
تیری ہی لگاوٹ نے سب خانہ خرابی کی

بو باس نکلتی ہے کچھ شعر میں انشا کے
جامی کی نظامی کی سحابی کی

شاذ و نادر رقیب میں تاصیح سو چکے
اب فائدہ مرنے سے ہم دیکھ تو چکے

واللہ میں بھی تنگ ہوں اب کاش اے صنم
جو کچھ نصیب میں ہو کہیں جلد ہو چکے

www.urduchannel.in

خواب عدم سے شور رہنوں نے جگا دیا
انشا بس اور نیند کہاں خوب سو چکے

غیر کے مونڈھے پہ تم ہاتھ جو دھر بیٹھ گئے
ساتھ والونکو نہ پوچھا کہ کدھر بیٹھ گئے

کچھ صف صدر و نعال اپنی نہیں خاطر میں
مست مدہوش ہیں ہم جیتے جدھر بیٹھ گئے

میں یہ تعظیم سمجھتا ہوں سنا بندہ نواز
آپ اُٹھتے تھے مجھے دیکھکر کے پر بیٹھ گئے

اپنی مجلس میں مجھے دیکھکے غیر و نسے کہا
دیکھئے گا انہیں کیا ہو کے نڈر بیٹھ گئے

اُٹھ کے دلدار کو رخصت تو کیا پر وہیں
رہ کے ہم دست تاسف کو بسر بیٹھ گئے

سُنکے یہ تیری غزل بزم میں انشا شیکو
مستعد اُٹھنے پہ تھے اہل ہنر بیٹھ گئے

سبزہ کیا خاک شہیداں سے تری خاک گئے
جائے گل چاہیئے داغ سے دل صد چاک گئے

کب چاہوں ہوں میں حرف ملاقات کی ہیچ
تب خوش ہو مرا دل کہ جب اُس بات کی سیر

آتا ہی یہی جی میں کہ دستار گرو رکھ
پھر آج ذرا سیر خرابات کی سیر

پئے تنظیم اشک اسطرح آہ سرد اُٹھتی ہی
کہ جیسے قطرہ انشا نی سے بوئی گرد اٹھتی ہی

کنایہ اور ذھب کا اس بھری مجلس میں کم کیجے
اجی سب تاڑ جائینگے نہ ایسا تو ستم کیجے

آئی تھی ایک حور مجھے دیکھکر ہٹ گئی
دانتونکے نیچے داب زباں جھٹ پلٹ گئی

آئی نسیم صبح جو کل کوئے یار سے
ہمراہ فوج ہوش کے لے غٹ کے غٹ گئی

شب میں نے جو ہیں ہاتھ لگایا تو وہ پری
بے اختیار شرم کے مارے سمٹ گئی

مجھسے لپٹ کے آخر شب یار نے کہا
کیا جانیں ان دنوں کی یہ کیوں آن گھٹ گئی

انشا کی گفتگو وہ دھواں گرم ہی کہ آج
آکر بہار اُسکے گلے سے لپٹ گئی

ہے اور کوئی ایسا جسمیں یہ پہن نکلے
سج دھج اسے کہتے ہیں میاں خشت پن نکلے

یوں تن وہ نمایاں ہے پیراہن آبی سے
جوں دھوپ کو ازوں سے آئینہ کی چمن نکلے

ایسے میں کہیں اڑ لگے طائر دل تو بھی
ہیں کب ہوا کو سبزہ خان چمن نکلے

شبنم میں جو ٹک کھدوں میں اُسکے دوشالے کو
مہتاب کی چادر سے خوشبوئے سمن نکلے

انشا کا وہ عالم ہے اس عاید سے کہیے
جوں وقت سحر آفتاب سورنگی کرن نکلے

دیکھکر وہ لہلہے گرد اس دہن کے ونگٹے
اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں اپنے تو بدن کے ونگٹے

www.urduchannel.in

بھیگتی اپنی مسوں پر دمبدم تحریر ہے ہاتھ — ہیں یہی دو چار موجب بانکپن کے رونگٹے

گھب آنکھوں میں کل جلوہ نمائی تیری — مجھکو کیا جانے کہ کیا بات خوشنمائی تیری
اے نسیم سحری کہیو مرا عرض نیاز — گلشن یار میں گر ہووے رسائی تیری
اب خدا کے لیئے جانے بھی دے توبہ شکن — کہیں ایسا نہو مڑ جائے کلائی تیری
کیا ہوا غصہ نہو شدت سرما میں اگر — آگئے ہم بھی جو ٹک کھول رضائی تیری
طالب حسن نہو چھوڑ یہ باتیں انشا — دیکھیہ کہتا ہوں میں اسمیں ہے بھلائی تیری

سودا زدہ دل ہے تو یہ تدبیر کرینگے — اس زلف گرہگیر سے زنجیر کرینگے
غصے میں ترے ہمنے بڑا لطف اٹھایا — ابتو عمداً اور بھی تقصیر کرینگے
چمکا ہے ترا رنگ جو نظارہ سے اپنے — پوچھہ اہل نظر سے کہ وہ تقریر کرینگے
چندے جو بسر یوں ہوئی اوقات تو ہم یار — گھڑے کو ترے عالم تصویر کرینگے
دل شاد رکھ انشا متفکر نہو ہرگز — عقدے ترے حل حضرت شبیر کرینگے

خم بغل بیچ نہاں، ہاتھ میں ہے جام لیئے — ساقی آتا ہے چلا زور سرانجام لیئے
اے خبر جلد تک اے قافلہ سالار حرم — کہ حریفوں نے وہ سب جامہ احرام لیئے
پختگی آج بھی اس بات کی انشا ہوئی — گھر کو پھر آئے چلے ہم طمع خام لیئے

گالی سہی ادا سہی چینِ جبین سہی — یہ سب سہی پر ایک نہیں کی نہیں سہی
گر ناز نیں کہے سے برا مانتے ہو تم — میری طرف کو دیکھیں نازنیں سہی
منظور دوستی تو نہیں ہے ہر ایک سے — اچھا تو کیا مضائقہ انشا سے کیں سہی

تہی جو وہ لاہی کی ٹوپی زعفرانی آپکی — سو ہمارے پاس ہی اب تک نشانی آپکی
دمبدم کہہ بیٹھنا بس جاؤ اپنی آنکے پاس — کیوں نہیں جاتی وہ اتنک بدگمانی آپکی
کیا کہوں مارے خوشی کے حال میرا کیا ہوا — آمد آمد جو ہوئی کل ناگہانی آپ کی
ہمنے سو راتیں جگائیں تب ہوا یہ اتفاق — سو اسی دنکو دھری تھی نیند آنی آپ کی
میرے حق میں اب جو یہ ارشاد فرمایا کہ ہی — خوب یاں منقوش خاطر جانفشانی آپکی
لیک میں اوڑھوں بچھاؤں یا لپیٹوں کیا کروں — ق — روکھی پھیکی ایسی سوکھی مہربانی آپ کی

www.urduchannel.in

دو گلابی لا کے ساقی نے کہا آتشا کو رات
زعفرانی میرا حصہ ارغوانی آپ کی

لب پہ آئی ہوئی یہ جان پھرے
یار گر اسطرف کو آن پھرے

کیا کہیں ہو ہمیں، جب آٹھ پہر
اپنی آنکھوں میں وہ جواں پھرے

ساقیا آج جام صہبا پر
کیوں نہ لہراتی اپنی جان پھرے

ہچکیاں لے ہے اسطرح بطمے
جس طرح گنگری میں تان پھرے

روٹھ کر اٹھ چلے تھے آتشا سے
بارے پھر ہو کے مہرباں پھرے

دو گھڑی دن سے کہا میں نے کہ کیا ارشاد ہے
سُن کے بولے اب ہوا کھا بات تیری یاد ہے

آج تو کپڑے نہ بدلو تم کو میری ہے قسم
آپکا میلا کچیلا پن بھی کچھ بیداد ہے

میں جو اک کمخواب کی لایا تھا ٹوپی بولے آپ
مجھسے کیا لیجے ارے تیری ہی کچھ بنیاد ہے

ہادی اللہ مشرب ملت سے کچھ مت پوچھیے
قید سے دونوں جہانکے یہ فقیر آزاد ہے

کیا چھیڑ ہے کہ پہلے دل صاف توڑ بیٹھے
پھر آپ ہو مورب ہاتھوں کو جوڑ بیٹھے

کی میں نے شب جو سہواً تعریف چاندنی کی
میری طرف سے اپنے وہ منہ کو موڑ بیٹھے

آزادگی خوش آئی آتشا کو جب سے یارو
وہ سبکو چھوڑ بیٹھا سب اسکو چھوڑ بیٹھے

اگر یہ ڈھب نہیں ملتا کہ اس رخسار کو لیجے
تو کیا کیجے کف افسوس ہی ناچار کو لیجے

بہانہ بندہ کا مت کیجے صاحب بس چلا بندہ
جہاں ہی لے نہ اپنی نرگس سرشار کو لیجے

ہمیں جب دیکھ وہ کچھ بڑبڑاتا ہو تو کہتی ہیں
جو ہاتھ آئے تو کیا اُس لعل خوش گفتار کو لیجے

اگر وہ سونپ دے اپنے دوپٹے کا الٹنا تو
مزے سے چھکے چھکے کی اٹھا لیجے

بس اب اے حضرت عشق آپ مت ظلم کیجے
نہ ماری رات آتشا کے دل بیمار کو لیجے

انکے دو بچے کبوتر کے جو جوڑے اڑ گئے
تو یہ بولے کیا کیا ہو کے نگوڑے اڑ گئے

گلی سے تیری جو ٹک ہو کے آدمی نکلے
تو اُسکے ساتھ سے جھٹ بنکے اک پری نکلے

نشان آہ لیئے چھاتوں چھاؤں تا روز کی
چڑیگی فوج شرک آج چاندنی نکلے

ہزار شکر کہ آتشا کسیکی محفل میں
خفا تو آئے تھے پر ہو ہنسی خوشی نکلے

ساقیا آئے ہیں بادل یہ بڑے پانی کے
جلد بھر دے جو خالی ہیں گھڑے پانی کے

www.urduchannel.in

شعلہ خو کوں نہایا کہ نظر آئے حباب
کچھ پہپولے سے وہ چھاتی پہ پڑے پانی کے

صبح کس روپ سے لی اسنے پھریری انشا
کچھ درختوں میں سے قطرے جو جھڑی پانی کے

لے نشہ میں تجھے جب یوں قدح بنگ اڑی
تو نہ کیوں سبز پری بنکے مرا رنگ اڑے

نامۂ شوق کی پہونچانے کو چاہے ہی کہ یہ
بن کے اک خنکل کبوتر نفس تنگ اڑے

طرز نالیدن انشا جو اڑائے تو وہیں
طائر سدرہ بہم کرتے ہوئے جنگ اڑے

دیکھہ اسکی پڑی خاتم یاقوت میں انگلی
ہاروت نے کی دیدۂ ماروت میں انگلی

آلودہ ہوئی نور سے جسوقت کہ ڈوبی
جبراح کی خونِ دلِ مہوت میں انگلی

ناسوت کے عالم میں پئے سیر ہم انشا
کرتے ہیں شگافِ درِ لاہوت میں انگلی

غنچۂ گل کی صبا گود بھری جاتی ہے
اک پری آتی ہی اور ایک پری جاتی ہے

کرلے دو چار قدم لالۂ خودرو کی بہار
ورنہ یہ کوہ سے لے کبکِ دری جاتی ہی

منہ تو دیکھو تری چھٹکی جو ہوا سے پوشاس
نکہت گل پڑی کانپے ہے ڈری جاتی ہی

پہونچے بے پر کوئی اس گل تک انشا کیا مجال
بلبل اس رشک تمنا میں مری جاتی ہی

ہاں مگر بھیس میں مالن کے محل تک اسکے
کبھی جاتی ہی تو باد سحری جاتی ہے

زمین سے اٹھی ہی یا چرخ پر سے اتری ہی
یہ آگ عشق کی یارب کدھر سے اتری ہے

اتری تجد میں کب تھی سواری لیلیٰ
ٹک آہِ قیس کے جذب اثر سے اتری ہے

نہیں نسیم بہاری یہ ہی پری کوئی
اڑن کھٹولے کو ٹھیرا جو فرسے اتری ہے

چلو نہ دیکھیں تو کہتے ہیں دشتِ وحشت میں
جنہ کی فوج بڑے کرّ و فر سے اتری ہے

نہیں یہ عشق تجلی ہے حق تعالیٰ کی
جو راہ زینہ بام نظر سے اتری ہے

لباس آہ میں لکھنے کیوا سطے انشا
قلم دوات تجھے عرش پر سے اتری ہی

پکڑی کسی سے جاوے نسیم اور صبا سے کیا
مولا کرے کچھ اپنی بھی ابتو ہوا بنے

سرما گھلا کے آنکھوں میں نکلا نہ کیجئے
ایسا نہو کہ آپ پہ کچھ تو بنا بنے

انشا صد آفریں ترے ذہن سلیم کو
مضمون زیادہ اس سے بھلا اور کیا بنے

کاش ابر کرے چادر مہتاب کی چوری
تا مجھسے بھی ہو جاوے نہاں کی چوری

www.urduchannel.in

سیماب کے آنسو وہ سدا روئے الٰہی
کی جسنے ہو میرے دل بیتاب کی چوری

شب سینہ جو دی داغ کی اک چور نے آتش
تو ہو گئی سب صبر کے اسباب کی چوری

یہ کس سے چاندنی میں ہم بزیر آسماں لیٹے
کہ باہم عرش پر مارے خوشی کے قلابیاں لیٹے

خدا خواں وادیٔ مجنوں میں ناقہ کو نہ لیجانا
مبادا اک بگولا سا پئے سار باں لیٹے

کسی ڈھب سے طبیعت سیر ہوتی ہی نہیں اُنسے
الٰہی دالان سے لائی بزیر سائبان لیٹے

پڑھے ہی اس روش سے اوڈہ نت مرغانِ گلشن
کہ جیسے چھپروں سے عندلیب گلستان لیٹے

غزل مستی میں لکھ اک اور بھی آتش کہ تا تیری
بلائیں آکے ساقی لے تجھے پیر مغاں لیٹے

اگرچہ ہمسے وہ سو بار متصل لیٹے
پر ایسے ڈھب سے نہ لیٹے کہ دلسے دل لیٹے

یہ گرد باد بھی اک شئی ہیں جسکے دامن سے
بہت سے ہیں خس و خاشاک مضمحل لیٹے

کچھ اور ڈھب کے اب اشعار ایسے لکھ آتش
کہ جس سے طبع سخن سنج مستقل لیٹے

جنون کے دیوسے کیا عوج مضمحل لیٹے
جو ایسے سے کوئی لیٹے تو اہل دل لیٹے

کہیں سنی جو کھانی میں شرم کی کچھ بات
تو اپنے تکیے سے بس ہو کے وہ خجل لیٹے

کہہ اور طور سے آتش غزل وہ برجستہ
کہ برق جسکے گلے ہو کے منفعل لیٹے

ضیا میں نور سما جائے ظل سے ظل لیٹے
ذوی العقول میں کیونکر نہ دلسے دل لیٹے

کسیکے خال ذقن سے اس آنکھ کے تل کو
ملوں تو رمز ہو کہ تل سے تل لیٹے

ملے جو قیس سے آتش کبھی تو ہم اسکی
اسی جراحت نامندمل سے مل لیٹے

ہمہ مستعد کہ وہ لب سیگوں ٹپک پڑے
ٹک انکو یوں جو چھیڑیے تو خون ٹپک پڑے

گر برگ گل پہ ڈالیے شبنم کی سمت آنکھ
تو واں سے دانۂ دُر مکنوں ٹپک پڑے

بُند اہن کے یوں نہ پھرو زیر آسمان
ایسا نہو کہ زہرہ گردوں ٹپک پڑے

آتش یہ سن غزل ثمر تختہ کی نمط
رکھتے جو تھے طبیعت موزوں ٹپک پڑے

سانولے بن پر غضب ہے ہیچ بنتی شال کی
جی میں ہی کہہ بیٹھئے اب جو کنیا لال کی

واقعی تجھسے گنا ایسے ہی دیوین ہوئے
کہ میرے سامنے وہ لیکے قربین ہوئے

صبحدم مجھسے لپٹکر وہ نشے میں بولے
تم بنے یا دھیا ہم گل لشکریں ہوئے

www.urduchannel.in

بھر چکی بندۂ درگاہ سے اور آپ سے خیر
ہم الفت میں اگر ایسے ہی آئین ہوے

گھری وبلبل نالاں میں پڑے جو جھگڑے
سو دل غنچہ کے موجب تسکین ہوے

اشک آنکھوں سے قدم رکھ نہیں سکتے باہر
دولت شرم سے مانند سلاطین ہوے

جی ہی اچھا نہ ہا پھر تو عیاذاً باللہ
فائدہ کیا جو شناسا سے اراکین ہوے

تجھگی یہ کہ ملی آپ نے انشا مہندی
اور کپڑے تو مرے مفت میں رنگین ہوے

ان انگلیوں میں قول کے چھلے نظر پڑے
واللہ تم تو سخت بھلے نظر پڑے

دیکھا پری وشوں کو تو ان کے سروپہ آج
کچھ فرنگ رنگ کے سلے نظر پڑے

جو نسیم صبح پلٹ گئی کسی گل کے دامن پاک سے
تو شعاع مہر نے اک چھڑی جڑی آکے اسکو تاک سے

آج بجلی سے بنے ہفت طبق سونے کے
یوں چمکتے ہیں پڑے جیسے ورق سونے کے

اس پریزاد کی گریوں ہی سواری نکلے
ابھی برسانے لگے پھول شفق سونے کے

واہ کس لطف سے رات اسنے کہا گڑی میں
ہم نہیں ساتھ ترے کرکے عرق سونے کے

ہے جی میں قفل خانۂ خمار توڑ ملے
یعنی در بہشت کو یکبار توڑ ملے

جی چاہتا ہے لیکے بلائیں تمہاری آج
پوریں ان انگلیوں کے بھی لے یار توڑ لیے

انشا دکھا کے اور بھی اک جلوۂ غزل
بند نقاب شاہد اسرار توڑ لیے

یہ کیا کہ ان کے دل کو نہ زیبا توڑ لیے
سو بار جا کے جو ٹے سو بار توڑ لیے

ہاتھ آوے کچھ اگر نہ سر شتہ بگاڑ کا
تو لڑ کے اسکے موتیوں کا ہار توڑ لیے

شوخی تو دیکھو آج یہی قصد ہے کہ خیر
جس ڈھب سے ہوے خاطر دلدار توڑ لیے

ہنسے کو روند ڈالیے یا ان کے باغ کی
نارنگیاں ہی چپکے سے دو چار توڑ لیے

انشا یہ رو کھڑا ہٹھی اک تاؤ بھاؤ کی
اس توڑ جوڑ کا نہ کبھی تار توڑ لیے

بوسہ جو دیتے نہیں مجکو تو جھڑکی ہی سہی
نہیں دروازہ جو کھل سکتا تو کھڑکی ہی سہی

وہ پری ہی نہیں کچھ ہو کے لڑی مجھسے لڑی
آنکھ نرگس کی بھی دو چار گھڑی مجھسے لڑی

واسطے تیرے فرنگ محل ہی دشمن
تیری خاطر تو مرا چھوٹی بڑی مجھسے لڑی

جھڑ لگا دی مری آنکھوں نے تو لو اور سنو
ٹکٹکی باندھ کے کیوں مینہ کی جھڑی مجھسے لڑی

www.urduchannel.in

رات لڑ بھڑ وہ جو چپ ہو رہی تو انکی عوض — بولتی تھی وہ جو سونے کی گھڑی مجھسے لڑی
بیٹھے بیٹھے کہیں بلبل کو جو چھیڑا میں نے — تو نسیم اس کے بدل ہو کے کھڑی مجھسے لڑی
کون سی حور یہاں کیلنے چوتھی آئی — بوٹے گل لیکے جو پھولوں کی چھڑی مجھسے لڑی
روٹھکر اُن کے گلے میں جو لگا تو انشا — ہر اک اُس دولڑی کی موتی کی لڑی مجھسے لڑی

اے پری تیرے مزے ایک بشر لیتا ہے — اور خرائے پڑا دیو سحر لیتا ہے
دل میں بدولت آپ کے اک درد ہی ہو — وہ آہ سوزناک و دم سرد سو ہے
مجنوں تو سوکھ ساکھ کے اک خار بنگیا — لیلےٰ کا چہرہ مثل گل وردی سو ہے
انشا نہ قافلہ کی کچھ خبر نہ پوچھ — بانگ جرس ہی اور وہی گردی سو ہے

نہ پیاس اپنی بجھی برف سے نہ شورے سے — بجھی تو نرگس ساقی کے آبجورے سے
چلتے میں کیوں نکردں غش دکھا دے نہ مجھے — وہ دونوں دیدے مے ناب کے کٹورے سے
بلا سے جام نہ ہووے نہ کو یہاں ہم لوگ — چرس جما گئے ہیں گھڑوں کے گھڑے سکورے سے
نہیں جو رات کو جاگے تو کیوں ابھر آئے — یہ لال لال کچھ آنکھوں میں ڈورے ڈورے سے
کل اُن کے پاؤں لگا دابنے تو یوں بولے — ہمارے سر کی قسم اور زور زورے سے
ہے آنکھ نیچہ ساقی کی مے ناب کی چھپتی — پھب جائے نہ کیوں مکھڑے پہ مہتاب کی چھپتی

یارب ترا ہی ذکر یہاں جب نہ تب رہے — ہر دم کے ساتھ اک حرکت زیر لب رہے
بیچین میرے چھیڑے چھوے سے نہیں ہوئے — سوتے ہی آپ رات نہایت کڈھب رہے
انشا بھلا وہ زاہد دیرینہ کیا کرے — خود جسکی تاک جھانک میں نبت العنب رہے

ہے شیخ کے سر ایسی ہی تلبیس کی ٹوپی — جس سے کہ پڑی کانپے ہے ابلیس کی ٹوپی
ہدہد کو خوشی تب ہوئی جب دم نظر آئی — ہاتھوں میں سلیمان کے بلقیس کی ٹوپی
پریوں کے گھروں میں وہی چوری کے تئیں ہیں — جن پاس ہو جنوں کے جواسیس کی ٹوپی
ممکن ہو تو دھر دیجے بنا کر ترے سر پر — زرنبفت مہ و زہرہ و جبریس کی ٹوپی
انشا مرے آقا کی سلامی کو جھکی ہے — سکان سرا پردہ تقدیس کی ٹوپی

کیا چیز بھلا قصر فریدوں مرے آگے — کانپے ہی پڑا گنبد گردوں مرے آگے

www.urduchannel.in

مطلق متوجہ نہوں ہر چند گزر جائیں — صد قافلۂ لیلےٰ و مجنوں مرے آگے
ہوں وہ جبروتی کہ گردِ حکما سب — چڑیوں کی طرح کرتے ہیں چوں چوں مرے آگے
بولے ہی یہی خامہ کہ کس کس کو میں باندھوں — باد سے چلے آتے ہیں مضموں مرے آگے
مجرے کو مرے خسرو پرویز ہو حاضر — شیریں بھی گئے آکے بلالوں مرے آگے
بیتابیٔ دل دیکھ کے سیماب سے پھر جائے — کف لائے اگر موجۂ جیحوں مرے آگے
ہیں شاہِ خراساں کے غلاموں میں انشا — مصروف رہے موسی و ہاروں مرے آگے

گرمی کی جو شکوہ تھی سب گرد ہو گئی — دو چار بوندیوں میں ہوا سرد ہو گئی
آگے تو اہلِ درد سے ربطِ درست تھا — پر اب طبیعت آپ کی بیدرد ہو گئی
اے نادرِ جہاں ترے یمنِ قدوم سے — وضعِ چمن بیانِ ابیورد ہو گئی
کر آب پاش آن کے اے ابرِ نو بہار — اوراقِ گل پہ جمع بہت گرد ہو گئی

بھری وہ آتشِ عشق اس دل فگار میں ہے — کہ لاکھ برق یہاں جس کے ہر شرار میں ہے
ملے شراب جو انانِ باغ کو کیونکر — کہ آبِ پیرِ مغاں رنجشِ خمار میں ہے
کدھر سے آتی ہے آواز دوست اے مطرب — نہ نطق انگلیوں میں ہے نہ چوب و تار میں ہے
تجھے یہ آج پری پیکروں نے لکھ بھیجا — کہ آ کے چمنِ نرگس انتظار میں ہے
پھوہارِ مینہہ کی خوش آئندِ بہت اسوقت — شراب پینے کا موقع اسی پھوہار میں ہے
بدل کے قافیہ انشا لکھ اور تازہ غزل — کہ یہ غزل جو سنائی سو کس شمار میں ہے

عجیب لطف کچھ آپس کی چھیڑ چھار میں ہے — کہاں ملاپ میں وہ بات جو بگاڑ میں ہے
کھڑی جو کوئی کواڑوں کی اپنے آڑ میں ہے — تو کیا نمود جھمکڑی اسی دراڑ میں ہے
یہ مجھ سے کہنے لگے ایک شخص تھے جو اول — مزا جو پوچھئے سچ مچ تو چولھے بھاڑ میں ہے
ہزار طرح کی فکریں خراب کرتی ہیں — غرض نہ پوچھو کہ انساں کس لتاڑ میں ہے
گھر آئے شور سے دل باد دل آج دیکھ انشا — کہ ہیطرح سے پھنسی برق بھیڑ بھاڑ میں ہے

مت ہاتھ اُٹھا اپنے تو بسمل کے گلو سے — تا آبِ دمِ تیغ لبِ زخم تو چوسے
تو سایہ فگن ہوئے تو جوں سرو چراغاں — ظاہر ید بیضا ہو مرے ہر سرِ مو سے

www.urduchannel.in

آہ دل عاشق بھی دم گر یہ کسی طرح — کچھ کم نہیں لے فاختہ سرو لب جو سے
میں جھوٹ نہ بولونگا مجھے تم سے ہی الفت — بیٹھا طرف کعبہ ہوں اسوقت وضو سے
کر قتل شہید مے الفت کو یہ بولے — ہی ہوئے شراب آتی مجھے اسکے لہو سے

معلوم نہیں رُوٹھے ہیں کس آئینہ رو سے — پانی جو اترتا نہیں غنچوں کے گلو سے
چین آوے نہ کیوں ایسے پریزاد کی بو سے — بن مانگے دئے جن نے مجھے آنکھوں کے لہو سے
اب کوئی ہما ہو تو لے اسے ذبح کریں ہم — تعویذ بہت لکھ چکے ہدہد کے لہو سے
شیشے نہوں دس بیس تو مستوں کی تسلی — ساقی کوئی ہوتی ہے بھلا ایک سبو سے
انشا غزل اک اور تو فی میں بھی لکھ ڈال — داد اُس کی بھی مانگ آ کے ہر اک ریختہ گو سے

ہو توبہ شکن آج دلا تو سیر نو سے — کپڑوں پہ چھڑک مے کو اڑا شمع کی لو سے
ایدل وہ خوشا کشتِ برومند کہ جسکو — خطرہ ہی نہیں تہلکۂ وقتِ درو سے
کر بیٹھے وہیں فضل خدا ساز پہ تکیہ — جب بن نہ پڑی بات کچھ اپنی تگ و دو سے
یاد آتے ہیں اک پیر مغاں کے مجھے ابرو — ہی اس سبب افراطِ محبت مہ نو سے ہے
افواج گل و لالہ میں ہے زلزلہ انشا — اس بادِ بہاری کی سواری کے جلو سے

میں تو ترے صدقے نہ رکھ اے مری پیاری غرہ — بندی رکھ لیگی ترے بدلے ہزاری روزہ
نمش اور برف کے کوزوں کی ہوئی بتیاری — آج کس شخص کی رکھی گی دو لاری روزہ
دن دہاڑا ہے ابھی رات کو انشاءاللہ — تیرے قربان گئی ہے مجھے واری روزہ

چوپ کیا ہو جو کسی سے کوئی ہر روز ملے — چاہئے ہفتہ میں دلسوز سے دلسوز ملے
پیچنی ہے یہ نگوڑی مسلسل کی اوڑھنی — لادے وہی دوا مجھے ململ کی اوڑھنی
بن سر ڈھیلے ہوئے تجھے کیا چاہئے بھلا — بونٹے سے قد پہ اس بڑے آنچل کی اوڑھنی
انشا کے سونگھنے کے لیے اُن نے بیچدی — جالیکی کرتی اور وہی ہلکی اوڑھنی

اختیاری تو نہیں آپ سے جو دوری ہے — سخت لاچار ہوں میں عالم مجبوری ہے
کب تلک ابر کے پردے سے رہے گی یہ چھپ — بار الٰہا نکل آئے کہیں چٹکیلی دھوپ
کھل پڑے عالم مستی میں تو ہم محنت کھلے — کے نہ اے دختر رز ابتو ترے بخت کھلے

فقط

سلہ از دیوان بیخبر

سلہ از شعار شعرا

مسیحائی کرے کیونکر نہ انداز رقم میرا
کہ معجز آفریں ہی خامۂ مریم شکم میرا

بڑھا شرم گنہ سے اسقدر گردن کا خم میرا
کہ مثل حلقۂ پرکار ہی سر پر قدم میرا

گناہِ عشق کی رنگت نے دلکو اور رونق دی
سیہ پوشی سے کعبہ بنگیا بیت الصنم میرا

وہ میکش ہوں بجز انگور کچھ پیدا نہو راہد
جو تیری کشت پر برسے سحاب چشم نم میرا

مشرف ہو نہیں تشریف جاودانی سے
وجود ظاہری کرتا ہی اثبات عدم میرا

بنا ہی کیا انہیں حرفوں سے مثل قفل ابجد وہ
لب حاسد کو صابر کہولتا ہی حرف ذم میرا

انداز ہی کچھ ایسا رفتار نازنین کا
لب پر صدای پا کے ہی جوش آفریں کا

ہر شے ہی اُسکے تن میں تعریف سے مرکب
ابرو بھی نون گویا ہی لفظ آفریں کا

ہی سست اعتقادی اتنی گراں بتو نکی
انپر سے ہی اُٹھانا مشکل ہمیں یقیں کا

گستاخیوں نے میری اچھی مصوری کی
نقشہ نیا بنایا اُس چشم شرمگیں کا

کچروی ہی شہادت اثبات راستی کا
کھلتا ہی حرف اکثر چہرے کے نگیں کا

اُس گلبدن کے رخ سے دلبستگی ہی سبکو
ہر قطرۂ عرق ہی غنچہ دل حزیں کا

نقش قدم بنایا اُفتادگی نے تجھکو
میں زندگی میں صابر پیوند ہوں زمیں کا

شعلۂ حسن اُنکا بڑھ بڑھ کر نہاں ہوجائیگا
سبزۂ خط جلکے چہرے پر دھواں ہوجائیگا

گر غبار دل بلند ای جان جاں ہوجائیگا
آپ تو اپنی نگاہوں سے نہاں ہوجائیگا

نقل کرتا ہی ہماری دشت وحشت راندن
دیکھنا اکدن ہلدا ہمزباں ہوجائیگا

روز برتا ہی عدو سے بے حجابی کا خیال
وہی پردہ اُنکے میرے درمیاں ہوجائیگا

www.urduchannel.in

گر ہی یہ ناتوانی کا زور اور نرمی تن کا ہجوم
پنبۂ منقوش اک اک استخواں ہو جائیگا

میکشوں سے اسقدر سختی نکر اے محتسب
دل ترا سنگ در میر مغاں ہو جائیگا

دم بدم ہوتی ہی اے صابر نظر اپنی بلند
شیشۂ عینک ترا جام آسماں ہو جائیگا

آپسا رکھتا کہاں ہی روئے پر نور آفتاب
اپنے نزدیک آپکو کینچا کرے دور آفتاب

جائے بیزاری ہی دنیا اسلئے رکھتا ہی پشت
منھ نہ پھیریگا ادھر کو تا بمقدور آفتاب

کچھ نظر آتا نہیں مجکو فراق یار میں
میری آنکھوں کی سیاہی میں ہی مستور آفتاب

جمع کر سامان غفلت تا میسر ہو فروغ
مے کے بننے سے ہوا مشہور انگور آفتاب

کسقدر شام و شب فرقت میں لگجاتی ہی چپ
کیا کھلاتا ہی شفق کا مجھکو سیندور آفتاب

شب کا وعدہ بھی تمہارا مکر سی خالی نہیں
جانتے ہو ہی ہمارا روئے پر نور آفتاب

تفتہ جانونکو ہمیشہ تفتہ جانونکا ہی پاس
چارہ میری زخم کا رکھتا ہی منظور آفتاب

مشک بھرتا ہی اگر اسمیں سواد شام ہجر
صبح کا آکر لگا دینا ہے کافور آفتاب

صابر ارباب کرم کو ہی برابر قرب و بعد
ماہ کو دیتا ہی اتنے فرق پر نور آفتاب

جا اے نگاہ بیمیک کے اشکو نہیں سوے دوست
پژمردہ تا نہ ہو گل روئے نکوے دوست

ناطاقتی سے جان نہ تن سے نکل سکی
مجکو ہوئی حیات ابد آرزوے دوست

بل آگیا مزاج میں اک امر سہل پر
ہوئے میاں دوست سے نازک ہی خود دوست

دشمن سے دلنے راہ نکالی ہے آج کل
شاید گئی ہی راہ بھی سوئے کوے دوست

دونی ہوئی ہی مجکو کدورت رقیب سے
جسدن سے دلمیں خاک ہوئی آرزوے دوست

کہتا ہی کچھ بہک کے نکلتا ہی منھ سے کچھ
ہی بیقرار میر بطرح گفتگوے دوست

خار دل رقیب کی اتنی ہیں کثرتیں
مسدود ہو گئی رہ جستجوے دوست

غصہ یا خفہ آتا ہی صابر جناب کو
[illegible]

رحم ظاہر ہی مگر ظلم کو پنہاں رکھکر
[illegible]

دل ویراں کو دیا چھوڑ دیا وحشت نے
[illegible]

آن بیٹھو بیٹھو وہ خود پسند صابر ہی آج
دیکھ پہنچیگا حسرت دل ناداں رکھکر

www.urduchannel.in

یاروں کے ہوں سُراغ دو اور درشکستہ پر
ہوں بلبلانِ باغ سی دور اور شکستہ پر

ہوں مُرغِ نیم ذبح تری صید گاہ میں
مضطر ہوں کوہ و راغ سی دور اور شکستہ پر

قامت تمام الفرقہ انداز ہے غضب
قمری ہی سرو باغ سی دور اور شکستہ پر

اے گُل ترے فراق میں یہ عندلیبِ دل
ہی گلشن فراغ سی دور اور شکستہ پر

صابر یہ مجھسے ضد ہی کہ مُرغِ شمیم گل
ہی اسطرح دماغ سی دور اور شکستہ پر

تو نہ جا انجمن وصل سے ترساں ہوکر
راہ پاؤں سی لپٹ جائینگی ذاماں ہوکر

گر یہی کثرتِ اعدا ہے تو گھبرا کے کبھی
اپنے در پر تمہیں بیٹھونگے نگہبان ہوکر

آپ جاتے ہیں تو قسمت کی سیاہی ہی یہی
پھیل جاتی ہی سوادِ شبِ ہجراں ہوکر

میرے اندازِ محبت کے وہ دیوانے ہیں
اُنپہ جاتی ہیں نگاہیں مری پریاں ہوکر

ہوگئی رخ کی چمک پردہ چشمِ اغیار
صبر پڑتا ہی مرا آپکا احساں ہوکر

اسقدر خوش ہوی اُس کوچہ میں صابر جاکر
جیسے آباد ہوا ہو کوئی ویراں ہوکر

کچھ اضطرابِ دل سی بنے اپنی جان پر
ہر حرفِ آرزو نہیں آتا زباں پر

ہم ناتواں چڑھ نہ سکے اُسکے دھیان پر
تہمت فراموشی کی ہی اُس بدگمان پر

ایما یہ ہے کہ سر نہ اُٹھائے دیار ہے
رکھتے ہوا سلئے نظر اس ناتوان پر

اللہ ری ضد کہ بیٹھے جو ہم اُسکے در کے پاس
اُلٹا چڑھا مکان کا سایہ مکان پر

صابر ہماری زیست ہی تصویرِ موت کی
مرتے ہیں روز ایک نہ ایک نوجوان پر

یوں ضعف میں نکلی تری رنجور کی آواز
اُڑتی سی کوئی جیسے سنے دور کی آواز

غش ہو نہیں ابھی حضرتِ موسیٰ اسے سُنکر
ہی شعلۂ طور اُس بتِ مغرور کی آواز

کیا منھ ہی جو غصہ میں کوئی مار سکے دم
ہوجاتی ہی قفلِ دہنِ اُس حور کی آواز

یوں نشۂ اُلفت میں ہوں خاموش کہ گویا
ہو جائے گرہ حلق میں مخمور کی آواز

شب کو ن وہ نالاں تھا تری رہ کہ اُس سے
ملتی تھی بہت صابر مغفور کی آواز

رُخ کی تابش سی ہی زلفوں کی شکن میں آتش
تُمنے اعجاز سے باندھی ہی رسن میں آتش

ذات میں ہی ہی حسینوں کو خدا نے زینت
پہنے پیراہنِ گل رنگ ہے تن میں آتش

www.urduchannel.in

زیرِ لب برق تبسم ہی تیرے خوف ہی یہ
کہ نہ پھر جائے کہیں چاہِ ذقن میں آتش

بات کرتے ہو عجب ڈھب سے کہ جی جلتا ہی
کسطرح تم نے بھری اپنے سخن میں آتش

اپنی آتش قدمی کا یہ اثر ہی صابر
کہ جہاں چاہیئے ہمراہ ہی نہیں آتش

کب چھپا سکتا ہی نورِ رخِ زیبا برقع
پردہ دیدۂ بینا ہے تمہارا برقع

غنچہ و گل سے مشابہ ہوئے خوشبوئیں حباب
ہوئے دریا پہ جو آیا ترا میلا برقع

رخ پر اسکے کوئی برقع ہی نہ چادر شلقاب
ہی فقط یار کی غفلت سے کنایا برقع

چشمِ حور میں سے جو عالم پہ نظر کی ہمنے
ایک عارض پہ نظر آتا ہے صدہا برقع

وصف کس پردہ نشیں کا یہ لکھا ہے صابر
کہ معانی نے بھی الفاظ کا اوڑھا برقع

یہ نہ سمجھو تم کہ صابر ہم ہیں ناکام قلق
صبر تم سمجھے ہو جسکو وہ ہی انجام قلق

سیکڑوں طائر پھنسے اور ہو گئے لاکھوں رہا
ہم تڑپتے رہگئے یوں ہی تہ دام قلق

گنبدِ گردوں کی ہر گردش میں ہی رنگت نئی
کیوں بسر ہوتے نہیں یہ اپنے ایام قلق

کبتک اے چرخ یہ روباہ بازی کبتلک
صبح عشرت غیر دیکھیں اور ہم شام قلق

تو برا ہی کہیہ کچھ یہ سُنہ سے لیے جا صابر
اس سے کچھ تسکین مجھے ہوتی ہی ہنگام قلق

ذکر تیرا نے حسن بڑھایا وصال میں
مہتاب آنکے منہ پہ چھپی انفعال میں

سب کی نظر ہی سروِ قدِ خوش جمال پر
آنکھیں لگیں ثمر کی جگہ اس نہال میں

کیونکر نہ روئیں یاد کمر میں مدام ہم
اک بال پڑ گیا ہی یہ چشمِ خیال میں

وہ ہی کہیں نہ دل ہو کہ پہلو میں شک مجھے
ذرا کچھ چمکتا ہے گردِ ملال میں

آشفتہ زلف و چشم مریض و کمر نحیف
ہم اور تم شریک ہوئے ایک حال میں

ہی مثل سایہ پا کو نہ اُس سرو کے سر
کیا میں بھی مستعد ہوں نماز زوال میں

یوسف کہا انہیں تو کہا وجہ شبہ کیا
صابر یہ آپنے غلطی کی مثال میں

پائیں گر تیرے مرقع کے کچھ اوراق آنکھیں
سات پردوں میں رکھیں اتنی ہیں مشتاق آنکھیں

کتنی غارت گرِ دلہیں ہیں مشتاق آنکھیں
دین ہیں لُٹنے ظالم جسے ہے ذوق آنکھیں

ہم نہ کہتے تھے کہ آنکھیں نہ چرا و ہر دم
جنسِ مسروقہ ہوئیں شہرۂ آفاق آنکھیں

www.urduchannel.in

نہ کھلنے شرم راشک نہ لڑتی جو نظر — ہوگئیں سنگ دل غیر کو جفاق آنکھیں
ٹھوکریں طالب دیدار کو کھلواتی ہیں — بنگئی ہیں تہی ترکیب کی رزاق آنکھیں
سنتے آواز سنائی نہ دکھائی صورت — کان کا کام بن آیا رہیں مشتاق آنکھیں
خواب میں سنتے جو وہ پاپیہ راستعمار — کھولتی صور کی آواز ہی ہوں شق آنکھیں
نیند کرتی رفاقت یہ بھی جیسے کنج حرماں نہیں — کوئی دشمن ہی جائے روح شاید جسم بیجاں نہیں
نہیں تربت میں جو شاید وہی دو حرف دلکش — رکھوں لوح جبیں پر شکل لیلی کو بتاتیں نہیں
کبھی گریاں ہوں فرقت میں کبھی آوارہ غربت میں — کبھی لباس دریا میں خضر ہوں گہ بیاباں نہیں
مے دیدار بزم وصل میں کیونکر پلاؤ گے — رکھا ہی آپنے مینائی پیمان طاق نسیاں میں
یہ جیمیں ہی کہ صابر اپنا زور طبع دیکھنگے — پڑہیں اک مطلعونکی بھی غزل بزم سخندانہیں
تری جلوے کی بڑہتی ہی لطافت چشم گریانیں — کہ گھلکر اشک میں چپتا ہی وہ داماں تر گاہیں
ہوا دہو کا جو دیکھی سبز قندیل اُنکی رلوائیں — کہ سبزی ہلکی ہلکی ہی ضیائی ماہ تاباں میں
چھپا رکھیں گے داغ سینہ کو ہم وصل جاناہیں — کہ مثل صبح اک خورشید رکھتے ہیں گریباں میں
کبھی تار قفس کٹتا نہیں شہنائی ہجر انہیں — نئے جو ہر ہیں ای قاتل مری تیغ گریباں میں
پڑہو صابر کوئی ایسی غزل بزم سخندانہیں — کہ ایسا کوئی گلدستہ ہو گلزار رضوانہیں
بلکدرہی رہی آنسو ہمارے دست مژگانہیں — کوئی آب گہر کو چان کیا سکتا ہی دامانہیں
کیا تھا آتش فرقت کو پنہاں غم وہ آفت ہے — کہ لایا موکشاں دود جگر کو چشم گریانہیں
مدام افسردہ خاطر زندگی سی سیر رہتے ہیں — سوا ہوتی ہی سردی صبح کو فصل خزانہیں
ہنود اکثر تہائی ہر سحر جاتے ہیں دریا پر — پھری کیونکر وہ کافر ہماری چشم گریانیں
سنایا مطلع تازہ یہ کہکر میں نے اے صابر — تفحص تہا مری احوال کا کل بزم یارانہیں
ہمیشہ فکر ہی اسکو مری بندش کی سامانہیں — مثال معنی بے لفظ ہوں میں ذہن جاناہیں
غضب کرتا ہی پر تو حسن کا ان سبزہ زنگونکی — کہ ہر ہر گام پر گرتی ہی برق سبز میدانہیں
میں اپنی اس اسیری کی تلافی سہل کرلونگا — لگا دونگا تری تصویر کو دیوار زنداں میں
ہوئے ہیں بار خاطر ضعف سے دست جنوں ہمکو — کہ ایک تارا ور گویا بڑہگیا اپنے گریانہیں

www.urduchannel.in

مجھے صابر بنایا کیوں بنا دیتا حیا خالق
کہ اپنے وقت پر آتا نہاری شیم قاتر

ہم عجب زیست کیا کرتے ہیں
روز آوارہ پھرا کرتے ہیں

یا تو دیکھا ہے کہ اکثر اشخاص
بیٹھکر یادِ خدا کرتے ہیں

یا جوانی کا مزا لوٹتے ہیں
خوشہ چینوں میں رہا کرتے ہیں

یا کہ خمخانۂ ہستی سے مدام
بادۂ عیش پیا کرتے ہیں

ایک ہم ہیں کہ ادھر ہیں نہ ادھر
تلف اوقات کیا کرتے ہیں

چلے یہ سوچکے گھر سے باہر
کہ بڑی ہم یہ خطا کرتے ہیں

لیجئے واں چلے کہ جس جا ہے گزر
شعرا و فصحا کرتے ہیں

ہمنے دیکھا ہے کہ انسان وہاں
آدمی جا کے بنا کرتے ہیں

قاعدہ ہے شرفا زادوں کا
اچھے لوگوں سے ملا کرتے ہیں

خدمتِ حضرتِ صابر میں کبھی
کہ وہ نزدیک رہا کرتے ہیں

اکتساب ہنر علم و کمال
اُنسے اکثر طلبا کرتے ہیں

جھک کے آداب بجا لایا جیتے
خورد جس طرح کیا کرتے ہیں

کھلے طرفین میں ابواب کلام
جیسے آپس میں ہوا کرتے ہیں

دیکھا جب خوب کہ لطف و اشفاق
وہ مرے ساتھ ادا کرتے ہیں

عرض کی میں نے کہ قبلہ اب بھی
آپ اشعار کہا کرتے ہیں

مستفید اُنسے ہوں حضرت ہم بھی
وصف اکثر سے سنا کرتے ہیں

سُنکے فرمایا کہ اب شکر کجا
خون دل اپنا پیا کرتے ہیں

[illegible]

www.urduchannel.in

میرزا پور میں آئے جب سے
روز دہشت میں رہا کرتے ہیں

شعر خوانی کا ذکر چرچا ہی یہاں
نہ یہ خواہش شرفا کرتے ہیں

شاعر اچھے ہیں یہاں بھی دو چار
پر وہ بے لطف جیا کرتے ہیں

نہ کہیں ہوتی ہے بزم انشاد
نہ لب نطق کو وا کرتے ہیں

نہ سہی بزم پہ مرد قابل
جمع اک جا تو ہوا کرتے ہیں

یہاں تو وہ بھی نہیں اے بندہ نواز
روز بیکار رہا کرتے ہیں

کس کے آگے کوئی اشعار پڑھے
کس سے یہ شعر سنا کرتے ہیں

ہاں مگر سامنے ہم انور کے
پچھلے اشعار پڑھا کرتے ہیں

وہ سخن سنج ہیں ایسے اس جا
نکتہ رس جیسے ہوا کرتے ہیں

سن کے البتہ وہ ہر قسم کے شعر
داد کچھ ہمکو دیا کرتے ہیں

سن کے مینے کہا اے قبلہ من
آپ ارشاد بجا کرتے ہیں

پر کہیں آپ سے استاد جہاں
کبھی بے شغل رہا کرتے ہیں

سن کے فرمایا کہ اچھا شعر
ہم جو بیہودہ بکا کرتے ہیں

اللہ اللہ زباں سے اُن کی
کچھ عجب پھول جھڑا کرتے ہیں

شعر پڑھتے نہیں اپنے گویا
در فردوس کو وا کرتے ہیں

آپ ہم اُن کو خفا کرتے ہیں
اور خفا ہوں تو گلا کرتے ہیں

ہم وہ بلبل ہیں کہ مثل بخت
بے پر و بال اُڑا کرتے ہیں

کوسوں ہو جاتی ہے غائب تاثیر
ہم اگر قصد دعا کرتے ہیں

جان دیں اُن کو جتا کر کیوں ہم
آپ وہ جان لیا کرتے ہیں

اک یہی مونس تنہائی ہے
شعر سے دل سے ہوا کرتے ہیں

جو نئے گل پہ بہار آتی ہے
پہلے ہم جان فدا کرتے ہیں

جو دلکو محبت کے مزے آتے ہوں کہیں
وہ اپنی طبیعت پہ ابھی جبر کریں

ہر بات پہ اظہار نزاکت ہے حیا سے
ثابت ہے کہ تکلیف ہی کچھ پاتی ہوئے ہیں

www.urduchannel.in

کچھ تمنے ہمیں دل میں سمجھ رکھا ہی سمجھو
کچھ ہم بھی تمہیں من میں ٹھہرائے ہوئے ہیں

پھر ملنے کو جی چاہتا ہے یار کا ہم سے
ناچار ہیں غصہ میں قسم کھائے ہوئے ہیں

اللہ ری ضد کوٹھے کے چڑھنے کو کیا ترک
جس راز سے ہم یار کے ہمسائے ہوئے ہیں

اب دل کو لگاتے ہیں ذرا سوچ سمجھکر
دو چار جگہ پہلے جو زک پائے ہوئے ہیں

کچھ دور پہ جھکائے ہوئے پہلے ہیں صابر
اس بزم سے شاید کہ نکلوائے ہوئے ہیں

پہلے نہ اڑایا کسی بیکس کے جگر کو
پیچھے لگائے ہیں ترے تیر نظر کو

ہی تیز نگہ بزم عدو میں مری جانب
غصے میں چھپایا ہی محبت کی نظر کو

کچھ بال سفید اُنکے جوانی میں نہیں ہیں
چھڑکا شب دیجور پہ ہے نور سحر کو

کیوں آتش گل باغ میں ہی تیز کہ ہم آپ
اُٹھ جائیں گے اے شبنم شاداب سحر کو

دن رات کا فرق اُن کی محبت میں ہے اکنو
وعدہ تو کیا شام کا اور آئے سحر کو

دل چیز ہی کیا جان بھی دوں عشق کو صابر
میں نفع سمجھتا ہوں مدام ایسے ضرر کو

واں جاتے ہیں آداب سے ہم اور زیادہ
تعظیم کو اُٹھتے ہیں قدم اور زیادہ

پرتاب ہے اک تر نظر کا تیرے ظالم
کچھ دور نہیں ملک عدم اور زیادہ

چلنا تری شمشیر کو بر بش کا سبب ہے
رفتار میں چڑھ جاتا ہی دم اور زیادہ

اک چھیڑ چلی جائے محبت ہو کہ رنجش
کچھ اس سے نہیں چاہتے ہم اور زیادہ

کھلیگا غنچہ دل اوگار کا صابر
چھیڑے گا اگر نافہ تاتار زیادہ

کہتے ہیں مجھسے یہ آداب کا دستور ہے
چار انگل مرے پھر لیے نظر دور ہے

یہ آئینہ پہ نظر لے پری لقا ٹھہری
کہ خود پسند و خود آرا و خود نما ٹھہری

یہ کوٹ کوٹ کے شوخی بھری ہی اے ظالم
کہ ایک دم نہ تری آنکھ میں حیا ٹھہری

دکھائی آنکھ تو محفل میں ہم نہ بول سکے
دہن کا قفل تری چشم سرمہ سا ٹھہری

شب سیاہ میں کیا سہل اس تلک پہونچے
ضیائے عارض روشن جو رہنما ٹھہری

بہانہ جوئے اہل جفا ہی اے صابر
چھپایا اُسنے جو خجلت سی منھ حیا ٹھہری

نہ تجھ سے بات کچھ اے مطلب آشنا ٹھہری
بتاؤں کیا کہ ہر اک پوچھتا ہی کیا ٹھہری

www.urduchannel.in

پہنچے جو ہم تو زمانے کو رزق پہونچایا
ہمارے بخت کی گردش بھی آسیا ٹھہری

تجھے تو کیا دلِ اعدا کے خار رستے ہیں
کہ جانِ راہِ فنا میں نہ ایک جا ٹھہری

درِ قبول پہ تھا منتظر اثر لیکن
ہجوم سے نہ لبوں پر مری دعا ٹھہری

اسے ہے مدِ نظر کیا اجل کا استقبال
لبوں پہ رہتی ہے کیوں جانِ مبتلا ٹھہری

نہیں ہنسی سہل کچھ اس مضطرب کی نامہ بری
کہ ایک دم نہ جہاں میں کہیں صبا ٹھہری

ملے ہیں ہم سے وہ اس شرط پر کہ نہ ملیں
ہمارے صبر کی صابر یہی سزا ٹھہری

چرخ نے ظلم سے توڑی ہیں مکانِ دہلی
ہو رقم خطِ شکستہ سے بیانِ دہلی

جس طرف دیکھیے اللہ نظر آتا ہے
پڑھ گئی اور ہی بربادی سے شانِ دہلی

لوٹ سے اور بھی بازار ہوا گرم اُسکا
صاف ہے صورتِ آئینہ دکانِ دہلی

اُنکے اُٹھنے سے یہاں بیٹھنے کو جا نہ رہی
ہند میں ظلِ الٰہی تھے شہانِ دہلی

لُوٹ سے حق نمک اس کا ہے سب پہ ثابت
کس دہن میں نہ گئی نعمت خوانِ دہلی

رشکِ گلزار ہے زخموں سے تن اک عالم کا
بن گئی موسمِ گل فصلِ خزانِ دہلی

اہلِ دہلی کی سیہ بختی کا غم ہے صابر
کہ سیہ پوش ہیں سب حرفِ بیانِ دہلی

جو کبھی اُسنے بگڑ کر وہ کہی سنی سے بھی
اپنی تجھ پہ تو بھر کی نہ کمی میں نے بھی

شام سے جا کے مروں واں کہ رہیں وہ مہماں
آج سوچا ہے یہ ترکیب نئی میں نے بھی

میں جو اُکھڑا تو رقیبوں کو بھی جمنے نہ دیا
ایک ایسی ہے وہاں جا کے جڑی میں نے بھی

ربطِ اغیار کے چرچے کی قسم کیوں کھاؤں
آئی عالم کی زبان پر تو سُنی میں بھی

بوسۂ لبِ شیریں کا تمہارے پایا
کھائی جی کھول کے یہ تل شکری میں بھی

کی بہت رد و بدل اُس نے جو صابر مجھ سے
بات مرضی کے موافق نہ کہی میں نے

گاہے گاہے کی ملاقات ہے یہ بھی نہ سہی
اور کیا اسکے سوا بات ہے یہ بھی نہ سہی

منہ دکھلاتے ہو تم اک سال میں مثلِ عیدِ
یہ بھی گر ہا بجِ اوقات ہے یہ بھی نہ سہی

خط کا لکھنا بھی گرانی ہے تو وہ بھی نہ لکھو
دور کی حرف و حکایات ہے یہ بھی نہ سہی

نظرِ لطف کبھی حال پہ کرتے ہو مرے
اس میں گر قصدِ مساوات ہے یہ بھی نہ سہی

www.urduchannel.in

اور کیا دیتے ہو دشنام سوا تم مجھکو
یہی تحفہ یہی سوغات ہے یہ بھی نہ سہی

آہ کرتا ہوں کبھی تنگ ستم سے ہو کر
گر جفا کی یہ مکافات ہے یہ بھی نہ سہی

چھوڑ دی آپ نے جب بندہ نوازی صاحب
ایک ظاہر کی عنایت ہے یہ بھی نہ سہی

اور تو کیا ہے فقط ایک خوشی سے ملنا
یہی صابر کی کرامات ہے یہ بھی نہ سہی

ہزار دل کو نقاہت رہی دبائے ہوئے
وہ اب بھی سر پہ ہے سو اقتیں اٹھائے ہوئے

ہوا بلند یہ شانہ جس کا جب رتبہ
وہ جمع کرتے ہیں ٹکڑے مرے اڑائے ہوئے

کہیں نہ کیونکہ وہ ہر رنگ میں مجھے پورا
ہزار رنگ کی ہیں تہمتیں لگائے ہوئے

کریں گے سیر ہمیں ملک بے مثال کی
قدم کو حد ترقی سے ہیں بڑھائے ہوئے

وہ منہ چھپا کے نہ بیٹھیں کہ نام اچھلے گا
کہاں تلک میں رہے بات کو دبائے ہوئے

مزے اٹھاتے ہیں شکروں کی ہم تصور میں
وہ گویا سامنے بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے

ہوا ہے صبر یہ صابر کو نا امیدی سے
کہ جیسے ہو کوئی اپنی مراد پائے ہوئے

ہجر میں چوٹ کیا خون جگر کھانے سے
زندگی ہو گئی گویا مری مر جانے سے

رند وہ ہوں کہ مری خاک سو خم بنتے ہیں
پاؤں مر کر بھی نکلتا نہیں میخانے سے

سب کو تو نے مے دیدار پلا دی ساقی
ایک محروم ہیں جاتے ہیں میخانے سے

مجھ سے دیوانے کو سمجھاتے ہو ناصح سمجھو
اسکو سمجھاؤ سمجھ جائے جو سمجھانے سے

فصل گیا پھر نہیں آنے کی خزاں کی صابر
آپ کے دن کو چلے شہر میں پر لانے سے

تیری طرز حیا وقت سخن کچھ اور کہتی ہے
سیہ گشت مجنوں لیلی کی یہ تم بھی آئینہ دیکھو

[illegible] کہتی ہے
[illegible] کہتی ہے
[illegible] کہتی ہے
[illegible] کہتی ہے

www.urduchannel.in

انتخاب دیوان خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ

مقدور ہیں کب ترے وصف کے رقم کا
حقا کہ خداوند ہی تو لوح و قلم کا

اُس مسندِ عزت پہ کہ تو جلوہ نما ہے
کیا تاب گذر ہووے تعقل کے قدم کا

بستے ہیں ترے کوچے میں سب شیخ و برہمن
آباد ہی تجھ سے ہی تو گھر دیر و حرم کا

ہی خوف اگر جی میں تو ہی تیرے غضب کا
ور دل میں بھروسا ہی تو ہی تیرے کرم کا

مانندِ حباب آنکھ تو لے دردؔ کھلی تھی
کھینچا نہ پر اس بحر میں عرصہ کوئی دم کا

مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بتخانہ تھا
ہم سبھی مہماں تھے واں اور تو ہی صاحبخانہ تھا

وائے نادانی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

حیف کہتے ہیں ہوا گلزار نا راجِ خزاں
آشنا اپنا بھی واں اک سبزۂ بیگانہ تھا

ہو گیا مانندِ نے کثرتِ ہوہو آہ
وہ دلِ خالی کہ تیرا خاصِ خلوت خانہ تھا

کیا ہی خوش ہی کیا ہی دل کسی رندِ شرابی کا
بہرا دے منھ سے مستانی ہمارا اور گلابی کا

شرارِ برق کی سی ہی نہیں یہ فرصتِ ہستی
فلک نے ہمکو سونپا کام جو کچھ تھا شتابی کا

میں اپنا دردِ دل جا کر کہا جس پاس عالم میں
بیاں کرنیلگا قصہ وہ اپنی ہی خرابی کا

زمانے کی ندیکھی جرعہ ریزی دردؔ کچھ تونے
ملایا مثلِ مینا خاک میں خوں ہر شرابی کا

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا
جی نہ رہے یا رہے مجھکو ادھر دیکھنا

گرچہ وہ خورشید رو ہے سب کے سامنے
تو بھی میسر نہیں بھر کے نظر دیکھنا

سو بھی نہ تو کوئی دم مہر دکھا کے ٹک
اور تو یاں کچھ نہ تھا ایک گھڑی دیکھنا

www.urduchannel.in

ذکرِ وفا کیجے اُس سے جو واقف نہ ہو
کہنے یہ کس سے ہو تم تک تو اور ٹھہرے کہیئے

نالہ و لکا اثر دیکھ لیا درد بس
جی میں نہ رہ جائے یہ آہ بھی کر دیکھیئے

اُس پہ ہر ہوس اتنا نہ ناز کرنا
بہتر ہے کیمیا سے دل کا گداز کرنا

اے آنسو تو نہ آوے کچھ دل کی بات سُنیو
لڑکے ہو تم کہیں مت افشائے راز کرنا

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جب ہر طرف وہ جاوے تو رو بہ نماز کرنا

مثلِ نگین جو ہے سو ہوا کام رہ گیا
ہم روسیاہ جاتے ہے نام رہ گیا

یارب یہ دل ہے یا کوئی مہمانسرا ہے یہ
غم رہ گیا کہو کہو آرام رہ گیا

ہم کب کے چل بسے ہوتے پہ ای مژدہ وصال
کچھ آج ہوتے ہوتے سرانجام رہ گیا

مدت سے وہ تپاک تو موقوف ہو گئے
اب گاہ گاہ بوسہ و پیغام رہ گیا

از بسکہ ہمنے نام دوسی کا مٹا دیا
اے درد اپنے وقت میں ابہام رہ گیا

جگ میں آکر ادھر اُدھر دیکھا
نظر آیا تو ہی جدھر دیکھا

جان سے ہو گئے بدن خالی
جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

نالہ فریاد آہ اور زاری
آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہمنے سو سو طرح سے مر دیکھا

زور عاشق مزاج ہے کوئی
درد کو تو مگر مختصر دیکھا

ہمنے کس رات نالہ سر نہ کیا
پر کسے آہ کچھ اثر نہ کیا

سب کے ہاں تم ہوئے کرم فرما
اس طرف کو کبھی گذر نہ کیا

کون سا دل ہے وہ کہ جلوہ گاہ
خانہ آباد تو نے گھر نہ کیا

تجھ سے ظالم کے سامنے آیا
جان کا میں نے کچھ خطر نہ کیا

سب کے جوہر نظر میں آئے درد
بے ہنر تو نے کچھ ہنر نہ کیا

قتلِ عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا

رات مجلس میں ترے حسن کے شعلے کے حضور
شمع کے منہ پہ جو دیکھا تو کہیں نور نہ تھا

ذکر میرا تو وہ کرتا تھا صریحاً لیکن
میں نے پوچھا تو کہا یہ مذکور نہ تھا

www.urduchannel.in

باوجود یکہ پر و بال نہ تھے آدم کے — وہاں پہونچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا
پروریش غم کی ترے یاں تئیں تو کی دیکھا — کوئی بھی داغ نہ تھا سینے پہ کہ ناسور نہ تھا
مخلصب آج تو میخانہ میں تیرے ہاتھوں — دل نہ تھا کوئی کہ شیشے کیطرح چور نہ تھا
آرزو کے ملنے سے اے یار ترا کیوں مانا — اسکو کچھ اور سوا دید کے منظور نہ تھا

بھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا — برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا
مرا غنچۂ دل ہی وہ مول گرفتہ — کہ جسکو کسی نے کبھی وا نہ دیکھا
یگانہ ہے تو آ بیگانگی میں — کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا
اذیت مصیبت ملامت بلائیں — ترے عشق میں ہمنے کیا کیا نہ دیکھا
کیا مجکو داغوں نے سرو چراغاں — کبھو تو نے آکر تماشا نہ دیکھا
حجاب رخ یار تھے آپ ہی ہم — کبھی آنکھ جب کوئی پردا نہ دیکھا
شب و روز اے درد درپے ہوا ہوں — کسی نے جسے یاں نہ سمجھا نہ دیکھا

گل و گلزار خوش نہیں آتا — باغ بے یار خوش نہیں آتا
کیا جفا کی سوا تجھے کچھ اور — اے ستمگار خوش نہیں آتا
درد ہمکو یہ رات دن تیرا — نالۂ زار خوش نہیں آتا

جہانے کسواسطے اے درد میخانیکو بیچ — اور ہی لذت ہے اپنے دلکے پیمانیکے بیچ
سیر باغ و بوستاں تو ہی میسر کر گئی — آبیٹھے گاہے فقیرونکی بھی ویرانے کے بیچ
جو مزہ اس مرگ میں سمجھے پڑا جاوے — کوئی جانے آہ کیا لذت ہے مرجانیکے بیچ

اسقدر تھا یا کرم یا ظلم رانی اسقدر — مہربانی اسقدر نا مہربانی اسقدر
جان کو آنے دے لب تک نزع میں کیونکر کہوں — منتظر مجھسے نکر اے ناتوانی اسقدر
کیا کہوں دلکا کسوسے قصہ آوارگی — کوئی بھی بے ربط ہوتی ہی کہانی اسقدر
درد تو کرتا ہی معنی کی تئیں صورت پذیر — دسترس کہتے ہیں کب پہنچا دو مانی اسقدر

کرتا رہا میں دیدۂ گریاں کی احتیاط — پر ہو سکی نہ اشک کو طوفان کی احتیاط
خار مژہ پڑے ہیں مری خاک میں ملی — اے دشت اپنی کیجیو داماں کی احتیاط

www.urduchannel.in

جوشِ جنوں کے ہاتھ سے فصلِ بہار میں
گل سے بھی ہو سکی نہ گریباں کی احتیاط

دیکھے تئیں گرد سے کبھی کھوتی نہیں
ہو زلف کو بھی اپنی پریشانی میں احتیاط

داغوں کی اپنی کیوں نہ کروں قدر و پرورش
ہر یار جا سے یاں کی ہے گلشن میں احتیاط

لایا نہ تھا تو آج تلک ہاتھ سوئے تیغ
وابستہ تیرے قتل ہی تھی آبروئے تیغ

کیجے نہ قتلِ اہلِ وفا جلتے ہیں سبب
بارے کہیں بجھا لے لگ تشنجوئے تیغ

کوئی مزاجداں نہ ہوا آج تک مگر
ایک اس کی خوئے تند ہے منہی ہی خوئے تیغ

جا بنا زار و رہی ہیں پر آبرواں یار
میر بطرح نہ ٹھہرے کوئی روبروئے تیغ

اے درد مثلِ زخمِ زباں کیجے ہاتھ سے
دیکھا نہ آنکھ کھولے ہمیں روبروئے تیغ

پیغامِ یاس بھیج نہ مجھ بیقرار تک
ہوں نیم جاں میں موسمِ نکہت شمار تک

صیاد اب رہائی سے کیا مجھ اسیر کو
ہے کس کو زندگی کی توقع بہار تک

راہِ عدم میں درد میں اتنا ہوں بیخبر
پہونچا صبا نہ ہاتھ نہ میرے غبار تک

مژگانِ تر ہوں یار تلک پر بریدہ ہوں
جو کچھ کہ بول سو ہوں پر اس فن سے چیدہ ہوں

کھینچے ہے دور آپ کو سب ہی فروتنی
آنکھ و بھوں ہے یہ قلک پر کشیدہ ہوں

ہر شام مثلِ شام ہوں میں تیرہ روزگار
ہر صبح مثلِ صبح گریباں دریدہ ہوں

[illegible]
[illegible]

اے درد جا چکا ہے مرا کام صبا سے
[illegible]

ہم کس ہوس کو [illegible]

نردامنی پہ شیخ ہماری نہ جا ابھی
دامن بھی [illegible]

مانندِ مرزباں ہیں جوں شمع کو کہ ہم
[illegible]

لے گل کو ہو ثبات نہ بلبل ہو اعتبار
کس بات پر چمن ہوسِ رنگ و بو کریں

ہوا اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدانِ شہر
اے درد آ کے بیعتِ دستِ سبو کریں

اس نے کہا تھا یاد ہے مجھے رو لگ کہیں
پاتا نہیں ہوں تجھ بن اپنی جگہ کہیں

ہو فی رہا ترے تئیں ہی عالم میں جا بجا
ڈھونڈا تمہیں [illegible] کہیں

www.urduchannel.in

مدت تلک جہاں میں پھرتے پھرا کئے
جو جا ملا ہی خوب سو اب بیٹھکر کہیں

یوں تو نظر پڑیں ہیں بہتاں نگار اور بھی
دلکش کوئی آپ سا دیکھا نہ پر کہیں

پھرتے ہو تم بنائے ہوئے اپنی جیدہ تر آہ
لگجائے دیکھیو نہ کسیکی نظر کہیں

پوچھا میں درد سے کہ بتا تو ہی ہے ہے
کہنے لگا مکان مرا غم کدہ ہی ہے

لازم ہی کیا کہ ایک ہی جا گھر ہو ہر کہیں
ترویش ہر کہا کہ شب آمد آمد ہے

تو نے سنا نہیں ہی یہ مصرع مگر کہیں

مانع نہیں ہم وہ بت خود کام کہیں ہو
پر اس دل بیتاب کو آرام کہیں ہو

خورشید کے مانند پھروں گرد جہاں میں
نت صبح کہیں ہو ہے تو شام کہیں ہو

میخانہ عالم ہی وہ بے ربط کہ جسمیں
ہو مے جو صراحی کہیں تو جام کہیں ہو

دعوے تو کیے تو نے مری ساتھ ہزاروں
پر ایک بھی اتنو نہیں سرانجام کہیں ہو

ہر چند تجھے صبر نہیں درد و لیکن
اتنا بھی نہ بلبو کہ وہ بدنام کہیں ہو

مست ہوں پیر مغاں کیا مجھکو فرماتا تو
پابوس خم کروں یا دست بوسی سبو

صبح اور خورشید کے مانند میری جیب کو
چاک کا موجب ہے تو ہی تو ہی سبب تو

تیری خوں آشامیاں مشہور ہیں اے تیغ یار
ایک قطرہ چھوڑی تو ہے ہمارا ہی لہو

اپنے بندے پہ جو کچھ چاہو سو بیداد کرو
یہ نہ آجائے کہیں جی میں کہ آزاد کرو

مت کہیں عیش تمہارا بھی منغص ہووے
دوستان درد کو مجلس میں نہ تم یاد کرو

ربط ہی ناز بتا تجھکو تو مری جانکی ساتھ
جی ہی والبستہ مرا انکی ہر اک انکی کے ساتھ

جو جفا جو ہیں انہیں سنگدلی لازم ہی
کام تلوار کو رہتا ہی سدا سان کے ساتھ

درد ہر چند میں ظاہر میں تجھوں ہوں خنداں
زیر لب بیٹھے ہے مجھکو سلیماں کہ تہہ

یہ تخلص ہی یا کہ افواہ ہے
کہ دل کے تئیں دلسے یاں راہ ہے

ٹپاں علم و دانش نہ فضل و ہنر
فقط ایک دل ہی کہ آگاہ ہے

گئے نالہ و آہ سب ہمنفس
دم سرد ہی اک ہوا خواہ ہے

یہ کیا درد تجھپر مصیبت پڑی
کہ دن رات نالہ ہی اور آہ ہے

www.urduchannel.in

missing page

تہمت چند اپنے ذمے ہر چلے
کس لئے آئے تھے ہم کیا کر چلے

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

[illegible]

[illegible]

چھاتی پہ کر پہاڑ بھی ہوئے تو کل سکے
مشکل ہے جی میں جیسے سوچی سو کل سکے

تحریک ہے یہ اس کی قدرت کی و کیا
[illegible]

گرنے مدیوں خلق کی نظر وسے ہم
کوئی گیا ہے بھالے منزل سے

کہہ اور بھی غزل کو کوئی اب ردیف میں
[illegible]

ارض و سما کہاں تری وحدت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے

غافل خدا کی یاد میں مست بھول زیبا
اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے

الطاف نار عشق نہ آب اس کے
یہ آگ وہ نہیں جسے پانی بجھا سکے

مست شراب عشق وہ بیخود ہے جس کو حشر
[illegible]

دشوار ہو تی ظالم تجھ کو بھی پسند آئی
کیا کہیں سنی نہ تو نے مظلوم کی دہائی

محتاج ہم نہیں ہیں ناصح نصیحتوں کی
سامان اپنے سب رہا بلکہ ملا کہی جا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان میر نظام الدین ممنون

اے منعت ذات میں تجھکو ظہور و خفا — چشم سر و چشم سر حسنا پر تیرے فدا
دیکھے کے نور جمال سبوح کے کنہ کمال — مائل حیرت نظر قائل حسرت ذکا
باز ہو گر راہ دید تو ہی ہر اک سو پدید — آئینہ خانہ جہاں حسن ترا جلوہ زا
عاشق و ہم خانگی عاقل و بیگانگی — عقل برون در و عشق درون سرا
خاطر شوق وصال دیدہ و دید جمال — صحبت سیماب و نار الفت برق و گیا
موسی دل رہ خموش دل ہی میں کہہ دلکی جوش — اسکے جھمکڑے سے ہوش کسکے رہے ہیں بجا
دشت خودی پر فتن غول ہوا راہزن — خضر ز خود رفتگی تا بحرم رہنما
پائے خرد آبلہ سعی بلا راحلہ — عرصہ گہ معرفت بے سر و سامانیہا
عزم کیسہ ترا خطر ہر قدم و نیشتر — شوق و جنوں تیز رو عقل و فنوں خستہ پا
خون میں طپاں سو بسو جان دو صد آرزو — ہر طرف اس دشت میں معرکہ کربلا
ترس مناجاتیاں ناز خرابا تیاں — کر کے گمان غضب رکھہ کے یقین عطا
اس دل تنزیہ پر خون ہو وقت گزر — جان جگوں چشماں زہرہ چون و چرا
اس دل رایواں تلک اس سر داماں تلک — پائے تیا سات لنگ دست حجز ناروا
سینہ ہی صندوق راز نطق کرے قفل باز — ایک ہی گنج ہنر ایک خزانہ کتا
واقف اسرار تو کاشف استار تو — کیا تری درگاہ میں حاجت عرض و دعا
یہ جو ہے ممنوں ترا بندۂ دل خون ترا — تجھسے ہی چاہے تجھے کس سے کرے التجا

تجھے نقش ہستی مٹایا تو دیکھا — جو پردہ تھا حائل اٹھایا تو دیکھا
یہ سب تیرے ہی حسن کا پرتو ہے — نہ دیکھا تجھے تیرا سایہ تو دیکھا
یہاں ہر شرر شعلۂ طور سا ہے — یہ جلوہ جو دل کو جلایا تو دیکھا
برا مانئے مت مرے دیکھنے سے — تمہیں حق نے ایسا بنایا تو دیکھا

www.urduchannel.in

ہو کیونکہ ممنونِ پیرمغاں کا
یہ عالم جو ساغر بلایا تو دیکھا

گماں نہ کیونکہ کروں تجھپہ دل چرانیکا
جھکا کے آنکھ سبب کیا ہے مسکرانے کا

وفورِ گریہ ترحم بجوم نالۂ گرم
کہ ہے ارادہ آج درد دل سنانے کا

یہ سینہ ہے یہ جگر ہے یہ دل ہے بسم اللہ
اگر خیال ہے تلوار آزمانے کا

دیا ہو وعدۂ جاں بخشی سے تمہیں تصدق
ہزار آرزوئے مردہ کو جلانے کا

وہ تیر ناز لگا کر کہے مرے دل پر
کہ یہ خدنگ ہے لائق ہی نشانے کا

الٰہی جیب کہ دامن کہ آستیں دھوؤں
مژہ نے سیکھ لیا شغل خونفشانی کا

نہیں بچا مرض عشق سے کوئی ممنوں
ہمیں دریغ بہت ہے تری جوانی کا

رات تم بن نہ تنک آسودہ یہ مجبور ہوا
رشتۂ بستر راحت دم سا طور ہوا

دل پرشوں کہ تہا ننگ شکیب پرکاہ
بل بے ہمت کہ حریف شرر طور ہوا

مجھکو نزدیک بدل جانیو یاران وطن
فرقہ سازی دوراں سے میں گو دور ہوا

چاندنی مار گئی اس دل زخمی کو رات
پرتو آزار کہ کاش پہ نور ہوا

صبح شب تر آما جیسے کس طرح جانا ہے
کبھی ہوتی تھا اگر کوئی خبر نشان باندھا

سلام اے یہ وان لعبہ رخصت ہے کہ تو
بس اب احرام سے خاطر پہ مغاں باندھا

رشک اس پر ہے کہ بوں کر جو بسمل رہگیا
سر قدم پر پا بتہ میں دامان قاتل رہگیا

کل ترے بیمار نے غش سے ذرا کھولی تھی آنکھ
تو نہ تہا سو دیکھہ بالیں کو وہ بیمار رہگیا

کوئی کہدے تیز رو قافلہ نشیں سے یوں یکا
گرد کے اب اک ناتواں نہال محمل رہگیا

کچھہ نگاہ ہوس کیا چاہے تہا دل عرض عرض
تیری چتون دیکھکر لیکن یہ سائل رہگیا

پیل سے پیش بسحر تھی جو رفیقان سفر
آہ اک سوتے کا سوتا میں ہی غافل رہگیا

قتل سے میں اٹھا قدم بھر کبھو نہ آیا
جب تک صبا کا جھوکا لے تیری بو نہ آیا

کاوش غم سے صنم رات بہ مجبور تو ڈر
کہ ہر اک مونے بدن پر سر نشتر تو ڈرا

کسقدر شیخ گرانجاں ہی غم انگیز ہی
کہ مرے نامہ نے بازوئے کبوتر تو ڈرا

اتفاق بہت تہا ان عدو نکتہ چیں ات
وہ لگے کہنے یہ طعن آپ نے بھی پر تو ڈرا

www.urduchannel.in

ہر مو سے سوز غم نے شعلہ اٹھا کے چھوڑا
الفت کو آگ لگیو آخر جلا کے چھوڑا

کیا کیا نہ میں ہوں پڑکا صیاد پیشگاں نے
جو تو اسے چھوڑا مجھکو دکھا کے چھوڑا

اس گردش دو رنگی میں خم ہوئیں پیٹھیں ہیں
بے جرأتی دل نے قابو میں لا کے چھوڑا

اے بادا تجھ میں اتنی ہی ہتی نہ لازم
ایک ایک پارہ دل آخر اڑا کے چھوڑا

کیا کہہ گئے طبیب اب بیمار کو تمہارے
کہتے ہیں آسرے پر اسکو خدا کے چھوڑا

خوں سے محبت پی سہل مت سمجھکر
یہ جام کم کسی نے منہ سے لگا کے چھوڑا

سینہ میں ایک نفس ہی نہ ترا تیر رہا
خون حسرت میں تڑپتا دل نخچیر رہا

ہادی بیکسی دامن بے یاری جیب
کہ مرا دست جنوں بستۂ زنجیر رہا

جب کیا قہقہہ مانند صراحی میں نے
گریۂ خوں ہی یہاں ساتھ گلو گیر رہا

دل میں کیا کیا ہوس عرض تمنا تھی ولے
تری چتون کا وہ ڈھب مانع تقریر رہا

کیا لگا ہو نسے یہاں خون دل بسمل ٹپکا
ایک قطرہ نہ تری چشم سے قاتل ٹپکا

بیطرح شب تپاں دل بے تاب تو ہوا
سینہ کا جا بجا سے گسستہ رفو ہوا

بیمار انتظار نے تیرے غشی سے آنکھ
کھولی ذرا تو بس نگراں پر سو ہوا

غمزہ نے کس کے تیغ لگائی کہ چشم میں
انداز صد نگاہ تمنا لہو ہوا

یہاں ارتباط شعلہ و خس ہی بہم کہ میں
جتنا جلا فروغ ترا شعلہ خو ہوا

ترا ہاتھ نہ طپش سے دل بیتاب رہا
رات ہاتھوں میں نہ کیا کیا میرے آداب رہا

اسکی آنکھوں سے ستارونگی نکر یزی پوچھ
صبح تک جسکا کہلا دیدۂ بیخواب رہا

کیا تپ دل ہتی تہ خاک کہ تربت پہ مرے
تمتما یا سا نخ لالہ شاداب رہا

چشم سے کیا ترے بیمار کی حسرت ٹپکی
کہ شب اشکوں سے بہرا دیدہ احباب رہا

گزرتا ہی جنازہ دیکھنا یہ جان من کسکا
ذرا پہچان تہا یہا چشم سحر فن کسکا

ترے قربان اتنا پوچھ آکر نعش پہ میری
شہید ناز ہی یہ کشتہ خوں کفن کسکا

گنہ میرا ہی رنگ چہرہ گو ناگوں ہے محلس میں
اشارا غیر سے کرنا گنہ ہی جان من کسکا

بجز ہم ناز و انداز دادا میں دل ہوا کشتہ
کہ ہی بولیں قاتل دوں پتا میں من کسکا

www.urduchannel.in

تنہا حسن میں رنگ ادا کا نہ ناز کا
یہ نقش یادگار ہے آئینہ ساز کا

اے اشتیاق بیت صنم تیرے ہاتھ سے
چھٹتا ہے ساتھ راہبر واں مجاز کا

سینہ میں برچھیاں سی لگا کیں میں صبح تک
شب تھا نیال کس نگہ نیزہ باز کا

دامن بچا یو کہ مسیحا ادھر ہے قصد
ہر اک شرارہ نالۂ افلاک تاز کا

تصویر بت چھپائی ہے ممنون نے سجدہ کو
گوشہ اولٹ کے دیکھیو تک حاجتمند کا

وہ مرا نالہ سنے کیا کہ صدا ہے گن سے
سینہ میں اس دل نازک کو دھڑکنے دیکھا

ہم نہ کہتے تھے کہ ممنون نہ بتوں کو دیکھو
ہاتھ سے لیگئے دل تکتے ہی تکتے دیکھا

کل وصل میں بھی نیند نہ آئی تمام شب
ایک ایک بات پر تھی لڑائی تمام شب

کس بے ادب کو عرض ہوس ہمنگیں تھی
آنکھ اس نے بزم میں نہ اٹھائی تمام شب

صف بستہ کہاں ہوئینگی فردائے قیامت
گنتو نہ ترے تنگ ہے صحرائے قیامت

آمد سے ترے ہم پہ جو ہونی تھی سو ہولی
اب دغدغۂ حشر نہ پردائے قیامت

رفتار تری اس دل مضطر میں پھرے ہے
آئی ہے قیامت تہ شائے قیامت

لگ اٹھی آگ قفس میں صیاد
برق ہے اپنے نفس میں صیاد

تیغ زن کس پہ رہا تو کہ رہے
ہم طپاں خون ہوس میں صیاد

خونچکاں صید دواں آتے ہیں
تیرے دنبال قرس میں صیاد

جان دوں ہوں یہ عنایات تمگر دیکھکر
یاد کرتا ہے مرا دل نوک خنجر دیکھکر

خاک میں لوٹیں ہیں یہاں کیا کیا منانیں تڑپی
تک قدم رکھنا مری تربت پہ اوپر دیکھکر

یہ نہ جانا تھا کہ اس محفل میں دل رہ جائیگا
ہم یہ سمجھے تھے چلے آئینگے دم بھر دیکھکر

[illegible] کہے تھا تکہیں ملا ملا کر
[illegible] ہیں دل اڑا ہم لیکن جتا جتا کر

[illegible] کو ڈرا ڈرا کر
ہم دل پہ زخم جھیلیں مشکل لگا لگا کر

[illegible] کیا ہو گیا گزرنا
ہر خار سے ہوں آیا دامن چھڑا چھڑا کر

[illegible] کیوں مسکرا رہے ہو آنکھیں چرا چرا کر

[illegible] ممنون رونے آخر
دل اٹھگر نہ کہنا آنسو بہا بہا کر

www.urduchannel.in

آہ کس کا دلِ زخمی ہے تہ خاک ہنوز
کہ نکلتے ہیں لیے گل جگر چاک ہنوز

کیوں کریں ہاتھ سوے منعمِ مغرور دراز
پاؤں پھیلے ہیں لیے ہم طرفِ گور دراز

زلف سے مانگ تلک مانگ سے تا جعدِ قصد
دل کو آیا ہے سفر پیشِ عجب دور دراز

دل خروشاں یہاں ہے لب خاموش
خم سربستہ ساں بھرے ہیں جوش

کون محفل میں اب ہوا ساقی
ہر طرف سے ہے بانگ نوشا نوش

واہ طرزِ کلام ممنون واہ
کس قدر ہے پسند صاحبِ ہوش

دیکھو نہ اس وادی میں ہو مجنوں شیدا اک طرف
بانگ درائے ناقہ پر نالہ سا اٹھا اک طرف

کیا عشق کی ہے صید گہ یاں نیم زخم ناز کو
بیتاب اک جانب خضر مضطر مسیحا اک طرف

زلفیں کہیں آیا جو وہ کیا کیا گری ہے ٹوٹ کر
تسبیح زاہد اک طرف زنار ترسا اک طرف

ہے فصلِ گل گزراہے دے ساقی بھی ہے شیشہ بھی
پھر آج زاہد جام و رکھ فکرِ فردا اک طرف

ساقی اپنے گر گیا دل بیتاب زیرِ خاک
تو ہو چکا نصیب مجھے خوابِ زیرِ خاک

اے برق بس اولجھ کے نہ اڑ جائیں ہیچ میں
دامن ابھا کے آیو اس ہشیاں تلک

خرام ناز سے ہے قیامت ایواں کب تک
زمیں پر فتنہ بپا کیجیے گا ہر زماں کب تک

ترے بیمار پر ہونی جو ہو سو ہو چکی ظالم
تردد میں دلِ احباب و جانِ دوستاں کب تک

نکہت کو تجھ سے لی ہے صبا اور صبا سے ہم
لے عطر تیرے تن سے قبا اور قبا سے ہم

ہے تیرے بوئے عطر گریباں سے مست گل
گل ہے چمن چمن سے ہوا اور ہوا سے ہم

بیعت پذیر سلسلۂ پیچ و تاب ہیں
شانہ سے مو بمو سے بلا اور بلا سے ہم

آئینہ اس لقا سے کرے اکتساب نور
دل آئینہ سے دل سے صفا اور صفا سے ہم

ہر آن غمزۂ قدر انداز سے ترے
جیوان قدر قدر سے قضا اور قضا سے ہم

مطرب ہنی ترے لب میں نے بجا دی مگر
ہونٹوں سے تیرے مست صدا اور صدا سے ہم

ممنون کبھی عجیب غزل جبکی بیچ سے
جا جذبیاں بیاں سے ثنا اور ثنا سے ہم

ہونے پایا مرے قاصد کا نہ پیغام تمام
تھا سخن لب پہ کہ قاتل نے کیا کام تمام

طبعِ دل نے نہ چھوڑا کہ کبھی ہم اک بار
لائیں تسکیں کیے لب پہ ترا نام تمام

www.urduchannel.in

[illegible] کیونکہ وعدہ کا ترے ۔ ز ہوتا [illegible]
کر حسرت دل سنائیں گے ہم
[illegible] ہیں ۔ [illegible]
[illegible] دل [illegible]
[illegible]
[illegible] دل [illegible]
[illegible]
[illegible]

چل بسے قافلے یاروں کی خبر تک نہیں — دل غفلت زدہ کچھ فکر سفر کرتا نہیں
چشم گریاں ترے رخسار پہ شب بھی کسکی — شبنم آلودہ سا کچھ وہ گل تر ہے کہ نہیں
روسوے غیر تو ہنگام سخن رکھتے ہو — ہر تری بات مری قسمت میں نظر آتی نہیں
صورت نقش قدم مجھسے اٹھا جائے کہاں — اس سر راہ پہ نہ بیدد تو یہ جائے کہاں
مجھکو ہر بار لبھہ جامیرے درسے پیاسے — تو ہی کہہ دل جو کسیکا ہو لگا جائے کہاں
ہے جو احوال ستم دیدۂ ہجراں کا ترے — وہ کہا جائے کہاں اور سنا جائے کہاں

قہقہہ شیشہ صفت جب میں کبھو کرتا ہوں — گریہ خون سے لبریز گلو کرتا ہوں
مدتوں سے دل زخمی کو نہیں لذت درد — اسمیں پہر نشتر پر زہر نرو کرتا ہوں
خم میں بیٹھا جو فلاطوں تو یہ کہتا تھا سپہر — رہ تیری خاک کو میں صرف سبو کرتا ہوں

یہ صفا ۔ یہ رنگ ۔ یہ خوبیاں ۔ جو بہر بس ہیں عارض یار میں
نہ سمن میں یہ ۔ نہ چمن میں یہ ۔ نہ گلوں میں یہ ۔ نہ بہار میں

[illegible] پری دیکھو تو — دل ندے یہ ہی ہے تاب بشری دیکھو تو
[illegible] ہوا ۔ [illegible] گاہ تبرت — ملک یہ نیرنگی آہ سحری دیکھو تو
[illegible] — سب پچھے [illegible] دیکھو تو
[illegible] — [illegible] دیکھو تو
[illegible]
[illegible]

www.urduchannel.in

اک نظر کرتے ہی اظہار کیا کیا کیسا کچھ
دو اشاروں میں ہوئے شوق ادا کیا کیا کچھ

عہد پیماں۔ قسم۔ قول۔ غلط سب تھے غلط
دلفریبی کیلئے کی نہ دغا کیا کیا کچھ

آپ کو خاک کیا خاک کو ہوا دیا
کوششیں کی ہیں دم مشق فنا کیا کیا کچھ

بیوستہ وہاں ہے تیر کماں ستم کے ساتھ
کیا دیکھئے ملوک ہوں صید حرم کے ساتھ

شب ہم کو کشتہ فون رہا فوج غم کے ساتھ
سو حسرتیں شہید ہوئیں اپنے دم کے ساتھ

کون تھا یہ کہ سینہ میں بیدار ہو گئی
صد آرزوئے خفتہ صدائے قدم کے ساتھ

لے چشم انتظار تو اختر شمار رہ
یہ رات آشنا ہی نہیں صبح دم کے ساتھ

یہ بھی ہے ظلم نو کہ بے جور ناگہاں
اول کرے ہے مجھکو وہ خوگر کرم کے ساتھ

یارب یہ کس بہشت دلکش کا جوار ہے
جاتا ہے جی کہاں مرا ہر اک قدم کے ساتھ

سچ مجھکو ربط غیر سے کب ہے کہے ہے صاف
رکھنا تری زبان کا جھوٹی قسم کے ساتھ

کسی کا دل جو ہی لینا تو لیجے چاہ کی راہ
کہ نہیں فائدہ کا فائدہ ہے راہ کی راہ

دل اندوہگیں کو بجا دیکھ ہو نہ مہرباں
کہہ پیچ ہے اس کا کل سیاہ کی راہ

روش کچھ اور ہے اسکی میرے طریق ہیں اور
دلا نظر نہیں آتی ہے کچھ نباہ کی راہ

پڑے ہیں مست در دیر پر مرید آؤ
کہ شیخ بھول گئے رات خانقاہ کی راہ

کسی کی بد رقہ لطف پر ہے چشم اس کی
جو اختیار ہے ممنون نے کی گناہ کی راہ

دل کے یہ داغ ہیں اک آگ لگانے والے
جو مرے پہلو میں بیٹھے سو جلانے والے

خواہ بیداد تو کر۔ خواہ فلک۔ خواہ یہ دل
ہم ہر شکل ہیں اک ظلم اٹھانے والے

پاؤں ممنون نے نکالے ہیں بہت دیکھ تو
ہیں ہی اس شہر میں زنجیر بنانے والے

نگاہ و غمزہ سے اس کی ستم یہ جاں پہ ہے
کہ تیغ تیغ پہ لگتی سناں سناں پر ہے

نہ پوچھ کچھ مری راحت کہ بن ترے کر گئے
گئے ہے دشنہ پہ کہہ تیغ خوں چکاں پر ہے

جو خوں ہو طرز تبسم سے۔ دیکھ پھر بھی
خیال جو سر ہیں اس لب دہاں پر ہے

قسم جنوں کے سبکدست یوں کی آج نہیں
یہ پیرہن کہ گراں جسم ناتواں پر ہے

کہی نہ حالت ممنون ہے کیا یہ دیکھوں گا
کہ ہاتھ دو دو پہر تک دل طپاں پر ہے

www.urduchannel.in

غمزہ کو پیرہن کا دشمن ہونا پڑا
وصل میں بھی نگاہ شوق کا رہنا پڑا
حسرت دید میں دیدۂ خونبار کو
سنے گل خندہ زن ہوئے
نام بھی اپنا ہجر میں
تمہارا آہ میں سینہ سے کل نکلے
وداع ہوش کو ہاتھ
نگاہ ناز و نیاز تماشا رہا میں تھی
کیا مقام مرے سینہ میں
کہاں تک ضبط آہ و زخم
دماغ اس شوخ ہستی کا کہاں
یہ بھی ہیں
بہت سی ان
گرہ ہیں حسرتیں دلمیں بہت شب وصل کی ہوئی
عبث گھٹ گھٹ کے کروٹیں دیتے ہوئی گھلتی ہو کیوں من
کرنے نہ پائے نیم تبسم کہ بس چلے
جگر کے دود سے رنگیں نشاں آہ کیے
سنا ہی ممنوں امرزگار اس کا نام
بیطاقتی نے جس جا ہم کو بٹھا دیا ہی
تجھے سبزہ رہگذر کے یا نقش پا فلک ہم
خوبی پہ ناز اپنے جو کہیے بجا ہے
ممنوں ہم تضا کے کچھ بہت نہیں ہیں

قطرہ خون ہی وہ پارہ جگر
عشوہ کے اہتمام سے غمزہ کی
خانہ ویراں ہو ڈھونڈھا کیے
داغ جہاں
فکر یہاں
تیر کی
وہاں سے غنچہ و گل یہاں سے سوگلے نکلے
ملال و حسرت و حرماں کے قافلے نکلے
رگ جان کے ہوئے تا کجا خلش ستم کیجے
اگر اب خواب راحت زیر دامان عدم کیجے
یہ دل اور اسقدر صدمے ہمارا کس کا غم کیجے
لڑائی ایک ہو رہیے بس اب صلحیں ہم کیجے
ادھر اور ہر ذرا ہلا لیے دل غم کو کم کیجے
جون غنچہ رنگ گلشن ہستی پہ ہنس چلے
دل شہید کے غم میں علم سیاہ کیے
نہ ضبط کرتے ہی بن آے ہی نہ آہ کیے
اس آسرے پہ نہ کیا کیا گناہ کیے
پھر اضطراب دل نے وہاں ہی بٹھا دیا ہی
یوں خاک بن جو تو نے ظالم ملا دیا ہے
ٹکڑا خدا نے تمکو اک چاند سا دیا ہی
البتہ ایک دل تو درد آشنا دیا ہے

www.urduchannel.in

انتخاب کلیات ملک الشعرا مہدی علی

ذکی مرادآبادی معاصر شیخ ناسخ

واہ واصل علی رتبہ جناب پاک کا
جسکے حسن جلوہ پر ناز ان شرف لولاک کا

جلوہ کرتا ہے دوبالا دلبر چالاک کا
چنپئی رنگت پہ عالم چنپئی پوشاک کا

خون کا دریا تھا سینہ میں لبالب موج زن
تیر کر نکلا خدنگ ناز اس سفاک کا

ناز معشوقانہ کو زیبندہ ہے شان حجاب
لن ترانی گو ہے جلوہ شاہد بیباک کا

رنجی میں بوئے معنی ہے پیدا ذکی
سرزمین ہند میں کیا عطر کھینچا خاک کا

دلوں میں جلوۂ دیدار سے دیکھا اثر پیدا
نقاب لن ترانی گرچہ تھا پیش نظر پیدا

شب تاریک میں برق تجلی جلوہ گر ہووے
جو مشکین جعد میں اس سیمتن کی ہو کمر پیدا

بگولے کی طرح اٹھتا ہوں میں صحرا نوردی کو
کیا ہے میرو پا ئی میں کیا پائے سفر پیدا

گل زخم جگر کا رنگ ہو ہر داغ سے روشن
جو اپنی خاک سے ہو لالہ خونیں جگر پیدا

تن وجانکی نہیں اصلا خبر آشفتہ حالوں کو
ہوئے ہیں بیخودی کے واسطے ہم بیخبر پیدا

ذکی جوں شمع اپنی زندگی جلتے کٹتی ہے
کیا ہے سوز دل کے واسطے ہم کو مگر پیدا

رمز سوال ہے نہ اشارہ جواب کا
خانہ خراب عالم شرم و حجاب کا

کیونکر نہ خون ہو مری حسرت بھری نگاہ
آنکھوں میں کٹ گیا ہے زمانہ شباب کا

ساقی رہا نہ بزم خرابات نہ حریف
افسانہ رہ گیا میرے حال خراب کا

بے لطف زندگی کی بہاریں ہیں سخ میں
عیش و طرب کے ساتھ مزا ہے شباب کا

اس فکر سے خدا شد خاطر ہوئی ذکی
مشتاق شوق ہے غزل انتخاب کا

شکوہ عیش ہے وحشت خانہ خراب کا
موسم عصہ ہے فصل گل کا زمانہ شباب کا

اہل نظر کو مرگ سے ہرگز نہیں پناہ
دیکھ آب زندگی میں تماشا حباب کا

چھینٹیں اڑیں جو خون شہید بہار کی
دیکھا ہوا کے تخت میں تختہ گلاب کا

وحشت کا آشکار نہ لیخا کے حال سے
آنکھیں بیان کرتی ہیں افسانہ خواب کا

www.urduchannel.in

ہر غنچہ میں چھپی ہوئی اک بات ہے ذکی
گویا جواب بند دہن لاجواب کا

دیکھا جو سبز رنگ بت سیم پوش کا
خون زہر ہو گیا دل خونابہ نوش کا

گویا صریر خامۂ معجز نگار ہے
مضمون اڑ گیا ہے فغاں سبزپوش کا

شانہ نہ اس پری کے پریشاں جو لفظ ہے
انداز اور ہے دل خانہ بدوش کا

وہ دل نہ وہ بہار نہ وہ چھیڑ رہے
افسانہ رہ گیا مرے جوش و خروش کا

دریا کی سطح پر قلم موج سے ذکی
تحریر حال کیجئے اشکوں کے جوش کا

یہ لطف ہے کہ تکلف ہے آشنائی کا
یہ دلبری ہے کہ فقرہ ہے دلربائی کا

نہیں خیال کچھ اس گل کی بیوفائی کا
بہار پر ہے مزا تازہ آشنائی کا

جگر کا داغ ہے شکل ہلال روز افزوں
خراش ہے یہ کسی ناخن حنائی کا

مزے جہاں کے اٹھائے یہ خاکسار نہیں
کہ بندگی میں تماشا کیا خدائی کا

ذکی جہاں میں کیا کیا دورنگیاں نہ ہیں
جو رات وصل کی گذری تو دن جدائی کا

یہ کیا سبب کہ تکلف ہے مہربانی کا
تپاک ہے تو وہ ہر کا ہے بدگمانی کا

سنا یہ شہرہ ترے غمزۂ نہانی کا
کہ جی تڑپنے لگا ہر تن ترانی کا

ہنوز دشت جنوں میں غبار اڑتا ہے
نشان باقی ہے مجنوں کی بے نشانی کا

تڑپ اٹھے جو دل زار بیقرار کبھی سے
قیامت آئے جو ہو زور ناتوانی کا

ذکی رقم نہ کہیں جوہر سخن کی رقم
کہے دکھائے ہے زور نکتہ دانی کا

کسے فراغ ہے یہ دہر دل نادان کا
جو دامن یار ہی چھوٹا تو گریبان کسکا

ہوں باوہ کہاں پیشۂ مستانی میں
لب ساقی کی گزک ہو تو نمکدان کسکا

لے اڑی انجمن ناز میں دل کسکی نگاہ
چھوا ل کرنے لگا غمزہ پنہاں کسکا

طرفہ موزوں رہا حسن و عشق کا افسانہ
جمع اک مصرعہ تو اک مصرعہ پہ پروانہ تھا

پہنچ میں تیر کے یوسف کو نہ آنے لگی
جامہ تا آب زلیخا کا عجب افسانہ تھا

ہے قیامت کیا کہوں ہو قہقہہ پرداز نہ خ
گر مرے پر اتفاق جلسہ یارانہ تھا

داغ ہو کر دل نے دکھلایا تماشا ہے بہار
ہشتم تر کو تھا یہ لاق جیسا کہ جانا تھا

www.urduchannel.in

یہاں شب تار لحد میں شغل تنہائی ذکی
صبح محشر تک زباں پر زلف کا افسانہ تھا

قاصد کے ہوش گم تھے یہ طرفہ ماجرا تھا
کہتا تھا کچھ زبانی اور خط میں کچھ لکھا تھا

شکل حباب کیا کیا آنکھوں سے رنگ دیکھے
کیا چشم تر کا ساغر جام جہاں نما تھا

وہ پنجۂ نگاریں اپنا کہ آنکھ جھپکی
تھی طور کی تجلی یا شعلۂ حنا تھا

اک بات پر تمہاری سو جی سے ہم تو قرباں
کچھ بات اب پوچھو کیا جانئے وہ کیا تھا

سنکر غزل ذکی سے اے سست نظم شاعر
خاموش کیوں ہوا تو گر دل میں حوصلا تھا

شب طرفہ اختلاط ہم دلستاں سے تھا
دل سے تپاک حرف شکایت زباں سے تھا

لانا نہ تھا رقیب کے آگے زبان پر
شکوہ جو دل میں اس بت نامہرباں سے تھا

افسردگی نے حیف کہ یکسر مٹا دیا
چرچا جو حشر کا مری شور و فغاں سے تھا

حالت میں اپنی گرم فغاں تھا میں ہمصفیر
شکوہ بہار سے نہ گلہ باغباں سے تھا

آتش قدم جو برق سے تھی بوے پیرہن
شعلہ بلند گرد رہ کارواں سے تھا

بیخود ہیں وقت مرگ ہم اتنے جہاں میں
یہ بھی خبر نہیں کہ علاقہ جہاں سے تھا

غمروں نے آکے کیں جو یہاں شدتیں ذکی
معلوم کچھ ہوا کہ اشارہ کہاں سے تھا

شیشہ ساں ہمکو جگر غم سے لہو کرنا تھا
نالہ حسرت سے گرہ بند گلو کرنا تھا

بد دماغی سے ہوا خاطر صیاد کو رنج
ہمصفیران چمن کو نہ غلو کرنا تھا

رشتۂ جاں سے رکیخا کو حیا کی خاطر
چاک پیراہن یوسف کو رفو کرنا تھا

شب وصل گزر گئی تو سحر کو اپنا یہ حال تھا
دلِ دیدہ حیرت و غم میں تھے کہ یہ خواب تھا کہ خیال تھا

یہی ہائے خوب تھی زندگی کہ ہماری آنکھ بھی تجھ کو
انہیں چاہ حد سے زیادہ تھی ہمیں ذوق شوق کمال تھا

گئے دن گذر جو شباب کے تو مزے جہاں کے سب گئے
جو نگاہ کرتے تھے غور سے تو یہ کچھ نہ مانہ کا حال تھا

نہ وہ اختلاط کی گہما گہمی وہ ارتباط کی بات تھی
نہ تو دن وہ دن تھا نہ وہ رات تھی نہ وہ ماہ تھا نہ وہ سال تھا

مرے حال زار پہ کی نظر تو ری نہ اسکو بھی کچھ خبر
ہوئیں چیرتیں جو ادھر ادھر تو جواب تھا نہ سوال تھا

یہ کہنکے تھے دلمیں سازی مگر اپنی طبع نہ جمتی تھی
لکھیں اس زمیں میں غزل ذکی ہمیں مدتوں یہ خیال تھا

رہ خنجر اس چشم شرمگیں کا کہ خون ہو دل غزالیں کا
وہ جلوہ افشاں چنی جبیں کا کہ ماند ہو جائے چودھویں کا

www.urduchannel.in

نہفتہ غمزہ سے رمز آشنائی کہیں تغافل سے کج ادائی — کہ آفت جاں ہے آشنائی حجاب ہی چشم شرمگیں کا
کہوں میں اس شکریں دہن سے کہ رنگ اڑایا تری ہنسی نے — جو خندہ شمع انجمن ہے مزا اچٹتا ہی انگبیں کا
زماں پیشیں کا ماجرا ہی کہ عبرت افزا ہر ملا ہی — زبانہ یار و نکے ریگیا ہی جو ذکر باقی کہیں کہیں کا
نہاں خط ہی گلگوں سے باہر کہ آئینہ ہی وہ رے انور — وہاں سا ہی شعلہ دامنہ پہ عکس گیسوی عنبریں کا
اگر وہ طبوس میں زری کے دکھائے انداز دلبری کے — تو اڑ چلے ہیں پہ یکے کہ تتمہ اس شوخ نازنیں کا
ہوا یہ روشن سخن کا جوہر کہ ہر سخنور کی ہی زباں پر — کیا ہی مہر فلک نے پرتو ذکی نے ہر ذرہ اس زمیں کا

نا مرگ درد عشق نہ ہمسے جدا ہوا — زیر کفن بھی ہاتھ ہی دل پر دھرا ہوا
نالہ ضعیف دلسے کہاں تک لب تلک — منزل بڑی ہی اور مسافر تھکا ہوا
کیا کیا مجلسوں میں اٹھائیں مصیبتیں — کس کس کا آشنا دل درد آشنا ہوا
اب تک فغاں بلند ہی سیلاب کوہ سے — شیریں جو کوہ کن کو نہ رونی تو کیا ہوا
اچھا ہوا کہ عشق کی رسوائیاں نہ ہوئیں — کچھ ہمسے آشنا تو وفا آشنا ہوا

غریب واقعہ فرہاد کا فسانہ ہوا — پہاڑ ٹوٹ پڑا موت کا بہانہ ہوا
بہار تازہ دکھائی خزاں کی آتش نے — کہ لالہ زار خس و خار آشیانہ ہوا
بسے ہوئے تھے دلوں میں ہزار ہا نیرنگ — طلسم ہستی موہوم اک بہانہ ہوا
یہ جوہر ابر بہار سخن کے دیکھہ ذکی — قلم سے گرتے ہی نکتہ دریگانہ ہوا

پھر جگر کا شور جنوں تازہ دم ہوا — پھر آفتاب حشر کا تیغا علم ہوا
لے رشک حور دیکھو کہ اشکوں کے داغ سے — شہر چراغ دامن باغ ارم ہوا
طوفاں انہیں گے انجمن حسن و عشق میں — تر دامن نگاہ گر اے چشم نم ہوا
دل کے دھوئیں سے قیس کا سینہ ہوا سیاہ — لیلے کا خیمہ گاہ سواد حرم ہوا
مضموں سیاہ مست نکلنے لگے ذکی — گویا قلم شراب کی اپنا قلم ہوا

گل ہوے داغ یہاں جب پر پرواز ہوا — کانٹے پیدا ہوے کینوں کا جب آغاز ہوا
ہر قدم ہانے لگی نغمہ سے پیدا تحریر — جلوہ آرا جو وہاں شعلہ آواز ہوا
خسے منہ پر ترے آئینہ ہوئی طرز صفا — صاف مضموں کہ درت قلم انداز ہوا

www.urduchannel.in

خاک سے کشتہ لب کے ہو چمن میں پیدا اثر
خون پٹکا دہن غنچہ اگر باز ہوا

ہمصفیر اپنا گلستان معانی میں ذکی
کوئی بیدانہ بجز بلبل شیراز ہوا

یہاں طپش سے مطلب سرگشتگی حاصل ہوا
شعلۂ جوالہ بیتابی سے داغ دل ہوا

جلوہ گر چشم سے حال دل بیتاب ہوا
یاں عیاں آئینہ سے جوہر سیماب ہوا

چھپ گیا دل کی کدورت سے طبیعت کا فروغ
لکۂ ابر نقاب رخ مہتاب ہوا

سجدۂ قبلہ ابرو نہیں زنہار قبول
قد جو پیر ہیں ڈوتا صورت محراب ہوا

دور ہستی میں خرابی کے جو دیکھے ساماں
دل خورشید سحر ساغر خونناب ہوا

باغ معنی کی بہار اب ہے زمانہ میں ذکی
فیض سلطان ہنر ورسے جو شناداب ہوا

مذکور حسن و عشق اب فسانہ ہو گیا
خواب و خیال جلسۂ یارانہ ہو گیا

ہم ہیں کہ تجھپہ مرتے ہیں اے شوخ بیوفا
دل ہے کہ جان بوجھ کے دیوانہ ہو گیا

اب چشم و دل سے کام حریفانہ لے ذکی
انجام دور شیشہ و پیمانہ ہو گیا

جب ترے شہید ونگاہ کہو لکر کفن دیکھا
سینۂ غم کے داغوں سے غیرت چمن دیکھا

برق طپش جب چمکی اس نگاہ جادو سے
زرد ماہتابی سارے انجمن دیکھا

صبح شعلۂ فانوس گل ہو کہ اس گل کا
شبنمی ڈوپٹے میں پھول سا بدن دیکھا

کسقدر چمن آرا داغ دل ہے بلبل کا
آفتاب محشر کو شمع انجمن دیکھا

آنکھ میں سمائی ہے جو لطافت اس تن کی
خون دل ذکی ہمنے عطر یاسمن دیکھا

یہاں طپش سے شور محشر آشکارا ہو گیا
داغ دل صبح قیامت کا ستارا ہو گیا

برچھیاں ترچھی لگیں دلپر نگاہ یار کی
غمزۂ کافر کا جب پیماں اشارا ہو گیا

شوق آنکھوں سے دکھاتا ہے بہار نیخزاں
لالۂ باغ ارم داغ تمنا ہو گیا

تو ہوا گرم سخن اور کھل گیا راز نہاں
تو ہوا اور غنچۂ تصویر گویا ہو گیا

آہ سوزاں ہر دل دانا کو شمع راہ ہے
رہنمائے کارواں شوق زلیخا ہو گیا

شب جو بالے میں در گوش تمہارا دیکھا
چاند کے پالۂ آغوش میں تارا دیکھا

شمع ساں داغ ہوا رشک سے اپنا دل زار
اس پری کو جو کہیں انجمن آرا دیکھا

www.urduchannel.in

شعلہ پنہاں جگر سنگ میں ہے جلوہ نما
آتش عشق کہیں پھر بھڑک اٹھے نہ ذکی

ہر میں خورشید کے پیراہن خار دیکھا
اختلاط اس سے بہت گرم تمہارا نکلا

دریا میں ہے عکس رخ تاباں کا تماشا
کچھ اور ہی باقی ہوس لے کوہ کن و قیس

ہر موج میں ہے شہر چراغاں کا تماشا
یا دیکھ پکے کوہ و بیاباں کا تماشا

ان آنکھوں میں ہے جلوہ گری شعلہ رخوں کی
آئینہ محل میں ہے پرستاں کا تماشا

ہر غنچہ ہے اک طفل پریزاد کے مانند
سیر چمنستاں ہے پرستاں کا تماشا

سرگشتہ بگولے کی طرح خود ہیں ذکی ہم
پھر خاک کریں گے گنبد گرداں کا تماشا

بگڑ گئی جو کسی سے تو کچھ مزا نہ ہوا
ادھر تو ناز ادھر قتل ادھر گلا نہ ہوا

یہ طرز ہے کہ بناوٹ ہوئی ہوئی نہ ہوئی
یہ رمز ہے کہ تکلف ہوا ہوا نہ ہوا

لب فغاں سے ٹپکتا ہے رنگ عشق ذکی
ہزار رہنے چھپایا مگر چھپا نہ ہوا

بیخبر آپ ہوئے تجھکو خبردار کیا
ہمنے اودشمن جانی تجھے ہشیار کیا

مہ کنعاں کی زلیخا نے خریداری کی
عشق نے حسن کو رسوا سر بازار کیا

گو مگو بات ہی کچھ کہہ نہیں سکتا قاصد
کہہ نہ انکار کیا اس نے نہ اقرار کیا

چشمک پنہاں کی شوخی نے اثر پیدا کیا
غمزہ کاکل نے چوری کا ہنر پیدا کیا

دیدۂ خونیں سے پھر چمکا ستارا اشک کا
پھر ادا اسی نے یہاں رنگ سحر پیدا کیا

آگیا پیری میں دل پر نشۂ افسردگی
عاقبت جام سبوی نے اثر پیدا کیا

ہو کے از خود رفتہ ہم طرز اثنائے غم ہوئے
آپ سے گذرے تو اسکے دل میں گھر پیدا کیا

تازہ پھر جینے کی طرز غم تو انی ذکی
پھر بہار عشق نے رنگ دگر پیدا کیا

فضل گل نے چاک چاک دلیں گریبا کیا
آنے گل کہہ کہا کے سو کرے گریبا کیا

برق کی صورت بدلنا پیش سے کام ہے
بیقراری کے لیے بھی گریبا کیا

جب گئی ہمراہ قاصد کے نگاہ انتظار
نقش پا نے چشم حیراں کا اثر پیدا کیا

عالم استغنا سے خوب کہتے ہیں سخن
اپنے عالم میں ہمیں گو بیخبر پیدا کیا

زہ کیا سبزہ بیگانگی محبت میں ذکی
صندلی رنگوں کے غم میں سر پیدا کیا

www.urduchannel.in

جب سامنے کبھی وہ پری زاد آگیا
دیوانہ پن کبھی کا تمہیں یاد آگیا

دیرینہ شوق شورِ جنوں یاد آگیا
یہ کیا خیال لے دلِ ناشاد آگیا

مطلب تھا بیستونکی خرابی سے عشق کو
تیشہ کے سامنے سرِ فرہاد آگیا

بیخود ہی رہے اسیرِ قفس کس خیال میں
ہشیار ہو کہ موسمِ فریاد آگیا

ضبطِ نفس کی ہونے لگیں دم شماریاں
نزدیک عرصۂ لبِ فریاد آگیا

ہم بھی چلیں گے آپ سے ہو کر ذکی غبار
گر کارواں نکہت برباد آگیا

گذری بہار نالہ و فریاد رہ گیا
افسانہ وارِ عہدِ جنوں یاد رہ گیا

سب ہمصفیر قید سے چھوٹے بہار میں
اک میں اسیرِ الفتِ صیاد رہ گیا

ہونٹوں پر آگئی جو مری جانِ ناتواں
حسرت سے مجکو دیکھکے جلاد رہ گیا

عشرتکدے تو دورِ فلک نے کیے خراب
ویرانۂ جنوں مگر آباد رہ گیا

کس کام پر تو اے دلِ ناشاد آئیگا
پھر پھر کے کیا یہ موسمِ فریاد آئیگا

ان صحبتوں سے چھوٹ کے تڑپیگے مدتوں
یہ چہچہے چمن کا بہت یاد آئے گا

اے وائے بیخودی کہ خبر ہو گی اس گھڑی
جب تیغ سر پہ کھینچکے جلاد آئے گا

طے کر چکا ہے ناقۂ جاں بیخودی
آگے جنوں کا دشتِ عدم آباد آئے گا

کسکو یہ ہوش ہے کہ اسیری ہے گھات میں
کسکو خبر ہے باغ میں صیاد آئے گا

وحشت سے رسمِ راہ چھٹیگی تو اے ذکی
کیا کیا نہ چاک دل کا مزا یاد آئے گا

صاحب لوگوں کا بعد فنا نام رہ گیا
بھشتِ جید کا نقشِ نرالا جام رہ گیا

صیاد نے خبر ہی نہ لی مرغِ دل کی جب
آخر تڑپ تڑپ کے تہ دام رہ گیا

قاصد نے آکے بات بڑھانی نہ کچھ کہی
خون ہو کے شوق بوسہ بہ پیغام رہ گیا

دیکھا جو زورِ رنگیِ عشاق کا کمال
حیرت میں آفتاب لبِ بام رہ گیا

اصل بہار تھا ہمارے ہم شگفتہ دل
شورِ جنوں کا مفت میں الزام رہ گیا

کیا کیا مزے اٹھائے ہے غفلت نے ذکی
اک تو ہی بزمِ عشق میں ناکام رہ گیا

جادو ہی کو خمزہ ہے کسی رشکِ پری کا
کچھ فتنہ اثر برق کیے ہے جلوہ گری کا

www.urduchannel.in

اس چشم فسوں ساز سے لڑتی ہیں نگاہیں
دھڑکا ہے مگر دل کی مجھے بے جگری کا

اس کافر بیدرد کو پروا نہیں ذرا سی
قائل ہوں میں اے آہ تری بے اثری کا

اس لعل پریشاں کی ہمیں یاد خوش آئی
کیا رنگ ملا مصرعۂ شوریدہ سری کا

محفل میں حریفوں کی دل افسردہ ہیں لیکن
پروانے کو ہے داغ چراغ سحری کا

اک برق سی چمکی نگہ شعلہ فشاں میں
دیکھا جو بھبوکا بدن اس شوخ پری کا

عنقا کی طرح نام کو رہ جائے گا جوہر
چرچا ہے جہاں میں جو بھی بے ہنری کا

آنکھوں سے مری صورت حیرت ہے نمایاں
آئینہ ہے انداز تری جلوہ گری کا

دزدیدہ نگاہوں میں تکلف ہے زیادہ
کافر کو گماں ہے جو مری بد نظری کا

بیری میں ذکی عشق کی رخصت کا سماں ہے
ہر داغ میں ہے جلوہ چراغ سحری کا

حیرت ہے ذکی محفل یاران عدم میں
افسانہ سنتا ہے جو مری بے خبری کا

چشم میں ہو جو نگاہ شہر انشاں پیدا
صف مژگاں پہ کروں شہر سپہ غاں پیدا

گرد سر پھرے جو آبلہ پا دنکا غبار
اتنے ذرے نکرے ریگ بیاباں پیدا

دل میں خوں ہو گئیں افسوس وہ پہل ہوسیں
اب تمنا ہے کہ پھر ہوں نئے ارماں پیدا

کیا گلستاں عدم میں ہم شادی و غم
گل خنداں جو ہوئے چاک گریباں پیدا

کیا نشاں قافلۂ رفتہ کے گم ہیں کہ ذکی
نقش پا ہے نہ کہیں گرد بیاباں پیدا

یوں ہوئے داغ دروں زیر گریباں پیدا
جس طرح شعلہ ہو فانوس میں پنہاں پیدا

چاہیے داغ نمایاں جگر چاک کے ساتھ
ہوئے خورشید سحر دست و گریباں پیدا

سبزۂ رخسارۂ محبوب پہ ہیں جو خطیں
ہے گلستاں کے ورق پر خط ریحاں پیدا

راہ جو پہلی ہی منزل کی غلط کی ہم نے
سبزۂ گور ہوا خضر بیاباں پیدا

بیگانہ ہی سی ہیں سخت ندامت ہے ذکی
جرم نا کردہ کیا ہم کو پشیماں پیدا

یاران رفتگاں سے وہ باقی نشاں رہا
گشتہ جو غبار پس کارواں رہا

گلشن ہوا ہے برہم دل کو شگفتگی
وہ شور شیں کہاں وہ نوا اب کہاں رہا

پایا نہ ایک دم جرس آہ کو خموش
یہاں کارواں اشک بہ رواں رہا

www.urduchannel.in

دورِ جہاں میں اب ہیں قیامت خزاں کہاں
نہ وہ زمیں رہی ہے نہ وہ آسماں رہا

عالم میں فیضِ لطفِ طبیعت سے اے ذکیؔ
جوں بوئے گل عزیز رہا میں جہاں رہا

شبِ فراق میں گرمِ انتظار رہا
دلِ ستم زدہ پہلو میں بیقرار رہا

مزا نہ زیست کا اے جاں بیقرار رہا
کہ یہاں وہ دل نہ وہاں عالمِ بہار رہا

مزا نہیں جو گلستاں میں چار دن مہماں
مسافروں کی طرح موسمِ بہار رہا

کسی نے بھی مری افتادگی پہ کی نہ نگاہ
عدم کے قافلہ والوں کو میں پکار رہا

ذکیؔ فراق کی تاثیر سے موئے پر بھی
چمن سے دور مرا سبزۂ مزار رہا

چمن میں جا کے فغاں ہمنے بار بار کیا
ستم ہزار کیا ماتمِ بہار کیا

مثالِ شمع یہ کی اشک و آہ کی خاطر
کہ سر کا طرہ بنایا گلے کا ہار کیا

ٹپک کے اشک گرے چشمِ تر کے دامن پر
جو خندۂ لبِ ساغر نے شرمسار کیا

کیا جو ہمنے دلِ خستہ جاں کو شوق سے داغ
نگہ کو سوختہ برقِ انتظار کیا

شرر گرا کے مضامیں سوزِ دل سے ذکیؔ
قلم نے صفحۂ مکتوب زرنگار کیا

کیا کہا میں نے کہ جھڑکی کا سزاوار ہوا
بات کیا منہ سے نکالی کہ گنہگار ہوا

ہیگے بالوں کو جو ہاتھوں سے بچوڑا اُسنے
شعلۂ رنگِ حنا زور و جواں دہار ہوا

ہر سخن میں تجھے رہتا ہے تکلف کا خیال
بات کہنا ہی ترے سامنے دشوار ہوا

اک جہاں ہے کہ نہیں لطف نگہ سے آگاہ
ایک میں ہوں کہ ترا گشتۂ دیدار ہوا

بلبلِ نغمہ سرا اپنا چمستاں میں ذکیؔ
آ کے کوچہ میں تری صورتِ دیوار ہوا

جسوقت شور اپنے دمِ سرد کا اٹھا
خورشید صبح حشر وہیں ہتھر ہتھر اٹھا

اٹکھیلیوں سے اُسنے بجائیں جو تالیاں
شعلہ سا بنکے طائرِ رنگِ حنا اٹھا

ضبطِ نفس نے فرصتِ شور و فغاں نہ دی
دلمیں تو اپنے درد نہاں بارہا اُٹھا

دل سیر ہو گیا ہے زمانے کی سیر سے
یہ طائرِ خیال جہانسے اُٹھا اُٹھا

یاخوں کی چاشنی لبِ حسرت سے ذکیؔ
یا بوسۂ لبِ نمکیں کا مزا اُٹھا

ہمنے کیا چشمِ تصور میں گلستاں باندھا
خانۂ آئینہ میں شہرِ چراغاں باندھا

www.urduchannel.in

صبح محشر ہے ہوئی سینۂ صد چاک کی شق
چشم نے نوح کے طوفاں سے دُہائی دی ہے

کیا کہیں قتل پر عشاق کے باندھی ہے کمر
خیر ہے آپ نے کیوں گوشۂ دامان باندھا

ہمنے چاک جگر و داغ دروں کا مضموں
مثل خورشید و سحر دست و گریبان باندھا

شوخ مضموں ہے ذکی زلف سخن کا پابند
دام تصویر میں آہوئے بیابان باندھا

طرز سخن مرقع نیرنگ ہو گیا
کاغذ طلسم خانۂ ارژنگ ہو گیا

جب آفتاب داغ تمنا ہوا طلوع
دریائے چشم تر شفق رنگ ہو گیا

کیا لطف زندگی تھا بہار شباب میں
ہستی کی انجمن میں عجب رنگ ہو گیا

شادی میں حسن و عشق کی ٹھہریں جو نسبتیں
وحشت سے نامزد دل بے ننگ ہو گیا

مجھسے نگاہ یار جو برہم ہوئی ذکی
نالہ مرا نوائے کج آہنگ ہو گیا

یہ بزم دہر میں ہے احترام شیشے کا
کہ جلوہ گاہ پری ہے مقام شیشے کا

یہ اہل دل کو ہے مستانہ وجد لے صوفی
کہ دیکھتے ہیں قعود و قیام شیشے کا

جا بجا گرم ہے چرچا دل سودائی کا
ہر زباں پر ہے سخن عشق کی رسوائی کا

عشق ہے رنگ حنا کو کہ یہ کس خوبی سے
بوسہ لیتا ہے ترے ہاتھ کی زیبائی کا

حسن کی سیر ہے منظور تو رکھیے ہر آن
آئینہ پیش نظر چشم تماشائی کا

وحشت آباد جنوں میں، جو بگولے دیکھے
لے اڑا شوق ہمیں بادیہ پیمائی کا

عالم حشر میں دل کس کا بہلتا ہے ذکی
کہ اٹھایا ہے مزا تیرے تماشائی کا

سودے کا رشتۂ زلف گرہ گیر سے ہوا
جاری جنوں نکا سلسلہ زنجیر سے ہوا

پرواز سے کہیں تری دلکی گرد تھیں
مطلب عیاں لپیٹ کی تقریر سے ہوا

یکجا ہوئے جو منزل وحشت میں حسن و عشق
غلغل کا مقابلہ نفیر سے ہوا

دریا میں بیحجاب در آیا جو وہ نگار
نیرنگ طرفہ جلوۂ تنویر سے ہوا

پایا سواد نقش جبیں سے کہ اے ذکی
طغرائے غم رقم مدد تقدیر سے ہوا

آج تو نشہ ہے کچھ اور ہی رعنا اور ترا
آنکھڑیاں بھی ہیں چڑھی چہرہ ہے اور ترا اور ترا

بوسہ عارض کا لیا ہمنے بلا میں لیکر
کس تکلف سے ترے حسن کا صدقہ اتارا

www.urduchannel.in

یہ ہوس دل میں ذکی باغ مضامیں کی بہار
کہ نگاہوں سے پرستا نکا تماشا اوترا

چل بسے اہل جنوں خالی بیاباں رہ گیا
جا بجا الجھا ہوا کانٹوں میں دامان رہ گیا

ہنسی کے لطف اٹھے جو غضب میں یار آیا
ملی جو بوسہ یہ گالی تو اور پیار آیا

جنوں کے ساتھ ہیں کوچہ میں لف جانکے
ادھر ادھر دل گم گشتہ کو پکار آیا

نگاہ کیجئے برگشتگی نصیبوں کی
کہ انتظار میں ہم مر گئے تو یار آیا

ہوائے غم سے ہوئے تازہ دلیں داغ کہن
یہ گل کھلے کہ یہاں موسم بہار آیا

شفق عیاں ہی جو صبح شب فراق ذکی
نظر میں خون ہوا لطف انتظار آیا

جو زرد پوش کوئی رشک آفتاب آیا
شکستہ رنگی مہتاب کو حجاب آیا

گر یہی دل ہے تو ہوتی ہے تمنا کیا کیا
یہی آنکھیں ہیں تو دیکھیں گے تماشا کیا کیا

جلوہ حسن نہاں شورش خونابہ نشاں
موجزن چشم کے کوزے میں ہیں دریا کیا کیا

صورتیں دیدہ و دل سے تو نمایاں ہوئیں
دیکھیں اب ٹوٹ کے ہوں ساغر مینا کیا کیا

کر دئے داغ نہاں رنگ کی زردی نے عیاں
حال پوشیدہ ہوئے آہ سے پیدا کیا کیا

عاشقانہ سخن اب تک تو ہی عالم میں ذکی
دیکھیے آگے زمانے میں ہو چرچا کیا کیا

دیوانہ اس گلی میں دل زار ہو گیا
سایہ پری کا سایہ دیوار ہو گیا

قامت سے دلبروں کی قیامت ہوئی بپا
فتنہ خرام ناز سے بیدار ہو گیا

تاریک شب میں جلوہ رخ یار نے کیا
مشعل کا کام آتش دیدار نے کیا

پھر لائیں دل کو جوش پر اب گرم جوشیاں
سودا جو تازہ گرمی بازار نے کیا

تا سے بنا سے صبح بنا گوش نے کتر
بجلی کو برق جلوہ رخسار نے کیا

فضل و کرم ہیں اس کے ہنگام باز پرس
کیا وجد بندگاں گنہگار نے کیا

پرسان حال کچھ ہو سے حیف ہمصفیر
نالہ ہزار مرغ گرفتار نے کیا

جو خط میں نام کو سوز نہاں عیاں ہوتا
تو جائے یہ نقش نگیں داغ کا نشان ہوتا

ہنسی ہنسی میں کیا تیغ زخم دل تازہ
سمک چھڑکتے تو ایسا مزا کہاں ہوتا

شب وصال نہ تڑپا یہ دل تو خوب ہوا
کہ ہم تو جان سے جاتے وہ بدگماں ہوتا

www.urduchannel.in

نگاہ تند نے بھڑکائی آگ دل میں ذکی
وہ شوخ پیار میں آتا تو میں کہاں ہوتا

غفلت میں کام دل ہیں بے جستجو ملا
اپنی تلاش تھی کہ نصیبوں سے تو ملا

ہر طرح جور و ظلم روا رکھ پر اے صنم
یوں دل کو خاک میں نہ مرے رو برو ملا

گذرے جو بعد بہی بزم ہم وہاں
ہو کا مقام عربدہ گہ ہائے و ہو ملا

ٹوٹے ہوئے کچھ آئے نظر کاسہ ہائے ہم
شیشہ ملا نہ جام ملا نہ سبو ملا

بحر بر حال گریہ ہو منظور تو ذکی
پانی کی جا بداد میں دل کا لہو ملا

تو نے کیا ہم سے علاقہ بت نادان چھوڑا
ہم ہی چوکے جو ترا گوشہ داماں چھوڑا

آسماں تازہ کرے ڈھنگ دل آزاری کا
رنگ ورڈا سے بدلے ترے بیگانہ نگاری کا

اک بوسے کے طلب پر یہ گراں ہے خاطر
اور پھر حوصلہ ہے دل کی خریداری کا

خواب غفلت کا خیال آئے تو نیند میں کیا
لطف اٹھایا ہے شب وصل کی بیداری کا

نکھوں رشک سے زہر نصیب دشمن
نام لوں گر میں تم عشق کی بیماری کا

کیوں ہوئے کشمکش عشق سے دلتنگ ذکی
حوصلہ رکھتے تھے گر شرط وفاداری کا

غمزہ بیباک مشتاق دل آرائی ہوا
مژدہ اے شور جنوں ساماں رسوائی ہوا

جان کے جانے کا ہجر یار میں کچھ غم نہیں
تجھ سے چھٹنا پر غضب ہے رنج تنہائی ہوا

گرم پڑتی ہے ترے نظارہ باز و نیز نظر
جلوہ آرائی میں کیا شوق دل آرائی ہوا

جب سے دیکھیں انکھڑیاں متوالیاں تیری ذکی
لطف از خود رفتگی کا میں تمنائی ہوا

بے تکلف تجھے دیکھا جلوہ حسن اے ذکی
جب وہ مست ناز مصروف خود آرائی ہوا

وہاں لے تو گیا نامہ و پیغام ہمارا
پر لے نہ سکا نامہ رساں نام ہمارا

دیکھ جمال ساقی سر شار نے کیا
کار شراب شہرت دیدار نے کیا

مقتل میں سبلوں کے ہے پھر خنکنہ رنگ
یہ کہیت کس کے چاند سے رخسار نے کیا

گذرے جو گرم بہ دوں کے قافلے
طعنہ چمن پہ وادی پر خار نے کیا

اس گل کے جہاں تکنے سے جو پائی مراد دل
روشن چراغ روزن دیوار نے کیا

چمکا جو دل کا داغ گریباں میں اے ذکی
کار شعاع مہر ہر اک تار نے کیا

www.urduchannel.in

کبھی تو دن یہ ہمیں بھی نصیب ہو یارب
کہ دل سے دوست ہمارا حبیب ہو یارب

زباں حال سے وحشت میں شور ہو کب تک
کوئی تو اپنے سخن کا مجیب ہو یارب

یہ آرزو ہے کہ اس سے کروں میں رفع حجاب
کہیں جو لڑئے میں وہ دلفریب ہو یارب

عطا کیا ہے کرم سے وہ خاطر ہموار
کہ ایک حال قرار و شکیب ہو یارب

شب فراق میں ہر دم یہ ہے دعائے ذکی
وصال و وصل صنم میں نصیب ہو یارب

دل ہے فروغ آتش دیدار کا سبب
میں ہوں کسی کی گرمی بازار کا سبب

آنکھیں چرا کے شرم سے نیچی نگاہ کی
سمجھے وہ حیرت دل بیمار کا سبب

آتا ہے ننگ اسکو محبت کے نام سے
اے دل یہی ہوا غضب یار کا سبب

بیمار چشم یار سے معلوم کیجئے
مجھسے نہ پوچھیے مرے آزار کا سبب

حسن سخن سے رمز یہ پائی کہ اے ذکی
خوبوں کا عشق خوبی اشعار کا سبب

آشکار ہے لب ساقی سے پیمانے کی بات
آنکھڑیاں مے والیاں کہتی ہیں میخانے کی بات

طور پر کیوں اشتیاق جلوہ دیدار ہے
یاد ہوگی وادی ایمن کی ویرانے کی بات

تم کہو قصہ ہمارا بزم حسن و عشق میں
گل کہے روداد بلبل شمع پروانے کی بات

ہم اکیلے روتے ہیں برہم ہوئی بزم نشاط
حسرت اے شمع سحر ہے یہ تو مرجانے کی بات

غمزہ خونریز نے پیدا کیا دل سے تپاک
سیکھکر برق تبسم سے تڑپ جانے کی بات

ہر گل تر و سوسنہ کا دل خوں ہوتا ہے ذکی
سنکے بلبل کی زبانسے اپنے غم کھانے کی بات

ہاتھ سے چھوڑوں نہ شب بھر دامن گیسوئے دوست
تا سحر آنکھوں سے دیکھوں آفتاب روئے دوست

ہو گئی بربار شاید وہاں ہماری مشت خاک
کچھ غبار آلودہ آتی ہے نسیم کوئے دوست

خاک ہونے سے مرے ہے اسکی خاطر پر غبار
عکس دل ہے جلوہ گر آئینہ ہے پہلوئے دوست

زخم دل کی شکل چشم منتظر ہی دیکھے
اور کیا کیا گل کھلاوے نرگس جادوئے دوست

طاق نسیاں پر اسے کیونکر کوئی رکھے ذکی
مطلع دیواں اگر ہو مطلع ابروئے دوست

تشنگی ہے مرغ چمن کی سخن میں آج
ہے طرۂ بہار پریشاں چمن میں آج

یاد آگئی بہار جو دیرینہ عشق کی
شعلے ہر اک اٹھے مرے داغ کہن میں آج

www.urduchannel.in

شاید کیا ہے خون کسی بیقرار کا
شوخی ہے تیرِ غمزہ خاطر شکن میں آج

ہنستا ہے وہ کہ ہو نہ خجالت سے خرمنی
آتش لگی ہے خرمنِ برق فگن میں آج

ہیں سب کے زرد رنگ کہ آیا وہ شعلہ رو
مہتابیاں سی چھٹنے لگیں انجمن میں آج

غربت کی اپنے دی ہے خبر جو نسیم نے
ہے داغ ہر سینہ صبح وطن میں آج

سودا سے کیا دماغ پریشاں ہو ذکی
آشفتگی ہے زلفِ نسیم سخن میں آج

تھے عیاں معنی اقرار سے انکار کے بیچ
ہم نہ سمجھے سخن نامہ بر یار کے بیچ

کرتے ہیں جلوہ نما شام و شفق کا نیرنگ
زلف میں الجھے ہیں گلنار رخِ یار کے بیچ

پیچ و تاب دلِ عاشق کے سوا اور کہیں
تا قیامت نہ کھلے شوخیِ فتار کے بیچ

ہیں منظور نظر زلف کی خاطر شکنی
ورنہ ہم خوب سمجھتے ہیں یہ سرکار کے پیچ

پیچ و تاب غم و اندوہ سے ہو بیتاب ذکی
جسکو خوش آئے ہوں اس کاکلِ خمدار کے پیچ

سوزِ سخن ہے معنیِ چاک جگر کی شرح
مطلع ہے آفتاب کا رمزِ سحر کی شرح

زلفِ سخن ہے طرۂ پیچان کی ترجمان
باریک خیال میں کسی موئے کمر کی شرح

دیکھا جہاں کے ہم نے سیاہ و سفید کو
ہے صاف صاف نسخۂ شام و سحر کی شرح

آنکھوں کے شوق دید سے دل ہو گیا ہے داغ
سینے کے گل ہیں خوبیِ باغ نظر کی شرح

جوہر کی قدر کھلتی ہے معنی شناس سے
فہم سخن ہے نسخۂ علم و ہنر کی شرح

تا موشگافیاں ہوں سخن میں تری ذکی
لکھ موقلم سے نکتۂ زلف و کمر کی شرح

نشانِ زیست جو ہے نقشِ آب کے مانند
تمام آبلہ ہیں ہم حباب کے مانند

آہ و فغاں کے ساتھ نہیں کچھ نشانِ درد
گویا خموش ہے جرس کارواں درد

ہو گلشن میں دہر کی حیرت کا کیا سماں
کہئے زباں حال سے گرداستانِ درد

گلزارِ غم کو نالۂ سوزاں نے آگ دی
سب زرد رو ہے پھونک دیا گلستانِ درد

ہو گل کھلا سو چاک جگر ہی نظر پڑا
ہے خلبنِ باغ جہاں باغبانِ درد

دل بیقرار ہے تو خوشی جگر ذکی
بازارِ عشق میں ہو کہاں سود کا نرخ

گلشن گل نے سفر چمن کیا میرے بعد
[illegible]

لالہ رویوں کا جگر غم سے مرے داغ ہوا
تازہ گل باغ محبت میں کھلا میرے بعد

اپنی قسمت سے یہاں میں وہ ہوئی ہوں نایاب
ڈھونڈتا درد محبت کی دوا میرے بعد

نہ سُنا خار بیاباں کا زبانی پیغام
وہاں سے آیا نہ کوئی آبلہ پا میرے بعد

سخن اپنا جو نمک شور جنوں ہو تو ذکی
یار پڑھ پڑھ کے اٹھائیں گے مزا میرے بعد

اک شور تازہ ہو طپش دل کو دیکھکر
محشر تڑپ اُٹھے ترے بسمل کو دیکھکر

ہرنے گئے غزال بیاباں قدس کے
آوارگان عشق کی منزل کو دیکھکر

ہنس ہنس کے چٹکیوں میں اوڑاتی ہو کیا بھلا
نالاں ہوا ہے گل میں عنادل کو دیکھکر

مقصود کا مقام بہت دور ہے ابھی
مرتے ہیں یار پہلی ہی منزل کو دیکھکر

معشوق چاہتے ہیں کہ چاہ ہمیں کی
پریوں نے غش کیا ہے مرے دلکو دیکھکر

دھوئیں اُڑائے اُن آنکھوں نے سرمہ سا ہو کر
نگاہ برق ہی غمزہ آشنا ہو کر

یہ کیا ستم ہے کہ دیتے ہو پیار میں گالی
یہ کیا غضب ہے کہ ہنستے ہو تم خفا ہو کر

ہے یہ دیکھتے کنج قفس میں ہم تو ذکی
کہ ہم صفیر چلے قید سے رہا ہو کر

کہتے ہیں صیاد کو پہونچا ہے فرمان بہار
قید یونکو چھوڑ دے کر کے قربان بہار

حیں حیرت ہیں نگر نرگس کے پیرایہ میں ہم
آنکھوں سے بچا لاتے ہیں سامان بہار

جلوہ افشا نکا عرق اگیں جبیں پر دیکھکر
چاندنی بنتی ہے اپر گوہر افشان بہار

لالہ زار اب کے برس گر ہو بیاباں اے نسیم
مشہد مجنوں پہ روشن کر چراغان بہار

خورد و یونکو ہے پابندی غرور حسن کی
یوسف گل کے لیے موزوں ہے زندان بہار

آشیاں بلبل کا پھولوں سے بنائیں گے ضرور
اب کے ہم اے باغباں ہیں میر سامان بہار

خاک مجنوں کیا گلگشت خوباں کا مقام
تا قیامت ہے ذکی گردن پہ احسان بہار

عشق کی ہمت ہزاروں سے لگاتی ہے بھلا
چٹکیوں میں خندہ گل کو اوڑاتی ہے بہار

پھینکے داغوں سے جگر پر ہیں نشاں باقی ہنوز
دیکھئے اب کی برس کیا گل کھلاتی ہے بہار

آمد فصل خزاں کی دھوم ہے گلزار میں
بہر کے جی رو لیجئے آخر تو جاتی ہے بہار

جام گل سے گرتے ہیں شبنم کے قطرہ خاک پر
پھول منتظر کے مزاروں پر چڑھاتی ہے بہار

www.urduchannel.in

کس جگر سوزی سے داغ عشق ملتا ہے ذکی
کیا گریباں چاک ہوتے ہیں جو آتی ہے بہار

شمع دلسوز نے گل کہائے ہیں پروانے پر
مرتی ہے عاشق جانباز کے جل جانے پر

ہوے ساقی سے خجل واہ ری کم ظرفی دل
بوسۂ لب کی طلب پہلے ہی پیمانے پر

اب یہ سوچے کہ بناوٹ کی لگاوٹ تھی بجے
مدتوں ہولے رہی ہم ترے یارانے پر

داغ ہوتا ہے اسی غم سے دل زار کہ ہائے
شمع ہنس دیتی ہے پروانے کے جل جانے پر

کچ گیا عرصہ ہیبت اب وہ عزا دور گیا
جان کیوں شمع سحر دیتی ہے پروانے پر

قسمت نے کیا پھر گرفتار اوڑا کر
صیاد نے چھوڑا ہمیں سو بار اوڑا کر

اس شوخ جفاکار کی معشوق نگاہیں
لیجاتی ہیں آنکھوں میں دل زار اوڑا کر

چمکانے لگی برق بھی سورج کی نظر کو
انداز نگاہ بت خونخوار اوڑا کر

معنی پہ جو بیگانہ ذکی اپنے سخن میں
مضمون لیے جاتے ہیں اغیار اوڑا کر

غش ہے نگاہ شوخیٔ انداز ناز پر
جی لوٹتا ہے غمزۂ عاشق نواز پر

گر یہ روش یہی تو قیامت بپا ہوئی
یہ ناز ہے تو قہر ہے جان نیاز پر

مژگاں کی نوک سے جمال بہار کی
کھینچیں شبیہ دیدۂ نظارہ باز پر

ہم دل پہ کھینچتے ہیں وہ کاغذ پہ شکل دوست
ہم ہیں حقیقتوں پہ تو مانی مجاز پر

دل کو ہو شتیاق تماشا تو کیجئے
فرمائشیں زمانہ نیرنگ ساز پر

مضمون سوز دل کا اثر دیکھنا ذکی
خوں ہے زباں خامۂ معنی طراز پر

پامال غم کی اس کف پا کو نہو خجل
دل خوں ہو اور رنگ حنا کو نہو خجل

چوری سے بوسہ لیجئے پائے نگار کا
اس رنگ سے کہ دزد حنا کو نہو خجل

پردے میں آنکھ لڑتی ہے اس شوخ سے
پردہ یہ ہے کہ شرم وحیا کو نہو خجل

دل بسکاں الفت صیاد ہیں اسیر
یارب کہیں چمن کی ہوا کو نہو خجل

پنہاں شمیم گل کو اوڑا لائے ذکی
اس رنگ سے کہ باد صبا کو نہو خجل

دیکھے جو صفائے لب تقریر کے انداز
آئینہ ہوے جوہر شمشیر کے انداز

حیرت زدہ آنکھوں میں جو اشک شفق ہیں
ہیں چشم نظر شعلۂ تصویر کے انداز

www.urduchannel.in

تعظیم کے پردے میں بناتے ہیں مجھے آپ
میں خوب سمجھتا ہوں یہ توقیر کے انداز

کی دیر جو آنی تو رہا محو تماشا وہ
ہم پا گئے قاصد تری تاخیر کے انداز

باتوں میں لگا لیتے ہے خوب ڈھب یاد
سمجھا میں ذکی آپ کی تقریر کے انداز

جلوہ گر صبح کا تارا ہی شب تار کے پاس
وہ در گوش ہی یا طرۂ طرار کے پاس

سامنے یار کے کیا جائیے خالی ہاتھوں
اب تو دل بھی نہ ہا شایق دیدار کے پاس

برق جانسوز ہی اے شوخ تری گرمی حسن
خون ہوئی جا کے نگہ شعلۂ رخسار کے پاس

عالم نور تصور کا تماشا ہے ذکی
عمر گذری ہی جو خوبان طرحدار کے پاس

نالہ ہی جوش پر دل آزردہ جاں خموش
یہاں تو گرم شکوہ ہی اور میزباں خموش

اشکوں کے ساتھ آہ نکلتی ہے بے صدا
ہوتا ہی رنگ قافلۂ بے نشاں خموش

مجنوں ناتواں کو نہیں تاب انتظار
نالہ ہی لاگ پر جرس کارواں خموش

استاد عشق طوطی دل ہے یہ حرف زن
اور میں ہوں آئینہ کی طرح درمیاں خموش

طرز سخن سے لطف اٹھاتے ہیں آپ کی
محفل میں بیٹھتے ہیں کہیں نکتہ داں خموش

یہ ہو شعلہ زبانی سے دہن میں آتش
پھونک دے شعلہ آواز سخن میں آتش

داغ دل یار ازل ہی جگر افگاروں کو
ساتھ لایا گل نورستہ کفن میں آتش

سرخی پان سے ہوئی قہر تبسم کی بہار
اور بھڑکی چمن برق مین میں آتش

ظاہر اشعلہ نشاں ہیں سخن گرم ذکی
جوں حنا رہتی ہی پنہاں میرے تن میں آتش

وہ سبز پوش کرے جب اٹھا کے دامن قص
مزے میں آکے دکھائی بہار گلشن رقص

ہی گفتگو میں یار کی تکرار سے غرض
انکار سے نہ کام نہ اقرار سے غرض

بیتاب غم کو ہی سر سودائے انتظار
محشر سے کچھ نہ وعدۂ دیدار سے غرض

صحرا میں دیکھتا ہی تماشائے لالہ زار
یہ آبلوں کو ہے خلش خار سے غرض

جیت کر تیغ ادائے بت بے پیر سے شرط
خندۂ زخم کرے برق کی شمشیر سے شرط

سرمہ چشم غزالاں ہوئی گرد صحرا
خاک مجنوں نے یہ کی ہیرۂ تسخیر سے شرط

جلوہ آرا ہو فروغ دل سوزاں تو ذکی
جوہر طبع کرے جوہر شمشیر سے شرط

www.urduchannel.in

افسردہ دل کو ہو نہ کچھ وصال یار سے حظ
اٹھائے غنچۂ پژمردہ کیا بہار سے حظ

جبیں سے اس کی ہوا نشۂ شراب طلوع
کہ چاندنی میں ہوا نور آفتاب طلوع

ہوا یہ شوخیٔ برق نگہ سے آئینہ وار
کہ انکھڑیوں سے ہوا نشۂ شباب طلوع

شکستہ رنگی مہتاب مو نہ سے ظاہر ہو
جو اپنے دل سے ہو خورشید اضطراب طلوع

ذکی جو روشنی داغ سینہ ہم دکھلائیں
جبیں یار سے ہو نیر عتاب طلوع

دل ہو شگفتگی سے جو عشرت کا خانہ باغ
داشد سے ہو نشاط کی سارا زمانہ باغ

عشرتکدہ خیال کا ہے موسم غم سے داغ
جلتا ہوا دکھاتا ہے پنہاں فسانہ باغ

گلگشت لالہ زار سے سیراب ہے نگاہ
ہے اپنی حوض دیدہ تر کا خزانہ باغ

عیش و طرب بہار تماشا ہے فی المثل
فصل چمن شباب ہے دور زمانہ باغ

بلبل کے زمزمہ سے تماشائیوں کے شاں
گلکاریٔ سخن سے ہے رنگیں فسانہ باغ

فصل چمن میں کج تماشائے تازہ ہے
اک گل کی رنگ و بو سے ہے رشک خانہ باغ

حسن سخن پہ نور برستا ہے اے ذکی
کیا روکش ارم ہے یہ رنگیں فسانہ باغ

ہے آہ سوختہ جگر میں بجائے داغ
رشک بہار جائے کہ لخت چمن سے ہے داغ

بزم صنم میں عشق بتاں سے فروغ ہے
فانوس آگہی میں ہے شعلہ بجائے داغ

اس مہ کے آگے فاختۂ ہوئیں دل چوریاں
دیکھو شکستہ رنگی دزد حنائے داغ

احوال چشم تر بو لب جام سے بیاں
گویا ہوا ہے غنچہ کہے ماجرے داغ

دیوانہ ہوں بہار جنوں کا میں اے ذکی
دیتی ہے اپنا شاہ گلشن قبائے داغ

خوں ہے زباں خامۂ غنچہ دہن پہ حرف
آیا کہاں رخنہ زیر سخن پہ حرف

دکھلائے روئے یار شفتگی کا رنگ
زلف سیاہ رکھتی ہے موج گہن پہ حرف

کیوں اے ذکی نمود ہے پہنہ منے جواب
کہتی ہے شمع گرم سخن انجمن پہ حرف

ہیں یہ دل جلوہ نمود کے مشتاق
حیرت ہے کہ آئینے ہیں تصویر کے مشتاق

اے شور بے جا گفتگو نے کا نہ کر قصد
ہیں ہم بھی اسی نالۂ شبگیر کے مشتاق

ہے ذکی کا یہ کلام و تصور سے نہ سنیے
پروانے ہیں کیا شعلۂ تنویر کے مشتاق

www.urduchannel.in

کیونکر دل بیتاب پہ لگتا ہی نشانہ
ہیں سب قدر انداز ترے تیر کے مشتاق

شورش کا زور ہی دل گرم فغاں تلک
نالہ کا شعور ہی جرس اس کارواں تلک

ہونٹوں تک آتے آتے جگر خوں ہو گیا
پہنچی نہ درد عشق کی نوبت بیاں تلک

اشک آسا واں چلیں تو نکل جائے جان روح
راہ خیال ہے سفر کارواں تلک

غم میں تڑپ تڑپ کے دل زار خوں ہوا
پہنچے نہ یہ خبر کہیں اس بدگماں تلک

دل کی طرح قلم کا جگر چاک ہے ذکی
لکھئے کوئی شکایت دوراں کہاں تلک

عشق کی لاگ سے بھڑکی دل بیتاب میں آگ
برق سوزاں سے لگی جستہ سیماب میں آگ

موج میں اشک کے ہی سوز نہاں شعلہ فشاں
دیکھ لے جسنے نہ دیکھی ہو کبھی آگ میں آگ

لب شیریں کے یہ ہی پان کی سرخی کا خیال
کہ بھڑکتی نظر آتی ہی شکر خواب میں آگ

ساز کے سوز سے ہی شعلہ آواز عیاں
شکل گلریز ہے کیا ناخن مضراب میں آگ

اے ذکی اپنا قلم شعلہ فشاں ہے گویا
غم سے جوں برق لگی ہے دل بیتاب میں آگ

تازہ تر رنگ بہار اے دل افگار نکال
چمن زخم جگر سے گل بیخار نکال

دل کے داغوں سے اٹھا برق تجلی کا مزا
حسرت اے سوختۂ آتش دیدار نکال

حشر کو عرصہ ہی اور مجکو نہیں تاب طپش
منہ سے ظالم نہ ابھی وعدۂ دیدار نکال

شکل فرہاد ذکی کوہ کنی ہے آسان
کہو دکھ دیکھ لے کوئی مطلب دشوار نکال

ہے شوخیوں پہ حسن طرحدار آج کل
بال پری ہی طرۂ دستار آج کل

کیا ہو گئی وہ گرمی سودائے حسن و عشق
سن سان کیوں ہی مصر کا بازار آج کل

جادو نگاہ تاک میں سرگرم ہیں ذکی
رہنا تو ہشیار خبردار آج کل

جو تیرا سوز ذرا اٹھے تو مذاق شعلہ اڑا لے دل
جو جبر ہو جو ہر زرہ سے تو نظر سے مہر کرا لے دل

مجھے تلخ مستی دہر ہی غم زیست جاں پہ قہر ہی
مجھے اب خضر بھی زہر ہی کہ بلا سے جاں ہو فنا دل

کہیں دوستی کا مزا نہیں کوئی آشنا بے صفا نہیں
کسی گل میں بو ہی وفا نہیں کوئی کیا کہتی لگا دل

یہ لال خضر ہی موج زن کہ مذاق لعل شکر شکن
ہی پیام یار ہی بانکپن یہ سروش ہی کہ نوا سے دل

ہی تیغ سے ہوں ذکی نہیں کہ بہار ہی خنجر آبدیں
نہ شمیم شیفتہ ہی دلنشیں نہ لقائے گل نہ ادائے دل

www.urduchannel.in

اشک خونیں ہیں مری دیدۂ خونبار کے پھول
جادۂ دشت نگاریں کا ہے دلکش نیرنگ
رنگ بوتازہ ہے کیا جسم ہمائی سے ترا
عالم آرا ہے کیا جلوہ گری کا عالم
نشہ میں چور ہوا وہ بت طناز جو رات
کرتی ہالی کی تری دیکھ کے اے شمع قسم
سوے خوں دیدہ سے یاں کھلتی ہے سودا زدگی
سادہ رویوں کی بہار دلکشا کے صدقے
نہ اسیری ہی رہی گی نہ بلیش بلکہ گی یہ
نہیں تاب کہ دیکھوں جمال صنم مجھے خونی دیدۂ تر کی قسم
ہو وفا دیدۂ تر تو ہمیں سمجھیں کہ خیال ہمارا ہے ادھر کیں
تجھے عارض رشک قمر کی قسم تجھے شعلۂ داغ جگر کی قسم
تجھے یوسف ہوئی سمن کی قسم تجھے دامن خاک چمن کی قسم
تجھے کچھ بھی خیال ہی نہ کبھی کہ ہوا ترے غم میں جگر خستہ بجگر
نگر استاد کی جس ابرو خوں ریز کی ذوق سخن کی بدولت یوں

ہر چند گناہ گار ہیں ہم
اے خسرو خوبرو شتاب لینا
ہو خاک سے اپنے لالہ پیدا
اے پیک اجل شتاب چلنا
اک آہ کی زیست پر ہے تکیہ

تڑپتے رہو بلکہ مرتے رہے ہم
شب وصل جو مجھکو ہمنے نہ چھیڑا
تب آئے ہیں قاتل کے جو دیر گذری

www.urduchannel.in

خیال اسکے دل میں ہمارا نہ گذرا
سدا اپنے جی سے گذرتے رہے ہم

ذکی تذکرہ شب جو تھا وہاں وفا کا
تو دلکو بہت یاد کرتے رہے ہم

دل تڑپ جائے کنارے جو ہوں فریاد سے ہم
ٹھہر آجائے جو غافل ہوں تری یاد سے ہم

رنج و راحت سے عدم میں کبھی آگاہ نہ تھے
لیجئے تازہ مزہ عالم ایجاد سے ہم

ہمصفیر دنکو مبارک ہو تماشائے بہار
گل کہلاتے ہیں قفس میں لب فریاد سے ہم

خبر قافلہ گم گشتہ ہم سے پوچھو
چلے آتے ہیں ابھی دشت غم آباد سے ہم

کوئی ہم درد ذکی عالم فرقت میں نہیں
کیونکر الفت نہ کریں پھر دل ناشاد سے ہم

کس شوق سے رہتے ہیں غم عشق سے باہم
کیا دل کے تڑپنے کا اٹھاتے ہیں مزا ہم

باطن میں تو ہر آن تصور سے ہیں باہم
ظاہر میں رہیں گو تری خاطر سے جدا ہم

ہاں سچ ہے کہ الطاف کے لائق تو ہیں اغیار
جھڑکی کے سزاوار گنہگار وفا ہم

کہتے نہیں کچھ منہ سے تو ہوتا ہے جگر خوں
شرمندہ وہ ہوتا ہے جو کرتے ہیں گلا ہم

فریاد و فغاں آہ و بکا نالہ و زاری
سامان پریشانی دل ہے یہ ذرا ہم

غربت کی محبت میں عزیزوں کو بھلایا
ہاں سچ ہے وطن میں ہیں ذکی گھر سے سوا ہم

تری نگاہ کا ساقی امیدوار ہوں میں
کہ چور نشہ میں آلودہ خمار ہوں میں

لکھا قضا نے کہ سرگرم انتظار رہو نہیں
پیام حشر ہے مجکو کہ بیقرار ہوں میں

زبان حال سے کرتا ہوں بے صدا فریاد
نہفتہ راز محبت کا پاسدار ہوں میں

ہزار شکر کہ ہوں خاکسار عشق مگر
ہزار حیف کہ دل کا تڑپے غبار ہوں میں

چمن میں آن کا مہمان ہوں ذکی گویا
کہ ہوش باختہ رنگ نثار ہوں میں

ہمیشہ ناخن غم دلخراش رکھتے ہیں
یہ غم نہیں کہ جگر پاش پاش رکھتے ہیں

ہزار رنگ سے مرغ چمن گلستاں میں
بلند زمزمہ دور باش رکھتے ہیں

جہاں کے رنج سے کچھ غم نہیں ذکی ہمکو
سخن سا ہم نفس غمتراش رکھتے ہیں

جلوہ دست نگاریں جو لبسا آنکھوں میں
شمع فانوس ہوا رنگ حنا آنکھوں میں

بو ہی غنچوں میں نہاں یا ترے ہونٹوں میں مسی
قید شیشہ میں پری ہے کہ حیا آنکھوں میں

www.urduchannel.in

گوہر گوش صنم کا جو تصور ہے مدام
اک ستارا سا چمکتا ہی پڑا آنکھوں میں

گرتے ہیں صبح شب وصل جو آنسو شفق
لطف نظارہ مگر خون ہوا آنکھوں میں

اب سبب کیا ہی جو کانٹا سا کھٹکتا ہی ذکی
یہ وہی دل ہی کہ رہتا تھا سدا آنکھوں میں

جب اٹھا لطف زبانی کا مزا پاتو نہیں
دل بھر آیا کہ ہوئی جان ہوا پاتو نہیں

رنگ سوطر کے تقریر میں بدلے ہمنے
وہ پری وش نکھرا پر نکھرا پاتو نہیں

ادھر دیکھئے سنیئے کہ میں کیا کہتا ہوں
آپ مشغول ہیں اغیار سے کیا پاتو نہیں

ہم سخن ہوتے ہوئے ہم سے وہ شرماتے ہیں
بھید چپکے سے کہنے کا معلوم ہوا پاتو نہیں

روبرو یار کے کچھ بات بن آئی نہ ذکی
آپ کا ذہن ادھر کا دیکھ لیا پاتو نہیں

اگر نہائے وہ مست شباب پانی میں
تو آتشکار ہو بوسے شراب پانی میں

بدن کے نور سے دریا ہو چشمہ خورشید
وہ جھلک اور جو بجلے حباب پانی میں

عیاں ہی گریہ سے نیرنگ روزگار کی سیر
بندھا ہوا ہی طلسم حباب پانی میں

اگر ترے لب و دندان کا عکس پڑ جائے
تو آب و تاب ہو کیا لاجواب پانی میں

کسیکی یاد میں رویا جو ساری رات ذکی
تمام بھیگ گیا جام خواب پانی میں

جلوہ ہی مہوشوں کا دل داغ داغ میں
کیا چاندنی کی سیر ہے مہتاب باغ میں

زیبا ہی اہل فقر کو پابندی سخن
آزادگی فروغ پیا ہے فراغ میں

پروانے ہی لباس سبزی کی کیا بہار
آرائشیں لبنت کی ہیں حسن باغ میں

کیا ہوا پابند تعلق دل ناکام کہیں
پختہ مغزوں کو ہوئی ہے طمع خام نہیں

بیدبرگ کھول دیا نامہ بر یار نے راز
یوں ہی کہتا ہی زبانی کوئی پیغام نہیں

جلوہ گاہ حسن میں شمع تجلی بنگئیں
وہ نشیلی انکھڑیاں عین تماشا بنگئیں

ذکی ہم سرگذشت غم سے خاطر شاد کرد
تڑپ جاتے ہیں جب دل کا تڑپنا یاد کرتے ہیں

دماغ نالہ و زاری کہاں آزردہ ہو تمکو
مگر ہاں تمکو میر بھی صیاد کرتے ہیں

کیا فغاں کرتے ہیں کیا ضبط نفس کرتے ہیں
زندگی خاک اسیران قفس کرتے ہیں

دل و جاں ہیں تو تم عشق کا کہتے ہیں ذکی
زیست باقی ہی تو صرفے کی ہوس کرتے ہیں

www.urduchannel.in

کیا بنا دیتے ہیں دیوانہ ہم آغوشی کا
آدمی کو بھی پریزاد جو مس کرتے ہیں

پھر ترا پنے کا ہوا شوق رہائی میں خیال
پھر پر و بال درست اہل قفس کرتے ہیں

محفل یار میں ہیں شمع سحر ہم تو ذکی
منہ سے اک آہ جو کرتے ہیں تو بس کرتے ہیں

تنگ کیوں جانے ہم سینہ فگار آتے ہیں
زندگی ہے تو پھر ایام بہار آتے ہیں

عرس مجنوں ہے کہ صحرا میں بگولے نہ بکر
وجد کرتے ہوئے مستوں کے غبار آتے ہیں

لذت وصل کو جمعیت اسباب کہاں
دل کہاں جاں کہاں صبر کہاں تاب کہاں

بیقراری کا مزا پوچھیے مشتاقوں سے
دل افسردہ میں کیفیت سیماب کہاں

خاکساری میں ہی آرام نہایا کچھ خاک
گو ہوئے سبزۂ پامال مگر خواب کہاں

جو کہ رکھتے ہیں فقیرانہ لباسی کا مزا
انکے دلکو ہوس اطلس و کمخواب کہاں

چاہ نے جنگ سیاکی کے جھکائے ہیں کنوئیں
ہم کہاں ورنہ ذکی اور پھر پنجاب کہاں

اس پتہ سے پہونچنا قاصد مکاں یار کو
چاہتا ہے کہ کہے کس سے سایۂ دیوار کو

عشق کا جلوہ نہ تھے عارض نورانی کو
ماہتابی نہ بناتا چاہتا پیشانی کو

پردہ داری دل شوریدہ کو درکار ہے کیا
بادباں چاہیے کیا کشتی طوفانی کو

ہم نوایان چمن ہو گئے افسردہ ذکی
خاک ہم تازہ کریں طرز غزلخوانی کو

زلف کے دھیان میں اتنکو نسی جونر گاؤں
زندگی خواب پریشاں ہے پریشاں ہوں تو

عرق خندہ سے ہو سر بگریباں گل تر
وہاں جو سینہ کے پسینے سے گریباں تر ہو

جلوہ ہے آتش دیدار کا ہر آن فزوں
برق نظارہ جب کہا ہے جو سوزاں تر ہو

دم اوکھڑتا ہے تیرا دل ناشاد کے ساتھ
لاد چلی ہے تو کمی ہیں آتی ہے تری یاد کے ساتھ

لطف جاں بخش بھی ہے غمزۂ بیداد کیساتھ
مژدہ لے دل کہ مسیحا بھی ہے جلاد کے ساتھ

واشد خاطر دلگیر خموشی میں کہاں
ہے اسیری کا مزا نالہ و فریاد کے ساتھ

خود پسندی نہیں زیبندہ گل اندامونکو
چاہیے خلق حسن حسن خداداد کے ساتھ

گرد کی آپ سے جاتا ہے وہاں مثل نسیم
دل لگا قافلۂ نکہت برباد کے ساتھ

دل شہیدا کو ہے اس رشک پہ یکساں ہے
برق پر جھکی ہے اجلوہ گری کا سایہ

www.urduchannel.in

مجکو ڈر ہی کہ پری بنکے نہ اوڑ جائے کہیں
چاندنی میں تری پوشاک زری کا سایہ

عنبریں طرہ پریشاں ہی رخ لیلے پر
کیا پڑا قیس کی شوریدہ سری کا سایہ

یوں حسن سادہ پہ ہوئی آمد شباب کی
جوں ہو نمود وقت سحر آفتاب کی

آئی صبح رنگ پہ سرخی شراب کی
مہتاب پر شبیہہ کہی آفتاب کی

دیکھو شکستہ رنگی عشاق کا کمال
چادر ہی اپنے گور پہ تھی ماہتاب کی

جوہر تو مجھ میں تھے ملکوتی صفات کے
انسان بنا کے کیوں مری مٹی خراب کی

کس زندگی پہ کیجئے سامان بزم عیش
مہمان چار دن ہیں بہاریں شباب کی

دیوان میں ذکی کے ورق داغ کے لیے
سرخی بنا میں ہم شفق آفتاب کی

ایک ذرا تیغ نگہ کو جو استوار ہو جائے
آپکا نام ہو اور کام ہمارا ہو جائے

نکہت زلف جو لیجائے وہاں موج نسیم
خاک صحرا بے جنوں عنبر سارا ہو جائے

شب کو آجائے جو محفل میں وہ رشک خورشید
چاندنی دھوپ ہو سارا رنگ کدرا ہو جائے

جلوۂ نور معانی کا اثر ہو تو ذکی
حرف خامے سے نکلتے ہی ستارا ہو جائے

بدلی اوٹھی ہے موج ہوائے بہار سے
بجلی چمک رہی ہے فغاں ہزار سے

شاید چلی ہی جنبش دامان یار سے
آتی ہے بوے نازنسیم بہار سے

جب یہ سنا کہ پاؤں کو مہندی لگی ہی دہاں
شعلہ بھڑک اٹھا نگہ انتظار سے

تیرے ہی دل میں ہمسے کدورت ہی اے ذکی
آئینے صاف ہوتے ہیں اپنے غبار سے

کیا گل کھلائے دیکھئے اسکا خرام ناز
مہندی ملی ہی پاؤں کو خون بہار سے

تاریک شب میں کیا ہی تجلی ہی نور کی
طرہ کے تار الجھے ہیں گیسوئے یار سے

طرز سخن سے رنگ ٹپکتا ہی اے ذکی
گویا زباں دھوئی ہی خون بہار سے

نہ وہ عاشق نوازی ہی نہ شوق استانی ہی
نہ وہ باتیں نہ وہ گھاتیں نہ وہ لطف نہانی ہی

پریشاں طرہ مشکیں ہی آنکھ نیم ہی بیماری
بدنکی چمپئی رنگت بہار زعفرانی ہے

نہ انداز خود آرائی نہ ناز جلوہ پیرائی
نہ شوق خودنمائی نے غرور لن ترانی ہے

ذرا سوچو تو معشوق ایسے ہی حالوں سے رہتے ہیں
طلبگار و نکو اپنے نکو یہ صورت دکھانی ہے

www.urduchannel.in

مری آنکھوں کے آئینے میں اپنے منہ کو تو دیکھو
بھلا زیبندہ اس گلشن کو یہ رنگ خزانی ہے

اگر دیکھو تو اس محبوب کو دیکھو جو تم سا ہو
اسے چاہو جسے منظور میرِ جانفشانی ہے

بھلا یوں بھی سہی جو عاشقانہ وضع خوش آئے
بہت بہتر کہ یہ بھی ایک طرزِ دلستانی ہے

ذکی کا حال دیکھو عشق سے ایجاں بازآؤ
غزل تازہ سنو ہمسے جو شوق شعر خوانی ہو

قیامت منہ چھپانے میں ادائے دلستانی ہے
غرور حسن کو زیبندہ نازِ لن ترانی ہے

نہ قاصد ہے نہ نامہ ہے نہ پیغام زبانی ہے
پھر اسپر دل لگا لگجانا بلائے ناگہانی ہے

یہ حسن سبز ہے زہر ہلاہل خستہ جانوں کو
یہ زنگاری ڈوپٹہ اور قہر آسمانی ہے

بہار حسن سبزہ سے ہوئی آخر کہ کہتے ہیں
خط عارض کسوف آفتاب دلستانی ہے

ذکی اس لعل لب سے ہم سخن ہو کر مزا پایا
عجب رنگیں بیانی ہے عجب شیریں زبانی ہے

دردِ پنہاں سے مرے یار خبردار ہوئے
سہو سودا کے تماشے سرِ بازار ہوئے

واہ کیا شوق رہائی سے فراغت پائی
بے پر و بال جو ہم غم کے گرفتار ہوئے

جان ہی بار گراں عشق کے دریا میں تھی
دیکھ ڈوبے ہوئے جی کھو کے سبکسار ہوئے

قربانی نگہ کے سزاوار ہم ہوئے
آنکھوں سے دیکھنے کے گنہگار ہم ہوئے

رہتے ہمیشہ خاک نشیں کوئے یار میں
صد حیف کیوں نہ سایۂ دیوار ہم ہوئے

دیکھو ذکی کہ اب وہ چرانے لگے نگاہ
آنکھوں کو جن کے دیکھ کے بیمار ہم ہوئے

دھوئیں آہوں کے اٹھے عشق کے ویرانوں سے
کالی آندھی چلی آتی ہے بیابانوں سے

کوچ کی سنکے خبر عشق کے دیوانوں سے
بہت گل نکل آتی ہے گلستانوں سے

کیجئے رفع حجاب آئے اگر عید بہار
کہ ملا دیجئے ہاتو نکو گریبانوں سے

گرم ہے آپکے برسں لالۂ خودرو کی بہار
بھرے داغ جگر آتی ہے بیابانوں سے

اڑتے ہیں خوبوں کی ٹھوکر سے جو ہنگام خرام
فتنہ انگیز ہوا آتی ہے دامانوں سے

یہ تکلف ہے تو کب عہدہ برآئی ہوگی
یہ کدورت ہے تو کیا خاک صفائی ہوگی

جلوہ ہے اس گل رعنا کا جو نیرنگ نما
چاندنی عکس کف پا سے حنائی ہوگی

عہد کی شب غم دوری سے یہ دل خوں کر دیا
کس نے مہندی ترے پاؤں میں لگائی ہوگی

www.urduchannel.in

طرح نظارہ خوش آیند ہی آنکھوں میں ذکی
خوش تماشا ہوں سے کہیں آنکھ لڑائی ہو گی

زمیں سے لالہ نکلتا ہی داغ کہائے ہوئے
بہار عشق کے ہیں بھی گل کہلائے ہوئے

کسے ہی حشر میں کچھ ہوش کہنے سننے کا
حواس باختہ ہیں نیند سے جگائے ہوئے

روانہ ہی پس محمل غبار وادی نجد
کہ لیچلی ہے صبا بیڑیاں پہنائے ہوئے

ہوائے شوق نے شورش کو پر لگائے ہیں
جو بوئے گل کو سہالے چلی اڑائے ہوئے

ذکی مرے دل وحشی کو مثل طائر رنگ
ہوائے شوق لیے جائے ہی اڑائے ہوئے

رات دیوانگی شمع بھی ہم دیکھ چکے
گریہ وخندۂ جانسوز بہم دیکھ چکے

جی یہی چاہتا ہی پھر بھی کہ دیکھا ہی کریں
لاکھ ہم دیکھ چکے سرتا بقدم دیکھ چکے

پیری وعہد شباب آہ خرابی میں کٹے
شب غم دیکھ چکے صبح الم دیکھ چکے

اب بھی ہوجاتا ہی پیمان وفا میں دھوکا
ہوئے سو بار ترے قول وقسم دیکھ چکے

اب ہوس کیا ہی کہ آغوش تصور میں ذکی
لب بلب سینہ بسینہ لے ہم دیکھ چکے

شمع ساں داغ جگر پیش نظر دیکھ چکے
تجھ کو صورت خورشید سحر دیکھ چکے

اب یہ خطرہ ہی کہ اغیار کہیں دیکھ نہ لیں
کچھ دنوں ہم انہیں بیخوف وخطر دیکھ چکے

کہیں واشد کا تماشا نظر آیا نہ ذکی
خوب چاک جگر ودیدۂ تر دیکھ چکے

کہو کہ بار سفر روح جلد تر باندھے
کہڑا ہے قاصد عمر رواں کمر باندھے

جدا ہمارے ہوں تو ہوائے غم ہو نصیب
چٹیں چمن سے تو صیا دبال پر باندھے

بندھا رہا جو تری زلف وخ کا مین خیال
ہزاروں شام سے مضمون تا سحر باندھے

بہت ہیں صحبت غربت سے تنگ آیا ہوں
یہاں سے جلد کمر قاصد سفر باندھے

ذکی مسافر ملک فنا کو ہے لازم
کہ بار دوش پہ باندھے تو مختصر باندھے

جو کوئی ڈنکے چلے شب کو بھی جاتا ہے
قاصد عمر رواں اٹھ پہر جاتا ہے

میں تڑپتا ہوں پڑا نیم نگہ کا مشتاق
لے مری جان کے دشمن ترکہ مرجاتا ہے

آبرو عشق کی منظور نہ کیجے تو ذکی
گوہر اشک نگاہوں سے اتر جاتا ہے

کبھی ہوگا کہ گلستان وطن دیکھیں گے
ہم اسیران قفس پھر بھی چمن دیکھیں گے

www.urduchannel.in

تابِ دیدار بھی ہو اے نگہِ شعلہ فشاں
اس پری کا جو بہو کا سا بدن دیکھیں گے

طپشِ دل سے قیامت نظر آجائیگی صاف
راہ تیری اگر اے عہد شکن دیکھیں گے

ماجرا شامِ غریباں کا زباں پر لا کر
ہم جگر کو ترے اے صبح وطن دیکھیں گے

ہیں یہی چاک گریباں کی بہاریں تو ذکی
ٹکڑے ٹکڑے جگر فصلِ چمن دیکھیں گے

ردکشِ لالۂ و گل داغِ تمنا دیکھے
ہمسے پوچھو کہ مزے عشق میں کیا کیا دیکھے

نگہِ خوں شدہ کو طاقتِ دیدار نہیں
کسطرح سیرِ چمن بلبلِ شیدا دیکھے

یہ چمن کے خاک میں ہی اثر نم اشکِ بلبل کا
کہ جنوں کی لہر سی اٹھتی ہی رگ گل میں خوں ہزار

نالۂ آتش ریز ہی سوزِ دلِ ناشاد سے
اڑتی ہیں چنگاریاں گویا لبِ فریاد سے

ساتھ ہے بادِ خزاں کے شورِ فریاد ہزار
گرد ہی یہ کاروانِ نکہت برباد سے

عشق ہی دیوانہ واری کو ہماری لے ذکی
آرزومند وفا ہیں کس ستم ایجاد کے

آتی ہی طرزِ سخن سے زلف کی خوشبو مجھے
طرۂ تحریر ہی مرغولۂ گیسو مجھے

شب کو سویا جو ادھر سے یار کروٹ پھیر کر
اضطراب دل کے سو جے سیکڑوں پہلو مجھے

دلنے تڑپایا جو زیرِ دامِ بیکلی کی مثال
لے اڑا شوقِ رہائی بے پر و بازو مجھے

آنکھ کی سرخی ہوئی رنگِ بہارِ حسن و عشق
نشہ کا ڈورا اسے زینبدہ ہی آنسو مجھے

چادرِ مہتاب ہو تربت کی چادر اے ذکی
ہو چراغِ گور داغِ لالۂ خودرو مجھے

واہ وا نام خدا حسنِ طرحدارو نکے
کیا تجلی ہے کہ پرتے ہیں نظارو نکے

شب یہ تھے سوختہ جانو نکے تکا ہو نکے جوم
کہ چراغاں ہوے روزن تری دیوارو نکے

تیز جاتی ہی سواری جو پریزادوں کی
برق سے اڑتے ہیں سایہ بھی ہوا در و نکے

بال بکھرے ہیں ترے چاند سے منہ پر اے جاں
ایک یوسف ہی اور انبوہ خریدارو نکے

دیدۂ تر سے ذکی اٹھتی ہیں موجیں تہ گور
نخل بھی خاک سے اگتے ہیں تو فوارو نکے

میری آنکھوں میں ہی وہ شوخ طرحدار پری
زلف ہی بال پری شعلۂ رخسار پری

نشہ بادہ گلرنگ سے دیکھا نیرنگ
انکھڑیاں شیشہ ہیں برق نگہ یار پری

پر پرواز کی کلیاں ہیں یہ کلیاں گویا
کہ بنا چاہتی ہے یار کی شہوار پری

www.urduchannel.in

دام تحریر میں مضموں دل آرا ہی اسیر
یا خم زلف سخن میں ہی گرفتار پری

لکھنو جلوہ فروشوں سے پریستاں ہی ذکی
نظر آتا ہی ہر اک شاہد بازار پری ؎

ہم بھی ہر آن کے لیتے لطف اٹھانیوالے
اور رکاوٹ میں لگاوٹ کے جتانیوالے

نازا غیار کے معشوق اٹھانے جو لگا
رہ گئے دیکھ کے منہ ناز اٹھانیوالے

شعلہ خو یار کو دیکھا جو ادھر سے برہم
اور بھڑکانے لگے آگ لگانیوالے

دم بخود رہ گئے ہم شیفتہ لطف سخن
دل اوڑا لیتے ہیں باتوں میں اڑانیوالے

اعتبار است جہاں رنگ بدلتے ہیں ذکی
آنے والے ہی ہو جاتے ہیں جانیوالے

چشم گریاں سے طلسم اکثر بنے اور ٹوٹ گئے
اشک شبنم داغ گوہر بنتے اور ٹوٹ جائے

سخت جاں ہو جائیں عاشق پھر بھی دل ہو چور چور
آبگینہ فی الفور بنتے اور ٹوٹ جائے

تیری نکتہ سخن پر یہ شکست دل ذکی
حیف ایسی تیغ خوں جو ہر نوا ٹوٹ جائے

جو طوفاں خیز ہوں زخم دل بیتاب جائے
تو چشمہ چشم نم کا تازم نوا سب ہو جائے

نماز کعبہ ابرو کی تکلیفیں انہیں سر سے
خمیدہ سب کمر ہو کر قیامت جا بجا ٹوٹ جائے

پڑے سایہ جو اس معشوق کا رند بزم خوبی پر
نظر میں چاندنی وہاں چار عالم بنتا ہو جائے

نہ ائیں گر ذکی ہم تار جانسے ساز انسوں کی
تو ناخن عقدہ ہائے صعوبت مضراب ہو جائے

شاں یکرنگی تری اے یار جانی قہر ہے
چپقلش بنگت پہ جو را عمرانی قہر ہے

منہ چھپانا ہے قیامت کشتۂ دیدار کا
ایک جھلک دکھلا کے نازک ترانی قہر ہے

خوبیاں رکھتا ہے یوں بھی عالم عہد شباب
حسن کے عالم میں جوش نوجوانی قہر ہے

ہے غضب جینے پر جینا ہنسی کے بات پر
یہ بگڑ جانا غضب یہ بدگمانی قہر ہے

اپنے موقع پر ہر ایک موسم کی ہوتی ہی بہار
اے ذکی پیرانہ سر معشوق جوانی قہر ہے

تلخ کام اے کوہکن ایسا بھی ہوتا ہے کوئی
جاں شیریں ہاتھ سے یوں مفت کھوتا ہے کوئی

یہ تماشا ہے عجب بزم نیازو ناز میں
منہ چھپاتا ہے کوئی بیتاب ہوتا ہے کوئی ؎

ایک نشتر ہے کہ دیتا ہے رگ جاں کو خراش
ایک کانٹا ہے کہ پہلو میں چبھوتا ہے کوئی

ناصحا یوں منع کرتا ہے تو رونے سے مجھے
آہ ظالم کیا تری آنکھوں سے ہوتا ہے کوئی

www.urduchannel.in

یاد آتا ہے مجھے دل کا جدا ہونا ذکی
وقت رخصت جب کسی سے ملکر روتا ہے کوئی

ہر ایک دیکھکر تجھے کیوں بیقرار ہے
خورشید حشر کیا کہیں تصویر یار ہے

ہم آپ سے تو جا ہی چکے اشتیاق میں
اب آؤ یا نہ آؤ ہمیں اختیار ہے

اے اضطراب بس کہ خبر دلکی لے شتاب
اے حشر جلد چل کہ ترا انتظار ہے

پیری میں بھی مزا ہے میسر اگر ہو عیش
دلکو سرور ہو تو خزاں بھی بہار ہے

رنگیں سخن ہے اپنے ذکی کیا کہیں ہیں گل
تختہ گلاب کا ہے کہ لوح مزار ہے

نالہ آتش ریز ہے سوز دل ناشاد سے
اور ٹپکتی ہیں چنگاریاں گویا لب فریاد سے

بیقراری ہمکو تڑپاتی جو کچھ بھی زیر دام
اپنی خجلت کیوں اٹھائے غمزۂ صیاد سے

اپنی اس فہمید کی ہر ہی ذکی عشق کا مقام
آرزومند وفا ہوں کس بت بیداد سے

نسبت دلبستگی کی ظاہرا تاثیر ہے
یعنی میں حیراں ہوں اور تو حال تصویر ہے

منزل وحشت کا داغ دل میں ہوتا ہے فروغ
نالہ سوزاں چراغ خانہ زنجیر ہے

جلوہ گر حسن نظر میں ہے بہار حسن دوست
دیدۂ حیراں ہے یا آئینہ تصویر ہے

سرمہ گوں ہے وہ نشیلی آنکھ یا ابر غضب
وہ نگاہ تیز ہے یا برق کی شمشیر ہے

رہرو آوارگی ہے تیرہ روز یکا خیال
خضر راہ خستہ جانی نالہ شبگیر ہے

مطلع صبح قیامت ہے شبیہ زخم دل
آفتاب روز محشر داغ کی تصویر ہے

اے ذکی پوچھو نہ باعث گرمی اشعار کا
سوز دل کا حال نوک شعلہ سے تحریر ہے

محشر نے آکے قبر میں تڑپا دیا مجھے
کسکی خرام ناز کا دھوکا ہوا مجھے

میں محو گفتگو نہیں جو اک مشت خاک ہوں
کیا کیا اڑائے پھرتی ہے باد صبا مجھے

کیا قہر لائے جان دل زار پر وہ شوخ
پہچان لے جو کوشۂ ناز و ادا مجھے

لطف طپش سے روح خبردار ہے ذکی
دل جانتا ہے عشق میں ہے جو مزا مجھے

بیٹھ کر گور غریباں سے جو یار اٹھتا ہے
اسکے دامن کے پکڑنے کو غبار اٹھتا ہے

بیتوائی کو شتاب اے قیامت سے کہو
کہ جہاں سے کوئی بے صبر و قرار اٹھتا ہے

نجد میں ناقہ لیلیٰ جو کہیں گذرا تھا
اب تلک تربت مجنوں سے غبار اٹھتا ہے

www.urduchannel.in

کشورش گریۂ فرہاد کا آتا ہے خیال
جب پہاڑوں میں کبھی ابر بہار اٹھتا ہے

ہر طرح دل کو خوشی وصل میں حاصل ہے ذکی
پر یہ ہے رنج کہ غم سے سر و کار اٹھتا ہے

جو اشک ہو خون مری دامن پہ نہ آئے
جو شمع ہو تو گل مرے دفن پہ نہ آئے

جلدی ہے جو کافر کو شب وصل سحر کی
چوٹی کو یہ قرعن ہے کہ گردن پہ نہ آئے

اس مہر تجلی سے لڑاتا ہے نگاہیں
آشوب کہیں دیدۂ روزن پہ نہ آئے

نکلی نہ ہوس دل کی مرے شور جنوں سے
گر تار گریباں سر دامن پہ نہ آئے

میں آپ سے جاتا ہوں ذکی دیکھ خبردار
زنہار قیامت مرے مدفن پہ نہ آئے

مسی لب گلگوں پر تصویر نظر آئی ہے
یا قوت میں نیلم کی تحریر نظر آئی

پیش نظر اس رخ کی تنویر نظر آئی
پرواز تصور کی تصویر نظر آئی

وہاں قند مکرر کا باتوں میں مزا پایا
آلودہ جو لکنت میں تقریر نظر آئی

ہستی کا نشاں دیکھا تو خواب گراں دیکھا
جب ہجر سے بیدار ہو تعبیر نظر آئی

نغمہ کی ہوا بندی وہاں چہاتی رنگیلا بنکر
ہر تان میں بجلی کی تصویر نظر آئی

چادو کا اثر کافر چتون میں ذکی دیکھا
معشوق کے غمزہ میں نیرنگ نظر آئی

قول پر غیروں کے ہمکو زیر خنجر کیجئے
عہد پورا کیجئے وعدہ برابر کیجئے

جوں برق اڑائے دل بیتاب کے ٹکڑے
ہر کاکل آتش ہیں یہ مہتاب کے ٹکڑے

لخت جگر آنکھوں سے ٹپکتے تو ہیں لیکن
ڈر ہے کہ نہ ہوویں دل احباب کے ٹکڑے

دل خوں ہوا غم سے ذکی حیف کہ تجھ سے
مستی میں کیے جام مئے ناب کے ٹکڑے

حسرت لے تازہ اسیران قفس آتی ہے
دیکھ صیاد چمن بہا ابکی برس آتی ہے

ہر نفس قافلہ عمر سے دیتا ہے نشاں
جنبش نبض سے آواز جرس آتی ہے

رو کے ہم بہرتے ہیں یوں کوچۂ جانسے ذکی
جیسے ساون کی گھٹا جیسے برس آتی ہے

جو دلوں کی لگا دیں ہم تو جفا چھٹے نہ ستم ہو جھٹے
ہوے لاکھ طرح کے بگڑے پر ہم انسے چھٹے نہ وہ ہم سے چھٹے

یہ ادا کہی جو بتوں کی آن ادا تو خیال نہ پھر کسی کا رہا
ہوا بند کے ہیں سے کام رو کہ ہمارے بھاگ سے چھٹے

کبھی بیکھیں جو ادھر چشم صنم تو ہیں گی نہ خواہشیں انکی ہم
دل ہم سے الفت بت چھٹے دل شیخ ہو تو ہم سے چھٹے

www.urduchannel.in

یہ ہیں زبان جو تشنہ ہوئی انہیں تشنہ جگر کوئی کیونکر ہو
کہ تڑپتے ہیں تشنہ جو نہیں پڑے کسی آبلہ پا کے قدموں تلے

رہے ہیں رد طپش سے بہم ہے وصل میں لاکھوں جی رستم
ذکی آفت جاں ہے عشق کا غم کہ خوشی سے پھٹے نہ آپ جئے

قصیدہ در نعت سید الثقلین

یہ حسن معنی روشن ہے شمع بزم شعور
کہ ہے فروغ سخن آفتاب عالم نور

فروغ معنی روشن اگر ہو جلوہ نما
زبان خامہ بنے ہمزبان شعلۂ طور

نہاں ہے شمع تجلی حجاب معنی میں
دکھائے جلوۂ طور نہاں سخن میں ظہور

جو لطف معنی روشن نہ ہو سیاہی میں
سواد خط سے نہ آئے شمیم طرۂ حور

سواد خط میں ہے نور معانی براق
کہ یہ ستارۂ روشن ہے وہ شب دیجور

کنایت ظلمات و برق ہے روشن
سواد خط میں فروغ سخن سے حسن ظہور

زبان شعلہ ہے گویا مرے سخن کی زباں
مری سخن کی تجلی ہے شمع محفل نور

بیاض صفحہ ہے آئینہ دار صبح امید
بنا ہے چاک قلم مطلع ستارۂ نور

ہزار شکر الٰہی کہ مجھ سے عاجز کو
دیا ہے جوہر ادراک سے کمال شعور

کریم و قادر و خلاق و رازق و جاں بخش
رحیم و عادل و غفار و کردگار غیور

ذکی شفیع قیامت کی اب رقم کر مدح
کہ بعد حمد الٰہی ہے نعت کا دستور

قصیدہ در نعت سید الثقلین

سخن میں پائے جو مضمون آب و تاب قلم
ہو آب خضر سے ظلمت میں کامیاب قلم

سواد خط سے تجلی ہو نور کی پیدا
اٹھائے چہرہ مطلب سے گر نقاب قلم

ہماری شعلہ زبانی کا سیکھکر انداز
زبان شمع کو دینے لگا جواب قلم

وہ کس طرح نہ چلے سر بگوں کہ لیتا ہے
ہمارے بخت سے تعلیم انقلاب قلم

چھپا ہوا ہے جو سر سخن کہ لکھ نہ سکے
جناب پاک کی تصویر بے نقاب قلم

لکھے جو نعت شہ انبیا میں تازہ سخن
تو لائے ڈھونڈھ کے مضمون انتخاب قلم

ستارہ یا نبوت کا تو ہے ناسخ نور
کہ تیری ذات کو لکھتا ہے آفتاب قلم

علی ہے بعد نبی رہنمائے خلق جہاں
کہ اسکے وصف میں ہے گرم اضطراب قلم

پڑھوں قصیدہ کی تاریخ فارسی و غزل
کہ سمجھے عقل کے دیوانگی انتخاب قلم

ہر ایک مصرعہ برجستہ ہو جدا تاریخ
کرے شمار تو ہو دل سے کامیاب قلم

www.urduchannel.in

موافق اور مخالف حروف و مصرع
کرے جو مہملہ و معجمہ حساب قلم

تو یکصد و نود و یک طرح سے ہو تاریخ
کہ اس کی شرح میں لکھے کوئی کتاب قلم

کجا مزید اثر دہد حساب قلم +
ز روح نور نماید چہ اکتساب قلم +

بروں ز حد و قیاس ہست کار جہد من آہ
ز طرح من چہ نگارد دمے کتاب قلم +

پدید آمد مدح طراز جوہر خاص
ز طرح گوہرت اے آسماں جناب قلم

چنیں دو ہفت و ہزار و دو صد بسی کاریہ
سنین ہجرت ازو آورد حساب قلم

کسے کہ جوہر ابداز خرد ہمدم +
ہماں ذکی است براناور جواب قلم

قصیدہ در مدح نواب دام اقبالہ

شعلۂ بیتاب جوشد در خم صہبائے من
موج خیز خون ق ہست آتشیں دریائے من

لیلۃ القدر ہست مضمون سواد نامہ ام
بوئے زلف حور آید از شب یلدائے من

صورت علم مجسم گشتہ ام از بخردی
روح معنی میکند سیلان سراپائے من

شعلہ زار عشقم از خوں گرمی سرگشتگی +
گرد باد آتشیں مے خیزد از صحرائے من

حیف باشد گر بود بااین ہمہ سوز و گداز
محفل افروز سخن شمع دل دانائے من

ساز برگ کامرانی گر نباشد گو مباش
بر سخن خوش باد ناز طبع بے پروائے من

نازش من در جہاں بخردی زانروکہ ہست
بندۂ درگاہ حیدر مرشد و مولائے من

از مدیحش سنگ بوئے خوں طراود در سخن
برگ گل گردد زباں بلبل گویائے من

قصیدہ مدح تاریخ جلوس

بہر جا کہ نیرزد بجلوۂ دیدار
بگریۂ کہ بود رونماش خندہ یار

بنا امیدی مشتاق و شدت اندوہ
بہ کامیابی مایوس و ذوق بوس کنار

بحسن آب حیات و بہ پردۂ ظلمات
بروئے صبح صبیح و بہ طرۂ شب تار

بہ دل نگاری گل از فراق فصل چمن
بہ بیقراری بلبل دم وداع بہار

بآں زبانہ کہ یوسف گذاشت کنعانرا
بآں دمیکہ زلیخا گذشت در بازار

بہ غمزۂ کہ شود کارساز جانبازاں
بہ عشوۂ کہ بود دل نواز عاشق زار

بجاہ مفتخر الدولۂ وزیر الملک +
کہ نظم اوز نظام سخن دہد اشعار

سخن گو ہات کرے پیرو سنجیم با میر
برگ و نشت نفس در نہ ہر نفس ہنرکار

فقط

دیوان واجد علیشاہ اختر
مرحوم بادشاہ اودہ

آلہی عشق ترا میرے دلسے دور نہو گا
گنہگار رہوں پر اب کبھی قصور نہو گا

شراب ساقی کوثر بھری ہی ہمیں لبالب
ہزار شیشۂ دل توڑیں چور چور نہو گا

کرشمے لاکھ بدل کر دکھائی وہ رخ رنگین
ترے نظارے کی قابل جمال حور نہو گا

غرور ہے مجھے زیبا کہ تو ہی مالک عالم
کلام بے ادبانہ ترے حضور نہو گا

لوائے حمد کا سایہ جو چاہتا ہی تو اختر
تو سر پہ سایۂ بال ہما ضرور نہو گا

ابرو کا کوئی مجھ پر آب وار نہ ٹھہر یگا
وہ ترک بھی عاری ہی ز نہار نہ ٹھہر یگا

بد ہی یہ دل مجنوں گیسو سا پریشان ہتے
ہاروں میں جو الجھیگا ز نہار نہ ٹھہر یگا

مجھکو بھی دکھا دینا آج اپنا رخ رنگیں
فردائے قیامت پہ دیدار نہ ٹھہر یگا

آنکھوں میں دم اٹکا ہی ایکدم میں رواں ہو گا
اس نرگس شہلا کا بیمار نہ ٹھہر یگا

تٹ پونجو نکا اختر میخانہ میں دراہی
دکان اٹھا ڈالو بازار نہ ٹھہر یگا

کیا عشق بکف آئے خریدار تمہارا
دکا نہیں سماتا نہیں بازار تمہارا

بلبل کی رہائی سے ہوا طائر دل صید
تڑپا قفس تن میں گرفتار تمہارا

ہیں موج می ناسبی شیشے تہ و بالا
کمظرف ہی اس دور میں سرشار تمہارا

اس چشم کو دیدار اگر مد نظر ہو
سوئے نہ کبھی دیدۂ بیدار تمہارا

میں طائر دل آج اڑاؤں گا ہوا پر
شہباز نظر ہو رہی طیار تمہارا

کچھ حسن بھی رکھتے ہو اگر عشق فزوں ہے
سو جو دہی اختر سا خریدار تمہارا

پھر باد کرا سکو ذرا ہاتھ پہ دھر لا
اے باد صبا خاک درِ یار ادھر لا

www.urduchannel.in

لیجا دل بیتاب نشانی مری قاصد
سیمابسی ہے مرتبۂ عشق خبر لا

میخانے میں روتا ہی مرا شیشۂ دل بھی
نالوں سے اسے خشک کروں دیدۂ تر لا

منقار سے توڑا کرے یہ آتش گل کو
امید دل بلبل نالاں کہیں بر لا

حسرت ہی کہیں حسرت دل اسکی نکالے
اس اختر غمگیں کے لیے دیدۂ تر لا

میں خار خار ہوں میری بہار لیتا جا
چمپا کے برگ میں اے گلعذار لیتا جا

ہوا کیطرح دکھاتا ہی سحر مٹی پر
یہ چار نقش بھی اے شہسوار لیتا جا

گلابی تجھ پہ گلا کاٹے ایسا رند ہے تو
مجھے بھی مستی سے اے بادہ خوار لیتا جا

دلا شرابکے وہ نشہ سے ہیں مست بہت
کٹکلیں ہیں نرگسی آنکھیں خمار لیتا جا

شروع ابر ہے ساقی بنا ہمیں بطمے
ہمارا دوش صبا پر شکار لیتا جا

یہ نذر ہی گل داغ جنوں کی اے اختر
چمن میں آیا تو کچھ گلعذار لیتا جا

زلف کی یاد سے مضمون رسا کھل جاتا
فکر رخسار سے مشتاق لقا کھل جاتا

بستگی ہوتی جو قبضہ میں تیرے اے قاتل
خنجر ناز سے خون شہدا کھل جاتا

نام تیرا جو نگین پر ترے کندہ ہوتا
میرے ہر داغ پہ یہ نقش وفا کھل جاتا

ناتواں ایسا ہو سنگدلا الفت میں
کہربا سے یہ غم ہوش ربا کھل جاتا

تاب نظارہ جمال رخ روشن کی کہاں
چشم پوشی سے اگر روے خدا کھل جاتا

حسن اختر سی جو ای عشق کبھی تو لڑتا
بیخبر تیرا وہیں ذہن وذکا کھل جاتا

پریاں تو اڑ گئیں دل دیوانہ رہ گیا
شعلہ تنگ ہو گیا پروانہ رہ گیا

حسن خدا پرست سے بتخانہ رہ گیا
عشق زلال نوش سے پیمانہ رہ گیا

پیر مغاں کے نرگس میگوں کا مست ہے
ساغر کا دور ہو گیا مستانہ رہ گیا

پامال ہم ہوئے تھے جو گلشن میں اسکے ساتھ
اپنا سمجھ کے سبزۂ بیگانہ رہ گیا

تیرا کاکل دوتا ہے کسی رند مست سے
لبریز اشک چشم کا پیمانہ رہ گیا

تصویر یار دل میں ہے گو منھ سے وہ نہیں
اختر خدا کا شکر صنم خانہ رہ گیا

مشکل ہوا ہے اب تو جینا یارب
کیا سہل ہے موت کا قرینا یارب

www.urduchannel.in

پھر مصحفِ رخ دکھائی مجھکو وہ ماہ — آتا ہے رجب کا پھر مہینا یارب
دیوان رہے میرا تا قیامت باقی — سونے پہ کیا ہے مینی مینا یارب
ساقی کی جدائی کیوں نہ بھکائے مجھے — توڑوں کیونکر نہ جام و مینا یارب
احمد کا ہو دیہان دل میں اختر ہر دم — سینہ کیونکر نہو مدینہ یارب

دل خونبار نے اشکو نمیں دکھایا خوناب — عوضِ نارِ نظر آنکھ میں پایا خوناب
جب سنا وصف لبِ لعلِ صنم کا مینے — پیشوائی کو وہیں آنکھ میں آیا خوناب
ہاتھ تو ٹوٹ گئے آنکھ بھی پھوٹیگی ضرور — الفتِ یار میں اختر نے بہایا خوناب

وہ وطن یاد ہے عزت میں وہ سارے احباب — ہائے کب مجھے ملیں گی مرے پیارے احباب

چوٹ سے ہیں گلِ زخمہائے تن شاداب — کمال اُس گلِ تر سے ہوا چمن شاداب
کسکے نارِ نظر سے بڑھی مسلمانی — ہوا نہ رشتۂ زنار برہمن شاداب
سمجھ تو آتش گل کا کھلا ہے رازنہاں — کہ شمع بزم سے ہے سارے انجمن شاداب
نگوں کا نشو و نما ہے مجھی سے اے بلبل — سحاب اشک سے کیونکر نہو چمن شاداب
مسی سے اسکو نہ سوسن نما سیاہ کرو — کبھی تو پان کی سرخی سے ہو دہن شاداب
گلو کہیں خطِ ریحان بھی صاف کرواؤ — صلاح اختر رنگین سے ہو چمن شاداب

شمع عریاں کی طرح دل نہ جلاؤ صاحب — اپنے جامے سے نہ باہر ہوئے جاؤ صاحب
حلقۂ چشم کو پابوسی کی حسرت ہے بہت — آنکھ میں بھی معہ پابوش سماؤ صاحب
کہیں نارِ نظر بدن نزاکت پہ پڑے ہے — بال کی اوٹ میں جاتے ہو تو جاؤ صاحب
چشم پوشی نکرو باغ میں ہوشیں نظر — آڑ نرگس کی ہے جانا ہو تو جاؤ صاحب
ماہ رو سر پہ چڑھایا نکرو اختر کو — آسماں پر سے زمیں پر تو بلاؤ صاحب

گلشن بہار پر ہے بنا ہے قلم گلاب — توڑیں زمیں سے کیونکر نہ ہم گلاب
گلشن میں روی طائر رنگ پریدہ ہوں — سمجھا ہے خوب اپنا وجود و عدم گلاب
آبِ دمِ آتشیں سے گرانی ہے خود مجھے — بہر مریض عشق تو ہوتا ہے سم گلاب
مینوش ہو نہیں شیشہ دل میرا بھر گیا — ساقی کے ہاتھ بھی ہیں سحاب کرم گلاب

www.urduchannel.in

اختر جا ہے تختے پہ جسطرح سے قلم	پھولی زمین شعر میں سطح کم گلاب
سنگھاؤں سینہ سی ساقی کو آج بوی کباب	شراب خانہ میں لازم ہی جستجوے کباب
جلے ہوؤں کو جلا کر سیاہ کرتے ہو	نگاہ مہر سے کیدن دیکھتے ہو سوکے کباب
شکار اب بطی کا ضرور ہو ساقی	شراب پیلے ہے رندونکو آرزوی کباب
بتونکے دور میں سیخ کباب لازم ہے	خدا جلائے اسیکو جو ہو عدوی کباب
گلوں سے بلبل شیدا کا دل جلاتا ہے	چمن میں آتی ہے اختر کو بوے کباب
چمن سے پھینک دیا میرا آشیاں کیا خوب	نہال مجکو کیا آکے باغباں کیا خوب
خبر ہے اپنے بھی رخسار زرد کی اسکو	یہ ہمسے ہنستی ہی کہل کہل کے زعفراں کیا خوب
بڑا ہی پھیر ہے محبت نہ درمیاں لاؤ	کمر کو پوچھتے ہو ہمسے اے میاں کیا خوب
لکھو ٹا مسی پہ اسے غضب جایا ہے	اٹھا ہی آتش بیداد سے دھواں کیا خوب
تری غزل پہ ہلالی نثار ہی اختر	اگر پڑھے تو کہی ہنکے شعر خواں کیا خوب
پسند آگیا اس بادہ خوار کا اسلوب	وہ اسکی نشہ کی آنکھیں خمار کا اسلوب
ہمیں تو آنکھ لڑانے سے شرم ہی اے برق	دکھا سحاب دل اشکبار کا اسلوب
شرارتیں نکروای بتو خدا سے ڈرو	دکھایا سنگ میں تمنے شرار کا اسلوب
ہزار نرگس شہلا بھی زرد ہوتی ہے	چمن میں پاتی ہے کب چشم یار کا اسلوب
کیا ہی اختر بے پر کو مرنے فکر سخی قید	کہیں بھی ہوتا ہی ایسا فکار کا اسلوب
تیرہ بخت کیا پائیں تیرا روی عالمتاب	لکھے ہے خط عارض میں اپنا موی عالمتاب
شعر میری کب چمکے مثل حضرت آتش	کب چکور نے پائی مہ سے خوی عالمتاب
قلم سے مرا ہر شعر موتیوں کا مالا ہے	کیا عجب مضمون ہی کیا گلوی عالمتاب
تاثیر گر نجاوے بلبل کو خار الفت	ہے حسن گلرخاں تک ساری بہار الفت
کس کس کے در پہ رکھتے پھرتے ہیں اپنا سر ہم	خانہ خراب تیرا اے روزگار الفت
اس مہروش کو دلمیں اپنے اگر جگہ دوں	مجمر ہو میرا سینہ روشن ہو نار الفت
اسکا گلے لپٹنا تربت میں یاد آیا	دینے لگی زمیں بھی مجکو ثمار الفت

www.urduchannel.in

آختر یہ میری ہمدم میں غمگسار اُسکا	الفت نثار تجھ پر اور میں نثار الفت
غنچہ سان ہم بند ہیں اُس گل کی تقریر کے بیچ	مطلب دل اب بیان کرتے ہیں تحریر کے بیچ
سب کے سب آزاد اُسکے دام گیسو سے ہوئے	ایک ہم باقی رہے ہیں سارے نخچیر کے بیچ
ابرو نے قتل کرتا ہے تو کافر قتل کر	اک مسلمان گھر گیا ہے دوہری شمشیر کے بیچ
کرسکوں میں کیا ترے روئے کتابی کی صفت	شرح ہے اس مصحف ناطق کی تفسیر کے بیچ
چشم وحدت بیں سے جب دیکھا مرقع دہر کا	اک اُسکی شکل ہے ان ساری تصویر کے بیچ
چپکے سہتے ہیں ستم ہم اُف بھی کرسکتے نہیں	آہ کی طاقت کہاں ہے ہم سے دلگیر کے بیچ
خواب دیکھے ہیں تری زلف سے کے بارہا	کیوں دل آختر نہ اُلجھے اُسکی تعبیر کے بیچ
آنکھوں سے گر اشیشۂ بلور سے گلے پر	میں ساغر دل کیوں نہ کروں چور گلے پر
کافر پہ گلا کاٹتا ہے اپنا مسلماں	ہے نور خدا اے بت پر نور گلے پر
بوسہ ترا آنکھوں سے قمر لے تو بجا ہے	آختر کی لبوں کا نہیں مقدور گلے پر
بتوں کی ذات سے کیا کیا شرارتیں پائیں	جو پائی پائی یہ سنگین عمارتیں پائیں
ہمارے سینہ کی درگاہ پر چڑھی گل داغ	بتوں نے روضۂ دل کی زیارتیں پائیں
خیال یار میسر ہوا تصور میں	شروع خواب میں دولہے بشارتیں پائیں
جمال یار کو سارا بدن ترستا ہے	ہر ایک داغ نے تن پر بصارتیں پائیں
ترے نصیب کی گردش حقیر کرتی ہے	جو مہ کے ہاتھ سے آختر حقارتیں پائیں
ہم نمازوں میں جو بیباک کھڑے رہتے ہیں	سامنے یہ بت سفاک کھڑے رہتے ہیں
بیقراری کو مری دیکھ کے اے شاہ سوار	با ادب تو سن چالاک کھڑے رہتے ہیں
صبح محشر سے کہاں کم ہے شب ہجر صنم	ہم گریبان جو کئے چاک کھڑے رہتے ہیں
بخرد کون ہے اس صید گہ الفت میں	بہا گیں کیا لائق فتراک کھڑے رہتے ہیں
مار گیسو کے ہوس ہمکو انہیں خواہش مے	ہم پئے نشۂ تریاک کھڑے رہتے ہیں
شمع مہتاب ہی عریانی سبھی ہی عین بناؤ	پہنے وہ نور کی پوشاک کھڑے رہتے ہیں
آختر اغیار سے کرتے ہیں جو وہ عشق غلیظ	ہم چپائے نگہ پاک کھڑے رہتے ہیں

www.urduchannel.in

باغ عالم میں گل مضمون کا ہی جوش اندنوں
سر جھکائے بلبلیں بیٹھی ہیں خاموش اندنوں

داغ سودا کے کھلا ہونکا نمونہ ہوگیا
آبلونکی پاؤں میں پہنی ہی پاپوش اندنوں

سر مراخانی کیا اے بلبلو چہکار کے
ہمسر بادنہاری ہی میرا دوش اندنوں

صورت معشوق حقیقی کا چمن مشتاق ہی
ہر گلستاں نے پہلائے پھول کی گوش اندنوں

پھر گلستاں بھی مقابل روی گلروسی ہوا
صورت بلبل پہراڑاتی ہی مری ہوش اندنوں

تیری سودای سیہ طاق ابرو کھل گئے
فرق کیا سمجھیں ہوا کعبہ سیہ پوش اندنوں

چھوڑدیگا کوچہ جانا نکا یہ اختر بھی ضرور
یاد کیا مجکو کرے وہ خود فراموش اندنوں

ایجوانواب صعیبی ہی ہماری اندنوں
پہنک دیتی ہی ہمیں باد بہاری اندنوں

طائر مضمون کو وحشت پر لگاتی ہے وہیں
سط کولے اڑتی ہی میری بیقراری اندنوں

زخم کے تقاضے سے کب بچتی ہی بیدم جو مجھ خون
موج تیغ یار کا چشمہ ہی جاری اندنوں

مرتیں مقتول کیں سینہ میں ہمنے بیشتر
ہر ہوس پھرتی ہی کیسی ماری ماری اندنوں

وہ تو ایکماہ سریع السیر پر ہے مبتلا
کون اختر کی کرے اب غم گساری اندنوں

وہ سخن جو مشہور ہی اخباروں میں
میں بھی بیکار نہیں نام ہے ہرکاروں میں

گل کا عاشق ہوں کبونکر کے بچھسے غرور
بلبلیں لائینگی نامہ مرا منقاروں میں

جسمیں وہ قوم پارہ ہی زہرہ سی ہی مراد طلب
اختر زار کھڑا ہو نہ گنہگاروں میں

بلبل کو جو جی میں میرا جی ہو
پھر گل سے وصال بھی اجی ہو

اُتری نہیں یار کی سلامی
ور دی کہیں شام کی بجی ہو

غنچوں سے نہ کج کلاہ اینٹھیں
تن پیرہن قبائے گل سجے ہو

ناسخ کی غزل سجی ہے اختر
تو بھی ذرا لیکے اجی ہو

جگر عاشق دل سوز جلاتے نہ چلو
شمع کو خفل عشرت میں رلاتے نہ چلو

سم رخسار سی مردیکو جلاتے نہ چلو
سوتے فتنہ کو تم اے یار جگاتے نہ چلو

قفس تن میں مرا طائر دل پھڑکے گا
چٹکیوں میں گل و بلبل کو اڑاتے نہ چلو

موج گل سے تہ جا لا ہی نسیم سحری
قدر نالا سی تو یوں خاک اڑاتے نہ چلو

www.urduchannel.in

باغمیں آئے ہو گلرو تو ذرا بلبل کو	غزل اختر خوش لہجہ سنائے نہ چلو
نکالوں کس طرح دلسے تری مژگاں کے تیر و نکو	مٹا سکتا نہیں انسان ہاتھوں کی لکیروں کو
یہ حق حق بوریائے فقر پر کیا نقش دکھلائی	مری آہیں بہت برباد کرینگی فقیروں کو
نہ جاؤ ناصحو اس سرد مہری پر نہ سمجھاؤ	شرارے آگ کے ہیں بت نہ بھڑکاؤ شریروں کو
شگفتہ ہو گیا ہر گل تری رنگین ادائی سے	دئے ہیں لٹ پٹی دستار نے کتنے داغ جیبونکو
بڑا چاہیں جو اپنے شاہ کا کیونکر سفیدی ہو	سیاہی کا لگیگا داغ اختر اُن وزیرونکو
ڈھپ نہیں سکتا بدن آرزو	تنگ ہوا پیرہن آرزو
خونِ شہیداں کی دکھاؤ بہار	سرخ رہے یہ چمن آرزو
ناز کا انداز وہاں اور یہاں	قطع ہوا پیرہن آرزو
تیری تصور سے ہوں خلوت نشیں	خالی ہی پھر انجمن آرزو
کیوں نہ یہہ صیاد سے اختر لڑا	صید ہو ناوک فگن آرزو
کانوں کو پھر خوش آتی ہی صوتِ ہزار کچھ	آتی چلی ہی گلشنِ دل میں بہار کچھ
مطرب کی صوت سے دلِ ناساز ہی فگار	باقی ہیں پر گلے میں گریباں کے تار کچھ
پھر آمد بہار میں کٹتے ہیں پر مرے	بیرنگ ہو گیا چمن روزگار کچھ
ساقی نے اپنے دور میں محروم جور کھا	روشن ہی اُسکے نور سے اب دلیں نار کچھ
دار و مدار دار فنا میں خدا پہ ہے	اختر بتو نکا عشق نہیں پائدار کچھ
دار فنا میں عشق حق باقی	اُسکے ناموں کا ہے سبوح باقی
پان کساکر بقا فنا ہے سبھی	سر شب ہو مگر شفق باقی
خوب پھیلا ہی زمین شعر و غزل	آسمان کے ہیں اب طبق یہ باقی
کیچ لیتا ہوں اک لقا رہ میں	کسی گل میں نہیں عرق باقی
تیری غزلیں ہیں اے اختر	ہاں اگر ہے تو نام حق باقی
سوز دل جب گذار کرتا ہے	برق کو بیقرار کرتا ہے
چشم بینا ہوا ہے ہر اک داغ	ہر تن انتظار کرتا ہے

www.urduchannel.in

اپنی آنکھوں میں رکھ مجھے صیاد
کیوں شکار آشکار کرتا ہے

باغ پر کیوں نہ بلبلیں پھولیں
داغ کو لالہ زار کرتا ہے

ذرۂ خاک سے بھی کمتر ہوں
کون اختر شمار کرتا ہے

میرا صحرائے جنوں اسدرجہ دردآمیز ہے
جو بگولا خاک کا اٹھتا ہے شور انگیز ہے

تیر مژگاں کا گذر ہوگا نہ اے ناوک فگن
رونگٹا ہر ایک میری تن پہ تیغ تیز ہے

گیسوئے شبگوں میں ای مہ لٹکا یا نکر
ہے رقیب روسیہ یا مرغ شب آویز ہے

عارضی رنگین نہیں اس دور میں ای میگسو
کاسۂ چینی شراب سرخ سے لبریز ہے

جو تجھے بوسے کو لیا نہ اگر دیا نیو
یہ زمین صاف اس اختر کی آفت خیز ہے

خونکا تمیں جوش ہے آہ کا بھی خروش ہے
دل مرا سرخ پوش ہے اور وداع ہوش ہے

داغ جو میری لے سکی ہار وئیں تیری گوندھ گئی
پھول سمجھ کر بیچ لے اسکو چمن فروش ہے

اے میری چشم عکس تل آنسو ونسی ذرا تو مل
سد سکندری ہے دل سینہ میں ایسا جوش ہے

سرو چمن ہے مثل دار کسکو ہے قد کا انتظار
باغ میں گل کھلیں ہزار تیرا دہن خموش ہے

مصرع تر یہ درد کا اختر زار ہے بجا
حسن بلا ہے چشم ہے نغمہ بلا ہے گوش ہے

رخ روشن جو دیکھا صبح کا ہی
دل خورشید میں آئی سیاہی

بنی سد سکندر موج گیسو
سفینہ پر مری آئی تباہی

پڑھی ہے تحریر خط عارض یار
لکھوں خواہی نخواہی عذر خواہی

بدل جائے شریعت قاضیو تمکی
زبانیں کاٹتے ہیں بے گواہی

بتونکا عشق چھوڑوا ئی پیری
کرو اختر بس اب یاد الٰہی

اے کعبۂ دل تیرے سینہ میں خرابی ہے
معشوق جو رہتا ہے اسمیں وہ شرابی ہے

قمری کی خرابی ہے ہر سرو شرابی ہے
ہر غنچۂ دلبستہ بلبل کی گلابی ہے

تنہا قیس کے ماتم سے لیلی کا سیہ خیمہ
گردوں کی مرے غم سے پوشاک بھی آبی ہے

نوروز کی رنگینی بلبل کو اڑائے گی
پھر پھولونکا گلشن میں جامہ جو گلابی ہے

دیکھا نہیں بلبل نے اختر کا جو میخانا
جو شعر ہے دیوان میں گویا وہ گلابی ہے

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان مولوی سید علیحیدر صاحب طباطبائی نظم لکھنوی

نظر آتا ہے ابر آسا گزرنا کوہساروں کا
کہ عالم عالم اجسام میں ہے بیقراروں کا

کیا ہے دست گیری کا جو وعدہ تیری رحمت نے
کلیجہ ہاتھ بھر کا ہو گیا امیدواروں کا

گلستاں ہو کہ خارستاں ہو دونوں جاعبرت ہیں
یہ مقتل نیزہ بازوں کا وہ مدفن تاج داروں کا

نہیں ہے شرک سجدہ کی جہت مشرق ہو یا مغرب
سمجھتا ہے اگر تو ایک مرجع سب اشاروں کا

کرم اونی پہ اعلیٰ سے زیادہ ہے تعالی اللہ
گلوں سے بیشتر نشو و نما ہوتا ہے خاروں کا

نہ شوخی اے صبا کر وضع میں اب فرق آتا ہے
غبار اونچا نہ ہو جائے کہیں ہم خاکساروں کا

ضلالت میں گرے ہیں اور علائق مانع عرفاں
شب تاریک ہے اور کاٹنا ہے کوہساروں کا

ہوا میں انکے ذرے ہوں تو ہوں جو نامو گر زمیں پر تو
پتہ روئے زمیں پر تو نہیں ملتا مزاروں کا

کہلا دیتی ہے سرمہ کیا نگاہ شرمگیں تیری
کہ اف کرتا نہیں مارا ہوا تیرے اشاروں کا

تجمل دیکھکر تیرے شہیدان محبت کا
مسیحا و خضر پڑھنے لگے کلمہ شہادت کا

فرشتہ کی طرح سے پاک دامن ہو تو کیونکر ہو
کہ دل رکھتا ہے انسان اور دل ہی ایک آفت کا

ذرا سن تو سہی کیا شور ہے شہر خموشاں میں
جو عاقل ہیں یہاں آکر سبق لیتے ہیں عبرت کا

شباب اس طرح سے گزرا کہ اب معلوم ہوتا ہے
وہ باتیں اک زمانہ کی ہیں قصہ ایک مدت کا

فغاں آلبشار و اشک ابرو گریہ شبنم
جدھر دیکھو ادھر رونا ہے اپنی اپنی قسمت کا

منادی نے ہستی کی تشتیروں کو اگر الٹا
عدم کا اٹھ گیا پردہ جو دامن تا کمر الٹا

نگاہ ناز آئینہ میں کہتی ہے اثر الٹا
ادھر دیکھو قیامت ہو گی یہ جادو اگر الٹا

بہار آئی اٹھے بادل چلے صحرا کو دیوانے
ہوئی الجھن بڑھا آزار دل اولٹا جگر الٹا

نہ ہو لینگی کبھی وہ خلوتیں وہ وصل کی راتیں
کہ پردہ شام سے چھوڑا تو ہنگام سحر الٹا

www.urduchannel.in

موذن نے اذاں مغرب کی دی جب شب فرقت
جائیں تو بتی نے وردیاں الیس کر الٹیا

وہ بل کھا کر اٹھے ہیں قتل کرنیکو میں ڈرتا ہوں
مجھی پر کچھ نہ کچھ الزام دہر دے کی مر الٹیا

صبا کی تو خیوں پر رشک کیسا مجھکو آتا ہے
کہ آنچل اسکا یوں سوتے میں بے خوف و خطر الٹیا

جلے ہیں غیر غیر کیا کیا وہ جو خلوت سے مری نکلے
پریشاں باندھ کر جوڑا دوپٹہ اوڑھ کر الٹیا

جواب آیا نہ مرغان چمن سے میرے نالونکا
گلے کو کستد پیراز باں کو کستد را لٹیا

بہار مانع دونی ہو گئی ہے میفہ پر سنے سے
نظر آنے لگا ہر ایک، تالے میں شجر الٹیا

جو سچی بات ہو اے نظم دو پہلو نہیں کہتی
نظر آتا ہے یکساں کو ہو سیدھا یا گھر الٹیا

جفا و جور کی حد ہو گئی۔ سمجھیں گے ہم اچھا
ستائے جاؤ تم اچھا کئے جاؤ ستم اچھا

نگہ میں نوک اچھی ہے مژے ابرو میں خم اچھا
یہ تیغ جاں ستاں ہی خوب یہ تیر ستم اچھا

نہ دیکھ انداز آئینہ میں اپنا پوچھ لے ہم سے
زمانہ بھر سے اچھا اور تجھ سے سر کی قسم اچھا

جواب صاف دیکر تو ڑتے کیوں ہو مرد لکو
مجھے لیت و لعل اپنی مجھے لاؤ نعم اچھا

رہے گبر و مسلماں منزل مقصد سے بیگانہ
ملا یہ راہ میں ہندو گا نہ دیر و حرم اچھا

نفس خوردیدہ جانا خواب گاہ ہوں حسینوں کی
بکالا سیر کا وقت اے نسیم صبح دم اچھا

لحاظ اتنا ابھی تک حضرت ناصح کا باقی ہے
وہ جو کچھ حکم فرماتے ہیں کہہ دیتے ہیں ہم اچھا

نہ پایا شعر ہم نے دفتروں میں دوسرے کا یہ
زباں اپنی مضامیں خوب باندھا اچھا جم اچھا

روانی کو کلام نظم کی انصاف ہے دیکھیں
نکل جائے کہ ہے تلوار اچھی یا قلم اچھا

ادا میں سادگی میں کتنی چوٹی نے خلل ڈالا
شکن ماتھے پہ ابرو میں گرہ گیسو میں بل ڈالا

کھلے وہ پھول نیلوفر کے آنکھیں تو نے جب کھولیں
ستم کیا کیا شرما کے ہاتھوں سے بل ڈالا

نہ اگلی سی محبت ہے نہ اگلی سی مروت ہے
الٰہی خیر وہ انداز ہی اب تو بدل ڈالا

فلک کو دیکھ کر شکوہ کریں ہم یہ ارادہ تھا
کہا جھک کر فلک نے۔ سر اٹھایا اور چل ڈالا

جدا ہی پاؤں سے زنجیر تھر تھر کانپتی ہے
رفیقان کہن میں نفرقہ خوب اے اجل ڈالا

ملی ہے آج مسی اب بلا کیوں رخ لگے کرنے
تعلی بڑھ گئی مو باف جو پہلے بل ڈالا

عطا یوں میں ہنسا کیوں جلوہ گاہ قدس اکثر
بتا اے نظم۔ آخر بہیں کیوں تو نے بدل ڈالا

www.urduchannel.in

آپ کی محفل میں آکر دل مکدر لیچلا
آئینہ لایا تھا میں سد سکندر لیچلا

دیدۂ تر لیچلا آنکھوں کی چادر لیچلا
میں جدھر اٹھا بسان موج لشکر لیچلا

آکے میخانہ میں ہم مستوں کو پیمانوں نے ملے
کس طرف اوابر دریا بار لشکر لیچلا

میں گلے لپٹا تو ہیکل ٹھکیاں لینے لگی
بوسہ جیسے چین کنبدے کا گوہر لیچلا

میں تو سمجھا تھا ندم سابق بلاحق ہی ہے
ہائے پھر ہستی کی تہمت کیوں لگا کر لیچلا

کاروان گل چلا آخر ہوئی فصل بہار
سبزۂ خودرو چمن سے اپنا بستر لیچلا

وقت آخر آشکارا ہوگئے سب کے داغ
خود میں اپنے قبر پر پھولوں کی چادر لیچلا

دیکھنا یوں بیاد کی نظر و نسی آتا ہی کسے
آنکھ جس سے لڑ گئی ساتھ اسکو حیدر لیچلا

کون سا اس عشق بازی میں نہ ہم دفن کیا
آہ کی فریاد کی نالہ کیا شیون کیا

چھوٹ کر تیرا سکی جنگل سے یہ دیتا ہی صدا
آفریں۔ کیا کام تو نے اے شکار افگن کیا

گھل کے کاجل نے کیا آنکھوں کو نیلوفر کا پھول
جم کے مسی نے لبوں کو غیرت سوسن کیا

جس زمیں شعر سے اپنی مری فکر بلند
اس زمیں نے اطلس گردوں کو پیراہن کیا

جنبش ابرو فقط کافی تھی میرے قتل کو
اس قدر جلاد پر اے ترک کیوں قدغن کیا

ہے ستم مرغ چمن شور مچانا تیرا
زخم دل پر ہے نمک ریز ترانا تیرا

حوصلہ رہ گیا اے فصل جوانی افسوس
ولولے دل کے سوا کم ہے زمانہ تیرا

یوں نگہ پھیر لے وہ آنکھ ملا کر مجھسے
اے اجل خوب سمجھتا ہوں بہانہ تیرا

بے مروت کوئی پھر تجھسے ملے کس دلسے
آج تک یاد ہی وہ دل کا دکھانا تیرا

اے جنوں ہیچ ہی گلا کاٹ کے مرجانا تھا
خوب رسوا ہوئے کہنا جو نہ مانا تیرا

حسرت تیر انہیں ہی جو ہیں بے پر و بال
جب سے دیکھا ہے نشانہ کو اڑانا تیرا

جا کے صوفی سے جگا دو تو یہ فرماتے ہیں
ہی کہیں اور ہی کم بخت ٹھکانہ تیرا

دل منشاق نے کروٹ نہ انہیں لینے دی
وہ یہ کہتے ہی رہے دکھ جائے گا شانہ تیرا

تیر لگتا ہے کلیجہ پہ کبھی دل پہ کبھی
ٹھیک پڑتا ہے نشانہ پہ نشانہ تیرا

تا کجا شیخ خم و در در خدا حیدر
ہچکیاں لگ گئیں سن سن کے فسانہ تیرا

www.urduchannel.in

زیست میں چار طرف مرگ کا طوفاں دیکھا
تند آندھی میں چراغ تہ داماں دیکھا

تھمنے پایا نہ قدم طولِ امل کے ہاتھوں
کالے کوسوں پہ مسافر نے بیاباں دیکھا

رشک ہی مجھکو تری جامہ دری پر اے موج
جسطرف ہاتھ بڑھا اپنا گریباں دیکھا

عالم وجد میں کھینچا تھا ابھی دامن یار
آگیا ہوش تو اپنا ہی گریباں دیکھا

قسمت دہر میں لکھی ہوئی ہے ویرانی
میں نے ہر خاک کے ذرہ میں بیاباں دیکھا

تو کنارہ پہ کھڑا ہو جو رہا چھوڑ کے راہ
تو نے اے سرو چمن کس کو خراماں دیکھا

کچھ نہیں جانتا کیا ہجر میں گزری مجھپر
آنکھ کھولی تو طبیبوں کو ہراساں دیکھا

قہر تنہا پئے نگاریں کا وہ ہو کر لینا
قتنۂ حشر کو بھی خون میں غلطاں دیکھا

کشتنی تھا کہ نہ تھا نظم نہ معلوم مگر
قتل کے بعد ستمگر کو پریشاں دیکھا

پیر و عقل ہو دیوانہ نہیں دل ایسا
کارناداں نہیں کرتا کوئی عاقل ایسا

بھر گیا پھولوں سے داماں نظر جیب بہار
اسقدر کثرت گل شور رعنا دل ایسا

گور میں بھی نہیں طوفان حوادث سے مفر
موج تو ایسی بلا خیز ہے ساحل ایسا

میں سمجھتا ہوں کہ شادی کا سر انجام ہی غم
مل رہی ہیں کف افسوس جلاجل ایسا

بخش دے خلد کا گلزار تو ایسا ہے کریم
اک پرکاہ کی بخشش کرے عادل ایسا

تیز رو جب تجھے اے ناقۂ لیلےٰ سمجھیں
دیکھ لے قیس اٹھے پر دل محمل ایسا

جہاں میں کوئی نہ کوئی حادثے جان کا گا
ہوا چمن میں نہ گلچیں تو باغباں ہوگا

جدھر سے قافلہ گزرے گا خاکساروں کا
بپھرنا گرد کا اس سمت بادباں ہوگا

نکلا جو کاٹ کے مرجانے تو بھی ڈرہے
کہ سر کاٹنے کا اس نے ایجاد پر رواں ہوگا

نگاہ اس نے جو پھیری تو مر مٹا دل زار
خبر نہ تھی کہ یہ ایسا مرض داں ہوگا

خدا کو ڈھونڈھتے جاتا ہے کیا کیا
ہر ایک جا وہ ملے گا بجز نہاں کے

کہا جو تو نے دل ناصبور میں نے کیا
بہانہ تو نے کیا یا قصور میں نے کیا

پھر تم کہو کہ نہ آیا بلانے آؤں میں
ضرور تم نے کہا اور ضرور میں نے کیا

تمہارا ذکر ہے کیا غم کو کون کہتا ہے
نسا دیں نے اٹھائے تو ور میں نے کیا

www.urduchannel.in

جہاں کہیں ہوئی کثرت رہا میں کچھ دور
جہاں ملی مجھے خلوت ظہور میں نے کیا

رہوں میں سر بگریباں یہ امر تھا مشکل
یہ سہل تھا کہ گریباں کو دور میں نے کیا

خدا نے منہ میں زباں دی ہے کیا نہیں لطف بیان
اس ایک بات پہ کتنا غرور میں نے کیا

جو مجھ سے کہتے ہیں اے نظم حسن ظن احباب
تو میں سمجھتا ہوں کچھ مکر و زور میں نے کیا

میں پا کے اس سے عفو کا پروانہ چھپ گیا
اہل خرد دہر سے گئے دیوانہ چھپ گیا

کیا حال پر ملال شب غم بیاں کروں
ظلمت وہ تھی کہ شمع سے پروانہ چھپ گیا

آئی تھی اب مزے پہ کہانی شباب کی
کس لطف کے مقام سے افسانہ چھپ گیا

کس راستے سے ناقہ لیلیٰ کو لے چلا
اے صحرا نشیں قیس کا ویرانہ چھپ گیا

مستی میں ایک کو نہ رہی ایک کی خبر
شیشہ سے بزم عیش میں پیمانہ چھپ گیا

کاجل لگا کے لاش پہ رونیکو آئے تھے
اشکوں سے رنگ نرگس مستانہ چھپ گیا

لو اضطراب شوق ہی نکلا حریف بزم
چلمن میں آکے شمع کی پروانہ چھپ گیا

قابو سے نفس کو نکلنے کبھی نہ دے
پھر شیر ہے جو یہ سگ دیوانہ چھپ گیا

دیکھا فریب حیرت بزم وصال کا
دست مژہ سے سجدہ صد دانہ چھپ گیا

دی آکے کیا نسیم نے حیرت فزا خبر
ہر شاخ گل کے ہاتھ سے پیمانہ چھپ گیا

تنہا وصل میں تن و نفس واپسیں ملکہ
دم بھر میں ایک عمر کا یارانہ چھپ گیا

احسان پہ کیا عرق انفعال نے
دامن سے داغ گریہ مستانہ چھپ گیا

واعظ بتا مجھے کہ یہ کس کی نظر لگی
ہونٹوں تک آکے ہاتھ سے پیمانہ چھپ گیا

زاہد جو شہر چھوڑ کے صحرا میں ہے بسا
اس کو بھی قلق ہے کہ میخانہ چھپ گیا

رکھا ہی کیا وطن میں اب اے نظم خستہ جاں
ہوا اس لیے اداس کہ ویرانہ چھپ گیا

سرا ہی یہاں زبان ہی جو سامان نمو تو کیا
داماں نمو تو کیا جو گریباں نمو تو کیا

پیکاں پہ ہاتھ رکھ کے قسم کھا گئے ہیں وہ
بر عہد کے بھی جو قرآں نمو تو کیا

لایا ہے کوئی ساتھ نہ لیجا گا کوئی
دولت ہو اور عادت احساں نمو تو کیا

نالوں نے جب زباں نہیں لگتی جناب کی
ناصح بھلا داغ پریشاں نمو تو کیا

www.urduchannel.in

کیا رے فلک ملا ہمیں بازارِ دہر میں
ظالم متاعِ دل ہی ارزاں نہ تو کیا

کہتے ہو جو پڑے گی مصیبت اٹھائیں گے
لیکن وہ ظلم کر کے پشیماں نہ تو کیا

مانا کہ تو نے غیر کیا نظمِ اپنا حال
معلوم اسکو حال پریشاں نہ تو کیا

پرسش جو ہوگی تجھ سے جلاد کیا کریگا
لے خون میں نے بخشا تو یاد کیا رے گا

دل لے کے پوچھتا ہی تو کا شیفتہ ہے
بھولا ابھی سے ظالم پھر یاد کیا کرے گا

لے نظم جس کو چاہی وہ دے بہشت دوزخ
نمرود کیا کرے گا شداد کیا کریگا

پر کالہ دل گریۂ سرشار نے کھینچا
کعبہ کوئی گرتی ہوئی دیوار نے کھینچا

یوں مجھکو سوے دشت دل زار نے کھینچا
جیسے کسی مجبور کو مختار نے کھینچا

ایسی ہے ترے ہاتھ کے بوسوں کی تمنا
اس شوق میں چلہ لب سوفار نے کھینچا

کس کن نگروں کو قدموزوں نے سنبھالا
کس بوجھ کو موئے کمر یار نے کھینچا

بگڑے کبھی چھیڑے ہی سے گیسوئے وصلت
نالہ کبھی پابوسی دیوار نے کھینچا

چپ چھپ کے بھی رویا تو کہ گا ہے ہمیں
محشر میں کہ میاں غم دلدار نے کھینچا

مجنوں کو مری دشت نوردی پہ حسد ہے
کانٹا جو چبھا پاؤں میں خود یار نے کھینچا

جب آہ کی اک داغ محبت ابھر آیا
سوجھ کی طغیانوں کو دل زار نے کھینچا

چھو رنگ لگانے کا جو ابرو کو ہوا شوق
آہوے حرم طرۂ طرار نے کھینچا

لی ابر بہاری نے پر زاغ کی رنگت
نقشہ دم طاؤس کا گلزار نے کھینچا

دورے گل رنگ رہا شب کو یہاں تک
آغوش میں بے ہوش کو ہشیار نے کھینچا

گیسو سے رہا تم دل ناشاد نکرنا
اب دام میں لاے ہو تو آزاد نہ کرنا

میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ بیداد نکرنا
تم اپنی طرف سے کوئی ایجاد نہ کرنا

بھولا میں اگر قصہ الفت کو ہمارا
وہ یہ اثر نالہ و فریاد نہ کرنا

گنجینہ کی حسرت میں کہے جاتے ہیں منصور
دیکھو مرے ایما پہ ایجاد نہ کرنا

بندہ تو اس اقرار پہ بکتا ہے ترے ہاتھ
بیچا ہی اگر مول تو آزاد نہ کرنا

او وعدہ خلاف اپنے ذلت کی قسم ہے
تا عمر مجھے بھول کے بھی یاد نہ کرنا

www.urduchannel.in

اے نظم عجب لطف ہے دیوانہ دلی میں
ہاں ترک کبھی عشق پری زاد نہ کرنا

کبھی تیوری چڑھا کے دیکھ لیا
اور کبھی مسکرا کے دیکھ لیا

دیکھ سکتے تھے آنکھ سے نہ جسے
اسکو دل میں چھپا کے دیکھ لیا

پھول سے ہیں سُبک قدم اُنکے
میں نے آنکھیں بچھا کے دیکھ لیا

حال اس شوخ نے مرے دل کا
کیا نظر میں سما کے دیکھ لیا

مر گیا میں سمجھ کے سچ اسکو
کیوں بہانہ بنا کے دیکھ لیا

ایک ہی ہاتھ کا تماشا ہے جہاں
ہاتھ ہم نے اٹھا کے دیکھ لیا

دل کی چوری ہی کھل گئی سب پر
آنکھ تم نے چرا کے دیکھ لیا

نیلو داغ کا جواب اے نظم
طبع کو آزما کے دیکھ لیا

دم گیا شوق جستجو نہ گیا
دل گیا داغ آرزو نہ گیا

لے اڑا مرغ نامہ بر خط شوق
دل بیتاب ساتھ تو نہ گیا

اُڑ رہا ہوں غبار رہرو ہو کر
زور پرواز جستجو نہ گیا

تھا جو مجھکو لحاظ قاتل کا
اُڑ کے دامن تلک لہو نہ گیا

نظم اس سال بھی زیارت کو
جانوالے تھے لوگ تو نہ گیا

مٹتا ہے اختیار سے کب داغ التجا سے کب
اور ہرزہ کار آگ بجھی ہے ہوا سے کب

سختی کو جھیل جا تو سعادت شکار ہے
خالی ہے اس پہاڑ کی چوٹی ہما سے کب

ہرگز گھٹا نہ عشق رہ مستقیم کا
سر کا یہ آفتاب خط استوا سے کب

کب ہوگا بر طرف مرا اندوہ اے کریم
پانی سفید برسے گا کالی گھٹا سے کب

تو بھی تو ہم رکاب تھا اے شوق کو یار
پیچھے میں رہ گیا ہوں صدائے درا سے کب

نکلیگا دل سے نظم کے کیونکر غم حسین
جاتا ہے زنگ لعل سے سرخی حنا سے کب

پاؤں پھیلائے ہیں داماں کی طرح
ہاتھ کھینچا ہے گریباں کی طرح

ترے عاشق کا یہ دل تھا ظالم
توڑ ڈالا جسے پیماں کی طرح

سر جھکا کر نہ اُٹھایا ہم نے
تیغ آئی تری احساں کی طرح

www.urduchannel.in

پر کدورت ہے مرا دل ایسا — خاک اوڑتی ہے بیاباں کی طرح
نظم کے پاس تھا کیا دل کے سوا — کہو دیا اسکو بھی ایماں کی طرح

پہنچے نگاہ نہ کیوں روئے یار کے تل پر — چمک رہا ہے ستارا سا ماہ کامل پر
نوائے شادی و غم دونوں یوں ہی دھن میں تو — کہ پس گیا گل نغمہ کف جلا جل پر
کیا تہا میں نے ابھی طے نہ وادی غربت — کہ پہونچی شام غریباں سواد منزل پر
ملی نہ غمکدۂ دہر میں جگہ اتنی — کہ روؤں بیٹھ کے میں نامرادی دل پر
طواف شوق کو سیکھو انہیں پتنگوں سے — تڑپ رہے ہیں جو گر گر کے شمع محفل پر
ملا طریق وفا میں کوئی جو سنگ گراں — اٹھا کے راہ سے میں نے ڈھکیل دامن پر
کجا وہ جلوہ گہ ناز تو کجا اے نظم — پھر آ رزو تجھے اس حوصلہ پہ اس دل پر

کوچہ کوئی نکلے جو رگ جاں کے قریں اور — اس گنبد بے در سے نکل چلئے کہیں اور
اللہ رے ساقی کا بجد ہو کے بلانا — کہتا ہوں میں بس بس تو وہ کہتا ہی نہیں اور
اس چیر میں کوئی جو نہ مرتا ہو تو مر جائے — وعدہ ہے کہیں اور ارادہ ہے کہیں اور
اوڑنے میں لپکنے میں ہے شعلہ لپٹنے میں — ہے قہر کہ دیتا ہے ہوا دامن زیں اور
خوشبو سے یونہیں ہوش با وصل کی شب تھی — گیسو ہوئے برہم تو کھلا نافہ چیں اور
وہ محفل ارباب صفا ہو گئی برہم — ان لوگوں میں باقی ہے اب اک نظم حزیں اور

احسان لے نہ ہمت مردانہ چھوڑ کر — رستہ بھی چل تو سبزۂ بیگانہ چھوڑ کر
مرنے کے بعد پھر نہیں کوئی شریک حال — جاتا ہے شمع کشتہ کو پروانہ چھوڑ کر
طول امل پہ دل نہ لگانا کہ اہل بزم — جائیں گے ناتمام یہ افسانہ چھوڑ کر
پہروں ہمارا آپ میں آنا محال ہے — کوسوں نکل گیا دل دیوانہ چھوڑ کر
توبہ تو کی ہے نظم نبا ہوگے کس طرح — کیونکر جیو گے مشرب رندانہ چھوڑ کر

بت کہتے ہیں کبھی کبھی تصویر دیکھکر — سودا ہی ہے دل گئی مجھے دلگیر دیکھکر
پہلو سے دو گھڑی جو سرکتے نہ تھے کبھی — گھبرا گئے وہ دفن میں تل خیر دیکھکر
سایہ کے ساتھ دھوپ بھی شامل کے ہٹ گئی — زلفوں میں روئے یار کی تنویر دیکھکر

www.urduchannel.in

سمجھے مری دعا کو ملک زد بان عشق
ہیہم صعود نالۂ شبگیر دیکھکر

حرماں تو دیکھئے کہ خیالی تماشہیں حسن
سودا ہوا مجھے وہی تصویر دیکھکر

پہانس کہتی ہے ادہر کاکل پیچاں دوچار
مار لیتی ہے ادہر نرگس فتاں دوچار

گیسوؤں میں ہی شب وصل کا نقشہ باقی
کچھ گندہی رہ گئیں زلفیں تو پریشاں دوچار

میں ہوں وہ کشتۂ حسرت کہ لحد پر میری
اڑتے پھرتے ہیں حسینوں کے گریباں دوچار

لاکھوں صدمے ہوں مگر عشق کا ایسا ہی مزہ
کہ ہزاروں میں ہوئے ہونگے پشیماں دوچار

غم سے جو زرد ہی کہدو کہ تماشا دیکھے
رنگ بدلے گی ابھی گردش دوراں دوچار

اس زمیں کا ہی اشعار ہیں قابل اے نظم
آسماں بھر میں ستارے ہیں درخشاں دوچار

دوش پر ہیں کبھی افعی کبھی رخساروں پر
خود ستمگر ہو عنایت ہی ستمگاروں پر

پھیر کی تھی لب جاں بخش کا شہرہ میں نے
چشم فتاں نے چھری پھیر دی بیماروں پر

بانہیں گردن میں مری ڈال دے تو یکبار
منہ جو پھیروں ہی تو مل کر تیرے رخساروں پر

ہوس لذت بیداد نہ پوچھو مجھ سے
دل جو آتا ہی تو آتا ہی دل آزاروں پر

لطف یہ ہی ہی کہ کھینچے نہیں اس نے تلوار
ٹوٹے پڑتے ہیں گنہگار گنہگاروں پر

ہوگیا مستوں کے جھرمٹ میں جو خورشید غروب
سرخ ہیں رنگ شفق پھولی ہی رخساروں پر

سختیاں عشق کی جسطرح بنے جھیلیں گے
ہنس دیکھی ہی بجلی نہیں کہساروں پر

میرے نالہ کو جو کوٹے پہ نہ آنے دوگے
چاندنی بن کے وہ رہ جائیگا دیوروں پر

سرو قد حشر اٹھا قامت دلجو ہوکر
فتنے بیدار ہوئے نرگس جادو ہوکر

صبح ہی اے شب عشرت ترے صدقے جاؤں
ڈھانک لے چہرہ خورشید کو گیسو ہوکر

دل نہ دنیا سے لگایا کہ ہیں آزادہ روش
چمنستاں میں رہے ہی تو بہے بو ہوکر

مجلس پیر مغاں سے نہ اٹھیں گے ہرگز
پاؤں اب ٹوٹکے بیٹھے ہیں دوزانو ہوکر

قدر اے نظم کسی نے بھی نہ جانی میری
دامن دشت میں مہکا گل خودرو ہوکر

جنوں میں اک ولولہ جو آیا بہار گل کی منگائی
تو دل میں ٹھانا وہ دور ہوکر جگر میں بیٹھا نہ تنگ ہوکر

ہمیشہ کوچ و مقام اپنا رہا ہی خضر وطن الغربت
گرا کا تو میں سنگ میل بنکر چلا تو آواز تنگ کر

www.urduchannel.in

جواب کی مینائے مے کو توڑ ا چلیگی تلوار محتسب سے
لہو بہی رندوں کا دیکھہ لینا بھامے لالہ رنگ ہوکر

اُٹھے تھے تلوار کھینچ کر تم تو پھر تامل نہ چاہیئے تھا
کہ رہگئی میرے دل کی حسرت شہید تیغ دورنگ ہوکر

بہت دنوں بعد مجھکو حیدر پتہ ملا ہی دل و جگر کا
وہ نکلا پتھر سے آگ نیکر یہ پیکا مہندی سے رنگ ہوکر

خار حسرت کو ہے جگر کی تلاش
گل داغ جنوں کو سر کی تلاش

عشق میں تیرے ہے جہاں بیمار
چارہ گر کو ہے چارہ گر کی تلاش

اپنے دل میں خدا کو ڈہونڈھ لیا
حد سے اب بڑہ گئی بشر کی تلاش

میں دعا مانگتا ہوں محشر کی ÷ ÷
ہے جو ایک شوخ فتنہ گر کی تلاش

میکدے کو ہمارے ڈہونڈھ لیا
گئی خالی نہ ابر تر کی تلاش

ایڑیوں تک پہنچ کے ٹہری زلف
مصرع قد نہا رات بھر کی تلاش

دوپہر تک تہا انتظار اس کا
دوپہر تک رہی سحر کی تلاش

ترچہی نظروں سے دیکھہ لے اک بار
رگ جاں کو ہی نیشتر کی تلاش

مل گئی قبر کی جگہ اے نظم
ہوگئی ختم عمر بھر کی تلاش

کچھہ ابر نے اوڑ تی ہوئی دی ہی خبر فیض
ساقی نظر فیض ہو ساقی نظر فیض

کانٹوں پہ ہی وہ راہ تو آنکھوں پہ ہی رستہ
اک وادی اسراف ہی اک رہگزر فیض

آتا نہیں دریا کی روانی میں کبھی فرق
تہمتے نہیں رکتے نہیں شوریدہ سر فیض

طوبیٰ لکم اے اہل کرم واہ ری رفعت
لے اُڑتے ہیں طوبیٰ کی طرف بال و پر فیض

کیا اہل قناعت کو غرض اہل غنی سے
ہمکو نہ سر فیض نہ ہے در در فیض

زاہد تجھے کیا اس کی کریمی سے عجب ہے
توبہ کا ہو در بند تو کہل جائے در فیض

نظر شوق کبھی ہے در جاناں کی طرف
کبھی حسرت کی نظر دیدۂ دربان کی طرف

دیکھنا لالہ خودرو کا لکھنا سائی
کوہ سے دوڑ گئی آگ بیاباں کی طرف

بات چپتی نہیں۔ پڑتی ہیں نگاہیں سب کی
اسکے دامن کی طرف میرے گریباں کی طرف

سینکڑوں داغ گنہ دہوگئے رحمت تیری
کیا گہٹا جوم کے آئی ہے گلستاں کی طرف

میری جانب نگہ غیظ کبھی کرتے ہیں
دیکھہ لیتے ہیں کبھی خنجر براں کی طرف

www.urduchannel.in

سر جھکائے ہوئے ہے نظم بیان خامہ — سمت سجدہ کی ہے تیرے خط فرماں کی طرف

نہ پا سکے گل مقصود داں ہمارے ہم — اٹھا کے داغ چلے باغ روزگار سے ہم
اثر سے رونے کے ہی آنکھ ہمارے حسن اسیر — شکار کھیلتے ہیں دام آبشار سے ہم
فنا ہوں یوں کہ ملے بعد اسکے عمر ابد — نکالیں آب بقا ظلمت مزار سے ہم
چلیں گے صورت عیسیٰ نہ راہ ہستی میں — پیادہ ہو کے نکل جائیں گے سوار سے ہم
وہ آئے ہیں مگر ایسی نہیں ہے بے خبری — کہ دیکھتے ہیں انہیں چشم انتظار سے ہم

چو جل بسے کہیں انکا پتہ جہاں میں نہیں — نشاں نقش قدم خاک رفتگاں میں نہیں
وہ سو کے اٹھے ہیں کس کو مجال عرض نیاز — مزاج پوچھیے یہ جرات مزاج داں میں نہیں
وہاں خمار تغافل سے سر گرانی ہے — یہاں شراب اثر شیشۂ فغاں میں نہیں
فلک کو رشک ہے اسکے طراز دامن پر — ستارے ایسے یہ تحریر کہکشاں میں نہیں
وہ کاش سائل دیدار کو جلا دیتا — کوئی شرار ترے سنگ آستاں میں نہیں
برا نہ مان جو پہنچے کسی سے رنج اے نظم — کہ ہوشیار کوئی دور آسماں میں نہیں

کسی سے بسکہ امید کشود کار نہیں — مجھے اجل کے بھی آنے کا اعتبار نہیں
جواب نامہ کا قاصد مزار پر لایا — کہ جانتا تھا اسے تاب انتظار نہیں
یہ کہہ کے اٹھ گئی بالیں سے میری شمع سحر — تمام ہو گئی شب اور تجھے قرار نہیں
جو تو ہو پاس تو حور و قصور سب کچھ ہو — جو تو نہیں تو نہیں بلکہ زینہار نہیں
عدم کا قافلہ کیا جانے کس طرف کو گیا — ذرا بھی گرد نہیں راہ میں غبار نہیں
خزاں کے آنے سے پہلے ہی تا مجھے معلوم — کہ رنگ و بوئے چمن کا کچھ اعتبار نہیں
غزل کہی ہے کہ موتی پروئے ہیں اے نظم — وہ کون شعر ہے جو در شاہوار نہیں

جو دل کو پیس کے پھینکیں تو آرزو نہ کریں — جو پاؤں کاٹ کے بیٹھیں تو جستجو نہ کریں
کہیں ہزار ہیں حق ہم وہ تیغ عریاں ہیں — کسی کا منہ نہ کریں پاس آبرو نہ کریں
جناب شیخ کے زہد و ورع کو دیکھ لیا — کٹیں یہ ہاتھ جو اب بیعت سبو نہ کریں
گلہ میں کیا کروں وہ لب سے لب ملائے ہیں — دہن پہ مہر لگی ہے کہ گفتگو نہ کریں

www.urduchannel.in

نکل گیا کسی صحرا میں نظمؔ آخر کار
جو یوں گیا ہے جانے دیں جستجو کریں

ہے داغ سجدہ چاند جبیں نیاز میں
چٹکی ہے چاندنی سے دل پاکباز میں

آتی تھی بوئے ناز جو عرض نیاز میں
خاموش مثل شمع ہوں سوز و گداز میں

کچھ کھل گئے ہیں بخیہ قبا خواب ناز میں
نقد وصال ہے گرہ نیم باز میں

پہلانسی لگا رہی ہے اجل کیا بری طرح
الجھا کے رشتہائے امید دراز میں

وہ صید پر شکستہ ہوں پائی ہے پرورش
میں نے ہوائے بال و پر شاہباز میں

تیور قدم قدم پہ مجھے آئے جاتے ہیں
اور دل کے ولولے ہیں کہ دور آئے جاتے ہیں

وہ آئے بزم میں کہ ستاروں میں آفتاب
غنچے حسین ہیں سب پہ وہی چھا جاتے ہیں

باریک ہی جو بال سے درپیش ہو وہ راہ
اور پاؤں مارے خوف کے ٹھہرے جاتے ہیں

سب قافلہ نکل گیا اے نظمؔ تو چونک
ایسے میں کچھ نشاں قدم پائے جاتے ہیں

صبح فرقت کی شعاعیں نیشتر سے کم نہیں
چاک داماں سحر چاک جگر سے کم نہیں

یاس و امید اس طرح ہے خاطر دلگیر میں
ہو اندھیرا اور اُجالا جس طرح تصویر میں

سر جو ٹکرایا تو دیواروں کو رنگیں کر دیا
ایڑیاں رگڑیں تو صیقل ہو گئی زنجیر میں

مانگتی پوشاک میں رخت عروسی کا ہے حسن
لاکھ زیور کا مزہ ہلکی سی اک زنجیر میں

کھل گیا جوڑا تو بندِ قبا کیا میصبت ہو گیا
زلف ہیکل میں کبھی الجھی کبھی زنجیر میں

وہ دل سے عشق کی بے پردگی ہوئی نہیں
یوں چمک اٹھتی ہے جیسے روشنی ہوتی نہیں

سو کے اٹھنے کا ترے کچھ اور ہی انداز ہے
اس طرح خورشید کی تو ری چڑھی ہوتی نہیں

جلنے والے جل کے رہ جاتے ہیں کیسا دیکھکر
صبح کو ہو تو نہ جب شب کی سی ہوتی نہیں

شکوۂ بیداد پر کیا ہو تلافی کی امید
ناز ہوتا ہے اسے شرمندگی ہوتی نہیں

دولت کونین ملتی ہے جو طالب ہو کوئی
اپنی ہمت ہے کہ اتنے پر بھی ہوتی نہیں

آسیائے چرخ ہے مدت سے اور عظم رحیم
قسمت اجزا ابھی تک پستی ہوتی نہیں

اس زمیں میں اور کچھ اشعار رند بھی سنا
نظم اہل ذوق کو سیری ابھی ہوتی نہیں

آپ کو میرے دل زار سے کچھ کام نہیں
خیر یونہیں سہی تکرار سے کچھ کام نہیں

www.urduchannel.in

واعظ کہنے کو چلے آئے ہیں میخواروں میں
شیخ کو خانۂ خمار سے کچھ کام نہیں

شعلہ شمع نہیں ہوں میں ہوں دامانِ نسیم
مجھکو خار سر دیوار سے کچھ کام نہیں

گنبدِ راز نہاں آتش جاں سوز ہوں میں
اور زباں کہتی ہے اظہار سے کچھ کام نہیں

تیغ کھینچے ہوئے رہتی ہے ادا ہر لحظہ
ہے ستم یہ کہ گنہگار سے کچھ کام نہیں

اسکے جاتے ہی چلی چاندنی ہی گھر سے مرے
کہ مجھے اب در و دیوار سے کچھ کام نہیں

نیند آتی ہے تو یہ کہکے چلی جاتی ہے
کہ مجھے دیدۂ بیدار سے کچھ کام نہیں

میں جگر بند پیمبر کا ہوں شیدا اے نظم
پسر ہند جگر خوار سے کچھ کام نہیں

کچھ غبار دل شیدا کی خبر ہے کہ نہیں
نظر او آئینہ پرداز ادھر ہے کہ نہیں

بوم عشرت سے ترے ساتھ سفر ہی میرا
دیکھنا رات کچھ اے شمع سحر ہے کہ نہیں

ہو شب وصل کے ماتم میں فلک سوگ نشیں
دیکھ لو چاک گریباں سحر ہے کہ نہیں

ہائے افسوس نہ کہنا مرا مانا حیدر
یار کہیوں مہر و محبت میں ضرر ہی کہ نہیں

نظم گیسو میں دل زار کو ہم دیکھتے ہیں
اس شکنجہ میں گنہ گار کو ہم دیکھتے ہیں

پھر لچک اے نہ کیونکر کمر نازک میں
ہر طرف حسن کے انبار کو ہم دیکھتے ہیں

گھر بغیر اسکے جو سنسان نظر آتا ہے
کس نظر سے در و دیوار کو ہم دیکھتے ہیں

نظم اب ترک محبت کا زمانہ ہے قریب
اور جانب نگہ یار کو ہم دیکھتے ہیں

نفس کے ساتھ آنکھیں دید و دیدہ کرلیں
بند ہاتھ تماشہ جب تک تماشا تیلیاں کرلیں

اسیری میں بہار آئی ہے فریاد و فغاں کرلیں
نفس کو خوں فشاں کرلیں قفس کو لالہ ستاں کرلیں

حسینوں کی بہار حسن ہی مہمان دو روزہ
ادائیں گرمیاں کرلیں نگاہیں شوخیاں کرلیں

غرض ہی کب عزاں مجھکو میخانہ میں آنیسے
جنہیں طوفاں اٹھانا ہو وہ جو چاہیں گناہ کرلیں

جواب نامہ لکھنے میں کوئی مضمون رہجائے
مناسب ہی قلمبند آپ پہلے گا لیاں کرلیں

نہ آنا اے اجل تجھکو قسم ہی وقت آخر تک
ابھی کچھ عمر باقی ہے اسے بھی رائیگاں کرلیں

ہمارے ضبط کی گر پردہ داری دیکھنا چاہے
تو آ اے برق تجھکو آشیاں میں ہم نہاں کرلیں

عجب کیا گر نہیں ملتا مرے سینہ میں تیر اُنکا
وہ ناوک پر قیاس معنی خاطر نشاں کرلیں

www.urduchannel.in

سمجھتے ہیں کہ جینا نزع کی حالت میں ہی اچھا
جو بس ہو تو اجل کو کچھ دنوں ہم میہماں کر لیں

خزاں کے خوف میں مرنے سے ہے نظم بہتر ہی
تماشائے گل و ریحاں و باغ و بوستاں کر لیں

ہر اک سودا ہونے اپنا دل مضطر نکلتے ہیں
جو اس محفل میں آتے ہیں وہ کچھ کھو کر نکلتے ہیں

بہار آئی اٹھا ہے جوش خون لالہ و گل میں
رگ سودا میں کیا کیا ڈوب کر نشتر نکلتے ہیں

کسی کے مطلع ابرو کو ہم نے پڑھ کے دیکھا ہے
عجب انداز پایا ہے جب تیور نکلتے ہیں

مری فریاد اور الٹی گلا میرا دباتی ہے
مرے نالے مجھی پر کھینچ کر خنجر نکلتے ہیں

بنائے جاتے ہیں کاجل کے دنبالے دم تیر
الٰہی خیر ہو تیر نگہ کے پر نکلتے ہیں

متاع ہمر و ہوش اے نظم تو بیٹھا تو ہی لیکر
خبر بھی ہے کہ اس بستہ سے غارتگر نکلتے ہیں

بنائے ساقی کوثر میں شعر تر نکلتے ہیں
زمین شعر سے ہی چشمۂ کوثر نکلتے ہیں

ہوائے دیدۂ اژدر ہے محشر ہو کہ کوثر ہو
انہیں میلوں میں ہم تخت سلیمانی نکلتے ہیں

صدائے چنگ سے مجھکو یہی آواز آتی ہے
یہ کہتا ہے کوئی پردہ سے ہم باہر نکلتے ہیں

اٹھائے ہیں جہاں میں داغ جو ہرگز نہ ہونگا
یہ تیرے چند درہم اے فلک محشر نکلتے ہیں

گزر جاتے ہیں یوں روز سیہ رباب ہمت پر
ستارے جس طرح بادل میں چپ چپ کر نکلتے ہیں

دل بے آرزو جیسے بلائے نظم حیراں ہے
کسی کے منہ سے حرف آرزو کر نکلتے ہیں

ہوئی یہ کثرت نشو و نما فصل بہاری میں
کہ پیلیں دیتی ہیں نکہت گل کی سواری میں

حباب بحر ہیں ہم یا سراب دشت کچھ ہیں تو
کہ بوے اعتبار آتی ہے اس کے اعتباری میں

پشیماں ہوں کہ مجھکو شاہ خوباں کیوں کہا میں نے
نہ کی پھر بات ہی جسنے غرور شہریاری میں

ستا کر چاہنے والوں کے دل کیا لطف پایا
کہ گزری خانہ برد و قتی پریشان و نگاری میں

ہے اس سفاک کا بھی سامنا محشر میں اے چندہ
خدا جانے کہوں کیا عالم بے اختیاری میں

اندیشہ ہی رہزن کا ہی ہر راہ گذر میں
اس طرح سے غافل کوئی سوتا ہے سفر میں

آنکھیں مری یوں تحو تماشا ہیں دنو ں
دو داغ تھے گویا پر طاؤس نظر میں

افسانہ رہا محفل عشرت کا ہمیشہ
وہ شمع کا جلوہ نہ وہ راتوں کی بہر میں

میں شہر خموشاں میں کسے جا کے پکاروں
در ہے مگر آواز نہیں حلقۂ در میں

www.urduchannel.in

کس طرح عنا دل کے گلے میں اتر آسے
نغمے تھے نہاں پردۂ برگ گل تر میں
ہے اس کی ادا قاتل عالم دم رفتار
تلوار لگا دی ہے نزاکت نے کمر میں

بنایا ناتوانی نے سلیمانِ زماں مجھکو
اڑا کر لے چلی موجِ نسیم بوستاں مجھکو
مری باتوں میں کیا معلوم کب سوے وہ کب جاگے
سرے سے اس لیے کہنی پڑی ہر داستاں مجھکو
لحد سے عرصہ محشر تک آیا ناتوان ہو کر
کہاں سے حسرتِ دیدار لے آئی کہاں مجھکو

یہ آہ بے اثر کیا ہو یہ نخل بے ثمر کیا ہو
نہو جب درد ہی یارب تو دل کیا ہو جگر کیا ہو
بغل گیر آرزو سے ہیں مرادیں آرزو مجھسے
یہاں اسوقت تو اک عید ہی تم جلوہ گر کیا ہو
مقدر میں یہ لکھا ہے کٹے گی عمر مر مر کر
ابھی سے مر گئے ہم دیکھئے اب عمر بھر کیا ہو
مروت سے ہو بیگانہ وفا سے دور ہو کوسوں
یہ سچ ہے نازنیں ہو خوبصورت ہو مگر کیا ہو
لگا کر زخم میں ٹانکے قضا تیری نہ آجائے
جو وہ سفاک سن پائے بتا اے چارہ گر کیا ہو
قیامت کے بکھیڑے پڑ گئے آتے ہی دنیا میں
یہ مانا ہم نے مر جانا تو ممکن ہے مگر کیا ہو

کہا میں نے کہ نظم مبتلا مرتا ہے حسرت میں
کہا اس نے اگر مر جاے تو میرا ضرر کیا ہو
کہا میں نے کہ ہے سوز جگر اور اف نہیں کرتا
کہا اس کی اجازت ہی نہیں پھر نوحہ گر کیا ہو
کہا میں نے کہ دے اسکو اجازت آہ کرنیکی
کہا اس نے بھڑک اٹھے اگر سوز جگر کیا ہو
کہا میں نے کہ آنسو آنکھ کا لیکن نہیں تھمتا
کہا آنکھیں کوئی تلوے سے مل ڈالے اگر کیا ہو
کہا میں نے قدم بھر پر ہے وہ صورت دکھاؤ
کہا منہ پھیر کر اتنا کسی کو دردسر کیا ہو
کہا میں نے اثر مطلق نہیں کیا سنگدل تو
کہا جب دل ہو پتھر کا تو پتھر پر اثر کیا ہو
کہا میں نے جو مر جائے تو کیا ہو سوچ تو دل میں
کہا نا عاقبت اندیش نے کچھ سوچ کر کیا ہو
کہا میں نے خبر بھی ہے کہ دی جان اسنے گمت کر
کہا مر جاے چپکے سے تو پھر مجھکو خبر کیا ہو

مجھکو سمجھو یادگار رفتگانِ لکھنؤ
ہوں قدآدم غبار کاروانِ لکھنؤ
خوں حسرت کہہ رہا ہے داستانِ لکھنؤ
رہ گیا ہے اب یہی رنگیں بیانِ لکھنؤ
میرے ہر آنسو میں ایک آئینہ تصویر ہے
میرے ہر نالہ میں ہے طرز فغانِ لکھنؤ
لکھنؤ جن سے عبارت تھی ہوے وہ ناپدید
ہے نشانِ لکھنؤ باقی نہ شانِ لکھنؤ

www.urduchannel.in

اب نظر آتا نہیں وہ مجمع اہل کمال
کہاں گئے ان کو زمیں و آسمان لکھنؤ

پہلے تھا اہل زباں کا دواب گردش میں ہیں
چاہیئے تھی تیغ اردو کو فسان لکھنؤ

مرثیہ گو کتنے یکتا ہے زمانہ تھے یہاں
کوئی تو اتنوں میں ہوتا نوحہ خوان لکھنؤ

یہ غبار ناتواں خاکستر پروانہ ہے
خانماں اپنا تھا شمع دودمان لکھنؤ

گھنٹیوں چلتا تھا جب اپنے یہاں طفل صبیح
سجدہ کرتے تھے اسے گردن کشان لکھنؤ

عہد پیرانہ سری میں کیوں نہ شیریں ہو سخن
بچپنے میں میں نے چوسی ہے زبان لکھنؤ

بوے انس آتی ہے حیدر خاک میرٹھ سے
جمع ہیں اکثر وطن کے نوادگان لکھنؤ

انگڑائیوں میں پھیلتے ہیں بار بار ہاتھ
شیشہ کی سمت بڑھتے ہیں بے اختیار ہاتھ

ڈوبے ہیں ترک مے سے افسوس تو یہ ہے
ساحل تھا ہاتھ بھر پہ لگاتے جو چار ہاتھ

مٹتا نہیں نوشتہ قسمت کسی طرح
پتھر سے سر کو پھوڑ کر زانو پہ مار ہاتھ

ساقی سنبھالنا کہ ہے لبریز جام مے
لغزش ہے میرے پاؤں میں اور شیشہ بار ہاتھ

میں اور ہوں علائق دنیا کے دام میں
میرا نہ ایک ہاتھ نہ اسکے ہزار ہاتھ

آئی بہار اور خفقانی جہان کے
خبر گل میں پیرہن کے گئے ہوش جان کے

کوندا یہ کہہ رہا ہے کہ ہے فوج گل قریب
کمسار تک پہنچ گئے ہاتھی نشان کے

اب تک میں سن رہا ہوں صدائے الست کو
گویا حجاب قدس ہے پردے میں کان کے

احسان سر پہ لے تو کسی با وقار کا
ٹھہرے اگر تو سایہ میں اونچے مکان کے

بہتر ہے تو بھی اے نفس واپسیں نہ آ
کب تک اٹھاوں ضعف میں صدمے تکان کے

حیدر شب وصال میں بسمل میں ہو گیا
خنجر کی طرح چل گئے نقرے اذان کے

اس بات کا خیال محبت میں چاہیئے
یعنی جو چاہیئے تو حقیقت میں چاہیئے

نکلا حریم قدس رگ جاں کے متصل
ایسی طناب پردہ قدرت میں چاہیئے

مر قد میں داد خواہ کریں کب تک انتظار
عرصہ طلوع صبح قیامت میں چاہیئے

حسرت سہی امید سہی آرزو سہی
مونس تو کوئی عالم وحشت میں چاہیئے

آنکھوں میں پڑ کے کتنی ہے یہ خاک کمگشاں
سرمہ ضرور دیدۂ عبرت میں چاہیئے

www.urduchannel.in

پہلو میں دل ہے آرزوئے یار کے لئے
آنکھیں ملی ہیں حسرت دیدار کے لیے

سب موئے تن کھڑے ہیں قیامت کے خوف سے
شاہد ہے بال بال گنہگار کے لیے

اب کے عجب نہیں ہے ہوائے بہار سے
اُتریں ہیں صبح نرگس بیمار کے لیے

اللہ رے ذوق دید کہ خود آپ آئینہ
بنا رہا ہے سبزۂ نظارہ کے لیے

صحرا کی آرزو میں رگڑتے ہیں ایڑیاں
زنداں میں سر پٹکتے ہیں کہسار کے لیے

یاد آئی ہے ہوا تیرے کوچہ کی خلد میں
دل لوٹتا ہے سایۂ دیوار کے لیے

حیدر کو سلسلہ تھا نہ ان گیسوؤں سے کچھ
لیکن الجھ پڑے ہیں وہ بیکار کے لیے

نشہ میں سوجھتی ہے مجھے دور دور کی
ندی وہ سامنے ہے شراب طہور کی

اٹھے اگر تو سیکڑوں فتنے اُٹھا کے آپ
بیٹھے اگر کہیں تو شرارت ضرور کی

پڑھنے سے تیرے خط کے ہی سکتہ جو آئے ہے
آنکھیں کھلی ہوئی ہیں جو بین السطور کی

کشتی مری بندھی ہے ہوئے پانی میں رواں
گرداب غم کی فکر نہ موج سرور کی

سجدہ ببلا بتوں کو میں کرتا تھا تا کجا
تصویر ہے کھچی ہوئی تیرے غرور کی

لو اسکے سامنے ہی ہیں بیتابیاں وہی
نکلے گی آج لاش دل ناصبور کی

سمجھا میں آئینہ سے جو ہوتے ہیں نشے
بیٹھے ہوئے بنا لی ہیں باتیں فتور کی

خون کر دیا ہے فندق رنگیں نے لعل کو
ساعد نے پہیر دی ہے کلائی بلور کی

گلشن کو دیکھتا ہوں میں نرگس کی آنکھ سے
سنتا ہوں گوش گل سے کہانی طیور کی

جھکو یہ آسماں کی دورنگی سے ہے یقین
دن آ رہے ہیں عیش کے راتیں سرور کی

اس سال کربلا کی جو رخصت ملے مجھے
حج کا ثواب نذر کرونگا حضور کی

اے ذوق دیکھ لیجئے گا ہم جو کہتے ہیں
پہر اس سے بات آپنے کی اور غرور کی

حسرت سے دیکھنے پہ وہ ایسا بدل گئے
آنسو نہ قتل کرکے بھی تیوری سے ٹل گئے

کہتی ہیں مہر و ماہ کی جلوہ فروشیاں
کھوئے درم بھی عالم فانی میں چل گئے

ہم دل جلوں کے حال کا پروانہ ہے گواہ
پہنچے قریب اتنا ادھر اس کے کہ جل گئے

کیا ڈر ہے کاتباں عمل کا نہار میں
ساقی وہ دست بدلگی پہرے بدل گئے

www.urduchannel.in

صورت عناب کی یہ بنائی ہوئی سی ہے
او حیلہ گر ہنسی تجھے آئی ہوئی سی ہے

شاہان سرفراز کا اتنا تو ہے نشاں
کچھ گرد آسمان پہ چھائی ہوئی سی ہے

رنگیں ہے میرے قتل سے دامن ہی یار کا
تلوار ہی لہو میں نہائی ہوئی سی ہے

اس بت کی دید کو نظر پاک میں ہے شرط
اور آنکھ آئینہ کی لگائی ہوئی سی ہے

آسان ہے نظم ترک ملاقات خلق سے
لیکن بری یہ دل میں سمائی ہوئی سی ہے

تنہا نہیں ہوں گرد دل دیوانہ ساتھ ہے
وہ ہرزہ گرد ہوں کہ پری خانہ ساتھ ہے

ہنگامہ اس پری کی سواری کا دیکھنا
کیا دھوم ہے کہ سینکڑوں دیوانہ ساتھ ہے

دل غیر میں لاکھ طرح کے حیلے بھرے ہوئے
پھر مشورہ کو آئینہ و شانہ ساتھ ہے

جو بے بصر ہیں ڈھونڈتے پھرتے ہیں دور دور
اور ہر قدم پہ جلوۂ جانانہ ساتھ ہے

سیکھا ہوں میکدہ میں طریق فروتنی
جب تک کہ سر ہے سجدۂ شکرانہ ساتھ ہے

خاموش ہیں فغاں سے لب آشنا نہیں ہے
اس کارواں میں ہیں ہم جس میں درا نہیں ہے

حیرت کا میری باعث جلوہ ہے خود تمہارا
تم آئینہ سے پوچھو میری خطا نہیں ہے

نظم آج ڈھونڈھنے کو اسکے چلا تھا گھر سے
کھویا گیا خود ایسا جسکا پتا نہیں ہے

نہ اترے بام سے جب تک دوپہر گذرے
ہم ایسے سایۂ دیوار سے بھی کم گذرے

کمند آہ کو پیچوں میں بام گردوں پر
جو گیسوئے شب پیچ و تاب کمر گذرے

ہمارے غنچۂ دل سے وہ پھول ہی اچھے
جنہیں ترے خم گیسو میں رات بھر گذرے

گر سمجھ کے اٹھا لیتے خاک سے ہم کو
نہ اس طرف سے کبھی صاحب نظر گذرے

مجھے بھروسا ہے اے نظم اسکی رحمت پر
یقیں ہے میرے گناہوں سے وہ بھی در گذرے

نگہ کے چلتے ہیں تیر اور صدا نہیں آتی
یہ سیکھے آئے ہیں کہکر قضا نہیں آتی

یہ کس ادا سے پریشاں ہوئے ترے گیسو
کہ جب سے ہوش میں باد صبا نہیں آتی

بلا کشان غم عشق لو مبارک ہو
کہ درد دل کی کسی کو دوا نہیں آتی

جواب صاف ملا ہر طرف سے قاصد کو
اجل ہی ناز سے کہنی ہے جا نہیں آتی

جو منع ہوتیں سیہ مستیاں بہار میں نظم
تو جھوم جھوم کے کالی گھٹا نہیں آتی

www.urduchannel.in

جو بزم انس میں ہیں تجھ سے لو لگائے ہوئے
تمام خلق سے بیٹھے ہیں منہ پھرائے ہوئے

لٹک پڑا ترا آنچل تو سیکڑوں فتنے
اُٹھیں گے دامنِ محشر میں منہ چھپائے ہوئے

کہیں چھپائے چھپتی ہے شب کی بیخوابی
نگاہیں کہتی ہیں جاگے ہیں یہ جگائے ہوئے

خبر کرے کوئی ان کو مری اسیری کی
جو ہیں ہوائے چمن کا فریب کھائے ہوئے

حساب ہم سے بروز شمار کیا ہوگا
کہ چند روز ہیں وہ بھی گنے گنائے ہوئے

جنوں نے دیر کا رکھا ہمیں نہ کعبہ کا
ٹھکانے چھوٹ گئے سب کے لگائے ہوئے

انہیں ہے رشک حسینوں میں دیکھ کر مجھکو
لگی ہے آگ کہ چہرے ہیں تلملائے ہوئے

بروز حشر ہیں انکا مزاج پوچھوں گا
ترے جو وعدہ پہ ہیں اعتبار لائے ہوئے

پیالہ پینے کو بیٹھے ہو گر تو ہاں رندو
نظر سے پیرِ مغاں کی نظر ملائے ہوئے

چلے ہو نظم کہاں گشتِ مکتبِ یاروں
بغل میں شیشۂ دل ہی ذرا بچائے ہوئے

حسیں ہو کے تیغ ضرور ہوتا ہے
ادا میں فتنہ نگہ میں فتور ہوتا ہے

ہر اک قطرہ میں دریا ہے کوئی کیا جانے
وہی سمجھتے ہیں جن کو عبور ہوتا ہے

وہ ظلم اور بھی کرتا ہے مہرباں ہو کر
ستم کا جوش کرم کا وفور ہوتا ہے

چھپیں نہ ریزہ مینا کی طرح کیوں مژگاں
کوئی بھی نشہ میں اسطرح چور ہوتا ہے

سہرا ہے دہر میں ہی کون آشنا کس کا
کہ صبح و شام ورود دو صد در ہوتا ہے

جنوں نے کھینچا ہے دامن مرا اور دہر کے نظم
ہر ایک خار جہاں نخل طور ہوتا ہے

کہے سنے سے ذرا پاس آ کے بیٹھ گئے
نگاہ پھیر کے تیوری چڑھا کے بیٹھ گئے

یہ بزم بادہ کشوں کی ہے حضرت واعظ
غضب کیا یہ کہاں آپ آ کے بیٹھ گئے

فلک سے کیا طلب مدعا کرے کوئی
در قبول پہ پہرے قضا کے بیٹھ گئے

وہ اب کہاں ہے جو پہلے تھا نظم پر عالم
کہ سر پہ بار مصائب اٹھا کے بیٹھ گئے

میں تو صید تازہ تھا چوکا مگر صیاد بھی
پلکیں نا کی ہیں تو سی دیتا لب فریاد بھی

اب تو مائل ہے وفا کا وہ ستم ایجاد بھی
ظلم بھی ہے رحم بھی ہے داد بھی بیداد بھی

کم نگاہی اسقدر بے التفاتی اس قدر
اک نگہ پر ہم تجھے بھی ہو گئے آزاد بھی

www.urduchannel.in

دیکھنا اس خواب نشیں کو نہ چونکے ہم ذرا
شور ماتم ہی رہا شور مبارک باد ہی

کی سواد شہر خاموشاں نے کچھ ایسی کشش
منزلوں پیچھے رہی مجھسے مری فریاد ہی

سایۂ گلبن میں بلبل کو اُترتے دیکھکر
چال پر جاتیں کی ہی چلنے لگا صیاد ہی

سیج پر پھولوں کی اس نے کروٹیں ایسی بدلیں
گندھ گیا تھا ہار میں شاید دل ناشاد ہی

یہ غزلخوانی نہیں اے نظم ہے صورت گری
باربد ہی محو حیرت ہو گیا بہزاد ہی

پرسش اہل گنہ روز جزا ہونے کو ہے
گرمی بازار جنس نارو ا ہونے کو ہے

شان اس کی دیکھکر سمجھے تھے ہم روز الست
دولت کونین بے مانگے عطا ہونیکو ہے

کس طرح بازو پہ میں پڑھ دوں دعائے چشم زخم
اس کی سفاکی پہ شور مرحبا ہونے کو ہے

چپکے چپکے ظلم کرنا چھپ نہیں سکتے کبھی
ناوک بیداد میں پیدا صدا ہونے کو ہے

خواب میں پیر فلک نے جو کبھی دیکھا نہو
اس ستم کی اک ہوا سے ابتدا ہونیکو ہے

مژدہ اے دل پھر ہوائے انقلاب آنیکو ہے
دور گردوں ہو چکا دور شراب آنیکو ہے

خانہ دل سے اٹھا میں اپنا بستر صبر و ہوش
اس سرا میں کاروان اضطراب آنیکو ہے

جوش گل کی کشمکش میں آگیا سبزہ کو خشت
شیشۂ بشنم میں کھنچ کھنچ کر گلاب آنیکو ہے

نظم ریکس مصطفےٰ کا جانشیں ہوتا گوں
عرش علے سے بدیں حکم سدباب آنیکو ہے

جشن جم کا ماجرا باد صبا سے پوچھ لے
کیا ہوا آئینہ سکندری ہوا سے پوچھ لے

کشتۂ تیغ تغافل کی نہیں تجھکو خبر
میں بتاؤں تجھکو تو اس ادا سے پوچھ لے

پوچھتا کیا ہے کسی سے دلکو دلکی ہے خبر
سارا حال اس ساغر گیتی نما سے پوچھ لے

ہر قدم پر آتی ہے شہر خموشاں کی صدا
خاک میں ہم مل گئے ہیں نقش پا سے پوچھ لے

اے جنوں لے چل کسی خلوت میں ہی تسکیں ہنا
راہ بجلی بن کی اس کالی گھٹا سے پوچھ لے

زال دنیا کے فریب سحر سے غافل ہو تو
بے وفائی اس کی ہر دان خدا سے پوچھ لے

جوش مستی میں خدا انساں بے مجابا نہ کر
راہ میں آنکھیں بچھی ہیں نقش پا سے پوچھ لے

ہے زباں شمع زماموش میں ہی صرف سخن
بزم عشق کی خبر اہل فنا سے پوچھ لے

بخشش ہو تو چاہیے اس کی حمت میں کی
چشم تر سے پوچھ لے دست دعا سے پوچھ لے

www.urduchannel.in

پتھر کی بیائی کا دعویٰ ہو چلا ہے نظم کو
پھر مزاجِ اگر دانا تو دا سے پوچھ لے

دل اگر رہبر و قلم معانی ہو جائے
مرتفع بعد مکانی و زمانی ہو جائے

جائے عبرت ہے کہ یوں کوچ کرے لشکرِ گل
جرسِ قافلہ اک برگِ خزانی ہو جائے

اک ذرا تشنگیِ شوق میں تاثیر ہے شرط
پھر جو پتھر کی طرف دیکھیے پانی ہو جائے

کبھی مرنے کا ہی مذکور کبھی حشر کا ذکر
پاسِ واعظ کے جو بیٹھے خفقانی ہو جائے

کہہ گیا پھر جو وہ آنے کو تو منظور یہ تھا
دیدۂ دل مرا صرفِ نگرانی ہو جائے

کسقدر جوش ہے واعظ کیس ایسا تو نہو
صرفِ رندوں ہی پہ زورِ ہمہ دانی ہو جائے

راہِ مولیٰ میں اگر نظم کو آجائے اجل
گردِ صحرا ہے نجف بردِ یمانی ہو جائے

تیر ہی اس کی نگاہوں کے ہے شمشیر ہی
جان بچنے کی الٰہی کوئی تدبیر ہی ہے

منہ سے شکوہ تو میں کرتا نہیں خود دیکھ لیں آپ
دل میں اک زخم ہی ہے زخم میں تیر ہی ہے

آئینہ رکھ کے ہی منظور سے آرائش ہی
ہی پردہ میں مرے قتل کی تدبیر ہی ہے

نہیں کھلتا سببِ غفلتِ اہلِ عالم
نہیں معلوم کچھ اس خواب کی تعبیر ہی ہے

چاہ کر تم کو گنہگار رہا نظم حزیں
قابلِ قتل ہی ہے لائقِ تعزیر ہی ہے

ہو گیا دام کا خطرہ ہی فراموش مجھے
طبعِ رنگیں نے نہ رہنے دیا خاموش مجھے

میں نے دیکھے ہوئے کعبہ کو سیاہی اکثر
کر دیا ہے غمِ عالم نے سیہ پوش مجھے

کہہ رہا ہے یہی نقشِ خطِ پیمانہ جسم
پی گئے گھول کے رندانِ قدح نوش مجھے

ہو جو ممکن تو رگِ جاں میں گرہ دے کوئی
کہ تری یاد نہ ہو جائے فراموش مجھے

عیش کی عمر ہے کوتاہ نہیں ٹک اس میں
شب کیسو میں ہوئی صبح نہ آغوش مجھے

بادشاہی ہی تھی گدائی در مے خانہ کی
کہ سلیماں کی طرح لے کے اڑا ہوش مجھے

پرسشِ حشر ہے اے نظم بجا لیکن ضرور
اس کی درگاہ عطا بخش خطا پوش مجھے

غم ہے بے صبر کلیجہ مرا اٹھنے لیئے
اشک بیتاب ہیں آنکھوں سے نکلنے لیئے

پاؤں بہکا نہ لغزشہ میں بھی نہ زباں
نام ساقی کا لیا گر کے سنبھلنے کے لیے

موت ہی نے شبِ ہجراں میں بہت آنے
ہم تو بیٹھے تھے بڑی دیر سے چلنے کے لیے

www.urduchannel.in

یہ سمجھکر سرِ رہ ہم نے بنایا ہے مزار
تم کبھی تو نکل آؤ گے ٹہلنے کے لیے

ہے بالوں کی سفیدی خبرِ مرگ و زوال
دھوپ چڑھتی ہے سر کوہ پہ ڈھلنے کیلئے

مژدہ عیش لیے باد صبا آتی ہے
ساغرِ گل میں مے ہوش ربا آتی ہے

رات دن قافلۂ عمر ہے سرگرمِ سفر
دل دہر کہتا ہے تو آواز درا آتی ہے

انگلیاں کانوں میں رکھئے تو صدا آتی ہے
شور کرتی ہوئی اک سیل فنا آتی ہے

موسم گل میں ہی جامہ میں سمانا مشکل
ٹھیک آتا ہے گریباں قبا آتی ہے

سننا ہو تو کوئی شوق تو ہو منزل کا
سینکڑوں کوس سے آواز درا آتی ہے

دشت غربت سے پلٹنے کا جو ہوتا ہے خیال
سامنے حیرت نقش کف پا آتی ہے

بے حجابی نہ کر اوخانہ برانداز چمن
کنج گلشن سے رہائی کی صدا آتی ہے

وہ چلا گور غریباں کو۔ خدا خیر کرے
لو قیامت سر خاک شہدا آتی ہے

آہ کہ جب پڑتی ہے دنیا پہ تو مٹتی ہی نہیں
جب دریچہ کوئی کھلتا ہی ہوا آتی ہے

نظم آزاد ہے اب اور وہ کنج گلشن
باد صرصر نہ جہاں باد صبا آتی ہے

پاک کر اشک نہ لے شاید خونیں میرے
ہاتھ نازک ہیں ترے گرم ہیں آنسو میرے

برچھیاں مار کے اور درد جگر چاک نکر
پردہ دار حرم شوق ہیں پہلو میرے

جب بڑھے وسعت دعا جانب ساقی ازل
بھر گئے بادہ مقصود سے چلو میرے

نظم اس بزم میں میں شاعر صاحبدل ہوں
دل سے خالی نہیں مصرع کے بھی پہلو میرے

رنگ خوں اشک میں گہرا نظر آتا ہے مجھے
کج دامن پہ کلیجہ نظر آتا ہے مجھے

شوخیاں کیا ہوئیں اوخانہ برانداز حجاب
اب تو پردا ترا گہرا نظر آتا ہے مجھے

اس کی رحمت کا ہے جوش اپنے گناہوں پہ نگاہ
ایک مبہا لب دریا نظر آتا ہے مجھے

کچھ عجب حال ہے دیکھی جو ہے اسکی تصویر
نہ اندھیرا نہ اجالا نظر آتا ہے مجھے

کشتی بادہ لگا دے لب دریا ساقی
آج کے ابر میں دریا نظر آتا ہے مجھے

آج وہ اوڑھ کے نکلے ہیں دوپٹہ آبی
آسماں رنگ بدلتا نظر آتا ہے مجھے

من نہ لے وہ نفس باز پسیں کی آواز
جان دینے میں یہی کھٹکا نظر آتا ہے مجھے

www.urduchannel.in

وہ آئی فوجِ گل وہ برق چمکی — وہ اُڑتی آتی ہے بیرقِ علم کی
نہ دیکھ اے نقشِ پا ان شوخیوں کو — تری آنکھوں میں خاک اس کے قدم کی
فلک دکھلا رہا ہے لالہ و گل — یہ لاشیں ہیں شہیدانِ ستم کی
مجھے غش میں پڑا رہنا ہے بہتر — ہوا ہے گرم دامانِ کرم کی
ہمارے دور میں بھی ہے وہی جام — خرابی کی ہے جس نے ملکِ جم کی
عطا چھپ جائے تو چھپ جائے لیکن — ادا چھپتی نہیں اہلِ کرم کی
حذر لازم ہے بدگویوں کو اے نظمؔ — کہ ہے کالی زباں میرے قلم کی

میں ہوں بندوں میں اُسکے جو محبت کی نظر سے — میں احسان عمر بھر مانوں وہ احساں بھر کیسے
سکھاتا ہے غرورِ حسن یوں عاشق کشی اُسکو — زمیں پر پاؤں کیوں رکھو کہ وہ قدموں پہ سر کیسے
دبستانِ وفا سے پڑھ کے یہ دو حرف میں نکلا — کسی کا ہو رہے خود یا کسی کو اپنا کر کیسے
بہت سے دل میں ہیں مضمون جو اب یاد آتے ہیں — مناسب ہے مجھے بھی ساتھ اپنے نامہ بر کیسے
فدا کش نظمؔ ہے لیکن نہیں ایسا ہی اے واعظ — شرابِ کہنہ و بخوتِ شیشۂ توبہ میں بھر کیسے

مروت، آئے ظالم کو نہ کچھ شرم و حجاب آئے — جو کچھ کہئے تو سیدھی بات کا الٹا جواب آئے
گزارِ عمر دیکھا وادیِ ہستی میں سیل آسا — حباب و موج کے مانند ہم پا در رکاب آئے
میں کیا جانوں گنہ اے کاتبِ اعمال کتنے ہیں — یہ جھگڑے اس سے کر جسکو حساب اے آفتاب آئے
عناں گیر اسکے تو سن کا ہو جذبِ شوق اتنا تو — غبارِ ناتواں تا حلقۂ چشمِ رکاب آئے
ستم کی بھی حد ہے اک نگہ اتنے کرشمے ہوں — حیا آئے حجاب آئے غضب آئے عتاب آئے
ترے کہنے سے میں توبہ تو کر لیتا ہوں اے واعظ — رہا جاتا نہیں پر ہو ہو کر جب دم سحاب آئے
ہوائے سرد مہری چل رہی ہے سارے عالم میں — نہ تھرّاتا ہوا وقتِ سحر کیوں آفتاب آئے
فسانہ کی عوض اے داستاں گو پڑھ کوئی افسوس — اتر آئے پری شیشہ میں گر آنکھوں میں خواب آئے
ملانا آنکھ پھر مونہ پھیر کر تیوری چڑھا لینا — یہ مطلب ہے جبھی وہ مارنے جسکو شتاب آئے
نگاہِ شوق کے چلتے گیا صبر و قرار آخر — اسی رستہ سے شاید کاروانِ اضطراب آئے
نہ آئے وہ ستمگر اور بہار اس طرح سے گزرے — تڑپ کر برق رہ جائے گھر گھر کر سحاب آئے

www.urduchannel.in

گزرتا ہے کچھ اس انداز سے لشکر جوانی کا
کہ اڑ کر سر پہ گردوں کے غبار التفات آئے

بقدر یک نگہ مہلت نہ دے جب انتظار اپنا
تو مشکل ہی بقدر یک مژہ آنکھوں میں خواب آئے

بہت اصرار کرنے سے انہائی تو دی انکا سی
مگر جیتوں پہ کہتی ہے کہ کہئے اور جا آئے

پہنسا دینگے غوغائے الان حرم اپنا گلا پہلے
وہ ہیکلیں تو کمند طرۂ زلف رسا پہلے

طبیعت میں کہاں تھا خود پرستی کا مزا پہلے
بلا آئینہ کب تھا قبلۂ ناز و ادا پہلے

نہ تھے ہم پیش ازیں آگاہ حال عشق بازی سے
نہ تھا معلوم دل آتا ہے پہلے یا قضا پہلے

بہار آئی ابھی میں نغمۂ بلبل نہیں سنتا
مبارکباد کی دے شیشۂ توبہ صدا پہلے

تعیّنہ اے جنوں اپنا بھی ہے کوہ و بیاباں کا
چلے ہم بھی۔ نکل جانے دے یہ کالی گھٹا پہلے

انہیں تنہائیوں نے اسکے کوچہ سے نکلوایا
کہ جاتے ہی اٹھایا پردۂ دولت سرا پہلے

حجاب آئے اسے کیونکر یہ شبنم کے دوپٹہ میں
کسی کی آنکھ پڑتی تھی نہ چیدہ رجا بجا پہلے

اڑا کر کاک شیشہ سے بے گلگوں نکلتی ہے
شرابی جمع ہیں بیخانہ میں توپی اچھلتی ہے

بہار میکشی آئی چمن کی رت بدلتی ہے
گھٹا مستانہ اٹھتی ہے ہوا مستانہ چلتی ہے

وہ دیوانہ ہے جو اس فصل میں فصد نہ کھلوائے
رگ ہر شاخ گل سے خون کی ندی ابلتی ہے

قرار اک دم نہیں آتا ہے خون بیگنہ پی کر
کہ اب تو خود بخود تلوار رہ رہ کر اگلتی ہے

یہ جا شغل وحشت میں نکالا تو نے اے چیدہ
گریباں میں الجھنے سے طبیعت تو بہلتی ہے

ہوں جو مہمان رات بھر کے لیے
حشر برپا کریں سحر کے لیے

جتنے عشوے تھے چشم ساقی میں
اُتنے ساغر حباب کر کے لیے

کیوں لگائی بہ ڈاب کافی تھا
ایک چھلا تری کمر کے لیے

نزع میں میں نے ہر طرف دیکھا
آپ آئے نہ لمحہ بھر کے لیے

نگہ التفات جس کی ہو
اس کا بندہ ہوں عمر بھر کے لیے

ہجر کی رات ہے یہ رات اے نظیم
منتیں مانیئے سحر کے لیے

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان شاکی

میر محمد معاصر غالب

جب بہ تقاضائے خلق رسولِ عرب ہوا — آئی ندا کمال نبوت کا اب ہوا
رنگین رخِ جناب سے رنگیں ہے روئے گل — شیریں لبوں سے شاہ کے شیریں طلب ہوا
اُلٹے قضا نے جب ورقِ دفترِ وجود — موپار لاکھ بار وہی منتخب ہوا
کس شان و احتشام سے کس دھوم دھام سے — معشوق پیش عاشقِ صادق طلب ہوا
خالق کے غلاموں کو تشویش بازخواست — یہ بھی نہ ہوگی ان کو خبر حشر کب ہوا
سبطین کیلئے اسے تیرِ بد کمائے — شاکی وگرنہ مفت میں جاں بلب ہوا

ہوتا نہیں سرگرمِ اقامت سفر اپنا — موجِ شرر ساں ہے یہ سب شور و شر اپنا
کیوں تہنیتِ مرگ کو ہیں دوست فراہم — آتا ہے مگر نامہ بر خوش خبر اپنا
اب روبقضا ہیں غلط اندازِ نگاہیں — سر پیٹ لے اے شوق پریشاں نظر اپنا
غمزے کو ملا حکم دلِ آشوبیِ عالم — اور وعدۂ انصاف رہا حشر پر اپنا
کیا کیجیے بدآموزیِ غماز کا شکوہ — سچ یوں ہی مٹانا ہی تھا مدِ نظر اپنا
دوزخ کفِ خاکستر و جنت ثمرِ خام — ڈھونڈے ہے تری شمن دل بے بال و پر اپنا
پہلی ہی نظر سلسلہ جنبانِ جنوں تھی — کیا سوچتے آغاز میں نفع و ضرر اپنا
اس لطف سے دیکھوں کہ انھیں ہی انہیں دیکھوں — احسان نہ رکھے میرے سر پر بصر اپنا
مطلوب سمجھتے ہیں سبھی آپ کو شاکی — از بسکہ پھرایا ہے طلب در بدر اپنا

دیوانہ اسیرِ غمِ دنیا نہیں ہوتا — محتاجِ رفو دامنِ صحرا نہیں ہوتا
کیسا کیا ستم عشق ہوا کیا نہیں ہوتا — پر دل وہ بلا ہے کہ شکیبا نہیں ہوتا
محویت حرماں سے تصور بھی ہوا محو — آغوش ہم آغوشیِ تنہا نہیں ہوتا

www.urduchannel.in

کشاکش ابھی ہے کہ نہیں لب بلب جام
جب پی گئے اندیشۂ فردا نہیں ہوتا

درد اُٹھتا ہے سینہ میں پر ایسا نہیں اُٹھتا
ہوتا ہے جگر چاک پر اتنا نہیں ہوتا

شاکی مجھے بدگو کی شکایت نہیں یعنی
جو آپ کو اچھا کہے اچھا نہیں ہوتا

زورِ فلک سمجھ کے نہ محوِ طرب ہوا
یا تک تمھارے ملنے کا مجکو عجب ہوا

بے قصد گھر غریبوں کے آتے نہیں ولے
ایسے مرے نصیب کہاں کیا سبب ہوا

واں الوداع ناز یہاں الفراق شوق
کب ہوشیار سرخوشِ جام طلب ہوا

شاباں التفات ہے افتادگی مری
محبوب در کنارِ فلک بے ادب ہوا

لو حالِ دل نہیں گے وہ دشمن کے سامنے
ہم کو تو یہ خوشی تھی کہ خنجر طلب ہوا

اصلی تھیں غمزدوں کی ترے سینہ کو بیاں
ماتم کدے میں عالم بزم طرب ہوا

ہو گی بقدرِ ربط بد آموزی رقیب
آنا تو قہر تھا مرا جانا غضب ہوا

ناکامیوں کے ساتھ تھا انبوہِ آرزو
افسردہ دل نہ وصل میں محوِ طرب ہوا

شاکی کے انتقال کی کیا پوچھتا ہے تو
دو دن میں چار دن میں اسے فوت شب ہوا

نہ داد جور نہ فریاد خونبہا لایا
ترے شہید کو محشر عجب اٹھا لایا

کچھ ان کی زلف کی ہمت کچھ آہ دلکی کشش
عجب طرح سے انھیں بخت نارسا لایا

سبکسری کا برا ہو کہ میرے قتل کا حکم
ملا رقیب کو تسلیم میں بجا لایا

جواب آتے ہیں یوں بھی کہیں خدائی میں
خطا اُن کے نام کا جا کر انھیں سنا لایا

نیاز و ناز کا ہنگامہ کم نہ تھا لیکن
ترے زمانہ میں رنگ آسماں نیا لایا

ہزار شکر کہ بخت سعید شاکی کو
کشاں کشاں سوے درگاہ مصطفےٰ لایا

اس طرح آگے رنگ حنا جاں ستاں تھا
شکر خدا کہ خونِ وفا رائگاں نہ تھا

پھل بھول نام کو نہیں، کانٹے جہاں ہو
کیا گلشنِ جہاں کا کوئی باغباں نہ تھا

اک دیدہ پُر آب کی کیا بود کیا نبود
ساغر حریفِ گردشِ چشمِ تباں نہ تھا

بدتر ہے مرگ سے غمِ احباب خضر ہائے
رمز آشنائے زندگیِ جاوداں نہ تھا

کیسا رہروانِ مرگ عناں برعناں گئے
جز گرد اور کوئی پسِ کارواں نہ تھا

www.urduchannel.in

کیا خوانِ روزگار پہ ہم روزہ کھولتا
شاؔ کی نوا لا ایک بھی بے استخواں نہ تھا

تشنۂ ہر جزو بدن ہے ترے پیکا نوکا
واں زباں ادھر انہوں زباں دانو نکا

پھرے مکاں میں سراپائے لامکاں دیکھا
کہاں کہاں تجھے ڈھونڈا کہاں کہاں دیکھا

سفینے کو ترے لطف و کرم پہ چھوڑ دیا
نہ رُخ ہوا کا نہ اندازِ بادباں دیکھا

گرے اسیروں کے سر خاک پر قلم ہو کر
نہالِ شوق کو آخر ثمر فشاں دیکھا

اگرچہ ڈھونڈھتے پھرتے ہیں سیکڑوں کا پک
متاعِ حسن خود آرا کو بے دُکاں دیکھا

نوید قتل سے بے صبر مر ہی جائے گا
امید جو ہے شاؔ کی کو شاد ماں دیکھا

تبائیں کیا نہ کیا اور کیا نثار کیا
سوائے یار جو کچھ تھا فدائے یار کیا

اس احتیاط نے سب کو ندیم یار کیا
وقار نے ہمیں دنیا میں بے وقار کیا

اگرچہ حرف ہیں دو دل کے ایک ہی ہیں لیک
ترے ستم نے مجھے تجھ سے شرمسار کیا

بلا سے جان گئی کوہکن مگر تو نے
بنائے قصرِ محبت کو استوار کیا

چمن طراز ہے کس گل کی نکہت آمد
کہ صورِ حشر نے بھی نالۂ ہزار کیا

رہے نہ صبح کو تیرا نشاں اے شبنم
کہ تو نے دیدۂ بلبل کو اشکبار کیا

جو لے گیا تھا کلیم خدا کو وادی میں
اُسی کرشمے نے ہمکو بھی بے دیار کیا

بدیر مشعرہ میں شاؔ کی آئے خیر تو ہے
تمہارے آنے کا کیا کیا نہ انتظار کیا

اندوہ عشق یار طرب ساز ہو گیا
انجام بھی مؤنث آغاز ہو گیا

راتیں فراق کی نہ جفائیں رقیب کی
پروانہ کس دلیل سے جانباز ہو گیا

مدِ نگاہ شوق بھی کیا تازیانہ ہے
گلگونِ اشک اور سبک تاز ہو گیا

تابِ نگاہِ گرم نہ لایا جمالِ یار
نظارہ حسن کو پرِ پرواز ہو گیا

تقدیر تھی مری تری تدبیر چارہ گر
یعنی مزاج اور بھی ناساز ہو گیا

اُن کو یہ احتیاط کہ دوہری نقاب ہو
نظارہ کو یہ ناز کہ ممتاز ہو گیا

شاؔ کی فدا ہوا ترے قدموں پہ خوشا نصیب
تاریخ مرگ سجدۂ اعزاز ہو گیا

۱۲ قد فاز فوزاً عظیماً

www.urduchannel.in

خوف اثر رقیب کے دل سے نکل گیا
اُن کے محل میں نالہ دل بیمحل گیا

کہتے ہیں چمن کو رخِ جاناں کے برابر
قرآں کو سمجھتے ہیں گلستاں کے برابر

اس عشق مودب کا بُرا ہو کہ مرے ہاتھ
رُک جاتے ہیں جا کر ترے داماں کے برابر

نازش ہے نہ کچھ علم پہ نے فخر عمل پر
تکیہ ہے ہمارا کرم عز و جل پر

اُن آنکھوں نے مارا ہمیں اُن آنکھوں نے مارا
طوفاں ہے تقدیر پہ نعمت ہے اجل پر

جب تک نہ ترے حُسن کی جلوہ نمائی
گلگوں نہ تھا عارضِ زیبائے ازل پر

کس کی نگہ مست نے بھر دیے ساغر
داغ مے گلرنگ ہے دامانِ ازل پر

دل کہتا ہے شب کی کہ لکھوا ہی لیں لیکن
بہتر ہے عمل نکتۂ ناقل و دل پر

دام گیسو میں پھنسا تل دیکھکر
کرتے ہیں اے طائرِ دل دیکھکر

رنگ لائی بدگمانی قیس کی
پردۂ رنگین محمل دیکھکر

کس کی حیرت تھی طلسم نازِ دوست
محو تھی محفل کی محفل دیکھکر

مٹ گیا اندوہ تنہا ماندگی
التفات فیض شامل دیکھکر

ہچ کہو تھا کس طرف روئے خطاب
اگیوں ہتے سوے عنادل دیکھکر

موتیوں سے بھر گیا حیرت کا مضمون
ہنس پڑے وہ رقص بسمل دیکھکر

کچھ تو رعب قرب سے لیں یاد سے
رہ گئے کچھ بعد منزل دیکھکر

اپنی طاقت پہ مجھے رحم آگیا
اضطراب مرغ بسمل دیکھکر

بعد چشم آیا نظر حسرت کی دہ منزل
گھبرے پہونچے جا و بے جا دیکھکر

ملے جان و دل و دیں اہل وفا دیتے ہیں
اخر کار کفی دست دعا دیتے ہیں

کچھ تو آرام لب ہر زہ سرا دیتے ہیں
کان وہ جانب قمریا دلگا دیتے ہیں

کبھی انسان نے آئینہ بنایا ہوتا
آپ انسان کو آئینہ بنا دیتے ہیں

یاد رکھتے ہیں دلے یاد نہ کرنا میرا
داد دیتے ہیں مگر داد جفا دیتے ہیں

کیا انھیں بھی میرے قاتل کا ہی شیوہ معلوم
تہنیت روح کو لاکھوں شہدا دیتے ہیں

مانیت سوز ہوئی تازہ پسند میری
اہل سماں داغ نیا رنگ نیا دیتے ہیں

www.urduchannel.in

دفترِ عیش الٹ دیتی ہے بادِ سحری
جھونکے پیغام پیغامِ فنا دیتے ہیں

وقف ترکیب ہے ترکیبِ امورِ عالم
بوسے دشنام میں لپٹیں تو مزا دیتے ہیں

چلو شاکی چلو دیکھیں ہمیں کیا ملتا ہے
صلۂ نعت رسول دوسرا دیتے ہیں

یہ بھی تو ایک اثر ہے کہ اُن کو خبر نہیں
کیوں کر کہوں کہ نالۂ دل میں اثر نہیں

نے وصل میں قرار نہ آرام ہجر میں
ہر ہاں تری بلا سے قیامت ہے ہر نہیں

وعدہ کریں تو کیا جو ملاقات ہو تو کیوں
سب جانتے ہیں اُن کے دہان و کمر نہیں

چاہیں تو شہر میں حسیں ہیں نہیں کوئی مگر نہیں
کیا شہر میں حسیں ہیں ہم بھی اختیار

شاکی لحد میں سوئیے چل کر بہت پھرے
منزل یہ طے ہوئی تو پھر آگے سفر نہیں

لب نہیں جاتے خط اُن کو کب عتاب آتا ہے
کچھ جواب آتا ہے شاید جواب آتا نہیں

دانہ دانہ ہے سرشکِ دیدۂ بیجا صلی
کشت پر میرے نہ رحمت سے سحاب آتا نہیں

بے حساب الطاف دنیا عاقبت لیتا حساب
واعظو میری سمجھ میں یہ حساب آتا نہیں

فرقِ ہستی خطا کار سطح کرتے ہیں طے
راستے میں جادۂ زاہد سراب آتا نہیں

طوفانِ نار کیا ہے جو ہر رنگ یم نہیں
مجکو تو ایک موجِ نسیم بھی کم نہیں

اندگ فزوں ہے تیری عنایت وہ بے حساب
میرا یہ حوصلہ کہ مجھے کم بھی کم نہیں

اے شوقِ قتل تو ہی چھری بن کے ذبح کر
خنجر میں عکسِ شعاعِ جاناں سے دم نہیں

کوتاہیِ نظر نے دکھائی رہِ دراز
کیا بیکدہ میں لطفِ حریم و حرم نہیں

اے برقِ یاس تو ہی کہیں اسکو خاک کر
کشتِ امید قابلِ ابر کرم نہیں

زہر نگہ دریغ نہیں مجھ سے بے سبب
وہ جانتے ہیں ہم بھی مرے حق میں ہم نہیں

کیا ہوا میں جو فقط نام نہیں
کسی مذہب میں غمِ حرام نہیں

جسے زہر و تریاق یکساں نہیں
میں وہ رند آلودہ دامان نہیں

قیامت ہے اللہ دیدارِ عام
قیامت کی تشویش چنداں نہیں

ندا ہے سرِ چار سوئے وفا
جو گر کر اُٹھے مرد میداں نہیں

زبانی عجب کر بیان استدر
نظر شعلۂ لطف پنہاں نہیں

www.urduchannel.in

وہ منصور کھینچا جسے دار پر | وہ مردار جو تم پہ قرباں نہیں
سخن قوت شاکی حد رزق غیر | مقدر پہ زنہار تاواں نہیں

یاقوت لب سے ثبت لعل دہن کہاں | یعنی یہ بول چال یہ طرز سخن کہاں
غربت کی شام سے مری آنکھوں کا خون ہوا | اے آسماں سپیدۂ صبح وطن کہاں
توبہ نہ کی کہ تیری عنایت کا تھا یقیں | سودائے عمل ضرور مگر سود ظن کہاں
نے نامہ نے پیام نہ قاصد نہ گفتگو | اے نونہال عمر وہ رسم کہن کہاں
شاکی نہ احتراز در دوں ہو نہ کوئی دست | پہونچا کہاں سے اڑ کے ہمارا بدن کہاں

پردے سے انقلاب نہیں آب و تاب میں | جلوہ سے خود نقاب نہاں ہے نقاب میں
دیکھا جس اہل دید نے اس شہسوار کو | سمجھا کہ پائے عمر ہے بیشک رکاب میں
گو فیصلہ ہوا مگر اصلا خبر نہیں | کشمکش بلا میں ہیں کہ جہنم عذاب میں
تم کو نہ مجھ سے رنج نہ تم سے مجھے گلے | ہوتا ہے امتحان محبت عتاب میں
ساغر ہمارے نام کے نذر رقیب ہیں | دور فلک کا طور ہے دور شراب میں
بے جن کے نیند چشم وفا کو حرام تھی | اب دیکھنے کو ان کے ترستے ہیں خواب میں
شاکی کریں گے کشمکش رغم سے رہا تجھے | جن پانچ تن کا وصف ہے جادو کتاب میں

دیتے ہیں رہرو حرکت پائے سفر کو | مرتے ہیں جوں شمع جلا کر تن دیگر کو
پھونکا ترے جلوے نے پر و بال نظر کو | توڑا تری شوخی نے تصور کی کمر کو
سمجھا گرم فغاں ہی لب فریاد شب غم | چھڑکو مرے چھالوں پہ طبا تیر سحر کو
اندیشۂ غربت کبھی اندوہ ملامت | ہوتے ہیں عجب رنج محبت میں بشر کو
اے نوح کہوں کیا برکت بے خطری کی | کشتی مری طے کر گئی گرداب خطر کو
مقطوع کیا قد نے ترے قاف قلم کی | محذوف کیا لب نے ترے کاف شکر کو
اب گرمی بازار قیامت ہے سودا | یاں دیکھ چکے ارزش کالائے ہنر کو
اکسیر ہے خاک در شاہنشہ یثرب | اس کحل جواہر کی تمنا ہے بصر کو
شاکی تری کیا بات فسوں ہے کہ غزل ہی | دلبند ہے ہر قافیہ دلچسپ ہے ہر کو

www.urduchannel.in

سرِ محفل نقابِ عارضِ تاباں اگر وا ہو
نظر پروانہ ہو پروانہ گل ہو گل تماشا ہو

اگر اعیانِ صورت میں نمایاں وہ خود آرا ہو
جہاں موسیٰ ہو موسیٰ جلوہ ہو جلوہ تجلا ہو

پریشاں ہو اگر زلفِ معنبر رو سے انور پر
خرد سودا ہو سودا شانہ ہو شانہ سویدا ہو

نہ ٹھکرا نعشِ عاشق کو مہا دا اے وفا دشمن
ستم آفت ہو آفت فتنہ ہو فتنہ دوبالا ہو

تصور اُن کی افشاں کا بندھا ہاں جوشِ میخانہ
شرابِ آتشیں ہو آتشِ سودا نہ ہو دانہ ہو تریا ہو

تری فکرِ رسا کی تیز پونسے کیا عجب شاکی
قلم نشتر ہو نشتر دستہ ہو دستہ گزارا ہو

کسے روئیں جن اشکوں کو تیری فرقت کا رونا ہو
کسے دیکھیں جن آنکھوں نے تری صورت کو دیکھا ہو

مرا جوشِ جنوں زنداں میں جب زنجیر فرسا ہو
اسیرِ دشت پیما ہو گرفتاری کو سودا ہو

بسر کی زندگی حرماں نصیبوں نے توقع میں
قیامت ہے اگر فردا نہ محشر بھی تم سا ہو

الٰہی ایسی خلوت ہو کہ بے حائل اُنھیں دیکھیں
نہ طغیانِ تمنا ہو نہ طوفانِ تماشا ہو

چلے ہم تو دلِ ناکام لیکر خلق سے تنہا کی
ہمیں کیا بعد مر جانے کے غیر اُنکا نہ ہو یا ہو

مشامِ آشنا تیرے گیسو کی نکہت ہو تو کیونکر ہو
علاجِ دردِ بے پایاں وحشت ہو تو کیونکر ہو

مزاجِ شاہ سے واقف ہیں یعنی اس کی مرضی کے
سپاہِ غم دبا رہے دل سے رخصت ہو تو کیونکر ہو

انھیں عادت کی پابندی کہ ساتھ اعدا کے پھرتے ہیں
مجھے اس بات کا سودا کہ خجلت ہو تو کیونکر ہو

ستم ہے بعدِ قتلِ خلق فرمانا رقیبوں سے
بشر دنیا میں کوئی بے مروت ہو تو کیونکر ہو

خروشِ بحر پھر اتنا ڈراتا ہے جو شاکی کو
اگر کلب پر ترے مہرِ نبوت ہو تو کیونکر ہو

سرِ شوریدہ پائے خم بہ میخانہ میں بستر ہو
پھر آگے ہر چہ بادا باد پرسش ہو کہ محشر ہو

خدارا نرگسِ پرفن سے کہدو وہ نہ کچھ بولے
کہ مجکو ہو نہ دل کو تری تقریر باور ہو

تکلف بر طرف آؤ طفیلی رنگ یکرنگی
کہ ہم بترسے بتر ہیں جو تم بہترسے بہتر ہو

مری نالش ہے یارب بالش عرضِ تمنا سے
کہ اک نقطہ جو اُن کے نام لکھوں ایک دفتر ہو

ہم ایسے بادپیما ہیں کہ ذرے سے بھی کمتر ہیں
تم ایسے سرو بالا ہو کہ گیسو کے برابر ہو

خیالِ جنبشِ مژگاں سے ہی بیخود اپنی شاکی کی
لگے کیا آنکھ اُس کی جس کی ہر ہر رگ میں نشتر ہو

تمنا وصل کی جھوٹی غمِ ہجرِ تپاں کیوں ہو
بہار آئے نہ جس گلشن میں واں دل خونِ خزاں کیوں ہو

www.urduchannel.in

ہماری ناتوانی غم اُٹھانے سے غلط اٹھی
تمہیں عذرِ نزاکت ہے تو اتنے سرگراں کیوں ہو

نمک پاش ملامت ہوں گے زخم دل پہ طعنیت
ہمارا خون ہو لیکن بطرزِ امتحاں کیوں ہو

نسیم صبح گاہی ہوں اقامت کیا سیاحت کیا
نہیں خوگر مجوسی کی عدو میرا جہاں کیوں ہو

وہ ہی اک بلبلِ خونین نوائے تلخِ ناکامی
لقب شاکی کا تیرے طوطیِ ہندوستاں کیوں ہو

ناسور مندمل نہوا عمر بھر نہو
اے چارہ گر خدا کیلئے میرے سر نہو

جائے بلا سے جان کوئی پردہ در نہو
خوش ہوں کہ شام غم کی نمایاں سحر نہو

کیا کھائیں سم بعہد سنیں کارگر نہو
شاید دعا کی طرح دوا میں اثر نہو

ہے امتحان رحمت ناستحق نواز
للہ میری نعش پہ تو نوحہ گر نہو

فرصت قلیل قتل کے لاکھوں امیدوار
قاتل بخیل، وار کدھر ہو کدھر نہو

شب کی نزاریں تپ غم کی حرارتیں
کیا جانے جس کی جیب قبا میں سپر نہو

شاکی کے انتقال سے کتنے وہ خوش ہوئے
پرسیر ہے اگر یہ خبر معتبر نہو

ایما جو تیری چشم زبوں گیر سے نہو
قصہ تمام خنجر و شمشیر سے نہو

ہے مصلحت یہی کہ جہنم میں بھیجدیں
کوئی سوال آپ کے دلگیر سے نہو

ان کو بھی آج میری طرح شوق وصل ہے
یہ بات ہی جدا ہے کہ تقدیر سے نہو

اے شوخ غیب داں ہے خدا چپ ہی کہیں
محشر میں بر ہی تری تقریر سے نہو

زخم زبان خلق سے بچنا بڑا نہیں
مانا کہ اور فائدہ تدبیر سے نہو

آخر نہیں تو چاہیے کچھ احتیاط
گو ذکر ہم غریب کی تقریر سے نہو

اندیشۂ فراق نے مجکو ڈبو دیا
کہتا ہوں سر جدا تری شمشیر سے نہو

کرتی ہے بیخودی مری تدبیر سے خراب
بیہنگام چارہ سازی تقدیر سے نہو

شاکی اگرچہ قابل رحمت نہیں عمل
لو میرے بدنصیب شبیر سے نہو

ہنگام ذبح قاتل طرف نقاب اُٹھائے
میں تجکو رونمادوں تو مجکو خوں بہائے

اے شور نالہ دل میں مستفید میں قائل
یا حشر کو اُٹھائے یا بخت کو جگائے

جو بات دل میں گذرے لاؤں وہی زباں پر
اے سادگان پرفن ہم آدمی ہیں سادے

www.urduchannel.in

اے صانع دل وجاں کب تک امید حرماں
یا عشق کو اٹھالے یا حسن کو مٹادے

تیغ ستم کشیدہ حلق حزیں بریدہ
اٹھکر نہ دست قاتل ان کو گلے لگا دے

ہو جائے کچھ یہ عالم اے لذت طپیدن
قاتل کو میں دعا دوں قاتل مجھے دعا دے

کیا اعتبار پایا بے اعتباریوں سے
ممکن نہیں کہ ہم کو نظروں سے تو گرا دے

شاکی کی یہ غزل ہے ہر حرف بے بدل ہے
نالاں عبث دغل ہے دولت جسے خدا دے

گر تو نوید لطف دم احتضار دے
کن فتنوں سے جان ترا خاکسار دے

سر ہے عذاب خنجر زہرا بدار دے
قاتل ثواب جان کے صدقہ اتار دے

ناگاہ اور ہیں خبر وصل یار دے
وہ آسماں کہ موت نہ بے انتظار دے

وہ آئیں حشر آئے اجل آئے صبر آئے
کوئی تو دادِ محنت شبہائے تار دے

اندیشے سو طرح کے ہیں قاصد کو بھیجکر
کیا جانے کیا جواب وہ نخوت شعار دے

سم بھی مضر نہیں اگر اصلاح ہو سکے
غم بھی برا نہیں جو خدا غمگسار دے

ممکن شکوہ ناز ہے لیکن نہ اسقدر
جان آرزو ہے پیر میں تیرا نثار دے

شاکی کی اسی کے در کا ملازم ہے جو سخی
سائل کو ایک نان کے بدلے قطار دے

صد مرحلہ جاتا ہوں پرے کون و مکاں سے
بے صبری دل سے کبھی بیتابیٔ جاں سے

جور فلک و کاہش جان و غم جانا ں
ان سب کی دوا صبر سوا ہے وہ کہاں سے

ہر بات میں ہوتی ہے رقیبوں کی ترقی
پڑ جاتی ہے تقریر میں جاں تیرے بیاں سے

اللہ رے گراں مائگیٔ جنس محبت
بدظن ہے زیاں سود سے اور سود زیاں سے

کیا کم ہے مٹا دینے کو یہ شعبدہ شاکی
کاکل کی طرح تیغ بھی کھینچی ہے میاں سے

غرقہ آب دم تیغ ستم رہا رہے
خوب سیراب ترے تشنۂ دیدار ہوئے

حسن مطلق سے رہا دل کو تعلق برسوں
واں سے چھٹکر ترے گیسو میں گرفتار ہوئے

رشک ہوتا ہے محبت میں نہ اتنا لیکن
خوش وہ ہمسے ہوئے ہم زیست سے بیزار ہوئے

نہ فریب نظر یار نہ بے رحمی ضعف
شکوے اتنے تھے کہ مہر لب اظہار ہوئے

سچ بتاؤ ہمیں تم رات کہاں تھے شاکی
آج مذکور تمہارے سر بازار ہوئے

www.urduchannel.in

تا نہ اعجاز محبت کا یقیں دل میں رہے
گھر میں تھے اور کہتے ہیں غیروں کی محفل میں رہے

گر نہ ہو بے خاکساری پردۂ تر دامنی
موج صد دریا بار کیوں بابوس ساحل میں رہے

بسکہ تھا آنکھوں میں شاکی کے جمال احمدی
شام سے تا صبح ہم ورد مزمل میں رہے

نئی چال آسمان باد پیما روز چلتا ہے
نہ عادت اُن کی جھٹتی ہے نہ رنگ پنا بدلتا ہے

نہ صبح و شام سے نیرنگیاں اتنی عیاں ہوتیں
کوئی معشوق دو نو وقت پوشاکیں بدلتا ہے

الٰہی وہ نہ آتے تھے نہ آتے ہیں نہ آئیں گے
پھر آنکھیں منتظر کس کی ہیں پھر دل کیوں اچھلتا ہے

محبت کی بساط خاک پر ہے مجلس افروزی
فروغ شمع گردوں سے کہاں پروانہ جلتا ہے

ترے لایق نہیں کردار شاکی ان قوافی کو
نکلتا ہے ٹھٹکتا ہے اٹکتا ہے مسلتا ہے ؎

دونوں میں کیا کشاکش بے اختیار ہے
دل ہے سنان کے پار سناں دل کے پار ہے

اپنی ہوا میں آپ ہی پروانہ جل بجھا
عشق ہوس فروش کا انجام نار ہے

شاکی شکایتوں کا نہ لے نام شکر کر
انکا خیال مونس شب ہائے تار ہے

رخ لالہ گوں کا خیال ہو سر زلف غالیہ فام ہے
یہی دین ہے یہی کفر ہے یہی صبح ہے یہی شام ہے

کوئی اس نمود پہ کیا مرے کوئی اس بہار کو کیا کرے
نہ شمیم گل کو قیام ہے نہ سرور مل کو دوام ہے

مری نعش رشک سے گر گئی کہ خطا جناب خضر تھا
جو سنا ہو شاکی خوش بیاں اسی بے نصیب کا نام ہے

دل شیشہ میں نظر آتی ہے تمہیں زاہد وجہ سرخ مئے
یہی جم کی چشم و چراغ ہے یہی روح عارف جام ہے

نہ طواف کعبہ کا شوق ہے نہ حریم قرب کی جستجو
مرا کام خدمت میکدہ مرا نام ننگ انام ہے

جبھی جو ناز کناں جا بجا نکلتی ہے
کبھی کبھی ترے کوچے میں جا نکلتی ہے

نہ حسرت دل اندوہ زا نکلتی ہے
نہ تن سے جاں بلا آزما نکلتی ہے

ادا شناس سمجھتے ہیں پایۂ گفتار
سخن پہ جاں سخن آشنا نکلتی ہے

شمع بجھتی ہے مہ و دار سحر ہوتی ہے
حالت گشتہ غم نوع دگر ہوتی ہے

تیرے نظارے سے باز آئیں فدائی حاشا
قطع سر ہوتے ہیں پھر قطع نظر ہوتی ہے

سرمہ ہو جاتی ہیں آنکھوں میں نگاہیں جلکر
رخ جاناں پہ کسے تاب نظر ہوتی ہے

آستاں چاہیں شاکی نہ طرفدار مجھے
یا علی کہتے ہی دشمن پر ظفر ہوتی ہے

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان شمس العلما نواب سید امداد امام صاحب
اثر عظیم آبادی

فقیری میں مجھے بخشا خدا نے اوج سلطانی
گدا مجھکو بنایا آستان شاہ مردانی

نمود شکل ہستی کن فکاں کی کارسازی ہے
ظہور ہر دو عالم ہے اشارہ تیرے ابرو کا

گنہگاروں کی آنکھیں قلزم اشک ندامت ہیں
نہیں دشوار اے زاہد چھڑانا داغ عصیاں کا

فلک آئینہ داری جوہر رویاں کی کرتا ہے
شفق ہے عکس خون آلودہ رخسار شہیداں کا

کسی کی دید پر موقوف اپنی زیست ہے ناصح
مرا تار نظر انداز رکھتا ہے رگ جاں کا

چھپے گا دامن محشر میں خورشید قیامت بھی
غضب ہوگا عیاں ہونا ہمارے داغ پنہاں کا

نشان نقش قدم کا بھی نہ پایا تا دم آخر
عبث ہمنے کیا پیچھا اثر عمر گریزاں کا

وصل تباں میں خوف فراق تباں نتھا
گویا کہ اپنے سر پہ بھی آسماں نہ تھا

پیش رقیب پرسش دل تم نے خوب کی
دشمن تھا پردہ دار نہ تھا رازداں نہ تھا

عبرت دلا چکی تھی ہماری ستم کشی
مطلق شب وصال عدو شادماں نہ تھا

بگڑے ہوئے رقیب سے وہ آئے ہیں گھر
اس حسن اتفاق کا کوئی گماں نہ تھا

سرشار بیخودی تھے اثر بزم یار میں
کیا جانیں ہم رقیب کہاں تھا کہاں نہ تھا

تیرا پیکاں مرے سینہ سے نہ تنہا نکلا
لخت ہائے دل مجروح کو لیتا نکلا

ہم مسلماں ہیں مگر دل ہے بلا کا کافر
آنکھیں بھر آئیں جہاں ذکر تو ہوتا نکلا

تو ہی اے شیخ بڑا حق کا شناسا نکلا
آپ ہو حق سے نکر محفل رنداں برہم

شوق نے حسرتی دیدار بنایا کس کا
شعلہ طور مرا داغ تمنا نکلا

قول کر رہ گئے شمشیر دو دم کیا معنی
حوصلہ اسمیں ستمگار نہ ہمارا نکلا

تلش تیر مژہ دل سے نجانے پائے
پھر کہاں لذت ایذا جو یہ کانٹا نکلا

www.urduchannel.in

اپنے مرنے سے عدو مورد بیداد ہی اب
تجھ سے اے مرگ بڑا کام ہمارا نکلا

وائے تقدیر کہ اس دشمن ایماں کے حضور
میں بد اندیش عدو چاہنے والا نکلا

مر گیا ہائے اثر پھوڑ کے سر پتھر سے
عشق گیسوئے صنم جان کا سودا نکلا

جاں دینا عاشق جانباز کو مشکل ہی کیا
لیکن اس سے بیوفا تو ہی بتا حاصل ہی کیا

مر گئے جنکو پڑی تیرے لب شیریں کی چاٹ
سچ بتا اس انگبیں میں زہر بھی شامل ہی کیا

خط میں لکھتے ہیں کہ آئیں گے کہیں ہوتے ہوتے
اس عنایت میں مراد غیر بھی شامل ہی کیا

دل ہی سینہ میں کہ ہی سیماب بر آتش اثر
ماہی بے آب ہی یا طائر بسمل ہی کیا

تیری جانب سے مجھے کیا نہ ہوا
خیر گذری کہ تو خدا نہ ہوا

کیوں ترا آشنا عدو ٹھہرے
جب ترے غم سے آشنا نہ ہوا

مر کے اس کی گلی کی خاک ہوا
میں فنا ہو کے بھی فنا نہ ہوا

مار ڈالا مجھے عدو کے لیے
حیف تو صبر آزما نہ ہوا

اے اثر تجھکو پھر گلا کیا ہے
جب کسی کا وہ بیوفا نہ ہوا

تخل الفت میں نمودار ثمر کچھ نہ ہوا
بار در باغ جہاں میں یہ شجر کچھ نہ ہوا

غیر کی شب کو شب قدر بنایا تو نے
تجھ سے میرے لیے اے رشک قمر کچھ نہ ہوا

کر لے خوبنا یہ فشانی بھی اگر دل چاہے
اشک ریزی سے تو اے دیدہ تر کچھ نہ ہوا

لاکھ سمجھایا اثر کو کہ ندیم عشق میں جان
ناشنو تھا اسے کہنے کا اثر کچھ نہ ہوا

جھوٹے وعدوں پر مٹائے جائیں کیا
جانتے ہیں تم کو دھوکا کھائیں کیا

پرسش اپنے قتل کی ہونے لگی
داور محشر کو ہم بتلائیں کیا

ہے پشیمانی میں افسر خطا
قتل کر کے مجھکو وہ پچھتائیں کیا

آ ہیں گے پھر بھی دل عشرت کے دن
انقلاب دہر سے گھبرائیں کیا

دل کو کھوئے ایک مدت ہو گئی
اے اثر اب ڈھونڈنے سے پائیں کیا

مقدر میں زاہد جو تھا مل گیا
مجھے توبتوں میں خدا مل گیا

اسے جان شیریں کی پروا نہیں
جسے درد دل کا مزہ مل گیا

www.urduchannel.in

ذرا دل کو دیکھو تو اے ہمدمو
کدھر جا کے یہ بیوفا مل گیا

جدائی میں روتا ہوں آٹھوں پہر
مجھے خوب یہ مشغلہ مل گیا

ترا شعر کوئی سُنا جب اثر
مزا میر کے شعر کا مل گیا

میرے گھر تیرا آنا جانا تھا؟
وہ بھی اے یار کیا زمانا تھا

جو نہ سمجھے کہ عاشقی کیا ہے
اُس سے بیکار دل لگانا تھا

آئے تھے بخت آزمانے ہم
آپ کو تیغ آزمانا تھا؟

تو نے رہنے دیا پس دیوار
ورنہ اپنا کہاں ٹھکانا تھا؟

دل نہ دیتے اُسے تو کیا کرتے
اے اثر درد ہیں اُٹھانا تھا

نہیں اے بلبلو وقت آہ و فغاں موسم ہے جب جھڑ کا
نہ اندیشہ ہے گلچیں کا نہ ہے صیاد کا دھڑکا

نیا کچھ رنگ نکلا روے آتشناک دہو نیسے
تماشا ہے بجھانے سے یہ شعلہ اور بھی بھڑکا

ہم اپنی زندگی میں شیر میدان محبت تھے
ترا تو سن جو اے قاتل ہماری قبر ہی پھڑکا

صبا سے آمد فصل بہاری کی خبر سنکر
ہر اک مرغ قفس کیا ہے سر چمن پھڑکا

اثر تو نے بھی پایا ہے مزاج حضرت آتش
جوانو میں جواں بڈھوں میں بڈھا لڑکوں میں لڑکا

شیشہ سے کہاں بادہ احمر نے اُٹھایا
جو لطف کہ لب سے ترے ساغر نے اُٹھایا

عشاق کے آگے جو ہوا یار قد آرا
فتنہ پڑ گیا سر فتنۂ محشر نے اُٹھایا

اُس دلبر کی صورت بھی نہیں لالہ نے دیکھی
اے گل جسے میرے دل مضطر نے اُٹھایا

انگشت نمائی سے بچی ان کی نزاکت
الزام کمر زلف معنبر نے اُٹھایا

کیا چاندنی چھٹکی مرے گھر میں جو شب وصل
چہرہ سے نقاب اس مہ انور نے اُٹھایا

اب دیکھئے کیا تازہ بلا آنی ہے سر پر
انداز نیا یار کے تیور نے اُٹھایا

مومن کے سوا اور اثر کون اٹھائے
جو بخت علی کے لیے بوذر نے اُٹھایا

چاندنی میں دور ہو جام شراب ناب کا
ہے قیامت ساقیا عالم شب مہتاب کا

کس کو آئے نیند میرے نالۂ شبگیر سے
ہر ستارہ میں ہی نقشہ دیدۂ بیخواب کا

سرکشوں کی عاجزی ویسی ہی جیسے اے اثر
پانو پر دیوار کے سر مارنا سیلاب کا

www.urduchannel.in

مشکل تکلیف کو بھی عیش کا ساماں سمجھا
داغ ہائے تن سوزاں کو چراغاں سمجھا

مجھے دیکھا جو کبھی دیر کبھی مسجد میں
گبر نے گبر مسلمان نے مسلماں سمجھا

دل مجروح ہے کس درجہ حریص آزار
دست قاتل کو جو دیکھا تو نمکداں سمجھا

بحقیقت نظر آئی جو بقائے موہوم
اپنی ہستی کو عدم کا سر و ساماں سمجھا

گلرخوں کے لکھے اوصاف یہاں تک کہ اثر
جسنے دیکھا مرے دیواں کو گلستاں سمجھا

چنگا نہو مسیح سے بیمار عشق کا
کیا درد لا علاج ہے آزار عشق کا

سن لو تمہو یہ جرم خدا کو بھی ہے پسند
کب قابل سزا ہے گنہگار عشق کا

ہم خاکیوں کے سر پہ یہ بار گراں گرا
روحانیو سے جب نہ اٹھا بار عشق کا

دل دیکے قید رنج سے آزاد ہو گیا
چھوٹا جہاں کے غم سے گرفتار عشق کا

دونوں جہاں کے رنج والم کا ہی نام عشق
اے دل نہ نام لیجیو زنہار عشق کا

آنکھوں سے خوں جو آتا ہے آلو کیسا کیف ہے
کاری لگا ہی دل پہ اثر وار عشق کا

غم اٹھانے سے عشق کم نہوا
کارگر غیر کا ستم نہوا

اپنے مرنے کا غم نہیں مجھکو
غم یہی ہے کہ تجھکو غم نہ ہوا

جام جم ہے اثر ترا دیواں
پھر نہ کہنا کہ جام جم نہوا

انہیں پایا مگر اتنہا نہ پایا
جویوں پایا تو کیا پایا نہ پایا

جسے دیکھا ترا سرشار دیکھا
جسے پایا ترا دیوانہ پایا

جب آئے لوٹکر دشمن کے گھر سے
وہ تھے جیسے انہیں ویسا نہ پایا

غلط پرداز یاں ہیں شاعروں کی
وہاں یار کو عنقا نہ پایا

جلی اے شمع لیکن تو نے کچھ بھی
مزا سوز محبت کا نہ پایا

بہت ہشیار سنتے تھے اثر کو
مگر ہم نے اسے دیوانہ پایا

دم بھر کا بھی آرام مقدر نہوا تھا
ہم پر وہ ستم ہے کہ کسی پر نہوا تھا

جز خضر نما دل وحشی کو ہمارے
صحرائے طلب میں کوئی رہبر نہوا تھا

ناچیز کو افتاد بناتی ہے گرامی
گوہر بھی کبھی قطرہ تھا گوہر نہوا تھا

www.urduchannel.in

اے تاجورِ تنا جورِ عرصہ گیتی
دارا نہوا تھا کہ سکندر نہوا تھا

کیوں شکوۂ تکلیف اثر لائے زبان پر
آرام کی خاطر دلِ مضطر نہوا تھا

دل میں ترے ابد کے بھری ہی ہوس جامِ شراب
بوالہوس کہئے اُسے یا مگس جامِ شراب

محتسب توڑ نہ یوں شیشۂ دل رند وں کا
ہوں گے آخر یہی فریاد رس جامِ شراب

ساقیا رند بلا نوش ہوں پی جاؤنگا
دُرد ہو یا کہ ہو خاشاک وخس جامِ شراب

محتسب راہزن قافلہ عیش ہوا
نہیں آتی جو صدائے جرس جامِ شراب

یار سے پینے کو کہتا ہے پس وپیش نکر
اے اثر خوب نہیں پیش وپس جامِ شراب

یا تھے ہم راحت گزیں بستر دیبائے دوست
یا نصیب عیش دشمن ہوگئیں شب ہائے دوست

عیش اعظم کیا ہی پیش رتبہ والائے دوست
دل جسے کہتے ہیں اہل دل وہی ہی جائے دوست

غم نہیں گر گشتہ دشمن کرے تو ای فلک
خاک ہو کر بھی ہمیں رہنا ہی زیر پائے دوست

آشنائے لب کروں کیوں راز غم ہائے نہاں
اپنے حالِ دل سے واقف ہی دلِ دانائے دوست

جس طرف چاہی نگاہ شوق نظارہ کرے
شش جہت میں ہی عیاں حسن جہارائے دوست

بارہا یا آج کیا تو نے حریم یار میں
تجھ سے آتی ہی صبا بوئے رواں افزائے دوست

شاد کیا ہوں رشک سے ہی اپنے مرجانیکی بات
مرگ دشمن پر وہ فرمائیں زبان ہائے دوست

دیدۂ باطن سے گھر بیٹھے تماشا کیجئے
پردۂ دل میں نہاں ہی جیرۂ زیبائے دوست

داد کا طالب نہو نا اے اثر روز جزا
کچھ تو لازم ہی خیال عزت فرمائے دوست

چھٹتا نہیں چھوڑائے ستم ظالم کسی طرح
اٹکا ہے تجھ سے کیا دل ناداں بری طرح

سمجھا نہ میرے درد کو ظالم کسی طرح
دل کی کہانی اس کو سنائی گئی طرح

وہ گل کہاں چھپا ہی کہ جس کی تلاش میں
آوارہ پھر رہی صبا بھی مری طرح

جب سے لیا ہی تو نے دل مضطرب مرا
تو بھی ہی بیقرار ستمگر مری طرح

شاعر کو پیش آتی ہیں کیا کیا نہ دقتیں
مو من کی ہوتی ہی جو نکالی ہوئی طرح

استاد کی غزل پہ غزل کیا کرے کوئی
دعوائے ہمسری نہیں مجکو کسی طرح

دشمن نہ ذوق کا ہوں نہ ناسخ کا دوست ہوں
عادت نہیں کہ چھیڑ نکالوں کوئی طرح

www.urduchannel.in

غالب کو مانتا ہوں کہ اُستاد دہر تھا
کافر ہوں اسمیں ہو جو مجھے شک کسی طرح

لیکن اثر جو دیدۂ حق بیں سے دیکھئے
کوئی غزل سرا نہوا میر کی طرح

موسیٰ نہ لائے تاب رخِ یار دیکھکر
نازاں ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر

میری نہیں نصیب ہمیں تیری دید سے
پھر تجھکو دیکھ لیتے ہیں ہر بار دیکھکر

پھر دل کو ذوقِ لذتِ ایذا ہوا اثر
اُس دلشکن کو دردپے آزار دیکھکر

شبِ فرقت بسر کریں کیونکر
نہ کٹے تو سحر کریں کیونکر

اُن کی تیغِ نگہ کا مارا ہوں
میری جانب نظر کریں کیونکر

کچھ ہم اپنی خبر نہیں رکھتے
اُن کو اپنی خبر کریں کیونکر

گو ستمگر سہی پہ یار تو ہے
اس کا شکوہ اثر کریں کیونکر

شوریدگی قیس کے عالم پہ نظر کر
لیلیٰ کوئی دن وادیٔ مجنوں میں گذر کر

پھر مرے دل کو ہوئی وحشتِ بیاباں خواہش
تلوے کھجلانے لگے خارِ مغیلاں دیکھکر

بل بے اپنے دیدۂ خونبار افشاں کی بہار
پانی پانی ہو گیا ابرِ بہاراں دیکھکر

مایۂ ہمدردی جاں ہے درونِ اہلِ درد
ہے بجائے ہو جو نالاں دلکو نالاں دیکھکر

ہو نہ بدظن ہم سے اے صیاد جاتی ہے بہار
پھر قفس میں آئیں گے سیرِ گلستاں دیکھکر

تاب کیا لاتا کلامِ برق دم کی اے اثر
ہو گیا فی النار حاسد اپنا دیواں دیکھکر

جب نسیمِ صبح کہتی ہے کہ اے مرغِ قفس
جوش پر فیض بہاری ہے چمن میں اس برس

کیا تمنا سیرِ گلشن کی ترے جی میں نہیں
کیا ترے دل میں نہیں ہوتی رہائی کی ہوس

اس سے تب رو کر یہ کہتا ہوں کہ اے بادِ صبا
ہوں گرفتارِ قفس چلتا نہیں کچھ اپنا بس

جب قلق بڑھتا ہے اپنے دل کو یہ کہتا ہوں میں
سیرِ گلشن کے لیے اتنا نہ اے نادں تڑس

ہے اسیری میں اثر ورد زباں یہ قولِ بند
دل گرفتہ ہوں مجھے یکساں ہے گلزار و قفس

کیونکر نہ ہوتی دل کو اس دلربا کی خواہش
ناصح ہے سب پہ بالا رب العلا کی خواہش

رہتی ہے تجھکو اسکی زلفِ دوتا کی خواہش
خواہش بھی ایسی خواہش اے دل بلا کی خواہش

ظالم وہ کون دل ہے جسمیں نہیں بھری ہے
تیرے ستم کی حسرت تیری جفا کی خواہش

www.urduchannel.in

اے خالق دو عالم یہ کیا معاملہ ہے
اُن کو جفا کی خواہش مجھکو وفا کی خواہش

پامال جو رہم ہیں باغ جہاں میں ورنہ
تیرے قدم سے نکلی کیا کیا حنا کی خواہش

ہے موت ہی مسیحا ہے درد ہی مداوا
تیرے مریض غم کو کیا ہو شفا کی خواہش

تجھ دیکھکر کسی کا خاموش رہ گیا میں
پہنچی کہاں زباں تک مجھ مینوا کی خواہش

ہمنے اثر سُنا ہی اہل رضا کو کہتے
اپنی وہی ہی خواہش جو ہی خدا کی خواہش

اے بوالعجب کہ جاں کی نہیں تن کو اطلاع
راکب کی ورنہ ہوتی ہی توسن کو اطلاع

دو چار دن میں فصل بہاری کا کوچ ہی
اسکی نہیں ہی بلبل گلشن کو اطلاع

مستی میں ہے بال سنوارے ہیں یار نے
سنبل کو ہی خبر نہ ہی سوسن کو اطلاع

سینہ کو چاک کر کے اثر کیا دکھا ئی
ہی داغ دل سے اُس مہ روشن کو اطلاع

بدلا ہوا ہی جب سے چمن کی ہوا کا رنگ
اچھا نہیں ہی بلبل رنگیں نوا کا رنگ

رنگیں مزاج رکھتے ہیں ہر بات کی تمیز
ہم جانتے ہیں آپ کے ناز و ادا کا رنگ

سنتے ہی میری عرض ہوا لال اُنکا مونھ
بگڑا شب وصال مرے مدعا کا رنگ

لالہ شہید ہی تری دستار سُرخ کا
گل غرق خوں ہی دیکھکے تیری قبا کا رنگ

بیشک کوئی ولی تھا اثر میر تکیہ سبز
سب شاعروں سے خاص ہی اس باخدا کا رنگ

اتنا ہی کوئی خستہ درد جگر کہ ہم
بلبل بھی نالہ کش ہی مگر اسقدر کہ ہم

بے جوہروں کا دعوی توقیر ہی عبث
دنیا میں قدر پاتے ہیں اہل ہنر کہ ہم

بالائے بام آپ کے سونے سے ہمکو کیا
اس سے فروغ یاب ہی چشم قمر کہ ہم

جادو نے چشم سے ہمیں دیوانہ کر دیا
اس میں قصور وار ہی تو فتنہ گر کہ ہم

تیری گلی میں اے مہ تاباں شب فراق
سرگرم نالہ غیر رہا رات بھر کہ ہم

آے کرم سے پیش ستم کے جواب میں
کرتا ہی یوں عدو سے کوئی درگذر کہ ہم

روے سخن کا ہم سے گلا کیوں ہی غیر کو
رکھتے ہو بات چیت میں تم منھ ادھر کہ ہم

کوئی گل دمیدہ ہی گلزار میں کہ تو
آوازہ کش ہی بلبل شوریدہ سر کہ ہم

کہتے نہ تھے کہ دل کا لگانا عذاب ہے
اب بیقرار ہجر میں تو ہی اثر کہ ہم

www.urduchannel.in

عدو کا رشک ہی ہنگامۂ محشر کے ساماں ہیں
قیامت ہے نہاں اُنکے تبسم ہائے پنہاں میں

مرے حسنِ بیاں سے اک جہاں تصویرِ حیرت ہے
مرقعِ یار کا ہی جو غزل ہے اپنے دیواں میں

اسی جادو نے اربابِ نظر کو مار رکھا ہے
کہ شوخی ہے حیا کے ساتھ اں کی چشمِ فتاں میں

سبھی گل رنگ گلشن میں ہیں اضافت کر یاب
غضب ہے رند خالی ہاتھ ہوں فصلِ بہاراں میں

کیا کیوں ذکر اس کے دشنۂ خونریز مژہ کا نے
چبھو یا تونے نشتر جا کر میری رگِ جاں میں

خزاں۔ صیاد۔ گلچیں۔ باغباں سب ہی کا مٹکا ہے
عبث بلبل نے طرحِ آشیاں ڈالی گلستاں میں

اسی سے پائی ہے شیرازۂ کونین نے بندش
دو عالم کی ہے جمعیت تری زلفِ پریشاں میں

ہوئی جاتی ہے یارب پار کینکر سینۂ دل سے
درازی یونتو کچھ ایسی نہیں اس تیکی مژگاں میں

ہوا ہے راہ کعبہ میں اثر کا ہمسفر ہے ہے
وہ کافر جس سے سو رشتے ہیں دینِ مسلماں میں

دیا تو نے وہ دل خدایا ہمیں
لہو جس نے ہر دم رولایا ہمیں

یہانتک تپوں نے ستایا ہمیں
کہ آخر خدا یاد آیا ہمیں

ترا نام لیکر رکھا دلپہ ہاتھ
کسی دم اگر ہوش آیا ہمیں

یہ بیتابیاں غیر کے واسطے
تجھے دیکھکر صبر آیا ہمیں

اثر شکل اپنی ہوئی میر کی
رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں

وہ سروِ خراماں جو ادھر آئے تو جانیں
طوبائے تمنا میں ثمر آئے تو جانیں

یعقوب صفت منتظرِ یار ہیں لیکن
وہ یوسفِ گم گشتہ جو گھر آئے تو جانیں

اوصاف کمر لکھنے میں کہ ہی شعرا کو
ہاتھ ان کے جو مضمون کمر آئے تو جانیں

مرغانِ قفس گوشِ برآواز ہیں لیکن
گلشن کی صبا لیکے خبر آئے تو جانیں۔

آئے ہیں مداوا کے لیے عیسیِ مریم
اس ان کی دوا دل کو اثر آئے تو جانیں

گل تمنائے عذار ہیں دونوں
رنگ روئے بہار ہیں دونوں

نغمۂ دمی کا ذکر مت چھیڑو
ہجر میں ناگوار ہیں دونوں

انکی تیغِ نگہ کو مت پوچھو
جگر و دل فگار ہیں دونوں

دیدہ و دل ہیں جان کے دشمن
ورنہ آپس میں یار ہیں دونوں

www.urduchannel.in

دیکھے دل ہم تو وہ اُسے لیکر — اے اثر بیقرار ہیں دونوں

اثر آہِ الم جب دلِ ناکام نہیں — گوش دلہائے نہاں مورد الزام نہیں
طالبِ عفو نہیں اہلِ ستم سے شایاں — عذرِ تقصیر بحر خجلت الزام نہیں
وہ ظرافت سے اثر ہمسے کہا کرتے ہیں — لذتِ بوسہ بہ از لذتِ دشنام نہیں

کیا تجھے کام بجز نالہ و فریاد نہیں — مشغلہ اور کوئی او دلِ ناشاد نہیں
مدتِ عمر جنوں عمر سے کچھ تھوڑی ہے — دشت سے پھر کے کہاں جائیں کہ گھر یاد نہیں
حکمت آموز نہیں اہلِ جفا کی تعلیم — لطمۂ جور عدو سیلیِ استاد نہیں
طالبِ درد سے غافل نہ ہو اے دل دم بھر — واقفِ لذتِ غم وہ ستم ایجاد نہیں
شکوہ غربت کا اثر کرتے ہو غالب کیواسطے — تمکو ہمدرد یارانِ وطن یاد نہیں

سُنا حالِ دل پر کیا کچھ نہیں — مگر کان دھر کر سُنا کچھ نہیں
کیا خوب جو کچھ خدا نے کیا — تو تم سے ہمکو گلا کچھ نہیں
حسینو کہیں گل سے خوشتر ہو تم — مگر تم میں بوئے وفا کچھ نہیں
نہ گل پر ہے جوبن نہ بلبل کو جوش — چمن کی وہ اگلی ہوا کچھ نہیں
بتوں کی پرستش کہاں تک اثر — مگر تجھکو خوفِ خدا کچھ نہیں

شام کو جب چراغ جلتے ہیں — دل جلے سیر کو نکلتے ہیں
مضطرب کیا ہو رہروانِ عدم — کچھ تو ٹھہرو کہ ہم بھی چلتے ہیں
کون ان کو اثر وہاں پہونچائے — حضرتِ دل جہاں بہلتے ہیں

لوگ جب تیرا نام لیتے ہیں — ہم کلیجے کو تھام لیتے ہیں
باده بھی مست ناز ہوتا ہے — جس ادا سے وہ جام لیتے ہیں
جانکر میر کا کلام اثر — لوگ تیرا کلام لیتے ہیں

ہر بات پر وہ کرتے ہیں تکرار کیا کہیں — جھگڑا بڑھا لے رہتے ہیں بیکار کیا کہیں
ہر دم وہ دل کو دیتے ہیں آزار کیا کہیں — ہم زندگی سے رہتے ہیں بیزار کیا کہیں
وہ دل کا مول کرتے ہیں جب شے مستی ہیں ہم — کھوٹا ہے مال پیشِ خریدار کیا کہیں

www.urduchannel.in

دیتے نہیں سوال کا ایسا کوئی جواب
اچھی نہیں ہے حالت بیمار کیا کہیں

میری بھلی بھی اُن کو بری لگتی ہے اثرؔ
جیسے ہیں وہ عدو کے طرفدار کیا کہیں

رات کیا کیا نہ بڑھا دردِ جگر مت پوچھو
کس خرابی سے کٹے چار پہر مت پوچھو

ہمدمو کہہ تو چکے حالِ دلِ خوں گشتہ
اب ہمیں تاب نہیں بار دگر مت پوچھو

محفلِ غیر میں مے سے کئے چہرہ گلشن
رات جس رنگ سے وہ آئے نظر مت پوچھو

چہرۂ غیر ہے آئینہ ہمارے غم کا
ہمسے جیسی ہے عنایت کی نظر مت پوچھو

کچھ خدا جانتا ہے جیسی بسر ہوتی ہے
زندگی ہے کہ مصیبت ہے اثرؔ مت پوچھو

وضع احباب جہاں وجہ محن ہے ہمکو
شام غربت سے بتر صبح وطن ہے ہمکو

اشک ریزی سے تری بزم میں اے غیرتِ ماہ
صورتِ شمع کہاں تاب سخن ہے ہمکو

جورِ احباب و تمنائے سیاحت نے اثرؔ
قصدِ ترکِ وطن و سیر دکن ہے ہمکو

وہ جب ملے وفا ہم سے یار کو
کہ ہو ناز جس پر خریدار کو

بھلا اب تو دل میں نظر آئے آپ
بہت ہم ترستے تھے دیدار کو

جو برعکس ہے آپ کا قول و فعل
ہم اقرار سمجھیں گے انکار کو

دوا کیا پلاتے ہو اے ہمدمو
اذیت نہ دو دل کے بیمار کو

بہت ابر روتا پھرا ملک ملک
نہ پہونچا مری چشم خونبار کو

چمن میں جو نالے ہمارے سُنے
غشی لگ گئی بلبل زار کو

اثرؔ بے زری میں کرو رہن ہے
تم اپنی فضیلت کی دستار کو

الجھی سلجھی رہنے دو کیوں آفت سر پر لاتے ہو
دل کی انجمن بنتی ہے جب زلفوں کو سلجھاتے ہو

آنکھیں جھپکی جاتی ہیں متوالے کیسی صورت ہے
جاگے کس کی شامت میں جو نیند کے اتنے ماتے ہو

دل سے اثرؔ کیا کہتے ہو ہے جانکاہ سودا عشق
تم بھی تو دیوانے ہو دیوانے کو سمجھاتے ہو

نہ شمشیر جفا شوق سے سر کرتے تو
لیکن اظہار ہمارا سا جگر رکھتے تو

کیا اسیرانِ قفس سیر کے خواہاں ہوتے
آمد فصل بہاری کی خبر رکھتے تو

مجرم عشق سہی دل تھا مگر مایۂ ناز
آبرو اس کی تم اے دیدۂ تر رکھتے تو

www.urduchannel.in

دیکھے دل ہو گئے بیدل یہ کیا کیا تمنے
حال کہوتا ہی ہی تو بھی اثر کہنے تو

کیوں رہی حیراں نہ دستِ سیمبر میں آئینہ
قدرتِ حق دیکھتا ہے اپنے گھر میں آئینہ

محو حیرت کس قدر اپنا دلِ مخزوں ہوا
بنگیا آنسو کا قطرہ چشمِ تر میں آئینہ

دیکھ اے قاتل صفائے حسن کی تاثیر سے
صاف خنجر بنگیا تیری کمر میں آئینہ

جب سے دیکھا ہی ترے روئے مصفا کو صنم
سنگ خاک آلود ہی اپنی نظر میں آئینہ

یوں ہی گر اُسکی سیہ بختی ترقی پر رہی
کیوں نہ بن جاوے تہ دستِ اثر میں آئینہ

دل سے کیا پوچھتا ہی زلفِ گرہگیر سے پوچھ
اپنے سرشار کے احوال تو زنجیر سے پوچھ

میری جانبازی کے جوہر سے نہیں تو واقف
کچھ گلے ہیں تری شمشیر شمشیر سے پوچھ

پرسشِ حال کو جاتی ہی کہاں اے لیلے
قیس کا حال ہی کیا قیس کی تصویر سے پوچھ

یوں تو استادِ فنِ شعر بہت ہے گزرے
کسکو کہتے ہیں غزل گوئی اثر میر سے پوچھ

ہے جوشِ بہار اسکے برس اور زیادہ
بیتاب ہیں مرغانِ قفس اور زیادہ

ہوشیار ہو مجنوں کہ قریب آگئی لیلے
آنے لگی آواز جرس اور زیادہ

کیا ذکر عدو سے تھی غرض بوجھ گئے ہم
ارشاد کی حاجت نہیں بس اور زیادہ

جب اپنے ترسنے کو بیاں کرتے ہیں اُسسے
کہتے ہیں وہ ہنسکر کہ ترس اور زیادہ

بڑھتی ہے سواغم سے طبیعت کی روانی
مہمیز سے ہوتیز فرس اور زیادہ

پیری میں اثر شامتِ اعمال سے اکثر
ہوتی ہے جوانی کی ہوس اور زیادہ

دولت نہیں ملتی ہی کہ عزت نہیں ملتی
جس چیز کی طالب ہی طبیعت نہیں ملتی

مدت سے جو دل ہی تری بیداد کا خوگر
بے رنج سہے جان کو راحت نہیں ملتی

ہے وار پیا پے جو تیری تیغ جفا کا
ظالم مجھے دم لینے کی فرصت نہیں ملتی

ثابت ہوا فرہاد تیری کوہکنی سے
کچھ کیجئے مزدوری الفت نہیں ملتی

سینہ تو مرا رازِ محبت سے بھرا ہے
اعضا سے خالی تری صحبت نہیں ملتی

اس عہد میں کیا حال بُرا ہی شرفا کا
سرکار میں دو پیسہ کی خدمت نہیں ملتی

کیا حال دلِ زار اثر تجھکو سنائے
بیمار سے گفتار کی طاقت نہیں ملتی

www.urduchannel.in

سمجھکے دل نے مرے یار کی جفا کیلئے
دہانِ زخم کھلے شورِ مرحبا کے لیئے

تری سرشت ہی اے یار بیوفائی کی
وفا نہ تیرے لیے ہی نہ تو وفا کے لیے

خبر جو لیگئی گلشن میں تیری آمد کی
بہارِ شوق میں گل نے قدم صبا کے لیے

اُنہیں خبر نہیں اکسیر خاکساری کی
جو خاک چھانتے پھرتے ہیں کیمیا کے لیے

یارب ترے کرم کی موافق ہو اسلے
کشتی مری نجات کے ساحل سے جا ملے

پوچھا گیا جو روزِ ازل کس کو کیا ملے
چلائے ہم کہ ہمکو دلِ مبتلا ملے

یارب یہی سزا ہمیں روزِ جزا ملے
جنت میں دل دکھانیکو وہ بیوفا ملے

ملنا اسی کو کہتے ہیں اے بخت نارسا
دوغیر کی گلی میں ملے بھی تو کیا ملے

بدمست جائیں داورِ محشر کے سامنے
ایسی کوئی شراب ہمیں ساقیا ملے

ظالم تری جفا میں نہیں عذر کچھ ہمیں
تجھکو یہ عار کیا ہی کہ عذرِ جفا ملے

عجلت سے رفتگاں عدم کی ہم اے اثر
پیچھے تو رہ گئے تھے مگر اُنسے جا ملے

واحسرتا وہ بزم وہ صحبت نہیں رہی
وہ دل نہیں رہا وہ طبیعت نہیں رہی

جب دوستوں کو ہم سے محبت نہیں رہی
ہم کو بھی اُن سے جائے شکایت نہیں رہی

کارِ مسیح شدت آزار نے کیا
اچھا ہوا علاج کی حاجت نہیں رہی

دل وضع احتیاط سے اے آہ تنگ تھا
اب شادہ کہ ضبط کی طاقت نہیں رہی

دل کو غنی طلب سے کیا یاس نے اثر
واحسرتا کہ وصل کی حسرت نہیں رہی

آواز صور کون سنیگا خمار سے
میکش تو اُٹھنے والے نہیں ہیں مزار سے

امسال ڈر ہی جوشش فصل بہار سے
شاخیں نہ پھٹ پڑیں کہیں پھولونکے بار سے

گلشن میں آمد آمد فصل بہار سے
دل بلبلوں کے جانے لگے اختیار سے

پیری میں دل کو ربط ہی اک گلعذار سے
اپنی خزاں بھی کم نہیں فصل بہار سے

جفائیں ہوتی ہیں گھٹتا ہی دم ایسا بھی ہوتا ہے
مگر ہم پر جو ہی ستم ایسا بھی ہوتا ہے

عدو کے آتے ہی رونق سدھاری تیری محفل کی
معاذ اللہ انساں کا قدم ایسا بھی ہوتا ہے

رکاوٹ ہی خلش ہی چھیڑ ہی ایذا پہ ایذا ہے
ستم کے بعد کرتے ہیں کرم ایسا بھی ہوتا ہے

www.urduchannel.in

دل مجبور آخر انتہا ہے ہر نخوست کی
کبھی سعدین ہوتے ہیں بھی ایسا بھی ہوتا ہے

نکر شکوہ ہماری بے سبب کی بدگمانی کا
محبت میں ترے سر کی قسم ایسا بھی ہوتا ہے

ہمیں بزم عدو میں وہ بلاتے ہیں تمنا سے
کرم ایسا بھی ہوتا ہے ستم ایسا بھی ہوتا ہے

نہو دردِ جدائی سے جو واقف اسکو کیا کہئے
ہمیں وہ دیکھکر کہتے ہیں غم ایسا بھی ہوتا ہے

سبھی کچھ ہوتا رہتا ہے اثر آسکی خدائی میں
کریں دعویٰ خدائی کا صنم ایسا بھی ہوتا ہے

جب ہوں زبانِ خلق پہ چرچے ہمارے کے
صیاد ہم قفس میں رہیں دل کو مار کے

ناصح غمِ فراق میں ہم روتے یوں لہو
ہوتے جو اپنے دیدہ و دل اختیار کے

کرتا ہوں عاشقی میں صنم کو بتوں کے کام
کچھ کم نہیں پہاڑ سے دن انتظار کے

سینہ سے آملو کہ نہیں طاقتِ فراق
اس وقت کام آو دلِ بیقرار کے

کیونکر ہمیں قرار کا پہلو ملے اثر
ہم ہاتھ میں پڑے ہیں دل بیقرار کے

رسوا جہاں میں خلق میں بدنام کر چکے
تم اپنا کام دیدۂ ناکام کر چکے

مرنے پہ بھی رہا جو یہی اضطرابِ دل
ہم بیقرار قبر میں آرام کر چکے

بدنامیوں کا خوف اگر یوں لگا رہا
تب آپ عاشقی میں اثر نام کر چکے

دل کسیکو اگر دئے ہوتے
یوں نہ بیکار ہم جیے ہوتے

کاش اے رحم دادِ محشر
ہم گناہ اور بھی کیے ہوتے

کہتے کیونکر اثر بہار کے دن
مے سے توبہ اگر کیے ہوتے

آنکھ والا ترے جوبن کا تماشا دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

کہار کہیں خضر سے ہم چشمِ ہدا ہے دل
کہ نہیں دشت محبت کا وہ رستا دیکھے

میں ہوں اے قیس وہ مجنوں کہ بچشمِ حیرت
پھاڑ کر پردۂ محمل تجھے لیلے دیکھے

تجھسے اے ناصح ناداں یہ سمجھنے کا نہیں
اور کوئی دلِ بیتاب کو سمجھا دیکھے

شہسواری سخن کا جسے دعویٰ ہو اثر
تو سنِ طبع مرے سامنے چمکا دیکھے

نہ صرف گل کی بدولت چمن میں آگ لگی
پلاس پھولتے ہی نیکے بن میں آگ لگی

رواں شیخ و دل برہمن میں آگ لگی
بتوں کی شعلۂ رخسار کی حرارت سے

www.urduchannel.in

نہیں یہ رنگِ فروزاں ہی آتشِ غیرت
ترے لبو نسے عقیق یمن میں آگ لگی

ہرا بھرا نہو کیوں نخلِ عشرتِ خسرو
نہالِ آرزوے کو ہکن میں آگ لگی

مرے کلام شرربار کے اثر سے اثر
عدو کے دعوی شعر و سخن میں آگ لگی

کب بعد مرگ حاجتِ شمع مزار ہے
دل پر ہمارے داغ شبِ انتظار ہے

برقِ فروغ حسن ہی نامِ نگاہ
نظارہ سوزِ عارضِ تابانِ یار ہے

کھینچا ستم سے ہاتھ جو اس نے تو غم نہیں
اے دل یہ کیا ہی کم کہ وہ غفلت شعار ہے

کس بے کسی میں لے مرے مالک پڑی ہے جان
دل پر ہی اختیار نہ قابو میں یار ہے

گرمی مرے کلام میں کیونکر نہو اثر
سوزِ غم دروں سے نفس شعلہ بار ہے

فلک بچھ سے بچکر کدھر جائے کوئی
تو سر پر ہی ظالم جدھر جائے کوئی

قیامت کا قد ہی بلا کی ہیں آنکھیں
بچا ہی اگر بچھ پہ مر جائے کوئی

ہے خاک ہو کر اسی سرزمیں کی
تمہاری گلی میں اگر جائے کوئی

یہ کہدو کہ ہم کو بھی ہمراہ لے لے
عدم کی جو لانے خبر جائے کوئی

خدا دیکھتا ہے خدا دیکھتا ہے
ستم زیر دستوں پہ کر جائے کوئی

جام مے منہ سے لگا دے ساقی
اپنے ہاتھوں سے پلا دے ساقی

رنج کو دل سے بھلا دے ساقی
مجھے بیہوش بنا دے ساقی

کر چکے خانہ خمار تہی
میکشو اب نہیں کیا دے ساقی

نشہ میں ذکر سنوں حور و نکا
کوئی دو غزلہ کو بلا دے ساقی

مے پرستی ہی گلشن کی ہوس
زلف چہرے سے ہٹا دے ساقی

ہوش آنے لگے جسدم مجھکو
تھوڑی مے مونہہ میں چوا دے ساقی

کیا مستانہ اثر کی ہی غزل
بے پرستو نکو سنا دے ساقی

پہلے تو نہ تھی شدت دردِ جگر ایسی
رہتی تھی غشی مجھکو نہ دو دو پہر ایسی

مرغانِ قفس مرگئے دم بھر میں بھڑک کر
کیا لائی صبا جا کے چمن سے خبر ایسی

اس گل سے لگا آئے گی یوں میرے نظر سے
امید نہ تھی تجھسے نسیم سحر ایسی

www.urduchannel.in

ہے میر کے انداز کو خستہ جگری شرط
لائے تو کوئی پہلے طبیعت اثر ایسی

اس رحمی پہ وہ عذاب کرے
تجھکو واعظ خدا خراب کرے

سب ہے موقوف اس کی مرضی پر
لطف فرمائے یا عتاب کرے

زور کردے وہ ناتوانوں کو
بحر سے ہمسری حباب کرے

بیخودی کا بھی ایک عالم ہے
ترک کیونکر کوئی شراب کرے

اے اثر تیرے شور ماتم سے
کس طرح کوئی شب کو خواب کرے

دل اس باغ سے جو اٹھا کر چلے
ہوا یاں کی ناساز پاکر چلے

کسی ڈھب سے دل کو دکھا کر چلے
وہ جب آئے ہمکو رولا کر چلے

موئے پر بھی ہم سے ہے ان کو غبار
وہ مدفن سے دامن بچا کر چلے

گئے سیر گور غریباں کو جب
قیامت کا عالم بپا کر چلے

کیا جان و ایمان بچھر نثار
حق عاشقی ہم ادا کر چلے

نہ آیا انہیں کچھ بھی خوف خدا
ہمیں اپنا بندہ بنا کر چلے

ملا لے مقدر سے اعمال کو
جو کرنا تھا ہم لے خدا کر چلے

اثر باغ دنیا سے گل کی طرح
جو ہونر بکف زر لٹا کر چلے

حسن کی جنس خریدار لیے پھرتی ہے
ساتھ بازار کا بازار لیے پھرتی ہے

دربدر حسرت دلدار لیے پھرتی ہے
سر ہر کوچہ و بازار لیئے پھرتی ہے

عدم آباد میں آنے کا سبب ہے ظاہر
جستجوئے کمیار لیے پھرتی ہے

دیکھ اے جان جہاں شمس و قمر کو دنرات
آج تک حسرت دیدار لیے پھرتی ہے

دشت میں قیس کو کیا آئے نظر جب لیلا
ساتھ میں گرد کی دیوار لیے پھرتی ہے

گل سے کیوں کہہ نہیں دیتی ہے پیام بلبل
اپنے سر باد صبا بار لیے پھرتی ہے

حسرت دید اثر حضرت آتش کیطرح
پیش روزن پس دیوار لیے پھرتی ہے

عزت کی ہوس زر کی تمنا نہیں رکھتے
ہم دل میں کوئی حرص دنیا نہیں رکھتے

سر پھوڑنے دو چارہ گرو ہاتھ نہ روکو
بیکار کسی شخص کو بھلا نہیں رکھتے

www.urduchannel.in

بیخوف نہ کیوں عرصۂ محشر میں وہ آئیں
واقف ہیں کہ ہم خون کا دعوی نہیں رکھتے

دل دیجئے سر پھوڑئیے مر جائیے لیکن
یہ کام ہیں ایسے کہ نتیجا نہیں رکھتے

منکر ہیں ترے حسن دل افروز سے محروم
کیا دیکھیں تجھے دیدۂ بینا نہیں رکھتے

پہنچی ہے کہاں ان کی عداوت کی ترقی
وہ میری محبت بھی گوارا نہیں رکھتے

آنسو ہیں کہ جاری ہیں اثر دیدۂ تر سے
رونے کے سوا ہم کوئی دھندا نہیں رکھتے

تیری نگاہ اور کہ ہر بد نظر گئی
دل کی طرف گئی کبھی سوئے جگر گئی

کیا آئے اے صبا مجھے پرواز کا خیال
مدت ہوئی کہ آرزوئے بال و پر گئی

مشق جفا کے خوف سے رونے لگا عدو
جب اس ستم شعار کو میری خبر گئی

تا عمر گرشاط نصیب عدو رہا
اپنی بھی زندگی کوئی صورت گزر گئی

لیکر عدو کو ساتھ وہ پرسش کو آئے ہیں
واحسرتا کہ لذت درد جگر گئی

تنہائی طریق گوارا نہ کر سکی
حسرت ہماری ساتھ پس از ہا پر گئی

میں ہی نہ اسکی بزم سے روتا اٹھا اثر
آنسو بہاتی شمع بھی وقت سحر گئی

دو چار دن کی سیر چمن کو دکھا گئے
گل اے صبا بہار میں کیا آ کیا گئے

گل اور عندلیب میں جھگڑا لگا گئے
سیر چمن میں تم یہ نیا گل کھلا گئے

تھی دیدنی بہار ہمارے غبار کی
ان کی گلی میں ہم سر دوش صبا گئے

بانگ جرس نہ غلغلۂ کوس صبحدم
جو قافلے عدم کو گئے بے صدا گئے

دم بھر بھی بے جرس نہ رہا کاروان عمر
نالے ہمارے ساتھ بجائے درا گئے

جب کھو چکے تو سادگی طبع سے اثر
اُن کی گلی میں ڈھونڈھنے دل بارہا گئے

بے ترے اے گل چمن میں کیا بہار نغمہ ہے
گوش دل زحمت کشی سی خار خار نغمہ ہے

مطربان خوش نوا ہیں سازگار اہل شوق
منزل مقصود بد حالاں دیار نغمہ ہے

شرع ہے قانون عقلی واعظ بر ہم نہ
صرف چند اصوات موزن پر مدار نغمہ ہے

اُسکے آگے کیوں نہ عاشق گوش بر آواز ہو
ہر سخن کو جس کے حاصل اعتبار نغمہ ہے

آشنائے ساز لذت ہے دل ارباب شوق
طبع ناموزوں زاہد سنگسار نغمہ ہے

www.urduchannel.in

کچھ لب شکر فشاں سے ہو چمن میں نغمہ ریز
بلبل شیریں زباں امیدوار نغمہ ہے

بنکے جو گن کون دکھلا نیکو ہی اپنا کمال
آج محفل میں سبھی کو انتظار نغمہ ہے

کوئی فصل گل میں واعظ کسطرح توبہ کرے
یہ تو وقت میکشی ہی روزگار نغمہ ہے

موعظت پابندی فطرت کو کیا ہال کرے
دل رہین جذبۂ بے اختیار نغمہ ہے

ہی صدائے خوش دل شرزنکو بیتابی کی نقل
لاکھ پردے میں بھی ظاہر بیقرار نغمہ ہے

حکم اُسپر بھی کیا قاضی نے جاری کردیا
شہر میں ہر سمت برپا گیر و دار نغمہ ہے

مبتلائے آفت صیاد کیا بلبل ہوئی
درہم و برہم چمن میں کاروبار نغمہ ہے

ہی گراں بزم طرب اس بُت کی قہقہہ اثر
کوہ سے سنگیں زیادہ مجھکو بار نغمہ ہے

دل یہ کہتا ہی صنم تجھپہ فدا ہو جائے
جان یہ کہتی ہی مرے اللہ کیا ہو جائے

دست قاتل پہ میرے حرف دعا ہو جائے
ساتھ غیروں کے شریک مرحبا ہو جائے

قید ہستی سے فنا ہو کر رہا ہو جائے
نکہت گل بنکے گلشن سے ہوا ہو جائے

ہی دل بے آرزو ہونا کمال بندگی
بندۂ بے مدعا ہو کر خدا ہو جائے

کیجے معدومی تن سے علاج رنج دل
نیستی سے درد ہستی کی دوا ہو جائے

ہاں میں ہاں کرنا نہیں شیوہ اہل وقار
گنبد گردوں کی صورت بے صدا ہو جائے

غیر اُٹھائے بھی اگر اے دل تو اُٹھنا ہو محال
اُن کی خاک آستاں پر نقش پا ہو جائے

انتہائے آرزو اپنی یہی ہی اے اثر
کربلا میں مر کے خاک کربلا ہو جائے

نالہ کس مونھ سے تو دعوای اثر کرتا ہے
وہ تو ہنس ہنس کے سوی غیر نظر کرتا ہے

کوئی دنیا سے عدم کو جو سفر کرتا ہے
غافلو تم کو بھی چلنے کی خبر کرتا ہے

مورد لطف سبھی غیر مگر اس پر بھی
ڈرتے ڈرتے ترے چہرے پہ نظر کرتا ہے

اپنی وحشت سے بڑھی رونق صحرائے جنوں
بید مجنوں مرے سائے سے حذر کرتا ہے

غیر سے پوچھتے ہو کون ستم دیدہ ہے
میرے کوچہ میں جو رو رو کے سحر کرتا ہے

کسکا آزار کشیدہ ہی کہ راتوں کو اثر
نالے کرتا ہی تو سو ٹکرے جگر کرتا ہے

یہ کہتے حشر میں زاہد گناہ گار آئے
ترے کرم کے الٰہی امیدوار آئے

www.urduchannel.in

غمِ فراق میں کیونکر مجھے قرار آوے
تراخیال جو یوں دل میں بار بار آوے

بہارِ عمر خزاں ہوگئی تو پھر اے دل
چمن میں موسمِ گل جوش پر ہزار آوے

برنگ شمع ہمیں پیش غیر جلنا تھا
اسی لیے تری محفل میں شعلہ وار آوے

ابھی سنا ہیں ہم افسانہ بیقراری کا
مگر تجھے تو دلِ مضطرب قرار آوے

کھنچی بھی ساتھ میں کیا مرگ کو ہن کی روح
یا بر آئے ہیں ساقی کہ کوہسار آوے

اثر پہاڑ کی جانب گئے تھے بہرِ شکار
بہادری سے گئی شیر جا کے مار آوے

یادگراں کو جو تیرے عشق کے مارو میں تھے
ذکر کیا فرہاد و مجنوں کا کہ آوارو میں تھے

محفلِ اغیار میں شب تھے جو وہ رونق فروز
ناسحر ہم آتشِ غیرت سے انگارو میں تھے

تھے چمن میں بھی ترے دامِ محبت کے اسیر
دل بھی اے صیاد ہم ترے گرفتارو میں تھے

غیر کے کہنے سے ہوں اے بانیِ بیداد بند
ہائے وہ روزن جو تیری گھر کی دیوارو میں تھے

صوفی صافی بنے ہیں کچھ تو کہئے خیر ہے
اے اثر کے دن ہوئے ہیں آپ پنجوارو میں تھے

کیا کہیں ہمدم کہ کیا نقشہ دلِ بسمل کا ہے
آج ہی جاں پر عالم بڑی مشکل کا ہے

خوابگاہ دہر میں کیسی ہیں یہ سرمستیاں
کچھ خیال اے اہلِ غفلت گور کی منزل کا ہے

ہمقریں یاس ارباب وفا کیونکر نہوں
اب قرینہ اور ہی اس شوخ کی محفل کا ہے

آج وہ خورشید رو کیا جلوہ گر ہے بام پر
شام سے اترا ہوا چہرہ مہ کامل کا ہے

پائمال یاس ہی ہوتی رہی کشتِ وفا
اے اثر حاصل یہ تیری سعیِ لاحاصل کا ہے

کیا کیا نہ رنجِ پیری میں سہتا ہے آدمی
اس سن میں آدمی نہیں رہتا ہے آدمی

برقِ حسنِ تو تنہا جگر و جانم سوخت
آتشی زد بدل و خرمنِ ایمانم سوخت

شوقِ نظارۂ حسنت سرِ طورم نکشید
آتشِ جلوۂ رخسار تو آسانم سوخت

داغِ پنہاں بدل و نالۂ سوزاں بزبان
سوخت عشقِ تو مگر یا سر و سامانم سوخت

ناصح تو جلوۂ رخِ جاناں ندیدۂ
زلفِ سیاہ و کاکلِ پیچاں ندیدۂ

پیشم مگو ز سختیِ روزِ جزا سخن
رنج و مصیبتِ شبِ ہجراں ندیدۂ

غرہ مشو بمہر و عطایش کہ اے اثر
جور و جفائے آں بتِ خوباں ندیدۂ

نقطہ

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان نواب ضیاء جہاں

مشاق لکھنوی

پردہ پوش ابدی ہی مجھے گدائے نور کا
لطف جس کا تاج سر تھا قیصر و فغفور کا

شور شش و صدت جو صد لامکاں سی ہے بلند
گوش مشرک کیا سنے وہ غلغلہ ہے دور کا

اہتمام پردہ پوشی ہے گدا کو کیا ضرور
پرنیاں لطف حق سا تر ہے جسم عور کا

سوز عرفاں میرے دل کا کیا بجھائی آہ گرم
شعلہ کے سر پوش نے ڈھانکا نہ تنور کا

صبر بھی دے گر اور تھا نیکو دیا ہے بار غم
مزد ملجا نیسے بڑھ جاتا ہے دل مزدور کا

کب میں خواہاں ہوں تاج سلطاں کا
سر میں سودا نہیں ہے ساماں کا

اشک بے تاب ہے مرا بر باد
نہ گریباں کا ہے نہ دامان کا

خود فراموش ہوں ضعیفی میں
خم ہوں محراب طاق نسیاں کا

ہے جو مشہور ارض پاک نجف
اب تو مشتاق قصد ہے واں کا

ٹکڑے ہو کر مرے منہ سے دل نالاں نکلا
ایک غنچہ تھا مگر بنکے گلستاں نکلا

جان دی میں نے تجسس میں تیری اے یوسف
ڈھونڈھنے تجکو مرا قافلہ جاں نکلا

ہوئی طاقت نظارہ کسی عاشق کو
شعلہ حسن حجاب رخ جاناں نکلا

قید ہونے سے مری بڑھ گئی وحشت میری
پاؤں صحرا میں نہ نکلے تو گریباں نکلا

عمر کس نحوست کی عالم میں صرف آمشتاق
فکر کرنے پہ نہ اک صیغہ میزاں نکلا

جو رگردوں سے ہراساں نہیں کچھ دل میرا
یہ جو ظالم ہے تو اللہ ہے عادل میرا

باغ عالم میں عجب خرمن برباد ہوں میں
برق و باراں کے سوا کچھ نہیں حاصل میرا

قافلہ والو نہ کیا سب نے بھی چھوڑ دیا
ساتھ دی نہیں گرد رہ منزل میرا

www.urduchannel.in

ملا ڈالا ہے مجھے غیر کے مرجانے نے
میں وہ کشتہ ہوں کہ مقتول ہی قاتل میرا

تیغ کہلاتا ہوں میں کس پر جگر ی سے تیری
دیکھ او قاتل بے درد ذرا دل میرا

رہ منصور میں جائے بھی جو قسمت میری
پاؤں سو جائے پہونچکر سر منزل میرا

میرے چپ رہنے کے چرچے ہیں ہر اک جا مشتاق
ہوں وہ خاموش کہ ہر شخص ہی قائل میرا

جی میں کہ پیوند ہوں جو تربتوں میں خاک کا
باندہ لوں دامن سے دامن دشت وحشت ناک کا

کنگرا یوان قدرت تک ترے پہونچیگا کیسے
شل ہی بازو اسجگہ پر طائر ادراک کا

خاکساروں کیلئے ہے حسن وضع انکسار
غازہ روئے گدا ہے اوڑ کے جنا خاک کا

پھوٹ نکلا ہے جو اوس گلپیرہن کے تن کا حسن
جو بدن کا رنگ ہے وہ رنگ ہے پوشاک کا

کربلا جا کر برائے آرزو مشتاق کی
خاک میں ملکر بنے ہے صرہ جواد کی فاک کا

گر شمہ دیکھ لیا اوسکی چشم پرفن کا
پتا ملا نہیں اے ناز تیرے مسکن کا

تڑپ تڑپ کے گلستاں میں رہ گئی ہر سو
پتہ نہ برق نے پایا مرے نشیمن کا

کبھی ہونا نہیں ہے ختم دنیا میں سفر میرا
اگر میں بیٹھتا ہوں تھک کے تو پہنا ہی سر میرا

کہا سب درد و قربت اوس سے ضعف نا توانی نے
مرا رنگ پریدہ ہنگیا ہے مہر میرا

ہجوم یاس ہے کیا مجھ سے روشن ہے کوئی محفل
بجھا جاتا ہے خود دل صورت شمع سحر میرا

کسیکے عشق روئے آتشیں نے دل پکایا ہے
ہوا ہے گرمئ خورشید سے پختہ ثمر میرا

پھر اول بیٹھ جائیگا شب فرقت کے ہاتونسے
ہوائے آہ سے گر جائے گا اکدن گھر میرا

مجھے بھی ہو گیا دوران سر عالم کے چکر سے
ٹھہرا ہے گنبد گردوں پہ جاتا ہے سر میرا

دم اعداد ہے اب اے خراش ناخن ماتم
کہ بہر کچھ مندمل ہوتا چلا زخم جگر میرا

نگہ سر کی نہ اک پل انتظار روز وصلت میں
بنا تار گریبان سحر تار نظر میرا

خفا ہونا ہی الفت کی نگہ سے دیکھتا ہوں گر
سمجھ جاتا ہے وہ عیار عنوان نظر میرا

کمال علم اے مشتاق حاصل ہو ضعیفی میں
تر پیدا کرے فصل خزاں میں شاخ تر میرا

مریض کر کے فنا عشق نے جفا نے کیا
وہ بیدلی نے کیا یہ انتہا نے کیا

فراق میں خفقان دل کا ہو گیا دونا
نہ رہنے مجھے گوارا کی ہوا نے کیا

www.urduchannel.in

امید وصل کی بر آئی شکر کا ہی مقام
تم آئے شب کو مرے گھر یہ دن خدا نے کیا

ہزار بار کیا شوق ظلم کا اظہار
تری جفا کا گلا یوں مری وفا نے کیا

جفائیں کرتے ہیں کیوں یہ بتاں ظلم پسند
قصور کوتا اس بندۂ خدا نے کیا

شب وصال خوشی سی ہوا میں شادی مرگ
مجھے ہلاک مری دزدکی دوا نے کیا

ہماری آہ سے بیتاب ہو کے وہ بولے
یہ نالہ کس کے دل درد آشنا نے کیا

گناہ سب مرے پیش خدا بیاں کیئے
بہت ذلیل مجھے میرے دست و پا نے کیا

طلب کے قبل عطا مقتضائے بخشش ہے
سوال کر کے سخی کو خجل گدا نے کیا

آئینہ میں کرتا تھا شب کو وہ غضب پرداز تھا
زد و شن آندی میں چراغ شعلہ آواز تھا

مار کر مجھکو جواد سنے دم میں زندہ کر لیا
یہی کرامت ناز کی یا حسن کا اعجاز تھا

میرے دیوان جنوں کی انتہا ہی ابتدا
مقطع انجام اوس کا مطلع آغاز تھا

شعر کیسے بزم میں تم نے سنائے واہ وہ
یہ غزل کا آج اے مشتاق کیا انداز تھا

یہ آرزوئے مردہ کا دیوانہ ہو گیا
دل میرا شمع کشتہ کا پروانہ ہو گیا

جاتے رہے حواس تو دیکھا جمال یار
ہوش اڑ کے شمع حسن کا پروانہ ہو گیا

دل نے اوٹھایں سینہ سوزاں میں داغیں
آتشکدہ خلیل کو خس خانہ ہو گیا

وہ مست ناتواں ہوں جو رویا بغیر مے
نالہ بھی خندہ لب پیمانہ ہو گیا

مے پی کے مینے شکر کا سجدہ کیا اگر
منسوب سوئے لغزش مستانہ ہو گیا شاں پر

نکلا نہ غیر محفل جاناں سی رات بھر
کیا یہ بھی حسرت دل پروانہ ہو گیا گلستاں پر

آبیٹھا ہے صحبت مستاں میں گاہ گاہ
اتنو مزاج شیخ بھی رندانہ ہو گیا گلستاں پر

مجنوں بنایا کیوں مجھے خوشبوئے زلف نے
کیا تھا کھلا جو میں دیوانہ ہو گیا گلستاں پر

کی اپنی عمر طاعت پیر مغاں میں صرف
قد خم کے حلقہ در میخانہ ہو گیا گلستاں پر

رفتار میں جو لگیا ساقی کا ناز بھی
تاثیر بخش لغزش مستانہ ہو گیا

مشتاق پیتے جیتے ان دنیا کو دی جلا
عالم میں شور ہمت مستاں پر ہو گیا

ضحاک اپنی قسم کا ہے تجھسکو ہوش کیا
عصیاں کا مظلم فراغ نے شکل نہاں شمع

طل کے آگے تجھہ نہ چلی قیل و قال شمع
بکر دھواں نکلتا ہے گرد ملال شمع

www.urduchannel.in

جائے گا میرے دل سے محبت کا جوش کیا
ہوں مست بیخودی مجھے آئیگا ہوش کیا

تدبیر کہونگی مری وحشت کا جوش کیا
باندھے گا کاکلِ پرِ مرغِ ہوش کیا

طولِ شبِ فراق سے دیتا ہوں جس مثال
بل اونگ زلف کہاتی ہے بالائے دوش کیا

آہوں سے بجھیگا دلِ روشن تو کیا عجب
آندھی میں بھی چراغ نہوتا خموش کیا

بعد از وصال یار کی لایا جو ہے خبر
پیک خیال ہے کوئی فرخ سروش کیا

ساقی شبِ وصال کی ظاہر ہوئی سحر
اب بھی چراغ بادہ نہوگا خموش کیا

فوتِ حصولِ رنگ چمن میں ضرور ہے
کاٹو نکا ڈہیر ہو سبد گلفروش کیا

مشاق میں اوٹھائی ہوئی ہوں تو نکی جو
میرا بنائے گا فلک طسلم کوشش کیا

جنوں بڑھا تو مجھے عشقِ یار تک نہ رہا
شبِ فراقِ غمِ انتظار تک نہ رہا

جبھو کے لیگئے تلووں میں سب تری وحشی
جنوں کے دشت میں اب کوئی خار تک نہ رہا

پھری نہ میرِ لیطرف وہ نگاہ لطف کبھی
فلک کے دور کا اب اعتبار تک نہ رہا

خزاں میں باغ کا برباد کارخانہ ہوا
ہوا نہ قافلہ بادِ صبا روانہ ہوا

کٹے جو چار پہر منقلب زمانہ ہوا
جو آنا حادثہ گذرا وہ کل فسانہ ہوا

جلایا ہجر میں دل میرا ٹھنڈی سانسوں نے
ہوائے سرد سے روشن چراغ خانہ ہوا

کبھی شباب تہا مدت سے ابنو پیری ہے
ہمارے دوست کو جھوٹے ہوئی زمانہ ہوا

جہاں میں ہے مری رفتار صورت سوزن
قدم قدم پہ جو گھر جو میں روانہ ہوا

کٹا جو دن مری قربت کو وہ ہوئے بیٹھے
تو وہ میں شب کو شبِ شبہ شانہ ہوا

ہزار دل گوہر مضمون لٹا مشتاق
منھ اپنا کھولنا مشکل درخشانہ ہوا

ایک نقطہ مٹ نہیں سکتا [illegible]

کاروان خواب آنکھوں [illegible]

زخم کی [illegible]

میری [illegible]

کیوں نہ اشک سرخ [illegible]

www.urduchannel.in

لامکاں کی سرحدوں سے ہی مکاں کوئی دوست
بے نشانی ہے زمانہ میں نشاں کوئی دوست

ہمسے واماندوں کا بھی لازم ہے کچھ خیال
اک ذرا ٹھہرے چلو اے رہروانِ کوئی دوست

چلتا ہے بزم یار میں ساغر نئی طرح
ہے آج آفتاب کو چکر نئی طرح

ایام زیست کاٹ کے نکلی بدن سے روح
خالی ہوا ہے بھر کے یہ ساغر نئی طرح

نکلا دم انتظار میں آنکھوں کی راہ سے
پھولوں سے بو نکل گئی باہر نئی طرح

گیسوئے یار سے دل پر آرزو چھٹا
نکلا سواد شام سے لشکر نئی طرح

مشاق پاؤں دوش صبا پر تھے شاہ کے
حیدر اوٹھائے تھے در خیبر نئی طرح

مر گیا عاشق رخسار پر پر دہ ہو کر
روح نکلی تو شمیم گل خوشبو ہو کر

حلقہ زلف سے بڑھ جائیگا نور رخ یار
حسن چمکیگا ہلال شب گیسو ہو کر

جان دی سوز محبت سے جو پروانے نے
بہہ گئی شمع بھی اک رات میں آنسو ہو کر

باغباں ہم ترے گلشن میں رہیں گے اک شب
صبح جائیں گے بہار گل خوشبو ہو کر

کالعقارب ہیں زمانے کے اقارب مشاق
تجھ سے سب نیش زنی کرتے ہیں بچھو ہو کر

ڈھلا ہے حسن لیکن رنگ ہے رخسار جاناں پر
ابھی باقی ہے کچھ کچھ دھوپ دیوار گلستاں پر

نہ ہم گل ہیں نہ بلبل ہیں فقط رنگیں طبیعت ہیں
نہ ہم صحن چمن میں ہیں نہ دیوار گلستاں پر

غضب صیاد ظالم ہے کہ بلبل کے دکھانیکو
پر و بالکا سا بناں چھپایا ہے دیوار گلستاں پر

اسیروں نے پھڑک کر جان دیدی ہوں گلشن میں
قفس ٹوٹے ہوئے رکھے ہیں دیوار گلستاں پر

خزاں کے غم میں سر ٹکرائے ہیں اے عندلیب کتنے
ہزار داغ جنوں کے دبے ہیں دیوار گلستاں پر

ہے معلوم اے صیاد کچھ مدت اسیری کی
ہماری قید کا دن لکھ رہے ہیں دیوار گلستاں پر

گلستاں میں ذرا تم اپنی رنگ آمیزیاں دیکھو
ہزاروں رنگ ہیں مشاق دیوار گلستاں پر

میں دل جلا ہوں بزم جہاں میں مثال شمع
جلکر مجھے فراغ ہے مشکل نہال شمع

منہ دیکھتے ہی یار کا خاموش ہو گئی
اس گل کے آگے کچھ نہ چلی قیل و قال شمع

کرتی ہے ضبط دل میں جو پروانوں کا یہ غم
بنکر دھواں نکلتا ہے گرد ملال شمع

www.urduchannel.in

عاشق کو رازداری معشوق ہے ضرور
پروانوں کی زبان سے نکلا نہ حال شمع

پروانے جل کے آتش عبرت سے مر گئے
محفل میں بے حجاب جو دیکھا جمال شمع

پروانوں کے جو نالہ سوزاں بھی ہوں شریک
بڑھ جائے نور شعلۂ حسن و جمال شمع

محفل میں لو لگائے ہیں پروانے سینکڑوں
فانوس ہو نہ پردۂ حسن و جمال شمع

مشتاق سوز غم نے کیا ہے جو آب آب
آنسو بنا ہوا ہے سراسر تن ہوں مثال شمع

ہوں میں رشک دل نہیں گو میری محفل میں چراغ
ہے مرا داغ سویدا خانۂ دل میں چراغ

مر کے مجھ دلسوز نے نام اپنا روشن کر دیا
خوں کے دھبے بن گئے شمشیر قاتل میں چراغ

آہ دشت میں نفس کے روح ہے کیونکر مقیم
ہو ہوا جبجا وہاں جلتا ہے مشکل میں چراغ

نجد میں کہتا تھا مجنوں دیکھکر چشم غزال
جل رہا ہے یہ مگر لیلے کی محفل میں چراغ

بزم سے باہر کیا پہچان کر اوس نے مجھے
دل جلا میرا جلا جب اوسکی محفل میں چراغ

شعر کو بھی ہے مری روشن کلامی سے فروغ
بیت میں مضموں ہے یا لیلی کی محفل میں چراغ

پردہ کرتا ہے جو دامان حریر شعلہ سے
مجھ سے شرماتا ہے شاید بزمی محفل میں چراغ

روشنی حسن نے یہ عشق کو بخشا فروغ
باغ کا ہر گل بنا چشم غزال کا چراغ

بزم جاناں میں اندھیرے سے نہ اے مشتاق ڈر
دل تو جلتا ہی نہیں جلتا جو محفل میں چراغ

چاندنی مہتاب کی پھیلی جلے گھر گھر چراغ
وصل کی شب ہے بچھا دے نور کا بستر چراغ

سیر کو گور غریباں کی وہ شب کو جائیں گے
آج تکیے پر لگا لے شام سے بستر چراغ

کب سے ہے میری سیہ بختی لحد پر منتظر
دیر اب کیا ہے بجھا دے چل کے او مضطر چراغ

شب کو دکھلائے کرامت فیض ساقی کا اگر
جام زریں میں جلا دے بادہ احمر چراغ

بے حجابی کا رسا دی گر دکھائے وصل میں
اپنے دامن سے بجھا دے وہ پری پیکر چراغ

وعظ میں اتنا کیا ہے بادہ احمر کا ذکر
آج واعظ نے جلایا ہے سر منبر چراغ

جب کہا میں نے کہ گا جو روشنی بولا وہ شوخ
کیوں بڑھایا لیلی شب کا تو ہی زیور چراغ

بے جبت نالہ کناں بلبل دیوانہ عشق
گوش گل باغ میں سنتا نہیں افسانۂ عشق

سیر عالم نظر آتے ہی الفت میں ہمیں
جام جم بن گیا کشکول گدایانہ عشق

www.urduchannel.in

دل جلاؤں تو ہو الفت کو مری نشو و نما
آگ برسے جو زمیں پر تو اُگے دانۂ عشق

ہے اجل جرعہ کشانِ مئے الفت کے لیے
بادۂ مرگ سے لبریز ہے پیمانۂ عشق

میں نہ اسرارِ محبت سے خبردار ہوا
نہ اٹھی مجھ سے نقابِ رخِ جانانۂ عشق

عشق رخِ دشتِ نوردی میں جو پایا فروغ
نقشِ پا ہو گئے چراغِ رہِ ویرانۂ عشق

خونریز کس طرح نہ ہو رنگِ بہارِ عشق
پیکاں جہاں بھرے ہیں لہو سے لالہ زارِ عشق

ہونا ہے خاک ہجر میں انجام کار عشق
جائیں ہیں عاشقوں کی غبار دیارِ عشق

سرکش بہت ہے تو سنِ بے اختیارِ عشق
روکے ہوئے ہے بجام کو اے شہسوارِ عشق

وصلِ حبیب ہے اگر انجام کارِ عشق
بادا بکامِ اہلِ جہاں روزگارِ عشق

مجبوبِ اہلِ فہم ہو رنگِ بہارِ عشق
یارِ جنوں نہ لائے اگر شاخسارِ عشق

معشوق کی نظر میں ہو گر اعتبارِ عشق
بنجائے حسن بندۂ طاعت گذارِ عشق

وحشت مری ہے جلوہ نمائے نگارِ عشق
نقشِ قدم ہیں دشت میں آئینہ دارِ عشق

صحرا میں ہم پھرے تو ہوئے رازدارِ عشق
چھالے بنے کلاہِ سرِ اعتبارِ عشق

میں باغ میں گیا تو کھلائے جو رنگِ بہارِ عشق
بنجائے آہ سرو لبِ جوبیارِ عشق

چھوٹے گی میرے پاؤں سے کیا رہگذارِ عشق
سر میں بھری ہوئی ہے ہوائے دیارِ عشق

ایسا جہاں میں کوئی نہیں غمگسارِ عشق
صد شکر ہے کہ زندگی مستعارِ عشق

منصور کی طرح سے ہوں مست و ولا
گردار پر چڑھوں میں تو اترے خمارِ عشق

پیری نے الفتوں کے نشاں سب مٹا دئے
اب ایک داغِ دل ہے فقط یادگارِ عشق

مشتاق سوزِ غم کا نہیں یار کو یقیں
کیونکر دکھاؤں حالِ دلِ داغدارِ عشق

ہے صبر پردہ پوشِ دلِ داغدارِ عشق
پنہاں تہِ قبائے سکوں ہے شرارِ عشق

پوشیدہ خوب غم نے کیا حالِ زارِ عشق
دل کا غبار اٹھکے بنا پردہ دارِ عشق

داغِ اہلِ دل کیونکر اٹھتے ہیں لالہ زارِ عشق
شمعِ اجل ہے موجِ نسیمِ بہارِ عشق

حاصل ہوا عدو کو بہ لطفِ بہارِ عشق
کھٹکا کبھی نہ دیدۂ بد بیں میں خارِ عشق

یا حکم قتل دے مجھے یا بخش دے خطا
بیٹھا ہوا ہے دیر سے تقصیر وارِ عشق

الفت میں دل کو ہے مرے تکلیف کا مزا
سو جام بادہ ہوں تو نہ بدلوں خمارِ عشق

www.urduchannel.in

ٹھکراؤ تم اسے تو ہو حاصل وقار عشق
رکھے ہے آستانے پہ سر خاکسار عشق

میرے خمیر میں جو مسلا ہے خمار عشق
سرمست ہے ازل سے دل میگسار عشق

برباد کر دے موت کہیں جلد کار عشق
کھولے لحد کی لوح طلسم حصار عشق

خارجنوں بچھے ہیں سر رہگذار عشق
کوچہ ہے چاک جیب کا راہ دیار عشق

فرقت میں ضو فگن ہے دل داغدار عشق
روشن ہیں اس چراغ سے شبہائے تار عشق

بیدار مثل دیدۂ اختر ہوں رات بھر
ہوں میں جہاں میں عابد شب زندہ دار عشق

الفت میں غرق ہی تو اوٹھا صد مہ و الم
کشتی ہے موج غم کی لب رود بار عشق

کیا گو مگو ہے اہل طریقت کا ماجرا
مجذوب پہلے ہو تو بنے راز دار عشق

دل چوٹ اک جگر سہ لے جفا ایک نہ ایک
طے کرے مرحلہ صبر و رضا ایک نہ ایک

سارا عالم ہے تری گھات میں اے تیغ حسیں
لوٹ ہی لے گا جوانی کا مزا ایک نہ ایک

سن ہے کم طبع ہے تیغ اور بنا لطف وصال
لے ہی جائیگا ان آنکھوں سے حیا ایک نہ ایک

رازداں دل کو بنا و کہ جگر کو میرے
چاہیے محرم انداز جفا ایک نہ ایک

غنچہ ہوا اس میں کہ ہو حاسد فن اے مشاق
میری جو گھٹ پہ رہے نامیہ سا ایک نہ ایک

بد ہو کہ نیک عشق میں انجام کار دل
بے اختیار دل ہے تو کیا اختیار دل

بزم جہاں میں راز کھلا میرا مثل شمع
سر سے لگی جو آگ تو نکلا بخار دل

ہے یہ کسی کے تیر نظر کا امیدوار
نخچیر اک۔ آرزو میں بندھا ہے شکار دل

اسکو یقین عشق مرے سوز غم سے ہے
شعلہ بنا ہے تاج سر اغلب۔ دل

مشاق کس لیے غم عالم ہے تجھ سے دور
کافی ہے اوس کی قید کو تیرا حصار دل

وہ راز ہیں کہ جو ہیں اپنے اختیار میں ہم
نظر کی طرح سہے ہیں چشم اعتبار میں ہم

شب وصال کی گستاخیوں سے ہو نہ خفا
خطا معاف نہ تھے اپنے اختیار میں ہم

ہمارے نخل تمنا کا یہ اشارہ ہے
کبھی پھلے نہ گلستان روزگار میں ہم

ظہور کیجئے مولا غلام ہیں مشتاق
حضور آئیے بیٹھے ہیں انتظار میں ہم

شگفتہ دل نہ ہوئے موسم جوانی میں
وہ پھول ہیں نہ کھلے موسم بہار میں ہم

www.urduchannel.in

فروتنی ہمیں حاصل ہے سربلندی میں
کہ خاک بحر میں ہیں اور کوہ میں وقار میں ہم

خزاں کا دور کبھی اوس کی انجمن میں نہیں
نہاں شمع بھی بے برگ اس چمن میں نہیں

غم بہار میں ہیں بلبلیں جو گریہ کناں
سو اے عالم آب اور کچھ چمن میں نہیں

کثرت مے سے عجب رنگ ہیں میخانوں میں
شکل ہے دیدۂ مخمور کی پیمانوں میں

اندنوں میکدہ بے وجہ نہیں ہے برباد
کچھ نہ کچھ بھید ہے اُلٹے ہوئے پیمانوں میں

ڈھانک لیتے ہیں وہ منہ شرم سے اپنا سرِ بزم
شمع عریاں نظر آتی ہے جو پروانوں میں

بزم جاناں میں جو کیں غیر نے شمعیں روشن
جل گئیں دل کے امیدیں مری پروانوں میں

گرمیٔ بزم قدح خوب نہیں اے مستو
آتش مے سے لگے آگ نہ میخانوں میں

دل جلا میں غم سرور میں نہ کیونکر مشتاق
ہم بھی اک شمع امامت کے ہیں پروانوں میں

راحت کا سازِ نشہ کے اسباب میں نہیں
لطف خمار عیش مے ناب میں نہیں

اگلا سی وہ تڑپ دل بیتاب میں نہیں
اب زور بال طائر سیماب میں نہیں

جنبش ہو جو مکاں میں تو کیا کوئی رہ سکے
ایک ارزہ مرے دل بیتاب میں نہیں

آخر شب وصال ہے کہتا ہے بولا
اب شرم اون کی چشم شکر خواب میں نہیں

مشتاق مل کے کرتے ہیں کیوں مجھ سے دشمنی
گر مکر و خدع طینت احباب میں نہیں

باغبں جفا کی ہوں سخن باد صبا کے ساتھ
ہو بد دعا حضور کی میری دعا کے ساتھ

کھینچے کی ٹھنڈی سانس جو فصل بہار میں
رنگ چمن بکھر آئے گا باد صبا کے ساتھ

پھلے پھولوں بھا عشق میں تو داد ماں ہاں اب
وہ استماد کے ساتھ تھا ہاتھ ہمارے ساتھ

کیا پر اثر ہے قلقل مینا سے کا جذب
دل میکشوں کے کھنچتے ہیں اسکی صدا کے ساتھ

عشق دہن کی الفت عارض میں ہے ضرور
آب بقا بھی چاہئے زہر فنا کے ساتھ

دنیا کو دیکھا اوس نے جواں ہو کے بیحجاب
آنکھوں کے پردے اٹھ گئے شرم و حیا کے ساتھ

مشتاق ترک عشق کر دیکھنا ہے یا
کیوں اپنی جان دیتے ہو اوس بیوفا کے ساتھ

شب غم عشق گیسو میں سحر کی
بسر کرنا تو لیکن بسر کی

www.urduchannel.in

شب فرقت میں دل مردہ ہوا ہے — اسے حاجت ہے کافور سحر کی
تن لاغر کا پڑنا عکس طرح عکس — زمیں پر کب ہے پرچھائیں نظر کی
ہوئی ارسال پیغام گیسو سے مہلت — ملی فرصت اد ھیں اب رات بھر کی
شرار عشق کو سوز الم نے — پہنائی ہے قبا دو جگر کی
صدائے آہ ساز وصل و بینا — جو ہو پہچان مضراب اثر کی
درازانی نہ ہوں فرقت کی راتیں — بنے گر شمع کافور سحر کی

غزل کو دیکھ کر کی مدح مشتاق — عنایت تھی یہ ارباب نظر کی

رخ سے برگشتہ تری زلف چلیپا کیا ہے — آج یہہ کافر و دیندار کا جھگڑا کیا ہے
رعب حسن اوسکا تو بڑھنے نہیں دیتا ہرگز — شوق کہتا ہے چلا چل یونہی تھمتا کیا ہے
مجھ سے یوں پوچھتے ہیں وہ مرے دل کی حالت — تیری دوکان میں اے تاجر غم کیا کیا ہے
قصد شاید ہے مرے دل کے جدا کرنے کا — تل کے پھلو سے جو بیٹھے ہو ارادا کیا ہے
اس غزل کا تری مشتاق طریقہ کیا ہے — شعر اس رنگ کی تو کبھی کہتا ہی نہ تھا

ہے شام وصل بلبل دل شاد شاد ہے — ہنگام گلفشانی شمع مراد ہے
دل شوق آرزو سے سینہ میں بیقرار — یہ صید زخم خوردہ تیر مراد ہے
ہے یاس کا ہجوم مری آرزو کے گرد — پروانوں میں گھری ہوئی شمع مراد ہے
پھاہا نہ میں لگاؤنگا سینے کے زخم پر — مرہم ہے رخنہ بند کی باب مراد ہے
در آیا میرے سینے میں جب تیر یار کا — دل نے کہا یہی تو ہماری مراد ہے
اپنا سمجھ کے اوسنے لگائی ہیں مجھ پہ تیر — ہر زخم تن گل چمن انحاد ہے
بے وجہ کب ہے شمع گلستاں پہ ناگ کا — بلبلوں کے خون کا یہ سارا فساد ہے
مشتاق لیکے ساتھ ہے اجرا بد کا نفاق — جو پائے بند سلسلہ انحاد ہے

روشن ہے داغ قلب تو انبوہ یاس ہے — جلنے سے اس چراغ کے یہ گھر اداس ہے
بھیگا ہوا شراب میں سارا لباس ہے — [illegible]
[illegible] — [illegible]
[illegible] — [illegible]

ب مبتلائے چشم نہ تھیں دل کی جستجو میں
کب آرزو اسیر کمند نظر نہ تھی

مشاق اپنی دشت نوردی کہو نہیں کیا
آندھی سیاہ اڑتی تھی گرد سفر نہ تھی

ں غم ہجر میں کشتی دل ناشاد کی ہے
ہر نفس موج مرے قلزم فریاد کی ہے

کو سجدے ہوئے ہے دامن محشر سب خلق
وہ قبا اتری ہوئی قامت فریاد کی ہے

زیش قلب بڑھاتے ہیں شب غم نالے
آتش افروز ہوا دامن فریاد کی ہے

کرنے سے جو بڑھتا ہے شب ہجر میں ضعف
یہ بنا پر ہی محفل فریاد کی ہے

ں میں ہیں الم و غم سرور جاں کے لیئے
کھڑے ہیں راہ میں یہ دزد و کارواں کے لیئے

ی آرزوئیں ہیں غبار دل کی اسیر
حصار بن گئے ہے گرد کارواں کے لیئے

ہار و رد میری خموشی میں صاف ہے
اخفائے راز عشق لب انکشاف ہے

ہد ڈرائے قہر خدا سے مجھے اگر
رحمت کہے خطائے جوانی معاف ہے

روئے یار کھل گئی الٹا نقاب رخ
چل اے قضا کہ وقت ادا بیخلاف ہے

فتوں کی بزم عیش میں ہر سانی کا اتحاد
بر ہمزن معاملہ اختلاف ہے

ں ہوں تلاطم دل سوزاں میں گوشہ گیر
صحرائے حشر زادہ اعتکاف ہے

ہ ہیں کے وصل میں جوڑے ہیں جو مینے ہاتھ
تیرا قصور دستدرازی معاف ہے

صبح ترا زلف مشک فام میں ہے
بیاض صبح کا جلوہ سواد شام میں ہے

پاؤں کے چلتا ہے بزم میں ساغر
اثر عجیب یہ ساقی کے فیض عام میں ہے

بادہ کش ہوں کہ ہے دل میں الفت ساقی
رحیق مصطبہ عشق مرے جام میں ہے

ں ہوں کہ راحت ہے مجھ رنج فزا والے
مشاہدہ ہیں مرے لبہائے خنداں زخم خندہ لے

زاں یوں شب وصلت ہے مرے روز ہجر لے
کہ بہائے صبح دولت جسطرح شام غریباں ہے

ب وصل آئی ہے ارماں مرے دل کے نکلنے پر
برائی آرزو قیدی رہا ہوتے ہیں زندان سے

ہ جاتا ہے یہ ساغر پہ ساغر بادہ نوشوں کو
سر مینائے مے اٹھتا نہیں ساقی کے احساں سے

ں ہے ابتدا جامہ دری سے میری وحشت کی
جنوں آیا ہے راہ کوچہ جاناں گریباں سے

ہو قلزم غم سے تو مرا دل ٹھہرے
طے ہو دریا تو یہ کشتی لب ساحل ٹھہرے

ں وہ غم دوست نہو رنج تو مشکل ٹھہرے
بار ہو کوہ الم کا تو مرا دل ٹھہرے

رے قتل تو جاؤں میں سوئے ملک عدم
خط جو گردن پہ کھنچے جادہ منزل ٹھہرے

www.urduchannel.in

جل کے مرنے سے ہوئی گور غریباں روشن
شمع بھی بن کے نہ ہم لائق محفل ٹھہرے

نیرنگ اپنے قصہ غم کے بیاں میں نے
سو رنگ کا طلسم میری داستاں میں ہے

اٹھ گیا صانع جہاں سے اور یہ صنعت رہ گئی
حال اسکندر پہ آئینہ کو حیرت رہ گئی

قتل کا میرے اشارہ کر کے کیوں نم رہ گئے
کیوں مری سمت آٹھ کے انگشت شہادت رہ گئی

دل نہ میرا احباب ہوگا اہل دنیا سے کبھی
جھکے اس آئینہ پہ گرد کدورت رہ گئی

چھوڑ کر مطلب کا مضموں ہنسکے کہتا وہ شوخ
ربط خط جاتا ہے شاید کچھ عبارت رہ گئی

سب ہیں رنگ نغمہ ہائے عنادل چمن میں ہی
میں بزم میں ہوں یا کوئی بلبل چمن میں ہے

سوز دروں نے آگ لگادی ہے جسم میں
شعلہ ہے یہ کہ خون ہمارے بدن میں ہے

خوشی کے ساتھ ہوتی ہے زمانہ میں غالب کی
شب عشرت خبر دیتی ہے مجھکو صبح ماتمکی

نہیں کچھ فائدہ رنگیں مزاجوں کے تمول سے
گلستاں میں کسیکو فیض کب پہونچا ہے زر گل سے

کرے گر حسن ساقی میکدے میں آتش افروزی
لگائے آگ میناشعلہ آواز قلقل سے

نیا بخشونگا دیر غارض انور سے آنکھوں کو
چراغ آزہ روشن کرونگا آتش گل سے

نیا میکدے میں دور عشرت دور گردوں نے
ہوا دوران سرمائی کو دور ساغر مل سے

چمن میں جاکے پھر مشتاق بلبل صفت اس گل کا
بناؤں وشنائی گر سواد چشم بلبل سے

خوش گلو یہ کون نا محفلیں غماز ہے
آرزوئے دل کباب شعلہ آواز ہے

فرق جہاناں پر نہایت خوشنما ہے تاج حسن
ہمت محبوب پر زیبا قبائے ناز ہے

بینہ باقی ہے دنیا میں سکندر مر گیا
چشمہ ہے چشمہ کاست جسم حیرت نازہ ہے

ہمارے عشق کی تاثیر یار پر بھی ہے
ادھر ہنسے ہے جب تو کچھ ادھر بھی ہے

نالوں نے بنا بات جو ہمراز تجھے
اب سنائی نہیں دیتی تری آواز مجھے

میرے رونے کی حقیقت جو دل پاک سے ہے
ساز عشرت تہی ہمدا نسوؤں کے تار میں ہے

تانگ تری رات پہر لے بالا ہی بالا جاتی ہے
اسمان حسن پر ہم اہنکاں دیکھا کئے

دل سے تیرا نقش فریادی دوست کیونکر محو ہو
جسم سے ہوتی نہیں روح جہاں دیکھا کئے

بے کیا بھیا دیکھنے پر ہیں اگر غالب شناسی
چشم حسرت سے ہم اپنا آشیاں دیکھا کئے

پانی پانی کر گئے اپنے پسینے کی طرح
آج وہ آئینے کو دریاں رو دل دیکھا کئے

ہے ہے خدا کرے ستم کربلا رہی ہو دشمن سپاہ فقط
جم زیر تیغ نقش پائے رنگاں دیکھا کئے

www.urduchannel.in

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتخاب دیوان طاہر

فرخ آبادی

روز فرقت نے دیئے داغ جگر میں کیا کیا
مشعلیں جلتی ہیں دن کو میرے گھر میں کیا کیا

کوچۂ عشق میں لٹتی ہے متاع دل و جان
رہزنی ہوتی ہے اس راہ گزر میں کیا کیا

رات دن داغ اسیر دہن لاکرتے ہیں
گل کھلا کرتے ہیں صیاد کے گھر میں کیا کیا

قتل کو میرے جو باندھی ہے سر و ہی اس نے
بل پڑے جاتے ہیں قاتل کی کمر میں کیا کیا

مجھ سے سیکھا ہے شب غم میں جو انداز فغان
درد ہی نالۂ مرغان سحر میں کیا کیا

یار سا طالب دیدار ہوا ہے جب سے
خاک اڑا کرتی ہے آئینہ کے گھر میں کیا کیا

کیا غرض حاسد کم بیں سے تجھے اے طاہر
آہ و زاری ارباب نظر میں کیا کیا

سجدہ کے ذوق شوق میں اے بت زمانہ تھا
کیا کعبہ مراد ترا آستانہ تھا

اس ترک کا جو گوشۂ زین ہاتھ آگیا
مثل غبار میں بھی برابر روانہ تھا

تیر نظر سے جب تن لاغر نہ اڑ سکا
تیوری بدل گئی کہ یہ کیسا نشانہ تھا

کیسے تو آنکھ یار لگا وٹا کے ڈھنگ تھے
مجھے بھی میل غیر سے بھی دوستانہ تھا

ڈوبا ہوا تھا الفت ساقی کے رنگ میں
ظاہر میں گو لباس مرا صوفیانہ تھا

نیلا جو پڑ گیا ہے بدن آسمان کا
فریادیوں کی آہ نہ تھی نازیانہ تھا

طاہر تمھیں پسند تھیں نازک خیالیاں
لیکن میں عاشق سخن عاشقانہ تھا

سبزہ چمن عارض جانان سے نکالا
بیگانہ کو یاروں نے گلستاں سے نکالا

تھی رخصت بدن کی بھی غضب قید جنون میں
مشکل سے گلا طوق گریباں سے نکالا

الطاف شہنشاہ اسم عام ہیں طاہر
بندہ کو بھی قید غم عصیاں سے نکالا

دشوار یار سے ہے گلہ انجمن میں کرنا
کیوں چپ رہوں زبان نہیں ہے دہن میں کیا

www.urduchannel.in

اس شمع رو کو، یکلخت کہتے ہیں اہل بزم
روشن چراغ طور ہی اس انجمن میں کیا

خیال جب رخ پر نور کا حباب نہ تھا
تو میری آنکھ کا تارا یہ آفتاب نہ تھا

وہ نشہ میں نہ لڑاتے تھے آنکھ غیروں سے
کسی زمانہ میں یہ میکدہ خراب نہ تھا

ملاحظہ جو وہ کرتے تو چند سطریں تھیں
نیاز نامہ عاشق کوئی کتاب نہ تھا

ہمارے خون کا اُس گلبدن کے ہاتھ نہیں
وہ رنگ تھا کہ حنا کو بھی دستیاب نہ تھا

اب اُسکی بندہ نوازی جو بخشدے طاہر
ہمارے جرم کی کچھ حد نہ تھی حساب نہ تھا

جس طرف تھا بام جانان خط اُڑا کر لیگیا
نامہ بر بیٹھے رہے بازی کبوتر لیگیا،

نامہ بر کو میں نے لکھدی ساری شرح آرزو
ایک خط کیا لیگیا دفتر کا دفتر لیگیا

آنکھیں ساقی سے ملا کر غیر جب خصت ہوا
شربت دیدار پیمانوں میں بھر کر لیگیا

مانگتا ہوں ملن بھی مسجد میں دعا میں وصل کی
مجکو بھی عشق بتان اللہ کے گھر لے گیا

اِس طرح دنیا سے اوٹھوں یا الٰہ العالمین
صف کہیں طاہر غم آل پیمبر لیگیا

جگر میں داغ جنون بیحساب دیتا جا
نشانیاں مجھے تو ای شباب دیتا جا

بہار توبہ شکن آگئی ہی اے ساقی
چمن کی خیر ہو جام شراب دیتا جا

بلا سے آپ گلا کاٹ لون میں ای قاتل
کمر سے کھول کے تیغ خوشاب دیتا جا

عاشقونکا کوئی پرسان عہد خوبان میں نہ تھا
پھول بلبل کے ہوئے ماتم گلستان میں نہ تھا

وہ ملک ایسی تھی تمہارے نادک دلدوز کی
جب ذرا کھٹکا ہوا نشتر رگ جان میں نہ تھا

لوٹ لی اُس نونہال حسن نے ساری بہار
فصل گل کا نام تھا کچھ بھی گلستان میں نہ تھا

بیچ دی میں نے حال دل کیا عرض کرتا آئینہ
اور ہی عالم میں تھا بزم حسینان میں نہ تھا

کیون کیے بدنام طاہر جوش وحشت نے مجھے
آستون کا تار بھی میرے گریبان میں نہ تھا

دل جلایا تو فروغ رخ زیبا دیکھا
ہمنے گھر پھونک کے ای آہ تماشا دیکھا

اپنے قابو میں جو محبوب بنا کو دیکھا
اور بل کرنے لگی زلف دوتا کو دیکھا

باغ میں پیرہن گل سے جب اُلجھے کانٹے
یار نے مجکو کبھی اپنی قبا کو دیکھا

غائبانہ ہی محبت نے جو نقشے
میں نے اس بت کو نہ زاہد فی خدا کو دیکھا

www.urduchannel.in

ہمنے کب کی تھی خوشامد کہ نہ پامال کرو
پاؤن پڑتے ہوئے دیکھا تو حنا کو دیکھا

قتل کرنا جو اُنھیں مدِ نظر تھا طاہر
آسے چمکاتے ہوئے تیغ ادا کو دیکھا

دیکھ لیں اہلِ نظر کیفیتِ میخانہ آج
چشمِ ساقی کی طرح گردش میں ہی پیمانہ آج

شمعِ روشن کو بجھا دیتا ہی تیرے سامنے
آستین کا کام کرتا ہے پرِ پروانہ آج

یا خدا عالم نظر آئے تبون کا حسن کا
تو تیا سے چشم ہو خاکِ درِ میخانہ آج

وحشتِ دل کی حمایت پا کے اے جوشِ جنوں
عقل سے دست و گریباں ہی ترا دیوانہ آج

وحشتِ دل کھینچتی ہی جانبِ دشتِ جنوں
پھر بسانے جائیں طاہر کوئی ویرانہ آج

اے باغبان یہ سرو و صنوبر ہیں کیا بلند
طوبیٰ سے ہاتھ بھر ہے قدِ دلربا بلند

پہونچی کمندِ آہ فلک تک تو کیا ہوا
بامِ مرا دعشق ہی اس سے سوا بلند

نظارہ کر رہا ہے رخِ ہمشکال کا
اقبال آفتاب ہی اے مہ لقا بلند

کٹتا جو آفتِ شبِ غم کا محال ہے
کس بیکسی کے ساتھ ہیں دستِ دعا بلند

طاہر مشاعرہ میں پڑھی آج وہ غزل
ہے ہر طرف سے غلغلۂ مرحبا بلند

چلے کو چۂ زلف سے دل نکل کر
کہاں پاؤن پھیلا دئے ہیں مچل کر

یہ نالے ہیں یا خارِ اے ناتوانی
کھٹکتے ہیں سینہ میں دل سے نکل کر

جب آنکھوں نے دیکھے ہین وہ صاف عارض
نظر نے قدم لے لیے ہیں پھسل کر

تماشا ہو اپنی امانت جو مانگوں
کسی اور کا دل وہ دیدیں بدل کر

کہیں بھی زمانہ میں قدرِ سخن ہے
کہے کون طاہر سے فکرِ غزل کر

آنکھ پڑتی ہی برابر ترے رخساروں پر
واہ کیا پاے نظر ٹھہرے ہین انگاروں پر

ہاتھ اوچھا مرے قاتل نے لگایا کیا ہی
دہن زخم ہنسے دیتے ہیں تلواروں پر

ضبطِ فریاد و فغاں کا بھی کوئی موقع ہے
کوہِ غم ٹوٹ پڑا ہے جگر افگاروں پر

وہ عیادت کو جو آتے ہیں تو کہتے ہیں رقیب
تم تو کچھ جان دئے دیتے ہو بیماروں پر

ہون اگر احمد مختار شفیع اے طاہر
یہ بھی ممکن ہے کہ آج آوے گنہگاروں پر

انجان نہ بن عشق کی روداد سمجھ کر
انصاف طلب تجھ سے ہیں دو داد سمجھ کر

www.urduchannel.in

جو چاہو کہو عاشقِ ناشاد سمجھ کر
سر تم کو چڑھایا ہے پری زاد سمجھ کر

یہ حشر میں ہو صور سرافیل کی آواز
بیتاب نہ ہونا میری فریاد سمجھ کر

کیوں رہنے دیا سینہ میں داغِ غمِ الفت
اسکو بھی مٹا دو دلِ ناشاد سمجھکر

صحرا میں حساب آبلہ پائی کا ہے مشکل
قدروں کی بتا سکتے ہیں تعداد سمجھکر

نظروں سے گرانا ہے اگر نازمیں داخل
ہم یہ بھی اوٹھا سکتے ہیں اُفتاد سمجھکر

طاہر میرے اشعار پر کھنے لگے احباب
نقادِ سخن دینے لگے داد سمجھ کر

ذرے تری افشاں کی نظر آئینگے کب تک
یہ گوہرِ مقصد تجھے مل جائینگے کب تک

شمشیر دوسر جنکے گلے میں ہو حمائل
وہ زخموں کی بدعی مجھ پہنائینگے کب تک

غصہ میں حسینوں نے مجھے قتل کیا تھا
اب قدر ہوئی ہے تو وہ پچھتائینگے کب تک

ناصور ہیں کیا دیدۂ خونبار ہمارے
اشک جگر آلود یہ جائینگے کب تک

طاہر مری تقدیر بدل جائیگی کسدن
وہ غیر سے ملنے کی قسم کھائینگے کبتک

نالے کا پھول ہیں کہ گل زرد ایڑیاں
سو میں ہزار ہیں ہیں تری فرد ایڑیاں

ایک ایک گام پر ترے جانباز مر مٹے
چل چل کے رہ گئیں صفتِ نرد ایڑیاں

بیتاب ہو کے پلکوں سے آنکھوں سے چوم لوں
رکھدے مزار پر جو وہ بیدرد ایڑیاں

اے خاکِ چند آبلے ہیں نذر ہو قبول
لائی ہیں دور سے یہ رہ آورد ایڑیاں

میں کیوں سناؤں دشت نوردی کا ماجرا
کیا بانٹ لینگی آبلوں کا درد ایڑیاں

کوئے ستم سے آئی ہیں اتنا تو پوچھ لوں
کعبے سے سرمہ لائی ہیں یا گرد ایڑیاں

طاہر کی یہ غزل ہے کہ تصویر ہے کوئی
کیا نظم کیں ہیں منتخب فرد ایڑیاں

افشاں کبھی چلتے ہیں جو وہ زلف دوتا میں
تاری سے چھٹک جاتے ہیں ساون کی گھٹا میں

چلتی رہی تلوار ہوا ہو گئے اغیار
ہم پاؤں جمائے رہے میداں وفا میں

کیا جان کشاکش میں پڑی ہے دمِ رخصت
روکیں تمہیں ہم یا دلِ وارفتہ کو تھامیں

وعدہ کا بھی کیا پاس نہیں ہے دمِ تسلیم
زلفوں میں گرہ دیتے ہو یا بندِ قبا میں

طاہر لبِ جاں بخش کی الفت ہوئی ترک
کیا جان گئی ہے ہوسِ آبِ بقا میں

www.urduchannel.in

کیا دیکھ لیا حالِ دلِ زار بغل میں
کیوں بیٹھ کے رونے لگے غمخوار بغل میں

جب آہ دکھاتی ہے تاثیر کے جوہر
آ بیٹھتے ہیں آئینہ رخسار بغل میں

مجھپر غم دادو نے احسان کیا ہے
آئے ہیں تو بیٹھیں مرے غمخوار بغل میں

دنیا میں سلامت رہیں داغِ غمِ الفت
ہے دل کے لیے گرمی بازار بغل میں

بیتاب جدائی میں دلِ زار ہے طاہر
تجھ سی تڑپ جاتی ہے ہر بار بغل میں

آپ کیا ملیں حسینوں سے ہم گوشہ گیر ہیں
نخوت گروں نے لوٹ لیا ہے فقیر ہیں

خالق بچائے زہرہ جبینوں کی چاہ سے
سنتے ہیں دو فرشتے ابھی تک اسیر ہیں

چار آنکھیں ہنسنے کی ہیں تو غصہ نہ کیجئے
سائل نہیں فقیر نہیں راہ گیر ہیں

زیر نگاہ بیٹھے ہیں سر پر ہے آفتاب
ہم خاکسار مالکِ تاج و سریر ہیں

وہ بھی تو دو دنوں کا اثر گریہ ایک دن
جنکی نگاہ میں میرے آنسو حقیر ہیں

کہدینگے صاف صاف وہ دیکھیں تو آئینہ
یہ مانگ ہے لکیر ہم اس پر فقیر ہیں

نظروں سے کیا گرائینگے طاہر عدو مجھے
فضلِ خدا ہے دستِ خداوند گیر ہیں

کرم کرے وہ شہِ حسن بے نقاب کہیں
دعا فقیر کی ہو جائے مستجاب کہیں

سمندِ ناز ترا اسلیے ہوا پہ ہے
کسیکی خاک نہ ہو جائے ہمرکاب کہیں

حضور دیکھ تو لیں اپنے طاقِ ابرو میں
ہیں رکھکے بھول گیا ہوں دلِ خراب کہیں

نہ آئے رازِ محبت زباں تک دل سے
چھلک نہ جائے پیالہ سے یہ شراب کہیں

یہی تو وقت ہے طاہر کشود مشکل کا
میری مدد کے لیے آئیں بوتراب کہیں

کس خرابی سے ملا ہے درجاناں مجھکو
نہیں رہنے دیا اب اک گوشۂ دوراں مجھکو

عشق میں صبر و تحمل کا بھروسا کیا ہے
یہ بھی دو دن کے نظر آتے ہیں مہماں مجھکو

بخیۂ چاکِ جگر کے لیے اک دستِ جنوں
کوئی باقی ہو تو دے تار گریباں مجھکو

دھوکے دینے کو فقیرانہ بنائی صورت
پھر بھی پہچان گئے آپ کے دربان مجھکو

دیکھتے ہیں جو حقارت کی نظر سے طاہر
کیا پریزاد سمجھتے نہیں انساں مجھکو

رہی قفس میں بھی مرنے کی آرزو مجھکو
گلے کا ہار رہی ہر رگِ گلو مجھکو

www.urduchannel.in

میں حالِ سوزِ جدائی بیاں کرتا ہوں
زبان دراز نہ ٹھہرائیں شمع رو مجھکو

لحد میں رُخ نہ کروں کوئے یار کی جانب
جب اضطراب بھی رہنے دے قبلہ رو مجھکو

میں ساتھ ساتھ چلوں گا ابھی ابھی اے عمر
سنبھال لینے دے بارِ گناہ تو مجھکو

یقیں ہے نامۂ عصیاں سپید ہو طاہر
سکھائیں دیدۂ گریاں جو شست و شو مجھکو

حرف ناخواندہ ہے بلبل سے چمن کا شکوہ
یہ بھی کیا بات ہے میں اور وطن کا شکوہ

ہمتو ہر حال میں اے مرگ بیاباں خوش ہیں
گور کی ہے نہ شکایت نہ کفن کا شکوہ

خار بنکر دلِ شوریدہ میں اُو بچ رہتا ہے
لب تک آتا نہیں اُس غنچہ دہن کا شکوہ

باغباں چاکِ قفس کو بھی گلِ اندود کرے
آنکھیں پھوٹیں جو کروں سیرِ چمن کا شکوہ

واقعی فکرِ سخن ہو تو سکی اے طاہر
ہے بجا قدر شناسانِ سخن کا شکوہ

میری فریاد حسینوں کے نہ در تک پہونچے
کچھ بھی ہمت ہو تو مرمٹ کے اثر تک پہونچے

تیری پلکوں نے دیا ناوکِ دلدوز کا ساتھ
چٹکیاں لینے کو نشتر بھی جگر تک پہونچے

ترکِ سودائے محبت کی کوئی وجہ بھی ہے
سر بسر نفع ہو مجھکو جو ضرر تک پہونچے

دیکھیں کس روز پہونچتے ہیں عدم کو عاشق
رفتہ رفتہ ترے گیسو تو کمر تک پہونچے

مجھسے کہتے ہیں وہ تیغ دو زبان چمکا کر
دیکھ شکوہ نہ لبِ زخمِ جگر تک پہونچے

جنکی تقدیر نے کی راہبری اے طاہر
سر کے بل وہ شہِ کونین کے در تک پہونچے

مطلع ہوں ہجر میں حالِ دلِ غمناک سے
روز ملتی ہے خبر اشکِ رواں کی ڈاک سے

مال و دولت سے ہیں مستغنی ترے در کے فقیر
کیمیا ہاتھ آئی ہے نقشِ قدم کی خاک سے

اہلِ بینش کے مکاں میں شمعِ روشن ہو نہ ہو
دل منوّر ہو فروغِ شعلۂ ادراک سے

ایک تیری سادگی میں ہیں ہزاروں خوبیاں
خوشنما گل ہے فقط نیرنگی پوشاک سے

تیغِ ابرو کی صفت اے یارِ جانی یاد ہے
صاحبِ جوہر ہو تم شمشیر خانی یاد ہے

سنتے سنتے پاؤں سو جائیں مقدر کس طرح
شامِ غربت کی مجھے ایسی کہانی یاد ہے

غیر دیں محفل میں شاید میرے شکوہ کا جواب
اے صنم تجھکو تو عذرِ بیہودانی یاد ہے

رعشۂ پیری نہیں غصہ میں کانپ اُٹھا ہوں میں
بیوفائی تیری اے عہدِ جوانی یاد ہے

www.urduchannel.in

رو رہا ہوں طاہر اس ابرِ کرم کی یاد میں
دیدۂ گریاں کو دریا کی روانی یاد ہے

تم نے جو صورت دکھائی دمِ زینت اپنی
آئینہ بھول گیا صاف حقیقت اپنی

نامۂ شوق جو لکھا ہے بتِ میکش کو
ملگئی ہے خطِ ساغر سے عبارت اپنی

چشمِ مشتاق کو ہے محفلِ جواہر کی تلاش
آپ دے ڈالیے خاکِ درِ دولت اپنی

سوزِ پروانے جو آ آ کے پڑھا کرتے ہیں
رات بھر روتی ہے شمعِ سرِ تربت اپنی

شاعری ورثہ میں اللہ نے دی ہے طاہر
یہی جاگیر ہے اپنی یہی دولت اپنی

جان دینا ہے تڑپ کر کوئی کیونکر دیکھئے
آئیے سرکار دروازہ کے باہر دیکھئے

الحذر تیری درازی اے شبِ نا فراق
جلوہ گر ہوتی ہے کب تک صبحِ محشر دیکھئے

آپ آئے رشکِ قامت نے قیامت کی بپا
باغ سے لمبے ہوئے سرو صنوبر دیکھئے

بزم میں اُنکا اشارہ ہو رہے نیچی نگاہ
شوق کہتا ہے کہ ان آنکھوں سے برابر دیکھئے

حشر میں طاہر وسیلہ اپنی بخشش کا ہوا
کام آئی مدحتِ آلِ پیمبر دیکھئے

جب وہ اٹھکھیلیوں سے جانبِ گلزار چلے
سرو کیطرح تنے کبک کی رفتار چلے

بڑھ گئی شوقِ شہادت میں جو بیتابی دل
چال بسمل کی تمہارے جگر افگار چلے

شکر ہے ہوگئی آساں رہِ ملکِ عدم
تیری تلوار کے سایہ میں گنہگار چلے

مفت میں لٹگئے ہم واہ ری قسمت کی بدی
تم سے چوسر بھی نہ کھیلے تھے کہ دل ہار چلے

بیکسوں کو بھی مری مرنیکا غم ہے طاہر
روتے ہیں دیدۂ جوہر کہ وفادار چلے

سامانِ بزمِ عیش رہے جشنِ ہم رہے
یوں رہتے ہیں جہاں میں جسطرح ہم رہے

نامِ خدا جو ہاتھوں میں مہندی لگائی ہے
خونِ شہید ناز بھی زیبِ قدم رہے

اوسِ ناز زر کے طلبگار ہم نہیں
آزاد ہیں ادھر بھی نگاہِ کرم رہے

فکرِ رسا نداد نشان از دہانِ یار
طاہر بنا فتیم بملکِ عدم رہے

وہ دوڑ کر نہ چلیں جسم زار باقی ہے
ابھی ادھیڑنے کو دامن سے خار باقی ہے

بچھی ہیں راہ میں آنکھیں میں کیا کروں سجدہ
کہیں بھی نقشِ قدم اے نگار باقی ہے

بڑھا چکے ہیں میرے سوگ میں وہ سب بوجھ
گلے میں اشکِ مسلسل کا ہار باقی ہے

www.urduchannel.in

دہ زار ہوں کہ نہ سمجھا میں وقتِ جامہ دری
یہ ہاتھ ہے کہ گریباں کا تار باقی ہے

نہ کی کسی نے توجہ تو یاس کیا طاہر
ابھی عنایتِ پروردگار باقی ہے

دل لیکے ستم کرتے ہو کچھ دھیان نہیں ہے
یہ عہد یہ اقرار یہ پیمان نہیں ہے

کہتے ہیں کسی دوست کسے کہتے ہیں دشمن
دیوانہ ہوں مجھکو تو یہ پہچان نہیں ہے

اے گل ترے دیوانوں کی ہے وضع نرالی
ثابت ہے جو دامن تو گریباں نہیں ہے

ارباب صفا کو ہے تکلف سے غرض کیا
آئینہ کے گھر کا کوئی دربان نہیں ہے

طاہر یہ پریشانیِ خاطر کا سبب ہے
شاعر تو ہیں لیکن کوئی دیوان نہیں ہے

عجب شان سے وہ میری انجمن میں رہتے ہیں
مقیم روح رواں جسطرح بدن میں رہتے ہیں

تم ایک پھول چڑھا دو جو میری تربت پر
کلِ مراد میسر ہے دامنِ کفن میں رہتے ہیں

وہ سر بلند رہے یا خدا زمانہ میں
چمن میں سرو وہی شمع انجمن میں رہتے ہیں

دکھا دو جلوۂ عارض نکل کے پردہ سے
بہار ہو جو یہ گلدستہ انجمن میں رہتے ہیں

قدم جو آئے جناب صفیر کے طاہر
ہزار لطفِ سخن محفلِ سخن میں رہتے ہیں

ابرو کا جواب اے بتِ عیار کہاں ہے
اس کاٹ کی اس گھاٹ کی تلوار کہاں ہے

دل آپ کے مانند مکدر نہیں اپنا
اس آئینہ میں دیکھئے زنگار کہاں ہے

موہوم ہے مانندِ کمر عشق کمر میں
ڈھونڈو تو ہمارا بدنِ زار کہاں ہے

ابرو کا لیا نام تو جھنجھلا کے وہ بولے
لانا تو مرا خنجرِ خونخوار کہاں ہے

بیفائدہ طاہر درِ مضمون کو نکالا
ان موتیوں کا کوئی خریدار کہاں ہے

دلکو جواب دینے دو حجت اسی سے ہے
مجھے گلا نہیں ہے شکایت اسی سے ہے

صبحِ شبِ فراق سے سرکار پوچھ لیں
اختر شمار یوں کی صداقت اسی سے ہے

طاہر مجھے عزیز فنِ شعر کیوں نہ ہو
میری نمود اسی سے ہے شہرت اسی سے ہے

احسان تری یاد کا زنہار نہ لیں گے
مرجائینگے چکی گرانی یا نہ لیں گے

ایسی ہی تو سست ہے تو پھر صبح کہاں کی
ہم شام کو بھی نام تیرا تا نہ لیں گے

یہ کیسے لباسِ تن زیبا رہوں طاہر
کیا میرزا خاں سیتہ زیبا نہ لیں گے

www.urduchannel.in

انتخاب

دیوان حضرت شاد عظیم آبادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کوئی پہونچا نہ تا مقصود و بیچا اللہ ہی سے
کھلا ہے شہسوار لو کشف پر سبحانی ذی

بنا دے شاد کو بھی رازدار علم الاسماء
خدایا دار الی لنا من اسمک یا رشدا

امڈ آیا ہے مجھ پر فنا اک عمور ہے دلمیں
بچا لے اے امید بیکساں ذی علم الجمیع

شمال قطرہ جب کھول قدم دریائے رحمت میں
کہوں خوش ہو کے بسم اللہ مجریہا و مرسیہا

بصیرت کو مری معراج ہو صدقہ محمد کا
پڑھائے خود سبق علم الیقین سر ما اوحی

مٹا دے دل سے وحشت مژدہ انسا بمن داخل کر
قوا سے بھی ہی لوں کام جو مقصود ہے تیرا

کہاں تک ذی کمالو خون انصاف اک ذرا سوچو
خس و خاشاک کے رکے کبھی رکتا نہیں دریا

نواسنجو مرے نغموں کا کل ہی عرش اعظم پر
خوش آواز و طوبے پہ جا ہی مرا نالا

ہی آخر ہوا جو کچھ کہ ہونا تھا مشیت میں
گلہ ہی شاد قسمت کا نہ تدبیر و شکایت کا

اگر مرتے ہوئے لب پر نہ تیرا نام آئے گا
تو اس مرنے سے ہرگز اے مرے کس کام آئے گا

کہاں سے لاؤں صبر حضرت ایوب اے ساقی
خم آئیگا صراحی آئیگی تب جام آئے گا

ہی کمسن اجل کو نرم خو ہونگی طرح ڈالا
کہ لیکر آج قاصد یار کا پیغام آئے گا

عطا کی خود مجھے پیر مغاں نے بھی لے لفظ
یہ کیا سوجھا ہے تجھ کو تجھ پہ کیوں الزام آئے گا

لگی ہو مجھ پہ آخر نامہ بر کمبخت کے دل میں
وہاں تک ہی طرح جو جائے گا نا کام آئے گا

پڑے ہے سلسلہ تقدیر کا صیاد کے بس میں
چمن میں اے صبا کیوں کر اسیر دام آئے گا

گلی میں یار کی اے شاد سب مشتاق بیٹھے ہیں
خدا جانے وہاں سے حکم کس کے نام آئے گا

وہ شوق وصل تڑپائے ہیں دم نہ فرقت کیسا
انھیں کا فیض ہے میں کیا مری محبت کیا

بسی ہوئی ہی امیدوں کی اک نئی دنیا
اسی کی شان ہے اتنے ہے دیکی وسعت کیا

یہ کچھ نئی نہیں مدت سے ہوتی آئی ہے
اگر نہ مار کھائے تو وہ محبت کیا

تو کیا میں ہی نہیں ان عاشقوں میں ان بل
مجھی کو سہو کرے گی تری عنایت کیا

www.urduchannel.in

تو کیا میں در کسی کیطرف بھی ہوں منسوب
بچائے گی نہ مجھے آپ کی شفاعت کیا

زباں ہے قابو میں جو منہ میں آئے بک جائے
مرے زمانہ کی اے شاد آدمیت کیا

ہم سے نہ حق ادا ہوا عشق کرشمہ ساز کا
شکوہ کریں تو کیا کریں جانِ بہانہ باز کا

بوسہ سنگِ آستاں مل نہ سکا ہزار حیف
آگے قدم بڑھ سکا ہمت سرفراز کا

اے دلِ مضطرب سنبھل وقت سوال بھی تو ہو
ہم کو بھی نام یاد ہے اپنے گدانواز کا

جلوہ حسن کیطرف دیکھ تو کچھ پتہ ملے
جانے دے ولولہ نہ پوچھ عاشق پاکباز کا

پیرِ مغاں کے معجزے دیکھ چکے ہو واعظو
تم نہ پیو جو مے تو خیر حکم تو دو جواز کا

تیغ جفا کے سامنے بیٹھ رہیں جھکا کے سر
ہم بھی نماز ادا کریں وقت جو ہو نماز کا

خاک بہت سی چھان کر دشت جنوں کی ہم پھرے
شاد تپہ ملا نہ آہ قافلہ حجاز کا

ہجوم شوق سے پانی ہوا لہو میرا
یقیں ہے ساتھ نہ دے گی اب آرزو میرا

وقار کچھ تو شہیدوں میں رکھ لے تو میرا
دکھا نہ غیر کو کھولا ہوا لہو میرا

وہ قتل کر کے مری لاش سے یہ کہتے ہیں
تڑپ رہا ہے کہ منہ دیکھتا ہے تو میرا

کہا یہ روح نے تن سے وداع ہوتے وقت
مرا سلام ہے اب میں تری نہ تو میرا

بہائے اشک ندامت کسی کو یاد کیا
یہی نماز ہے زاہد یہی وضو میرا

عظیم آباد سے نکلوں کسی طرح اے شاد
دل اب لہو کیے دیتی ہے آرزو میرا

کچھ تعجب نہیں آنکھوں نے اگر مان لیا
دل نے دیکھا نہیں اس پر تجھے پہچان لیا

درد دیتا ہے جو سیانی تو تردد کیا ہے
جام پر دامن تر رکھ کے ذرا چھان لیا

زہر کیا چیز اک مخمور دوا ہے ناصح
میں نے جس بات کو اب ٹھان لیا ٹھان لیا

خون کی چھینٹیں جو اڑیں حلق بریدہ سے ترے
اوس نے دامن کو عجب ناز سے گردان لیا

توڑ کر پائے تعلق ترے در پر بیٹھے
خوب جب ہم نے بیابان جنوں چھان لیا

جب قیامت کی کڑی دھوپ سے عاجز ہوئے ہم
سایباں دامن رحمت کا ترے تان لیا

رکھ کے پشتارہ گناہوں کا چلے سوئے عدم
اس سفر میں نہ زیادہ کوئی سامان لیا

میں فدا لغزش رفتار پہ اپنی اے شاد
دور سے دیکھ کے اس نے مجھے پہچان لیا

www.urduchannel.in

رنج کر لیں ہوسیں عشق کو تو کب سمجھا
وائے ہو تجھ پہ کہ مفرد کو مرکب سمجھا

تجھ شکایت نہیں یہ بھی مری قسمت سا تی
تو بھی پیمانہ خالی کو لبالب سمجھا

نامۂ شوق ترا شیخ نے دیکھا نا حق
آپ جیسا ہے اسی طرح کا مطلب سمجھا

استعدادات پہ تیری اداؤں کی بنا
یہ سمجھ ہے جو مری بھیک تو میں سب سمجھا

جسطرح ہو شب فرقت کو گذار طبل ہنسکر
اب تو میں نے بھی اسی بات کو اب سمجھا

درد جس نام سے بڑھتا ہے اسی کی رٹ ہے
میں دل رسیدہ کا نہ مطلب سمجھا

کون پردہ میں ید اللہ کے ہے تیغ بہ کف
کس پہ یہ دست درازی ہے نہ مرحب سمجھا

خود بخود کھنچ کے شاد اور مرے قدم
آج میں اوسکے خط شوق کا مطلب سمجھا

تکلف کیا شہیدان جفا کے خون گردن کا
نہ آلودہ کیا دامن اگر اوس پاکدامن کا

کوئی صہبا کشی میں طاق کوئی مے پرستی میں
خرابات مغان میں جمع ہے استاد ہر فن کا

نمود جسم ظاہر کو یہاں واں جسم باطن کو
اگر سمجھو تو پیری میں بھی ہے عالم لڑکپن کا

خزاں کے ہاتھ سے آسودگی دل کی نہیں ہوتی
ہمیشہ لالہ کوں رہتا ہے گوشہ اپنے دامن کا

کہو بلبل سے آتی ہے بہار اب تو سنبھل بیٹھے
قریب آیا زمانہ نالہ و فریاد و شیون کا

نظر بازی کا پیر آسمان کی خوف رہتا ہے
کیے رہتا ہوں ساغر پہ ہمیشہ سایہ دامن کا

وہ زلف مشکبو کیونکر نہ ہو کانوں کے بالونسی
سبب کھلتا نہیں اے شاد اپنی دیکھی الجھن کا

کوئی سبب نہیں دشمن ہو کیوں فلک تیرا
اس امر خاص میں اے دل بجا ہے شک تیرا

کروں تجھ پہ مباہات کسطرح اے دوست
ہوا نظیر نہ دنیا میں آج تک تیرا

مقام رشک ہے کیونکر تجھے پکاریں شاد
بہت سے ناموں سے ہے نام مشترک تیرا

دام ہم رنگ زمیں لیتے تاک میں صیاد آیا
پھول کھلنے بھی نہ پائے تھے کہ میں یاد آیا

کس سے کس سے نہیں شرمندہ ہوئی دیدۂ شوق
تو جو ہنگامہ محشر میں مجھے یاد آیا

خیریت بلبل شیدا کی خدا سنوائے
آج کیوں باغ سے روتا ہوا صیاد آیا

شاد ایسے میں نہ توڑا تھا بھلے کو میں نے
پھول پر ہاتھ بڑھایا تھا کہ دل یاد آیا

دل اس گلی میں جا کے نہ یوں بے سبب رہا
ذرہ کی کیا بساط ہے میں جا کے دب رہا

www.urduchannel.in

گستاخ تھا پہنچ گیا پروانہ شمع تک
میں بدنصیب تھا مجھے مانع ادب رہا

طوفاں کا ظلم ایک طرف۔ موج اک طرف
جس وقت تک حباب رہا جاں بلب رہا

زاہد سے جب سنو تو زباں سے نہ ذکر حور
نیت ہوئی خراب تو ایماں کب رہا

اے شاد بعد مرگ ہی دل پر مجھے عجب
کیونکر عدم میں جا کے یہ دنیا طلب رہا

رہے گا ورد زباں آوروں کو نام تیرا
سند ہوا فصحا کے لیے کلام تیرا

ہوئے خموش لیا جب کسی نے نام تیرا
خوش اعتقاد ہیں کرتے ہیں احترام تیرا

مطیع عشق بنایا ہے ایک عالم کو
کہاں کہاں نہیں جاری ہے حکم عام تیرا

وہ ولولے نہ رہے وہ صفائیاں نہ رہیں
مگر دلوں میں نہیں اندنوں مقام تیرا

نہ اضطراب ہے باقی نہ بے قراری ہے
انہیں تو موت نے بھیجا ہے یا پیام تیرا

بھی کو آ کے ترے جا کے بھول جاتی ہیں
جو نام صبح سے رٹتے ہیں تا بہ شام تیرا

تو ہی بتا کہ رسائی ہو شاد کی کیونکر؟
کمند آہ سے اونچا بہت ہے بام تیرا

دلکے پار سمجھ عاشق شیدا اپنا
دیکھ اس آئینے میں بے پردہ تماشا اپنا

ہر طرف ہے وہی ہر شے میں ہے جلوہ اسکا
ترک نغمت جو کروں ترک ہے گویا اسکا

چشم بینا میں کہاں کھلتی ہے دو دنکی بہار
گل جو کھلتے ہیں تو ہنس دیتا ہے شیدا اسکا

نہ ملے گا کبھی یوں ہو نا ہمبر و
ڈھونڈھ لیگا کسی تدبیر سے جویا اوسکا

اپنی ناکامی کا کیا ذکر مگر حشر کے دن
کیا قیامت ہے کہ منہ دیکھیگی دنیا اسکا

ہو خفا اس سے تو جاؤ کدھر اسکا عاشق
باغ اسکا ہی جو اے شاد تو صحرا اوسکا

پھر خضر کیلئے تیری یکتائی میں پیدا ہوتا
کچھ سہارا ہوتا جو کوئی وہ بھی بچی سا ہوتا

جسم خاکی کے تعلق نے گرانبار کیا
کاش میں راہ میں تیری تن تنہا ہوتا

میں تو اک حسرت واندوہ کا پتلا ٹھہرا
بھول جاتا مجھے پر تو نہ بھولا ہوتا

تیری غفلت کا وہ عنوان آتا ہی دل کہتا ہے
بھولنا میں بھی اگر وہ مجھے بھولا ہوتا

درد والفت سے قوی ہوتی ہے روح اس تن میں
اور بڑھتا یہ مرض شاد تو اچھا ہوتا

تو شاہ وقت کہ عالم میں تو ہی تو ہو گا
جدھر کو آنکھ اٹھاؤ مقام ہو ہو گا

www.urduchannel.in

کبھی تو آپ کے حسرت زدہ سمجھ لیں گے
کبھی تو موقع اظہار آرزو ہوگا

جواب ہم تیری باتوں کا کیا ابھی پوچھیں
خدا کرے علم بے کیا طرز گفتگو ہوگا

خیال رنج نہ دے گا اجازت گفتار
ترا غبار مجھے سرمۂ گلو ہوگا

کبھی تو یاد کرو وہ بھی دن کہ جباے شاد
بغل میں دفتر غم یار روبرو ہوگا

آسماں نے بھی اسی چال کو مانا ہوگا
چلتے چلتے یہ ہے تاکید کہ آنا ہوگا"!

روح چھپتی ہے جو آتا ہے عدم کا مذکور
موت کہتی ہے مقرر تجھے جانا ہوگا

زندگی یک نفسہ اے شاد عداوت کرلے
میرے مرنے پہ مدار زمانا ہوگا

جتنے مذہب ہیں سبھی ایک میں آخر کام نکلا
جتنی فلسفہ مدعا برآیا نہ کچھ دلیلوں سے کام نکلا

امانت غم کے سونپنے کو قضا جب آئے خالی ہوئی
جو سب سے عاجز تھا اس گلی میں اسی پہ ہونکا نام نکلا

جلو میں مغاں سا رہبر بغل میں ساقی سا خضر ہو
بڑے تکلف سے آیا ساغر بڑے تجمل سے جام نکلا

کبھی تو ہم دیکھو لے اجلے نہ لے صبح کے دکھوڑا
نہ سخت باتیں بات آئیں نہ کلمے منہ سے کلام نکلا

ابھی تو مخمور کا حال سنکر دلونکا کچھ تو ہے سہارا
کہاں ہونکا پھر کہاں کا جو وہ بھی شور و خروش نکلا

ہمیں نالہ کی آرہی ہے کہ مفت بیگانہ میں ہو بدنام
سنیگا عالم میں کون اسکی جو لیکے دلکا بیان نکلا

پئے کبھی مست ہوکے میکش کبھی جھکے کبھی چلے کے پاؤں خم پر
جو آئے مسجد سے میکدہ میں وہی سجود و قیام نکلا

بڑا تعجب ہے شاد پر یہ وہ شاد سب جسکو جانتے ہیں
اسی کو سمجھے تھے لاابالی وہ شیخ بیت الحرام نکلا

زمانہ چاہیئے دلکو کہ حاصل ہو ناز اسکا
بہت دیر آشنا ہے اے جبیں شوق نیاز اسکا

عدی مجنوں کی تیرے بار خاطر ہو تو ہو لیلے
اٹھائے ہیں مزا صحرا نورد ان حجاز اسکا

چھوڑے جستجوئے یار خضر شوق سے کہدو
کسی دن خود لگالے گی پتہ عمر دراز اسکا

جفا و مہر میں بھی فرق کرنا سخت مشکل ہے
وہ خود چاہیں تو ہو عاشق کو حاصل امتیاز اسکا

نگاہ فتنہ خو کو آج تک بھولا نہیں ہوں میں
وہ صفا کی وہ مے کی وہ جمال کی وہ ناز اسکا

کہاں تاب طاقت ہے کہ ہم فضل و ہنر کہولیں
دل کی محفل نشیں کے ساتھ مدت سے ہے آوارہ

اب اسکا ذکر کیا قاصد پہ جو گذری وہ ہو گذری
نہ کہنا اس خبر کو شاد سے دل ہے گداز اسکا

www.urduchannel.in

ہے دیدۂ حیرت کا سب درد و الم نسیاں کہنا
وا تو نہیں دہن کر ہونٹ اپنے کچھ سو جی او نکا ہنسنا

اوصاف وہ ہتھیلی ہے آنکھ شرما کے چھپانا آنکھوں کو
برچھی کا ادا کی چل جانا اوس تیر نگہ کا رہنا

ہم باغ میں ناحق آئے تھے بلبل کی حکایت کیا کہیئے
منقار کو رکھ کر کلیوں پر کچھ اپنی زباں میں کہنا

سن اپنی دل نالائی ہمیں بیکار بگاڑیں کام اپنا
وہ ظلم کریں ہا جور و ستم آئے شاد ہمیں تو سہنا

دل اپنی طلب میں صادق تھا گہرے کے سوئے مطلوب گیا
دریا سے موتی نکلا تھا دریا ہی میں جا کر ڈوب گیا

احوال جوانی پیری میں کیا عرض کروں کہ قصہ ہے
وہ عزت کی وہ خلق گئی۔ انداز گیا اسلوب گیا

کیا اسکا سبب میں عرض کروں واقعہ ایسے پیش آئے
میں رہتا ہوا آیا تھا یہاں جب یہاں سے گیا مرعوب گیا

طاقت تو گئی آنے سے تصویر کا عالم رہتا ہے
وہ آخر شب کی آہ گئی وہ نعرہ یا محبوب گیا

مشہور بلقب شاد سبھی ناصف عشق کے اسکے تھے
صد شکر جہانگی محفل سے آخر وہ سگ معیوب گیا

رسمیت ہے نام تیری فرقت کا
کچھ بھکانا ہے اس مصیبت کا

حال دل سب بیان کروں کیونکر
حشر کل ایک دن ہے مہلت کا

کہتے ہیں اس جہاں کی صورت گر
پھول چرا ہے تیری صورت کا

عیش و عشرت کہاں نصیب اے شاد
ساتھ رہتا ہے اب تو حسرت کا

جب اہل ہوش کہتے ہیں افسانہ آپ کا
ہنستا ہے دیکھ دیکھ کے دیوانہ آپ کا

سینے سے جب جدا نہ ہوا دل تو تا قفس خود ٹوٹ گیا
اک عمر سے تھی تکلیف جسے کل شکوہ وہ قیدی چھوٹ گیا

یہ خیال چاہیئے ناز کو یہ محل سمجھ لے حجاب کا
مری آہ نہ کہنی اگر تو گلہ عبث ہے نقاب کا

ترے عاشقوں کی بھلی کہی یہ امنگ ہے تری عشوہ میں
کہ وہ کام کرتے ہیں شیب میں جو مقتضا ہی شباب کا

جو امید وار ہو وصل کا کہو اس جمال سے کیا کیا
کہیں داستان ہی ناز کی کہیں تذکرہ ہے حجاب کا

وہ جو مرگئے ترے ہیبتاں وہ ہیں تیری ہی حاضر
نہ کریں شکر لواب کا نہ گلہ کریں گے عذاب کا

یہی آرزو ہے ملیں اگر مجھے شاد مجلس وعظ میں
کہیں اُنسے کانیں جھک کے ہم کہ چلیں کہا جو جناب کا

سراپا یاس ہوتا جا سراپا درد ہوتا جا
جہاں تک بن پڑے اے جسم لاغر زرد ہوتا جا

غضب میں ہو کی وفات بسر اے عمر گریزاں کچھ نہ کیا
جانے کا ارادہ کی تو ہی تہہ جانکاہاں کچھ نہ کیا

تکلیف کیسکو گر پہونچی تو اس میں تکلف کیا نکلا
حیران رہ گر قاتل کو تو دیدۂ حیراں کچھ نہ کیا

www.urduchannel.in

کچھ ضبط سے اپنے کام آیا بات آگئی آخر کہنے میں
سب جی کی جی ہی میں رہی التجا نہ کیا

غربت پہ بلا لیگا انکو یہ خام خیالی ہے دل کی
وہ گھر میں کریگا کیا اگر جسنے سر میداں کچھ نہ کیا

اے تنگ جہاں اے شادمنیں کچھ شرم بھی اسکی ہے کچھ
اے جہل مرب اا دعیواں اے بیخبر انساں کچھ نہ کیا

غصب ہے یار کا صورت دکھا کے رہجانا
پھرا کے ناز سے رخ مسکرا کے رہجانا

عجب حسن نہیں بخت کی ہے کوتاہی
سوال وصل کا ہونٹوں تک آکے رہجانا

یہ جسم شاد کسی طرح پاک تو ہو جائے
گلی میں یار کی جانا تو جا کے رہجانا

کچھ کہے جاتا تھا عرق اپنے ہی افسانے میں تھا
مرنے والے ہوش باقی تیرے دیوانے میں تھا

دون کی پیتا ہوا لیتا ہے نام کیا کہوں
متقی ساقی سے بڑھکر کون میخانے میں تھا

لے کے پروانے کا جلنا۔ وہ رونا شمع کا
میں نے رو کا ورنہ کیا آنسو نکل آنے میں تھا

دیکھتا تھا جسطرف اپنا ہی جلوہ تھا عیاں
میں تھا دنیا میں وحشی آئینہ خانے میں تھا

دیر تک میں ٹکٹکی باندھے ہوئے دیکھا کیا
چہرۂ ساقی نمایاں صاف پیمانے میں تھا

مدتے مدتسے رویا کرتے تھے اکثر قصہ خواں
آگ تھی ترکیب کا دل اپنے افسانے میں تھا

خود غرض دنیا کی حالت قابل نفرت تھی شاد
لطف ملنے کا نہ اپنے میں۔ نہ بیگانے میں تھا

دیا جو عشق مجھے تو نے سرفراز کیا
ہر ایک صفت سے مرے دل کو بے نیاز کیا

نیاز مند مجھے۔ تجھکو بے نیاز کیا
ازل میں عشق نے طینت کا امتیاز کیا

جو میکدہ سے چلا رخ سوئے حجاز کیا
نہ خوش ہو کیوں مری مستانہ چال پر ساقی

لحد میں پاؤں غریبوں نے اب دراز کیا
کٹی تھی عمر صعوبت میں مرنے والوں کی

کہ میکدہ میں کسی نے نہ امتیاز کیا
کچھ اسطرح سے چھپائے تھے اپنی مستی شاد

زبان پہ مرتے ہوئے انکا نام آ ہی گیا
وہ ایک خلوص جو تھا دل میں کام آ ہی گیا

خدا کے باب میں آخر کلام آ ہی گیا
کہا تھا میں نے کہ واعظ تو ذکر چھیڑ

ہزار ضبط کیا لب پہ نام آ ہی گیا
تھا راز مدتے درد دل نے کھول دیا

سنا کہ ذکر حلال و حرام آ ہی گیا
کل آپڑا تھا جو رندوں میں زاہد نادان

کٹا پہاڑ سا دن وقت شام آ ہی گیا
وصال شاد مبارک ہو کہو لیے روزہ

www.urduchannel.in

لعب کیونکر نہ بطلبیں رسا۔ معجز قسم میرا
عصا موسےٰ کی کا تمغہ ید بیضا کی تسلیم میرا

ہے یا جائے وہ دونوں حالتیں یکساں ہیں کیا فرق
نہ تیغ اپنی۔ نہ صبر اپنا۔ نہ دل میرا نہ غم میرا

جہاں روشن ہے جس سے داغ سینہ مثل لالہ خودرو
چہ حسرت کیوں نہ منہ دیکھا کرے شمع حرم میرا

ہوا کہنائی ہے ایک مدت یہ میدان معانی کی
کہ رو کے اب نہیں رکتا کلک تیزدم میرا

مجھی سے زندگانی فن شعر و شاعری کی ہے
فغیمت اس عظیم آباد میں ہے شاد دم میرا

جانے بھی دے محل یہ نہیں کبر و ناز کا
آخر ہے رات وقت ہے راز و نیاز کا

قید مکاں سے مجھ کو چھڑایا عتاب نے
شہر سندہ میں نہیں نگہ دل نواز کا

عالم کو خواب بند ہیں نیرنگ ساز یاں
اس میں تصور کیا نگہ فتنہ ساز کا

جکڑے ہوئے ہیں دونوں جہاں تیرے بوقلط
اللہ رے سلسلہ تری زلف دراز کا

وہ نگاہ ناز جو پلٹی تو دیکھنا
منہ دیکھتی رہے گی حقیقت مجاز کا

دیکھا تو ہوگا ہم نے ازل میں ترا جمال
لیکن وہ کوئی وقت نہ تھا امتیاز کا

اللہ رے بلندی بام ثنائے دوست
جھک جھک گیا ہے سر قلم سرفراز کا

ترک امید بھی مری آنکھوں میں ہے امید
اے یاس حوصلہ نہ یہ ہا انیاز کا

غفلت میں زندگی کا زمانہ بسر کروں
خمیازہ میں اوٹھاؤں کہے خواب ناز کا

کس طرح دل کو فتنۂ محشر کا ہو اثر
ہنگامہ یاد ہے تری رفتار ناز کا

مطلب نکال لے یہ کہاں آہ کی مجال
اس کا تو کام ہے فقط افشائے راز کا

شاید صف نعال میں تھوڑی سی جا ملے
اے شاد ہم بھی رہتے ہیں دعوا نیاز کا

تجھ میں پوشیدہ دل نالۂ غماز بھی تھا
کیا سمجھتے تھے کہ اک خانہ برانداز بھی تھا

ٹھوکریں کھانے لگا کاسۂ سر گلیوں میں
اس سے انکار نہیں پہلے سرافراز بھی تھا

جاؤ بیجا شب غم میں کئے ناحق نالے
یہ نہ سمجھے کہ کوئی گوش برآواز بھی تھا

سب یہ کہتے ہیں کہ اب حصر بھی ناممکن ہے
اس سے پہلے ترے غمزوں کا اک انداز بھی تھا

سادگی تھی مگر اوس نامے کے ہر فقرے میں
کچھ ادائیں تھیں کچھ انداز تھے کچھ ناز بھی تھا

شاد چپکی سی لگی رہتی ہے برسوں اب تو
وہی میں ہوں کہ کبھی زمزمہ پرداز بھی تھا

www.urduchannel.in

کسی طرح سے تو آئے ادھر خیال اپنا
ضرور چاہیے اون سے بیان حال اپنا

نگاہ ناز نے تفصیل تک نہ کرنے دی
ہزار حیف کہ مجمل رہا سوال اپنا

امید وصل ذکس کس کے گھر گئے نہ تباہ
مگر ہمیں بخدا کچھ نہیں ملال اپنا

کبھی تو دیر تلک آنکھ اشک خوں روئے
بخار کچھ تو خدا کے لئے نکال اپنا

کوئی تو روئے گا اے شاد اپنی محنت پر
کرے گی تو یاد کرے گا کبھی کمال اپنا

نکلجائے گا اکدن حوصلہ امیدواروں کا
دعائیں کھولدیں گی مدعا پر ہیر گاروں کا

بیابان جنوں میں رہ گئی منہ دیکھکر آخر
نہ پہچانا کسی نے گرد تو چابک سواروں کا

خیال یار کہتا ہے کہ دل نے جان از خود دی
کسی پھولے نہ پھولے راسمیں نہیں ہم غم گساروں کا

نہ چھیڑو داستان ہجر کو دیوان محشر میں
خدا کے واسطے پردہ نہ کھولو شرمساروں کا

بہت تو ڑا ہے دل اے شاد تب ہمت ہوئی حاصل
کیا تقصان خود اپنا کیا بگاڑا میں نے زیادوں کا

جو اپنے آپ میں میرا دل حزیں ہوتا
تو کچھ مقام تردد نہ تھا کہیں ہوتا

بہت سے تنگ ترے دیدار میں بتا دیتے
کہیں کا میں نہ رہا تھا اگر یقیں ہوتا

بڑا غضب تھا اگر کوئی نکتہ چیں ہوتا
کیا زبان نے مری بیخودی میں شکوۂ یار

جو شوق وصل مٹاتا دل فراق نصیب
تو مستحق صد احسنت و آفریں ہوتا

ہمیشہ غنچۂ خاطر مرا کھلا رہتا
جو شاد بزم میں حافظ کا ہمنشیں ہوتا

نالہ فرقت میں بے ہراس کیا
کچھ فلک کا نہ دل نے پاس کیا

دست وحشت کا ہو بھلا یارب
پرزے پرزے مرا لباس کیا

زیست کو اپنی موت سمجھے ہم
موت پر زیست کا قیاس کیا

عقل سے بڑھ گیا جنوں اپنا
ہوش نے اور بے حواس کیا

نقد الفت ہے اب نہ درہم و داغ
سب کچھ اے شاد تو نے ناس کیا

دن بھی تھا ہو کا جو پر جوش ہوئی دھوپ
اب چار طرف دیکھ کے خاموش ہوئی دھوپ

جلوہ ترا دیکھا کہ جو خاموش ہوئی دھوپ
موسیٰ کی طرح گرتے ہی بیہوش ہوئی دھوپ

مضمون سرافرازی پا پوش ہوئی دھوپ
تارے جو کرے چھوٹے زر پوش ہوئی دھوپ

سلہ مراد از حکیم سید احمد شاہ مرحوم

www.urduchannel.in

کیا کیا عرق آیا جو ہم آغوش ہوئی دھوپ
اپنی تو قیامت میں خطا پوش ہوئی دھوپ

چلتی ہے بے پاؤں ادب کوش ہوئی دھوپ
سایہ ترا دیکھا کہ جو خاموش ہوئی دھوپ

آئی شب غم عقل فراموش ہوئی دھوپ
سایہ کہیں بہا گا کہیں روپوش ہوئی دھوپ

ماتھا مرا اٹھنا تھا اسی وقت شب غم
شام آتے ہی چپکے سے جو روپوش ہوئی دھوپ

ماتم میں کسی میکش مغفور کے ساقی
یہ ابر نہیں بلکہ سیہ پوش ہوئی دھوپ

جنت میں بھی داخل ہوئے ہم آپ ابد تک
اے گرمی محشر نہ فراموش ہوئی دھوپ

سبزہ کیطرف دیکھ تو اے روز جدائی
بس حد کی یہ تابش ہے کہ خش پوش ہوئی دھوپ

شعلے ہوئے جہنم کے کہ دوزخ کے زبانے
دیکھا ہے کچھ ایسا ہی جو خاموش ہوئی دھوپ

بلبل نے نشیمن سے خفا ہو کے خزاں میں
تنکے یہ گرائے ہیں کہ خس پوش ہوئی دھوپ

بچھڑے ہوئے یار دل کو بہت دن میں جو پایا
کس جوش سے محشر میں ہم آغوش ہوئی دھوپ

رہیے میں نہ کیوں اپنا سامنہ لیکے یہ دنیا
سایہ کی مراد آئی جو روپوش ہوئی دھوپ

غافل کہیں ایسے میں دبے پاؤں سرک جا
سایہ سے کہو مجلس خاموش ہوئی دھوپ

اس پاؤں پہ سر رکھدیا سورج کی کرن نے
قربان زر افشانی پا پوش ہوئی دھوپ

اغار کو میں سورج کے شرمندہ ہوں ساقی
مجھسے تو کہیں پہلے قدح نوش ہوئی دھوپ

یاد آگیا اس مہر سے مجھ زار کا ملنا
سایہ سے جو آتے ہی ہم آغوش ہوئی دھوپ

پینے لگے جب تاک کے سایہ سے نکل کر
منت کش یاران قدح نوش ہوئی دھوپ

چل جلد سویرا ہے پہر آساں نہیں چلنا
تیز اور اگر اے سہر دندی ہوش ہوئی دھوپ

شام شب وصل آتے ہی کیا دور کی سوجھی
گیسو جو بندھے یار کے روپوش ہوئی دھوپ

کس مہر نے بیغ رخ تاباں سے اوٹھایا
روشن صفت صبح بنا گوش ہوئی دھوپ

کیا کیجئے ناطاقتی جسم کا مذکور
بس چپ ہے کہ اب بار سر دوش ہوئی دھوپ

پینا ہو تو اک شب مہتاب میں تسکو
لو بادہ کشو آؤ کہ روپوش ہوئی دھوپ

پردہ جو اوٹھا رخ سے بڑھی اور تجلی
شرمندۂ احساں بنا گوش ہوئی دھوپ

یاد آگئے سب روز جدائی کے فسانے
جب حشر کے دن ہمسے ہم آغوش ہوئی دھوپ

www.urduchannel.in

حیراں ہوں شایق تھے کس آواز کے اے شاہ
کچھ تم سے بھلا کیوں ہمہ تن گوش ہوئی دوست

محو ہیں اپنی جگہ آسو و گان کوئے دوست
آرزو دل میں ہے - دل آنکھ نہیں آنکھیں سوئی دوست

زندگی تا چند محراب دعا میں کاٹئے ؟
کاش اکدن فرج کر چھوڑے خم ابروئے دوست

نکلے آتے ہیں مزے میں سے ہوا کس کس نگہ کے !
شعبدے دکھلا رہی ہے نرگس جادوئے دوست

لاشۂ عریان عاشق کا کوئی دیکھے وقار
ڈھانکتی ہے اد ڈھکے کس الف سے خاک کوئے دوست

دیکھئے کب ہو پذیرا ہم گنہگاروں کی عرض
دل دھرے ہاتھوں کے اوپر یہ نظر کی سوئے دوست

کس کی قدرت کون سمجھے ان اشارتوں کو بھلا
خلوت اسرار دل ہے - گوشۂ ابروئے دوست

دہر میں کیا کیا ہوئے ہیں انقلابات عظیم !
آسماں بدلا زمیں بدلی - نہ بدلی خوئے دوست

کس خوشی سے تہنیت دیدیکے یوں کہتا ہے دل
وصل کی شب ہے مبارک دست کو بیلوئے دوست

شاد اے عشق یونہی شک میں پڑا رہتا ہے
ہم انہیں آنکھوں سے اکدن دیکھ لیں گے روئے دوست

کل انہیں ہاتھوں کو دیکھو گے گریباں صبح
کیا رہا تم سے سکی ہے آج کو تا خیر صبح

یا حقیقت میں ہے باقی رات اب تک اے فراق
یا دبا شور فغاں میں نعرۂ تکبیر صبح

حسن پر آشوب جاناں کو نہ دیکھا ہو تو دیکھ
اک یونہی سا ہے نمونہ حسن عالمگیر صبح

کیوں دلا بانگ موذن ہے کہ شور پاسباں
فی الحقیقت صبح ہے اے چشم یا تندیر صبح

پھینی پھینی بو گلوں کی لے چلی باد صبا
عطر بیزی دشت میں کرنے لگی تاثیر صبح

جب شب غم کی درازی لے چلی جان غریب
تب سنا اللہ اکبر نعرۂ تکبیر صبح

باز آئی وصل کی شب بھی نہ اپنی چال سے
چاندنی میں چھپکے آئی دیکھنا تندیر صبح

کچھ تو میرا ساتھ دے اے شمع رو نے میں ابھی
یوں نہ کہہ اخوند بجھا دی جئے تا خیر صبح

جھومتے ہیں نیند سے ساقی ترے شب زندہ دار
چونک جائیں گر صبوحی بھر کے دے تو یہ صبح

گر مرا خون تمنا بھی شفق میں مل گیا
رنگ نو پیدا کرے گا صفحۂ تصویر صبح

کھل رہے ہیں سوسن و نسرین و ریحان و انار
نور تن پہنا گئی ہے باغ کو تا حشر صبح

منشی گردوں نے لکھی ہے عجب تحریر صبح
ہم تو عبرت نامۂ عالم سمجھتے ہیں اسے

اے صبا چونکا نہ خواب ناز سے وہ گلبدن
رہ گئی منہ دیکھ کر حیران کی تصویر صبح

www.urduchannel.in

جس طرف آنکھیں اُٹھاؤ عالم تصویر ہے
چھوگئی سارے جہاں پر حسن عالمگیر صبح

پھر گئے راستے سے وہ گرد و غبار دیکھکر
رہ گئی میری بیکسی سوئے سوار دیکھکر

رنج و الم میں کون ہے ساتھ بلا نصیب کا
چھوڑ دیا امید نے دل کو نگار دیکھکر

گذرے ہوئے گلوں کی شکل آنکھوں میں پھر گئی
اور بھی دل تڑپ گیا ابکی بہار دیکھکر

وصل و فراق کی خبر کچھ بھی نہیں بتاؤں کیا
جاگی تو جودی یہاں سے رہ دیکھکر

شاد خلش جو دل میں تھی اُسکا بیاں کو نہیں کیا
اونکے گلے میں صبح کو رات کا ہار دیکھکر

حُسن اگر ہو تو خود نمائی کر
چھوڑ دے بندگی خدائی کر

صفت نیک کو نہ کر بدنام
پارسا ہو تو پارسائی کر

بدنما ہو چلے ہیں ناخن غم
خونِ دل سے انھیں حنائی کر

لے کے قاصد پیام یار آیا
دیکھ لے روح پیشوائی کر

جب اُس آئینہ رو کی ہے یہ خوشی
شاد جا غیر سے صفائی کر

ریاضت پیشگاں بادفا کی شان پیدا کر
جو راحت چاہتا ہے دلمیں اطمینان پیدا کر

ہے جو یاس سے محفوظ ڈھونڈھ ایسی تمنا کو
نہ ہو حسرت کا جسکو خوف وہ ارمان پیدا کر

گراں قیمت خدا کو کہتے ہیں عاشق تو جانے دے
جہاں یہ جنس سستی ہو وہی دوکان پیدا کر

تلاش مذہب حق ہو رہے گی اس کی جلدی کیا
صداقت کھو گئی ہے اسکو تا امکان پیدا کر

یہ مانا اوس حسیں کو شاد الفت تجھسے ہے لیکن
ابھی کچھ تجربہ اس فن میں اے نادان پیدا کر

میں شاد تنہا اک طرف۔ دنیا کی دنیا اک طرف
سارا سمندر اک طرف۔ آنسو کا قطرہ اک طرف

اُس آفت جاں کو کبھی پردہ اوٹھانا ہی نہ تھا
اک سمت عیسیٰ دم بخود۔ غش میں ہے موسیٰ اک طرف

ساقی بغیر احوال یہ پہونچا ہے میخانے کا اب
جام اک طرف سرنگوں۔ خالی ہے صہبا اک طرف

دیدار جانانکا بھلا کیونکر تحمل ہو سکے
ترچھی نگاہیں ایک سو۔ زلف چلیپا اک طرف

وہ تیغ لیکے کہتے ہیں "دیکھیں تو حق پر کون ہے"
ہم اک طرف۔ شاد اک طرف۔ سارا زمانہ اک طرف

سر پہ کلاہ کج دھرے زلف دراز خم بخم
آہوئے چشم ہے غضب ترک نگاہ ہے ستم

چاند سے منہ پہ خال و خط ایک فتن پہ ایک پیچ
اُس سے خرابی عرب اس پہ تباہی عجم

www.urduchannel.in

عشوہ و غمزہ و ادا۔ غمزہ کرے جو بے جہری
نازدہ و ستم دغا۔ رحم کی جس کو ہے قسم

وقت عزیز جو گیا اس کا محال ہے وجود
جتنے۔ مارے طے کیے طے ہوئی منزل عدم

مرگس پرخمار یار کرتی ہے کام زہر کا
بادہ خوشگوار میں گھول دیا کسی نے سم

طول کلام بے محل شاد اگرچہ عیب ہے
لیکن کچھ اور حال دل حیف کہ رہ گیا قلم

ڈھونڈھو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

میں حیرت و حسرت کا مارا خاموش کھڑا ہوں ساحل پر
دریائے محبت کہتا ہے آ کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم

یہ دلیں تڑپتے جی ہر کر پر ضعف نے مشکیں کس دی ہیں
ہو بندِ نقابِ تش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم

اے شوق بتہ کچھ تو ہی بتا اب تک یہ کرشمہ کچھ نہ کھلا
ہم میں ہے دل بیتاب نہاں۔ یا آپ دل بیتاب ہیں ہم

مرغانِ قفس کو پھولوں نے اے شاد پہ کہلا بھیجا ہے
آجاؤ جو تم کو آنا ہو ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم

دل ہی میں رہے پیچ صبا دل کی اس آرزو کو ہم
دیوے نہ سکے پیام کچھ طرۂ مشکبو کو ہم

اون کے پیام پر دلوں ہے تو بہیں بہت مگر
رکھ رکھیں کہاں تک جان بہانہ جو کو ہم

اشک بہرائے جس جگہ اٹھے اس مقام سے
آج تلک بچائے ہیں عشق کی آبرو کو ہم

سینہ تنگ ہو گیا دامن دشت سے فزوں
دل میں بہت لیے رہے عشق کی ہاؤ ہو کو ہم

شاد بہت ہیں غفلتیں نیم میں اہل بزم کو
دیتے ہیں غزل کسی مطرب خوش گلو کو ہم

قابل بیاں کے ہجر کی روداد بھی نہیں
پوچھو تو کہتے ہیں آپ تو اب یاد بھی نہیں

بدعہد وہی۔ بلکہ دل آزار وہی ہیں
سب کچھ ہیں۔ مگر پھر مرے غمخوار وہی ہیں

لعنت ہیں حسرتیں جو دلا انتہا کی ہیں
آخر شادیاں یہ کسی آشنا کی ہیں

اُنھیں دیکھو کہ اب تک غفلتوں سے کام لیتے ہیں
ہمیں دیکھو کہ بے دیکھے اونھیں کا نام لیتے ہیں

نکلکر دلسے جسدم آہ سینے میں اٹکتی ہے
مرلیضان جفا جھک کر کلیجہ تھام لیتے ہیں

ہوا نا سور سینے میں تو دل ہنس ہنس کے یوں لا
اُدھر ہم کام کرتے ہیں اُدھر انعام لیتے ہیں

گریباں پھاڑنا سیر چمن تا حق سکھاتی ہے
انھیں ہاتھوں سے میکش میکدہ میں جام لیتے ہیں

نظر بھر کر کہاں ساقی کی آنکھیں دیکھنے پائیں
یہ تہمت مفت کی رندانِ مے آشام لیتے ہیں

نئے غم میں پھنسانا ہی فلک اے شاد یا قسمت
اگر بھولے سے نام راحت و آرام لیتے ہیں

www.urduchannel.in

میں اور سیر لالہ و گل ہجر یار میں
کیسی بہار آگ لگا دو بہار میں

ناز کرشمہ ساز کیوں غمزہ دلنواز کیوں
سب تو ہیں تیرے مبتلا کس پہ ہو امتیاز کیوں

ہم سے اگر ہوا ضبط ہم نے کیا جو کچھ کیا
تم سے اگر نہ تھما تو تو ہم سے بیان راز کیوں

قامت فتنہ خیز کو خواہش حشر کس لیے
بازئ نو کی فکر میں نرگس نیم باز کیوں

اسکے اُجاڑنے کی فکر خود ہمیں مدتوں سے تھی
دل کا مرے عدو ہوا نالۂ جانگداز کیوں

شاد سخن کی جان ہے نالہ و نغمہ و سرور
آپ تو شعر کہتے ہیں آپ کو احتراز کیوں

جسم کا ساتھ چھٹا آپ سے باہر ہم ہیں
اب تو اپنے لیے اک غیر سے بدتر ہم ہیں

زندگی جسکے سبب سے تھی وہ سب چھوٹ گئے
آج تک عالم اسباب میں کیونکر ہم ہیں

تھک گئے پاؤں گئی دربدری شکر خدا
اب یوں ہی تا بہ قیامت ترے در پر ہم ہیں

حسن و عشق ایک ہیں ظاہر میں فقط نام کا فرق
یہ اگر صحیح ہے تو کیا اسکے برابر ہم ہیں

تا قیامت رہے آئینہ سلامت یارب
ہر حسیں کہتا ہے یہ دعوے کہ سکندر ہم ہیں

کان مشتاق ہیں آنکھوں کی طرح مدت سے
دید و آواز کہ اس پردے کے اندر ہم ہیں

دشت امید کی جانب جو بڑھاتا ہوں قدم
موت آہستہ یہ کہتی ہے کہ سر پر ہم ہیں

عقل سے راہ جو پوچھی تو پکارا یہ جنوں
وہ تو بھٹکی ہوئی خود پھرتی ہے رہبر ہم ہیں

دل یہ کہتا ہے ہمیں دیکھ کتابوں پہ نہ جا
قدرت صانع مخلوق کے دفتر ہم ہیں

پھر تو ہو جائینگے بازار جہاں میں مہنگے
شاد ارزاں ہیں جبھی تک کہ میسر ہم ہیں

الفت میں تری پاک ہر الزام سے ہم ہیں
دل پاس نہیں ہے تو کس آرام سے ہم ہیں

جس چیز کو کہتا تھا برا صبح کو واعظ
بوتل میں وہی چیز بھرے شام سے ہم ہیں

افراط سے بچ جاتے ہیں جو کچھ بھی ہو کم ہے
شرمندہ بہت میکدہ و جام سے ہم ہیں

ہونٹوں سے نکالینگے کسی دن نہ تبسم
اتنا ہے کہ آلام ترے نام سے ہم ہیں

واعظ کو ملامت کے سوا کچھ نہیں آتا
واقف ترے مجموعہ احکام سے ہم ہیں

برغم مخالف سے گریزاں کریں کیا
مجبور ہیں مشہور اسی نام سے ہم ہیں

رسوا بھی صد نہ ہی تیری راہ میں ہے
حد ہے کہ خود ذلیل ہوں اپنی نگاہ میں

www.urduchannel.in

فلک کے بعد لحد پر وہ آکے روتے ہیں
کہاں کی چھیڑ نکالی ہے کہہ دو کہ سوتے ہیں

اک غم فقط نہیں ہے دل ناشکیب میں
ایسے پڑے ہوئے ہیں بہت اپنی جیب میں

سینہ ہے غم سے داغ داغ پہلو دل فگار ہیں
میری تو اصل کیا بھلا مجھ سے وہاں ہزار ہیں

اُنکو اسی سے شوق ہے ظلم کریں جفا کریں
یہاں ہی خوشیوں سے کام یہ نکریں تو کیا کریں

ہونگی نہ یاد اس سے بھی عشق میں جگ ہنسائیاں
دل نذر آپ مول لیں اپنے لئے برائیاں

حسرتِ عرضِ مدعا خوب ہوئی ہمیں نصیب
بات کا بھی نہیں جواب بول بے تری رکھائیاں

بٹکے کے لحد میں ہاں ولا چین کر اب تو حشر تک
اب کے جفا کی سختیاں تو نے بہت اُٹھائیاں

فصل خزاں ہے بد بلا اس سے خدا پناہ دے
منہ پہ صبا کے بھی گلو چھٹنے لگیں ہوائیاں

ترچھی نظر سے لیکے کام پھیر کے منہ چلے گئے
ہائے سے کم نگاہیاں ہائے سے کج ادائیاں

حشر میں رند تھے خموش نشۂ مے سے چھوٹکر
پیرِ مغاں کو دیکھ کر دینے لگے دہائیاں

وقت خدا نخواستہ پڑ جو گیا تو سب خلاف
شادؔ کہاں کسی کو یاد اگلی تری بھلائیاں

تمناؤں میں اُلجھایا گیا ہوں
کھلونے دیکے بہلایا گیا ہوں

نہ تھا میں معتقد اعجاز مے کا
بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم
میں آپ آیا نہیں لایا گیا ہوں

لحد میں کیوں نہ جاؤں منہ چھپائے
بھری محفل سے اُٹھوایا گیا ہوں

کجا میں اور کجا اے شادؔ دنیا
کہاں سے کس جگہ لایا گیا ہوں

کہاں گلوں کے وہ تختے وہ لالہ زار کہاں
بہار میں تو نظر لگ گئی بہار کہاں

نہ کیجئے مرے دل سے سخن محبت کے
ڈرا ہوا ہے یہ کم بخت اعتبار کہاں

چمن میں گل بھی ہیں غنچے بھی بلبلیں بھی ہیں
بہارِ عمر تھی جسسے وہ غمگسار کہاں

جو بار بار تقاضا ہے کچھ تو ہو معلوم
نکل کے جائے گی سینہ سے جانِ زار کہاں

کچھ اختیار ہے مالک عروج دے جس کو
وہ شب سیاہ کہاں روزِ اعتبار کہاں

گیا وہ وقت دلا آگ لگ گئی اوس میں
نصیب دیدہ حیراں کو انتظار کہاں

جو دل میں ہیں یہاں ہو دیکھیگا خواب میں بھی ہی
ہم اُٹھکے یار کو کیا ڈھونڈتے ہیں یار کہاں

www.urduchannel.in

ابھی ہستی کو غم و درد و مصیبت سمجھو
موت کی قید لگا دی ہے غنیمت سمجھو

تکیہ وعدہ پہ ہے سب چھوڑے ہیں تو خاک
حشر کا دن جو نہ آیا تو قیامت سمجھو

نقاب اک دن الٹ دینا تھا اس روئے دلارا کو
ہم اپنا سا بنا لیتے کبھی تو اہل دنیا کو

کرم پیر مغاں کا مجھ پہ ہے سب سے سوا لیکن
کف اغیار میں دیکھا ہے ان آنکھوں سے مینا کو

نگاہ شوق مجنوں فرش سے تا عرش جاتی ہے
کہاں تک پردہ محمل چھپائے روئے لیلا کو

لباس اہل تقویٰ پر نہیں کچھ منحصر واعظ
کہیں کیا ہم نے کس کس بھیس میں دیکھا ہے دنیا کو

زمانہ چاہتا ہے وزن تمہارے کا برابر ہو
گھٹا دیتا ہے اعلےٰ کو بڑھا دیتا ہے ادنےٰ کو

گھٹاؤں کے جھکے آئے ہیں اس سے روئے روشن پر
کہاں ہے آسماں صدقہ کرے عقد ثریا کو

جو آئینہ بحجاب اے شاد دیکھا چاہتے ہو تم
جلا دو اور بھی آئینہ قلب مصفا کو

جب میں کہتا ہوں گوارا مری ذلت نہ کرو
سر جھکا لیتے ہیں۔ کہتے ہیں "محبت نہ کرو"

ہے عطا تیری ہی کرم ترا دے تم کہ جسے دوام ہو
اگر اس میں کوئی کلام ہو تو بہشت مجھ پہ حرام ہو

یہ دکھی جیے جبتک جیئے جینا اسے کا ہے
پیئے جو سیر ہو کر رات دن پینا اسے کا ہے

تصور اس رخ صافی کا رکھ مد نظر فاداں
لگائے منہ جو آئینے کو آئینا اسے کا ہے

یہ بزم مے ہے یہاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسے کا ہے

قدم اپنا فراز ہمت عالی پہ رکھتا جا
جسے کہتا ہے زاہد عرش یہ زینا اسے کا ہے

بسر میکدہ میں بیخبر بیٹھکر جس کا
جو مینوشی میں کر دے صبح آدینا اسے کا ہے

کدورت سے دل اپنا پاک رکھو شاد پیری ہی
کہ جسکو منہ دکھانا ہے یہ آئینا اسے کا ہے

بدلی وہ وضع۔ طور سے بے طور ہو گئے
تم تو شباب آتے ہی کچھ اور ہو گئے

دیکھا کیے وہ مست نگاہوں سے بارہا
جب تک چلی شراب کئی دور ہو گئے

ہر چند بے خبروں میں نہ تھے بیخبر مگر
راضی تری رضا پہ بسر طور ہو گئے

سیر کر سیر جو ہے دیدۂ بینا باقی
جبتک آنکھیں ہیں جبھی تک ہے تماشا باقی

مجھ سے مایوس ہزاروں ہی خدا ہوں لیکن
تو سلامت ہے تجھ سے ہے تمنا باقی

جلوۂ یار کا ابتک بھی وہی عالم ہے
بیحجر طور نہ باقی ہے نہ موسیٰ باقی

www.urduchannel.in

صورت یار سے مقصود ہے قدرت اُسکی
دہن تنگ ہے کیا چیز حقیقت اُسکی

مے سے عرفاں کہیں مقصود کہیں عشق مراد
مطلب اس بزم سے بزم مے و دعوت اُسکی

مدعا موت سے اکثر ہے وصال محبوب
زندگی ہے کہیں مطلوب ہی فرقت اُسکی

جسکو کہتے ہیں جنوں تام ہے اُسکا عرفاں
عقل کے فہم میں کب آئی ہے حالت اُسکی

کہیں مستوں سے ہے مطلب عرفا و صلحا
وہی واقف ہیں کہ کیسی ہے عبادت اُسکی

لفظ کچھ اور ہے مطلوب یہاں ہے کچھ اور
دیکھنی چاہیئے نقاد کو حالت اُسکی

استعارے تو ہیں پر ہے ادبی کا ڈر ہے
کیونکہ اک طرح کی یہ بھی ہے عبادت اُسکی

شاد اشعار میں جس شخص نے رکھی ہے مراد
کاش لگ جائے ٹھکانے بخت اُسکی ہو

کچھ یہ کچھ منحصر نہیں ہے کہ رہے تک بے نشاں رہیگی
بتاؤں اے یکسی کہاں میں کہ میری حسرت کہاں رہیگی

بنا چلا ڈھیر راکھ کا تو بجھا چلا اپنی دل کی لیکن
بہت دنوں تک دبی دبائی یہ آگ اے کاروان رہیگی

تو کیا میں اے یاس بے بصر ہوں خدا نے آنکھیں مجھے نہیں دیں
اگر شب وصل ہے جہاں میں تو مجھسے مخفی کہاں رہے گی

جو اُسکی مرضی وہ اپنی مرضی ہے اگر مرے نہ سوچ ہے
ہمیشہ ہمکو ستائیگا دل ہمیشہ نوبت بجاں رہے گی

صبا نے وہ سبق پڑھایا کہ یاد رکھینگے جسکو طوطی
پڑھیگا ہر برگ اسکو فر فر یہ داستاں بر زباں رہے گی

کچھ ایک میں خاک ہو گیا تو مری تمنا وہ مبتلا ہے
کبھی نہ چھوڑیگی بے مثالے یہ مہر نوا یہاں رہے گی

ذرا تو اے چشم مان کہنا ذرا تو انصاف کر خدارا
بہو ہے سب خشک اپنے تن کا کہانتک خون افشاں رہے گی

ہزار کھنچ کر جدا ہو ہم سے ہمارہ دوری ہو میری تیری
جو اک کشش حسن و عشق میں ہے مرے ترے درمیاں رہے گی

بہار کی ہو گی آمد آمد ترانے گائینگی بلبلیں سب
جلو میں ہونگے گلوں کے تخت نسیم آگے رواں رہے گی

بہار اس میں بھی ہے نرالی ہزار پژمردگی ہو گلیں
نہو جوانی نہو بلا سے ہماری پیری جواں رہے گی

جو مانگیں ساقی سے جام مے ہم تو دو یہ موقوف کیا رہے گی
مصر جو ہے بار بار ابھی خود یہ بات باقی کہاں رہے گی

اجل سلا دیگی سبکو آخر کسی بہانہ تپک تپک کر
نہ ہم ہیں گے نہ تم رہوگے نہ شاد یہ داستاں رہے گی

مصاحب ظلم داں۔ مانوس شوق فتنہ گر ہم سے
لگائے ہیں ہی بخت سو ہر نسے ادھر ہم سے

ذرا کم ہو گیا تھا ضبط۔ پھر رو رہا اُمنڈ آیا
خدا جانے پھری بیٹھی تھی کب کی چشم تر ہم سے

کھ میں آکے بھی وہ گیا دل کوئی جاتا ہے
یہ منزل سخت تھی ایسی کہ چھوٹا ہمسفر ہم سے

www.urduchannel.in

نہیں کرتے احتیاذ کرتک نسلِ دمحنوں کا
چھپائی جاتی ہی الفت کے کشتوں کی خبر ہمسے

سمجھ لینگے اگر مسافر ہم اے شاد جا پہونچے
خبر تک بھی نہ کی اور بڑھ گئے سب ہمسفر ہمسے

نگاہیں ہیں کچھ ایسے ادا و ناز اُن کے
کہ بچتے جاتے ہیں لغزش سے پاکباز اُنکے

خدا کی شان کہاں میکدہ کہاں واعظ
کہ ہر ہیں آج وہ رندوں سے احتراز اُنکے

تجھی کو نزع میں پوچھا ترے خموشوں نے
اخیر وقت جب آیا چھپے نہ راز اُنکے

جنھیں نصیب ہوئی ہے تمھاری ہم بزمی
زمانے بھر میں ہیں مشہور امتیاز اُنکے

نظر اُٹھانے میں ہوتا ہی بازپرس کا ڈر
جھکائے رہتے ہیں گردن کو سرفراز اُنکے

مرے کلام کا جنکو مزا نہیں اے شاد
یقین مان کہ دل ہی نہیں گداز اُنکے

بھلا منظور ہو اپنا تو خدمت کر فقیروں کی
قضا کو روکدیتی ہے دعا روشن ضمیروں کی

جہاں میں ہر طرف حسن و جمالِ یار کا محل ہے
ٹھکانے سے رہے کیونکر طبیعت کو شہ گیروں کی

گذرگاہ جہاں میں آہ رو سب ایک سے کب ہیں
رہے جاؤ کبھی تو کوئی سُن لیگا فقیروں کی

قضا چھٹنے نہ دے اسکا تو کچھ چارہ نہیں لیکن
بلادیتی ہیں دل صیاد کا آہیں اسیروں کی

میں ویرانے کو اپنے جانتا ہوں تختہ آبادی
خدا آباد رکھے شاد تو یونہی ان امیروں کی

اگر کسے دوش پہ کبونکر نہ زلف ناز کرے
اُسی کے ہاتھ ہے وہ جس کو سرفراز کرے

بیک اشارہ نہ میں تھا نہ غیر محفل میں
اُن ابروؤں کی خدا زندگی دراز کرے

کچھ اور بزم میں اپنی دعا نہیں ساقی!
تری نگاہ کو اللہ پاکباز کرے

کہیں تو جام دھرا ہے کسی طرف ساغر
کہ ہر جھکائے سراسماں کہ ہر نماز کرے

بہت دنوں سے ہو خالی فقیر کا کشکول
بس اب نگاہ کرم وہ گدا نواز کرے

شراب جام میں دی تو نے ساقیا یا رب
کسے دماغ ہے کون اس کا امتیاز کرے

ہم اپنے آپ نہیں جب تو ہونگے غیر کے کب
زمانہ شاد ہم ایسوں سے احتراز کرے

احوال ہی بدل اعضا کا اس دن کے شہادت پینے
لشکر میں تلاطم برپا ہے سودا کے بائسے ہے

ساتھ دل کے کب فقط لے آہ تو مشکل میں ہے
لشکر کش میں ہیں امید میں آرزو مشکل میں ہے

جذب میں کھینچ سے اک طرف اک سو صبا
دم گھٹا جاتا ہے کیا پھولوں کی بو مل میں ہے

www.urduchannel.in

یہ نہیں کہتا ہوں ایدل وصل جاناں ہے محال
کیوں ڈراجاتا ہے ناداں گفتگو مشکل ہے
شک گزرنے پر پہنچتا تا بہ لب آنے پہ آہ
کیا سنبھالے اپنے سنبھلے آبرو مشکل ہے
گرگئی ہے دیکھ پیاری موت عزت کو پسند
بات نازک ہے بہت اے شاد تو مشکل میں ہے
اب بھی جو سال بھر یہ چین میں آئیگی
عقبے میں کیا بہار رہے بخشوائے گی
لے آہ تو نہ کھول سکے گی در قبول
مانا کہ جا کے دیر تلک غل مچائے گی
راتیں تو اب ہیں عمر طبیعی کی بھی اخیر
کیوں اے شب فراق کہاں تک ستائیگی
سنتے تھے ضبط آہ سے بنتا ہے دل کا کام
اُس کو بھی دیکھ لینگے اگر جی میں آئیگی
بچھڑے ہوؤں سے ملنے کی ہے آرزو کمال
کس شوق سے عدم کی طرف روح جائیگی
فصل خزاں میں آئے دو شبنم کو باغ میں
بے اختیار دیر تک آنسو بہائے گی
یہ کون زندہ ہے کہ مر مر کے ہو بسر
کیا شاد سنکھیا نہ میرے ہاتھ آئے گی
کہا لوگوں نے سب کچھ اسطرف روی سخن کے
مگر بیٹھے ہیں خاموشی کو ہم قفل دہن کرکے
مشقت کے سوا کیا حاصل عشق سخن کرکے
عدو چاروں طرف پیدا کئے ہمنے یہ فن کرکے
قفس میں سوز غم سے جب اگر جیتا و مرجاؤں
اُڑانا خاک میری رد بہ دیوار چمن کرکے
کسی پتے کے لب پر بھی اگر نام خزاں آیا
نکالا باغباں نے اُسکو رسوائے چمن کرکے
خط اپنے حال کا لکھکر لفافہ میں نے یوں رکھا
اٹھا دیں خاک پر جس طرح میت کو کفن کرکے
ستم کو کیوں ستم سمجھوں جفا کو کیوں جفا جانوں
گنہگاروں میں رکھا جاؤں میں بھی سوءظن کرکے
اگر شک ہو تو پوچھو ان عدم کے آنیوالوں سے
کسی کو بھی نہ آسائش ہوئی ترک وطن کرکے
جوانی جا چکی مدت ہوئی اب تو بڑھاپا ہے
بتا ناصح کروں کیا چارۂ زخم کہن کرکے
ملے کچھ چین شاید شاد دل کو دشت غربت میں
ارادہ ہے کہ چندے دیکھ لوں گلشن وطن کرکے
غیر کی بات ہے نزع میں گرلے گی
یہ بھی اے طرۂ گیسو ترے سر آئیگی
مطمئن طالب دیدار کہ امید پہ ہیں
کیا ان آنکھوں سے وہ تصویر نظر آئیگی
خم نہ دکھلا کہ یہ بخت طبیعت میری
سانپ ٹوٹے کے آئے گی جو سر آئے گی
جلوہ گر بعد کو ہوتا رخ نورانی عشق
پہلے اک شکل بھیانک سی نظر آئے گی

www.urduchannel.in

یوں تو تھا غم میں مری اک عمر کٹی — شاد کیا کوئی خوشی بھی مرے گھر آئیگی
ہزار دل آرزو میں ساتھ ہیں اسیر کیسی ہے — ہماری روح بے بوجھی ہوئی ایک پنچھی ہے
اجل بھی مل گئی دیکھی گئی حالت نہ آنکھوں سے — شب غم میں مصیبت سی مصیبت ہے تہی ہے
عدم کا تھا سفر جب اور کچھ توشہ نہ ہاتھ آیا — بہت سی آرزو چلتے چلتے ساتھ لیلی ہے
کبھی جمنے نہ دی بیخودی خاطر پہ نقش نکا — مشکل مینے یہ تصویر اسی عیار سی لی ہے
نہ پوچھو شاد ویرانی کو دل کی کیا بتاؤں میں — تمنا جا چکی حسرت غریب اس میں اکیلی ہے
جہاں سے جاتے ہیں اب جی کے ہارنیوالے — کدھر چلے مرے گیسو سنوارنے والے
پلٹ کے دیکھ تو لیتا دیا تھا گر نہ جواب — حیا سے گڑ گئے نیچہ کو پکارنے والے
ہوا ضبط سے بھی کوئی کام دا اسفا — پڑے ہیں خاک بسر جی کو ہارنے والے
نہ خم نہ جام نہ میخوار بزم سے سنساں — غرض بسد ہار گئے سب سنوارنے والے
ذرا سی ٹھیس بھی شیشے کے واسطے ہے بہت — سنبھل کے طاق سے مینا اتارنے والے
بس اب خبر ہی خبر انکے حسن کی اے شاد — بلائیں لے کے چلے جانے والے

رباعیات شاد

(بعث بعد الموت)

خوابیدہ خلوت عدم نکلیں گے — ذی روح ہیں جسقدر جنم نکلیں گے
برسات میں جسطرح نکل آتیں درخت — محشر میں زمین سے یوں ہی ہم نکلینگے

(مسئلہ جبر و اختیار)

یہ سچ کہ بجوم کار میں رکھا ہے — یہ جھوٹ کہ اضطرار میں رکھا ہے
تو غور کرے تو چند چیزوں کے سوا — سب کچھ ترے اختیار میں رکھا ہے

ولہ

کیا خوف ہے دنیا سے گذر جانے میں — کیوں ڈرتے ہو شاد گھر جانے میں
کچھ خیر ہے زندگی میں راحت کیسی — راحت تو ہے میری جان مر جانے میں

www.urduchannel.in

www.urduchannel.in

۱۹۱۵۴۳۱۰۸

DUE DATE

۱ ۳ ۲ ۳

www.urduchannel.in

Sikkim Govt. Nakshna Collection.
891.4310.8

۳۳۴۳۱

Date	No.	Date	No.

www.urduchannel.in